# ہماری ویب ڈیجیٹل بک

## فرح اعجاز

## FARAH EJAZ

ہماری ویب پر شائع شدہ تحریروں کا مجموعہ



HAMARI WEB.com

**E-BOOK SERVICES**

*Collection of Published Articles*
*By "Farah Ejaz"*
*at Hamariweb.com*

# مشکل راستے قسط ا

اف کتنی کالی سیاح رات ہے سنیئہ دیکھو تو باہر ایک بھی تارا نظر نہیں آ رھا۔
میں کھڑکی سے باہر دیکھتے ہوئے سنیئہ سے بولی
یہ تم ہر وقت آدھی رات کو کھڑکی سے باہر کیوں جھانکنے لگ جاتی ہو ڈیئر کہیں کسی بھوت پریت سے ہلو ہائے تو نہیں ہو گئی تمہاری ۔
سنیئہ کی نیند سے بوجھل آواز میں جھنجھلاہٹ کا عنصر نمایا تھا۔۔۔۔۔ میں مسکرا دی
۔۔۔۔۔۔۔
اگر ہو گئی نا سنیئہ میڈم میں آپ سے ضرور اسے ملاؤنگی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔
میرے چڑانے پر وہ ہاتھ جوڑ کر اٹھ بیٹھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔
او میری ماں رات میں تارے ڈھونڈنا بند کردو۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ بھی چندا چاچا کے

ساتھ سو رہے ہونگے۔۔۔ تمہارے اس طرح تانکہ جھانکی سے کسی کو بھی محلے میں غلط فہمی ہو سکتی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔

بھاڑ سے منہ سے جمائی لیتی ہوئی وہ مزحکہ خیز لگ رہی تھی۔۔۔۔۔۔

اچھا تم سو آرام سے میں باہر جا رہی ہوں۔۔۔ بہت بھوک لگ رہی ھے

\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-

میں بیڈ کی سائیڈ ٹیبل پر رکھے لیمپ کا سوئچ آف کرتے ہوئے بولی

.......................

ہمم۔۔۔۔۔۔ ایک تو تمہاری یہ رات میں چگنے کی عادت سے میں بہت تنگ آ گئی ہوں

\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-

وہ محترمہ جو لیٹ چکی تھیں کمبل سر سے ہٹا کر مندی آنکھوں سے اندھیرے میں مجھے دیکھنے کی ناکام کوشش کرتے ہوئے بولیں۔۔۔۔۔۔ میں ہنستی ہوئی کمرے سے باہر نکل آئی۔۔۔۔۔۔۔۔۔ لاؤنج کی لائٹ آن کرتے ہوئے اس سے ملحقہ امریکن

کچن کی طرف بڑھ گئی۔۔۔فرج سے کل کی بنی ہوئی اسپگھٹی کی ڈش نکال کر مائکروویو میں گرم کرنے لگی۔۔۔۔۔۔۔۔ گرم کرنے کے بعد اپنی پلیٹ لئے میں لاؤنج میں آ گئی۔۔۔۔۔۔۔ پھر ٹی وی آن کرکے سوفے پر بیٹھ کر مزے سے اپنا میل انجوائے کرنے لگی۔۔۔۔۔۔۔۔۔ یہ میری بہت بری عادت ہے رات کے دو ڈھائی بجے اٹھ کر کھانا کھانا اور ٹی وی دیکھنا۔۔۔۔

اگر اماں بی ہوتیں تو کتنی ڈانٹ پڑتی مجھے۔۔۔۔۔۔۔۔ خیر ابھی کچھ دن اور مزے کر لو عائیشہ بی بی۔۔۔۔۔۔ابھی اماں بی ملتان سے ایک مہینے پہلے لوٹنے سے تو رہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میں دل ہی دل میں اماں بی کے بارے میں سوچتے ہوئے مسکرانے لگی۔۔۔۔۔۔۔۔ابھی تین چار لقمے ہی پیٹ کے اندر گئے ہونگے کہ اچانک لاؤنج میں رکھے فون نے بجنا شروع کر دیا۔۔۔۔۔۔۔

اس وقت فون کس کا ہو سکتا ہے۔۔۔۔۔۔۔؟

مجھے تھوڑی سی تشویش ہوئی۔۔۔پتہ نہیں کیوں دل کی دھڑکن تیز ہونے لگی۔۔۔۔۔۔۔۔اور ایک انجانا خوف مجھے اپنی گرفت میں لینے لگا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔فون اسٹینڈ پر سے رسیور جیسے ہی اٹھایا تو ادھر سے خالو جان کی کپکپاتی ہوئی آواز ابھری۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ہیلو بیٹے میں خالو بول رہا ہوں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اسلام علیکم خالو جان کیسے ہیں آپ اور سب ٹھیک ٹھاک ہے نا ملتان میں اماں بی کیسی ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

میں دھڑکتے دل کے ساتھ ایک ہی سانس میں بول گئ تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ خالو جان کی رندھی ہوئی آواز رسیور پر ابھری ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

بیٹا سب ختم ہو گیا۔۔۔۔۔ سب ک کو مار دیا ان ظالموں نے ۔۔۔۔۔

وہ پھوٹ کر رونے لگے ۔۔۔۔۔۔۔۔

اماں بی کیسی ہیں خالو۔۔۔۔۔۔ وہ وہ تو ٹھیک ہیں نا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ بھی اب نہیں رہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

رسیور میرے ہاتھ سے چھوٹ کر نیچے گر گیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ایسا نہیں ہو سکتا۔۔۔۔۔ اماں بی اماآں واپس آجایئے۔۔۔۔۔۔

میں انہیں چیخ چیخ کر آوازیں دینے لگی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سنیئہ بھی باہر نکل آئی

۔۔۔۔۔

کیا ہوا عائیشہ تم ایسے رو کیوں رہی ہو۔۔۔۔۔۔

وہ مجھے روتا ہوا دیکھ کر پریشانی سے بولی۔۔۔۔۔۔۔۔اور زمین پر گرا ہوا رسیور اٹھا کر کان سے لگا لیا۔۔۔۔۔۔ خالو جان ابھی تک فون پر ہی تھے۔۔۔۔۔

یہ کیسی باتیں کر رہے ہیں آپ۔۔۔۔۔۔۔ ابھی صبح ہی تو اماں بی سے ہماری بات ہوئی تھی۔۔۔۔۔۔ یہ آآآآ آپ کیا کہہ رہے ہیں۔۔۔۔۔ نہیں پلیز کہہ دیجئے خالو جان یہ جھوٹ ہے۔۔۔۔۔۔۔آہ نہیں۔۔۔۔۔

وہ روتے ہوئے کہہ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔

عائیشہ یہ سب جھوٹ ہے نا۔۔۔۔ خالو جان بہت بھونڈا مزاق کر رہے ہیں۔۔۔۔۔

میں ۔۔۔۔ میں ان سے کبھی بات نہیں کرونگی ۔۔۔ نہ اماں بی کو اب ملتان جانے دونگی ۔۔۔۔۔۔ تم سن رہی ہو نا میں کیا کہہ رہی ہوں ۔۔۔۔۔۔

وہ ریسیور رکھ کر میرے پاس فرش پر بیٹھ گئی اور مجھے کاندھوں سے پکڑ کر جھنجھوڑتے ہوئے بولی تھی ۔۔۔۔۔۔ میں اس سے لپٹ گئی اور رونے لگی ۔۔۔۔۔۔

۔۔۔۔اماں بی کی نورانی اور مہربان صورت میری آنکھوں میں پھرنے لگی تھی اس سمے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

# مشکل راستے قسط ۲

دو مہینے کس طرح بیت گئے کچھ پتا ہی نہیں چلا-- ہاں بس اتنا یاد ہے اماں بی کی میت ملتان سے کراچی آنے میں دو ہفتے لگ گئے-----لیکن ان کے چہرے پر جو نور تھا وہ کچھ اور بڑھ گیا تھا--------- کراچی ائرپورٹ پر میں اپنے ماموں کے ساتھ ان کی ڈیڈ باڈی لینے خود گئی تھی------- باقی کا مرحلہ بھی انہیں آخری آرام گاہ پہنچانے تک میں نے خود کو مضبوط بنائے رکھا--------------پتہ نہیں اتنا حوصلہ کہاں سے میرے اندر پیدا ہوگیا تھا میں پھر روئی نہیں------اماں بی کو بابا جانی کے پہلو میں جگہ ملی -------- بابا جانی تو ہمارے بچپن میں ہی ہارٹ اٹیک سے انتقال کر گئے تھے--------- اور اماں بی نے جس ہمت اور حوصلے سے ہماری پرورش کی تھی وہ قابل تحسین تھا---------بابا جانی کی ٹکسٹائل مل کو انہوں نے خود ہی سنبھالا تھا-------لیکن ہماری پرورش سے غافل ایک لمحے کو نہیں ہوئیں------وہ پڑھی لکھی خوبصورت خاتون تھیں------ فیشن اینڈ ٹیکسٹائل انڈسٹری سے تعلق ہوتے ہوئے بھی وہ کہیں سے فیشن کی ماری ایک ارب پتی خاتون نہیں لگتی تھیں ------انہوں نے ہماری پرورش بھی انہی خطوط پر کی----ہم دونوں کو سر پر نہیں چڑھایا-----ہر کام ہاتھ سے کرنے کی عادت ڈالی----ہمارا گھر کہیں سے بھی ایک ارب پتی کا گھر نہیں لگتا تھا------ بلکہ کسی سفید پوش

کا ایک چھوٹا سا چار سو گز پر بنا آشیانہ تھا۔۔۔۔۔ قناعت پسند خود بھی تھیں اور ہم بھی قناعت اور صبر کا سبق پڑھتے ہوئے جوان ہوئیں۔۔۔۔۔۔۔ میں سنئیہ سے تین سال بڑی تھی۔۔۔۔۔ میری بہترین دوست سنئیہ اور اماں بی ہی تھیں۔۔۔۔۔۔۔۔ میں نے گریجوئیشن اپنا مکمل کرنے کے بعد فیشن اینڈ ٹیکسٹائل ڈیزائینگ میں چار سال کی بیچلر ڈگری لی اب اماں بی کے ساتھ چھے مہینے سے مل جانے لگی تھی۔۔۔۔۔ سنئیہ میڈیکل کے ففتھ ائیر میں تھی۔۔۔۔ ہم دونوں ہی بہنے بہت خوبصورت تھیں۔۔۔۔۔ سنئیہ بالکل اماں بی کی طرح گوری چٹی اور انکی طرح حسین نقش۔ و نگار رکھتی تھی۔۔۔۔ اسکی مسکراہٹ بھی بالکل اماں بی جیسی تھی۔۔۔۔۔۔۔ اور بابا جانی جیسی بڑی بڑی آنکھیں تھیں اس کی۔۔۔۔۔۔۔ اور میں نہ بابا جانی جیسی تھی اور نہ اماں بی جیسی تھی۔۔۔۔۔۔ سنہری رنگت اور ایک دم سیاہ کالی بڑی بڑی چمکدار بادامی آنکھیں ۔۔۔۔۔فراق پیشانی۔۔۔۔اور لامبی کھڑی ناک۔۔۔۔ سرخ گلاب جیسے ہونٹ اور نچلے ہونٹ کے داہنے کٹاؤ کے پاس ایک چھوٹا سا تل۔۔۔۔۔ لامبی زلفیں اور لمبا قد میری شخصیت کو بہت خوبصورت بناتا تھا۔۔۔۔۔۔۔ اماں بی لاڈ سے مجھے چھوٹی سی اپسرا کہتی تھیں۔۔۔ بابا جانی بھی سنئیہ سے زیادہ مجھے چاہتے تھے۔۔۔۔۔ بابا جانی کے انتقال کے بعد میں بالکل گم سم سی ہو گئی تھی۔۔۔ مجھے کافی عرصہ لگا تھا سنبھلنے میں۔۔۔۔اور اب اماں بی کے اس طرح بے دردی سے قتل نے مجھے اندر سے توڑ ڈالا تھا۔۔۔۔ لیکن باہر سے میں ایک مضبوط چٹان سی لگنے لگی تھی۔۔۔۔۔۔

××××××××××××××××××

اس دن بھی میں مل سے واپسی پر گھر کی چھوٹی سی لائبریری میں بیٹھی اماں بی کی لکھی ان چھوٹی چھوٹی نظموں کو پڑھنے میں محو تھی کہ ککو جو ہماری ملازمہ کم گھر کی فرد ہی کی طرح ہیں نے آکر انکل وجاہت کے آنے کی اطلاع دی۔۔۔۔۔۔۔

انہیں بٹھایئے ڈرائینگ روم میں ۔۔۔۔۔اور ہاں چائے بنا لیجئے گا انکل کے لئے

۔۔۔۔۔ میں ابھی آتی ہوں ۔۔۔۔۔۔

میں اپنی جگہ سے اٹھتے ہوئے ککو کو ہدایت دینے لگی ۔۔۔۔اور شیلف میں کتاب رکھ کر باہر نکل آئی ۔۔۔۔۔۔۔

اسلام و علیکم انکل ۔۔۔۔۔۔۔

وعلیکم اسلام ۔۔۔۔۔ بیٹی کیسی ہو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

الحمداللہ ۔۔۔۔۔ ٹھیک ہوں ۔۔۔۔۔آپ کیسے ہیں۔۔۔۔۔۔

میں بھی اللہ کا شکر ہے ٹھیک ہوں ۔۔۔۔۔کچھ امپورٹنٹ ڈاکیومنٹس ہیں بیگم صاحبہ کے اور کچھ امانتیں تم تک پہنچانے کی ہدایت کی تھی انہوں نے ۔۔۔۔

ایک بڑے سے خاکی لفافے سے وہ کاغذات نکالتے ہوئے بولے تھے ۔۔۔۔میں ان کے برابر والے سوفے پر بیٹھ کر ان کے ہاتھ سے کاغذات لے کر دیکھنے لگی ۔۔۔۔جائیداد کی تقسیم سے متعلق قانونی دستاویزات تھیں ۔۔۔۔۔جنہیں تفصیل سے وجاہت انکل مجھے سمجھانے لگے ۔۔۔۔۔بابا جانی کا کوئی عزیز اس دنیا میں نہیں تھا۔۔۔اس لئے یہ ساری جائیداد صرف ہم دونوں کے نام تھی ۔۔۔۔۔۔سنئیہ کو بھی انکل نے وہیں بلا لیا تھا۔۔۔۔

عائشہ ہی سب کچھ سنبھال لے گی انکل ۔۔۔۔مجھے بزنس میں کسی طرح کا کوئی تجربہ اور انٹرسٹ نہیں ہے

۔۔۔۔میری تو فیلڈ ہی الگ ہے ۔۔۔۔

سنئیہ میری طرف دیکھ کر بولی تو وہ مسکرا دیئے ۔۔۔۔۔

میڈم نے اس کا ذکر کیا تھا اور انہوں نے آپ کے کلینک کے لئے زمین بھی خرید

لی تھی ۔۔۔۔۔اس پر کنسٹرکشن کا کام بھی شروع کروا دیا تھا۔۔۔وہ آپ کو سرپرائیز دینا چاہتی تھیں ۔۔۔۔۔لیکن زندگی نے ان سے وفا نہیں کی ۔۔۔۔۔۔ خیر یہ رہے اس کے کاغذات ۔۔۔۔۔۔

وہ اسکی طرف چند کاغذات بڑھاتے ہوئے بولے تھے ۔۔۔۔سنئیہ کپکپاتے ہاتھوں سے وہ کاغذات لے کر خاموشی سے اٹھ گئی ۔۔۔شاید وہ ضبط کر رہی تھی انکل کے سامنے ورنہ میں جانتی تھی کہ اس وقت اس کے کیا محسوسات ہو رہے ہونگے ۔۔۔۔۔انکل کو خداحافظ کہ کر وہ باہر نکل گئی ۔۔۔۔۔۔

یہ تمہاری امانت ہے بیٹی ۔۔۔۔۔۔

یہ کیا ہے انکل ؟؟؟

اس کے جانے کے بعد انکل میری طرف ایک درمیانی سائز کا لفافہ جو کے سیلڈ پیک تھا بڑھاتے ہوئے کہنے لگے ۔۔۔۔۔۔

بیٹی یہ جب زاکرا میڈم نے میرے پاس امانت کے طور پر رکھوایا تھا تب تاکید کی تھی کے اسے صرف تمہارے حوالے ہی کروں اور کسی کے نہیں ۔۔۔۔۔اچھا اب میں

چلتا ہوں۔۔۔۔۔۔

انکل چائے کا آخری گھونٹ لے کر اٹھ کھڑے ہوئے۔۔۔۔۔۔۔

آللہ تم دونوں کو اپنے حفظ۔و۔امان میں رکھے۔۔۔۔آمین۔۔۔۔۔اچھا بیٹا اللہ حافظ
۔۔۔۔۔۔

اللہ حافظ۔۔۔۔۔۔۔۔

یہ کہتے ہوئے اشکبار آنکھوں کے ساتھ باہر نکل گئے۔۔۔میں بوجھل قدموں سے اندر لاؤنج میں آ گئی۔۔۔۔کمرے سے رونے کی آواز آرہی تھی۔۔۔میں جلدی سے کمرے میں گئی تو سنئیہ اپنے بیڈ پر اوندھی لیٹی رو رہی تھی۔۔۔۔۔۔

سنئیہ میری جان کیا ہوا۔۔۔۔۔۔

میں اس کے پاس بیڈ پر بیٹھ گئی۔۔۔۔۔۔اور اس کے خوبصورت ریشمی براؤن بالوں میں انگلیاں پھیرتے ہوئے اس سے پوچھنے لگی۔۔۔۔۔وہ سر اٹھا کر مجھے

تھوڑی دیر دیکھتی رہی پھر میری گود میں سر رکھ کر پھر سے رونے لگی ۔۔۔۔۔۔
اماں بی مجھے بہت یاد آرہی ہیں عائیشہ ۔۔ میں کیا کروں ۔۔۔۔۔ کسی پل چین نہیں مل رہا۔۔۔پلیز مجھے اماں بی لادو ۔۔۔۔۔۔۔
اس کے اس طرح رونے اور اماں بی کو یاد کرنے پر میرا بھی دل بھر آیا ۔۔۔۔۔۔۔
ایسے نہیں کہتے گڑیا ۔۔۔۔۔۔ جانے والے واپس تھوڑی آ سکتے ہیں پگلی ۔۔۔۔۔۔ دیکھو اپنی اسٹڈیز پر دھیان دو تمہارا لاسٹ ائیر ہے میڈیکل میں ۔۔ چند مہینے رہ گئے ہیں ڈیئر بس ۔۔۔۔۔
نہیں ہوتی مجھسے پڑھائی عائیشہ ۔۔۔ جب بھی پڑھنے بیٹھتی ہوں تو اماں بی کا چہرا میرے سامنے آجاتا ہے ۔۔۔۔۔۔ میں کیا کروں ۔۔۔۔
وہ گود میں سر رکھے مجھ سے بے بسی سے کہنے لگی ۔۔۔۔۔
کیا تم چاہتی ہو جو خواب اماں بی نے تمہارے حوالے سے دیکھا تھا وہ ادھورا رہ

جائے ۔۔۔۔۔ اماں بی نے بابا جانی کے انتقال پر کتنا صبر کا تھا۔ خود کو ٹوٹنے بکھرے نہیں دیا تھا۔۔۔۔۔اگر وہ بھی ہمت ہار کر بیٹھ جاتیں تو نہ ہماری بہتر پرورش کر پاتیں اور نہ ہی بابا جانی کی پروپرٹی اور بزنس کو ہینڈل کر پاتیں ۔۔۔۔۔ ہمیں اماں بی کو اپنا آئڈئل بنانا ہوگا سنئیہ ۔۔۔۔اور اپنے قدم زمین پر مضبوطی سے جمانے ہونگے کے کوئی آندھی یا طوفان انہیں اکھاڑ نہ پائے ۔۔۔۔۔ جو خواب اماں بی نے ہمارے متعلق دیکھے تھے ۔۔۔۔۔۔ سنئیہ جان میں چاہتی ہوں ہم مل کر وہ پورا کیں۔۔ انکے خوابوں کی زندہ تعبیر بن جائیں ۔۔۔۔۔

پیار سے اس کے موتی جیسے آنسو صاف کرتے ہوئے میں اسے سمجھانے لگی ۔۔۔۔۔ وہ چپ چاپ خاموش پر سوچ نظروں سے مجھے دیکھ رہی تھی ۔۔۔۔۔

تم سہی کہتی ہو عائیشہ ۔۔۔۔ میں انکی باتیں بھولنے لگی تھی ۔۔۔جو اماں بی ہم سے کہتی تھیں ۔۔۔۔ اب میں مایوسی کی باتیں نہیں کرونگی ۔۔۔۔۔

شاباش میری بہن مجھے تم سے یہی امید ہے ۔۔۔ ہم انہیں واپس لا تو نہیں سکتے ۔۔ لیکن ۔۔۔۔ انکی یادوں کو انکی محبت کو دل میں ہمیشہ آباد رکھ سکتے ہیں ۔۔۔۔۔۔

میری بات سن کر اس نے اپنی بانہیں میرے گلے میں ڈالدیں ۔۔۔۔۔۔
میں اماں بی جیسی لگتی ہوں لیکن تم نے ان کی تمام خصوصیات لے لی ہیں ۔۔۔۔ وہی عزم و ہمت جو اماں بی کی خصوصیات تھیں وہ تمہارے اندر بھی ہیں ۔۔۔۔۔۔
اچھا اب چلو سو جاؤ تم ۔۔۔۔۔۔ رات کے گیارہ بج رہے ہیں ۔۔۔۔۔
میں اسے بیڈ پر لٹا کر اسکی پیشانی پر بوسا دے کر اپنے بیڈ پر آ کر لیٹ گئی ۔۔۔۔۔ لیکن نیند ندارد ۔۔۔۔۔ سنئیہ تو سو گئی آدھے گھنٹے میں ۔۔۔۔ لیکن میں سو نہ پائی ۔۔۔۔۔۔ اماں بی کے ساتھ گزارے پل ایک فلم کی طرح میرے ذہن کی اسکرین پر چلنے لگے تھے پھر سوتی کیسے ۔۔۔۔۔ اچانک کروٹ بدلنے پر اس خاکی لفافے پر نظر پڑھ گئی تو اسے اٹھا کر کمرے سے باہر آ گئی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ لاؤنج کی دوسری طرف اماں بی کے کمرے کے بازو میں چھوٹی سی خوبصورت لائبریری تھے ۔۔۔۔۔۔۔ لائبریری کی لائیٹس آن کر کے میں اماں بی کی مخصوص راکنگ چئیر پر بیٹھ گئی ۔۔۔۔۔ اور اس خاکی لفافے کو کھولا تو ایک خوبصورت سلور ڈائیری میرے ہاتھ میں آ گئی ۔۔۔۔۔۔۔ لفافے میں اور کچھ نہیں تھا ۔۔۔۔ ڈائیری کو

کھولا تو پہلے ہی پنے پر اماں بی کی خوبصورت لکھائی میں چھوٹا سا جملہ لکھا تھا۔۔۔۔۔

پیاری بیٹی عائیشہ کے نام۔۔۔۔۔۔

میں کتنی ہی دیر اس ایک چھوٹے سے جملے پر ہاتھ پھیرتی رہی۔۔۔۔۔ اسے چومتی رہی ۔۔۔۔۔۔۔ مجھے ایسا لگ رہا تھا جیسے اماں بی میرے آس پاس ہی ہیں۔۔۔۔۔۔ بہت قریب۔۔۔۔۔آنکھوں میں امنڈ آئے پانی کو بیدردی سے ہاتھ سے پونچھ ڈالا اور ڈائیری پڑھنے لگی۔۔۔۔۔ میں اماں بی کو پڑھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔انکی زندگی کی کہانی کو پڑھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

# مشکل راستے قسط ۳

پیاری بیٹی عائیشہ ۔۔۔۔ میں جانتی ہوں جب تم یہ ڈائیری پڑھ رہی ہو گی اس وقت میں اس دنیا سے ناتا توڑ چکی ہو نگی ۔۔۔۔۔۔۔ وجاہت صاحب کو بھی یہ ہدایت کرنی ہے کے اس ڈائیری کو صرف تم تک پہنچانا ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔ یہ صرف تمہاری امانت ہے ۔۔۔۔۔۔ سنیئہ کو اس سے لاعلم رکھا جائے ۔۔۔۔ تم سوچ رہی ھوگی کے سنیئہ کو کیوں نہیں بتانا ہے تو میری جان اس ڈائیری اور اس میں لکھا ھر لفظ صرف تم سے تعلق رکھتا ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور یہ میں قطعی نھیں چاہتی کہ سنیئہ کو اس کے بارے میں کچھ بھی پتہ چلے ۔۔۔۔۔۔

بیٹی یہ ان دنوں کی بات ہے جب میری شادی کو صرف چھے مہینے ہی گزرے تھے ۔۔۔۔۔ اور ان دنوں ہی مجھے پتہ چلا کے میں پریگننٹ ہوں

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ دانیال یہ خبر سن کر بہت خوش ہوئے ۔۔۔۔۔۔۔

خوبصورت بچوں کی پورٹریٹس سے پورا گھر سجا دیا تھا انھوں نے ۔۔۔۔۔۔۔۔ میری ساس نے مجھے کسی بھی کام کو ہاتھ لگانے سے منع کر دیا تھا ۔۔۔۔۔ بالکل میری اماں کی طرح خیال رکھ رہی تھیں ۔۔۔۔۔ آخر کو وہ تھیں بھی تو میری سگی خالہ ہی نا ۔۔۔۔۔ خیر پورا گھرانا ھی خوش تھا ۔۔۔۔۔۔۔ دن مہینوں میں بدلتے جا رہے تھے پھر نوا مہینہ

بھی شروع ہوگیا۔۔۔لیکن نوے مہینے کے شروع دنوں میں ہی میں اچانک باتھروم میں پھسل کر گر گئی تھی۔۔۔۔۔۔ جس پر ایمرجنسی میں مجھے میرے سسر سید افتخار علی اور دانیال ھسپتال لے گئے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میری اوبی ڈاکٹر نزہت نے جب میری کریٹیکل کنڈیشن کے بارے میں دانیال کو بتایا تو وہ بہت پریشان ہوگئے۔۔۔۔۔۔۔۔۔

دانیال صاحب بچے اور ماں میں سے ہم کسی ایک کو بچا سکتے ہیں۔۔۔۔۔

کیا دونوں کو نہیں بچایا جا سکتا ڈاکٹر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ کانپتی آواز میں پوچھنے لگے تو وہ نفی میں سر ہلاتے ہوئے بولیں۔۔۔۔۔۔

نہیں 35 پرسنٹ چانسز ہیں دونوں کے سروائیو کرنے کے اور ہم اب کسی قسم کا کوئی رسک نہیں لے سکتے۔۔۔۔۔۔

ٹھیک ہے ڈاکٹر آ۔۔۔آ آپ ذاکرہ کو بچانے کی کوشش کیجئے۔۔۔۔۔ اللہ نے چاہا تو اولاد پھر ہو جاگی۔۔۔۔۔۔

اس طرح دانیال نے میرے بچے کی موت کے پروانے پر اپنے دستخط کر دیئے
۔۔۔۔۔۔۔۔مجھے آپریشن تھیٹر میں لے جایا گیا۔۔۔۔۔۔۔۔ ڈاکٹر نزہت کے لیئے یہ ایک
مشکل آپریشن تھا۔۔۔۔ تقریباً ڈھائی گھنٹے بعد جب ڈاکٹر نزہت نے آکر میری زندگی کی
خوش خبری دی تو دانیال سجدے میں گر گئے۔۔۔۔۔۔۔۔۔
دانیال صاحب زاکرہ اب کبھی ماں نہیں بن سکتیں۔۔۔۔۔۔۔ I M Realy Sorry
اور دانیال انہیں دیکھتے رہ گئے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مجھے تقریباً آدھے گھنٹے بعد جب
ہوش آیا تو اس وقت تک میری گود اجڑ چکی تھی۔۔۔۔۔
دانیال مم مے میرا بچہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔
وہ خاموشی سے میری طرف دیکھنے لگے۔۔۔۔۔ پھر گلوگیر لہجے میں صرف اتنا کہا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

حوصلہ رکھو زاکرہ اللہ کو یہی منظور تھا۔۔۔۔۔۔۔
اور میں تڑپ تڑپ کر رونے لگی۔۔۔۔۔۔ اللہ سبحان و تعلی نے مجھے اتنی بڑی

نعمت دے کر واپس لے لی تھی ۔۔۔۔۔۔ تو پھر مجھے قرار کیسے آتا ۔۔۔ خالہ اماں بھی روتے ہوئے مجھے سنبھالنے کی کوشش کر رہی تھیں ۔۔۔۔۔۔ لیکن میں ان سے سنبھل نہیں پا رہی تھی ۔۔۔۔۔ میری حالت دیکھ کر میرے سسر اور دانیال بھی رونے لگے تھے ۔۔۔۔۔

کیا میں اندر آ سکتی ہوں ؟

ایک خوبصورت زنانہ آواز پر دانیال پلٹے تو ایک انتہائی حسین و جمیل عورت کو کھڑے پایا ۔۔۔۔ وہ دروازے پر کھڑی اندر آنے کی اجازت مانگ رہی تھی ۔۔۔۔۔۔

جی آیئے ۔۔۔۔۔۔

دانیال صرف اتنا ہی کہہ سکے ۔۔۔۔۔۔۔ وہ اتنی حسین تھی کہ تھوڑی دیر کو ہم سب ھی اپنا دکھ بھول کر اس حور نما عورت کو دیکھنے لگے ۔۔۔۔ وہ شاہانہ انداز سے چلتی ہوئی کمرے کے وسط میں آ کر کھڑی ہو گئی ۔۔۔۔ اس کی چال میں ایک شاہانہ تمکنت سی تھی ۔۔۔۔ لامبا قد اور سفید میکسی ٹائپ کپڑے پہنے ہوئے تھی ۔۔۔۔۔۔ سر کے بالوں کو سفید چادر میں چھپائے وہ صرف مجھے دیکھ رہی تھی ۔۔۔۔۔۔

اسلام و علیکم ذاکرہ ۔۔۔۔۔۔

وعلیک ۔۔۔۔۔۔ کم اسسالام ۔۔۔۔۔۔

میں ہکلاتے ہوئے اسے سلام کا جواب دیا ۔۔۔ وہ اتنی خوبصورت تھی کے تھوڑی دیر کے لئے میں اپنا غم بھول گئی تھی ۔۔۔۔۔۔۔ وہ مسکراتے ہوئے میرے نزدیک آ گئی ۔۔۔۔۔اور میرے پہلو میں کچھ رکھتے ہوئے بولی ۔۔۔۔۔۔

اس کو تم اپنی اولاد کی طرح پالنا ۔۔۔۔۔۔۔ میں اپنی امانت تمہارے پاس چھوڑ کر جا رہی ہوں ۔۔۔۔۔۔۔۔

اور میں ایک ٹک اسے دیکھے گئی ۔۔۔۔۔ اس نے میرے پہلو میں کسے لٹایا تھا اس طرف تو نظر ہی نہ گئی ۔۔۔۔۔وہ مسکراتی نگاہوں سے مجھے دیکھتے ہوئے پلٹ گئی ۔۔۔۔ اس کے کمرے سے نکلتے ہی کسی ننھے وجود کی کلکاریوں کی آواز نے مجھ سمیت سب کا دھیان اپنی طرف کھینچ لیا ۔۔۔۔ سفید چادر میں لپٹا ایک چھوٹا سا سنہرا وجود کل کاریاں مارتا ہوا اپنے ننے مننے ہاتھوں کو میری طرف بڑھائے میری گود میں آنے کو جیسے بیتاب تھا ۔۔۔۔ میں نے تڑپ کر اسے اٹھا لیا ۔۔۔۔

ارے یہ کیا۔۔۔۔۔۔۔

خالہ اماں نے حیرت سے اس ننے وجود کو دیکھ کر کہا تھا۔۔۔ دانیال اور خالو جان بھی میرے بیڈ کے قریب آ کر کھڑے ہو گئے۔۔۔۔

دانیال دیکھو تو کتنی حسین بچی ہے یہ۔۔۔۔۔۔۔

خالہ اماں بولیں۔۔۔۔۔۔۔

ہاں واقعی۔۔ کتنی حسین ہے یہ بچی۔۔۔ لیکن وہ عورت اسے کیوں چھوڑ کر چلے گئی۔۔۔۔۔ میری تو یہ سمجھ میں نہیں آ رہا۔۔۔۔۔۔۔

خالو جان بولے۔۔۔۔۔ دانیال کچھ نہ بولے بس میرے نزدیک خاموش کھڑے کبھی مجھے اور کبھی اس بچی کو دیکھ رہے تھے محویت سے۔۔۔۔۔

بابا میں نے ایک فیصلہ کر لیا ہے۔۔۔۔۔

کیسا فیصلہ دانیال ؟۔۔۔۔۔۔

خالو سوالیا انداز میں ان سے پوچھنے لگے ۔۔۔۔۔۔۔۔

میں اس بچی کو گود لینا چاہتا ہوں ۔۔۔۔۔۔

تمہارا دماغ تو نہیں چل گیا ۔۔۔۔۔ ہم اس کے بارے میں کچھ نہیں جانتے ۔۔۔۔ کون ہے یہ ؟ ۔۔۔۔ اسکی ماں یہاں کیوں چھوڑ گائی ؟ ۔۔۔۔۔۔۔اور کیا پتہ کس کی اولاد ہے ۔۔۔۔۔

کچھ بھی جانے کی مجھے حاجت نہیں ہے بابا ۔۔۔۔ یہ آج سے میری اور زاکرہ کی بیٹی ہے ۔۔۔۔۔ اور آپ کے لئے اتنا ہی کافی ہے کہ یہ آپ کی پوتی ہے آج سے اور بس ۔۔۔۔ آپ تو جانتے ہیں زاکرہ اب ماں نہیں بن سکتی ۔۔۔۔ اور آج نہیں تو کل مجھے کوئی بچہ گود لینا ہی پڑتا ۔۔۔۔ پھر کیوں نہ اس بچی کو اپنا لوں ۔۔۔۔۔

لیکن خاندان میں کیا کہو گے ؟

خالہ اماں نے دانیال سے سوال کیا ۔۔۔۔۔۔

اس وقت کسی کو پتہ نہیں ہے امی کے زاکرہ نے ایک مردہ بچے کو جنم دیا ہے۔۔۔۔
آپ سمجھ رہی ہیں نا میں کیا کہنا چھاتا ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔

خالہ اماں نے پوچھا تو وہ ماں کے نزدیک آکر ان کے شانوں پر ہاتھ رکھتے ہوئے بولے

۔۔۔۔۔۔

اس کا تو دماغ خراب ہو گیا ہے۔۔۔۔۔ اور تم شازیہ بیگم تم تو ہوش سے کام لو۔۔۔۔۔۔۔
ہم کسی اور کے بچے کو اپنا کیسے سکتے ہیں۔۔۔۔۔۔ اور شرعی طور سے بھی یہ غلط اقدام ہوگا۔۔۔۔۔

آپ کیوں نہیں سمجھ رہے ہیں افتخار زاکرہ اب ماں نہیں بن سکتی اور نہ ہی دانیال دوسری شادی کے لئے راضی ہوگا۔۔۔۔ اور نہ میں اور آپ ایسا چاہینگے۔۔۔۔پھر آج نہیں تو کل کوئی بچہ ہی گود لینا پڑے گا۔۔۔۔ وہ عورت خود اس بچی کو زاکرہ کی گود میں ڈال کر گئی ہے۔۔۔۔ اب جہاں تک اس کے ماں باپ کون تھے تو اس بات کو رہنے دیجئے۔۔۔آج سے دانیال اور زاکرہ ہی اس کے ماں باپ ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔ اور ابھی کسی کو پتہ بھی نہیں ھے کہ زاکرہ نے ایک مردہ بچے کو جنم دیا ہے۔۔۔۔۔ کوئی سوال نہیں پوچھے گا۔۔۔اور جہاں تک شرعی مسئلے کا

تعلق ہے گود لینے کا تو زاکرہ کو نوا مہینہ لگ چکا تھا۔۔۔ وہ اس کی رضاعی ماں بنجائے گی۔۔۔۔ آپ سمجھدار ہیں افتخار آپ جانتے ہیں۔۔۔۔ میں کیا کہنا چاہتی ہوں۔۔۔۔ یہ رشتہ اور بھی پیارا اور پاکیزہ رشتہ بن جائے گا۔۔۔

وہ خالو جان کو سمجھا رہی تھیں۔۔۔۔ اور خالو خاموش کھڑے خالہ اماں کو دیکھ رہے تھے۔۔۔۔ پھر میرے بیڈ کی طرف آکر کھڑے ہو گئے۔۔۔۔ میں بچی کو سینے سے لگائے چپ چاپ ان کے فیصلے کو سننے کی منتظر تھی۔۔۔۔ انکو قریب آتا دیکھ کر میں رونے لگی۔۔۔۔

نہیں خالو جان میں بچی نہیں دونگی۔۔۔۔ مجھ پر رحم کریئے۔۔۔ یہ۔۔۔۔ یہ میری بیٹی ہے پلیز خالو۔۔۔۔۔۔۔۔۔

بیٹی کیا تم اپنے خالو کو اتنا ظالم سمجھتی ہو۔۔۔ اور ویسے بھی یہ میری پوتی ہے میں اسے کسی اور کے حوالے کیسے کرونگا بھئی۔۔۔۔

انہوں نے مسکراتے ہوئے میرے سر پر ہاتھ رکھ دیا۔۔۔۔۔ اور پھر بچی کو میری گود سے لیکر اس کی پیشانی پر پیار کرنے لگے۔۔۔۔۔۔۔

آج سے اس کا نام عائیشہ دانیال علی ہے ۔۔۔۔۔۔ بول دیتا ہوں دانیال کے پورا نام برتھ سرٹیفکیٹ پر لکھنا اس کا ۔۔۔۔ ورنہ تمہاری شامت ہے.برخوردار ۔۔۔۔۔۔ اور میں دل ہی دل میں اللہ کا شکرادا کرنے لگی ۔۔۔۔ ڈاکٹر نزہت کی مدد سے.برتھ سرٹیفکیٹ بھی بن گیا ۔۔۔۔ اور میں اس بچی یعنی تمہیں لئے گھر بھی آ گئی ۔۔۔۔ جو بھی تمہیں دیکھتا دیکھتا ھی رہ جاتا ۔۔۔اتنی حسین بچی پورے خاندان میں کسی کی بھی نہیں تھی ۔۔۔۔۔ دانیال کے ایک ہی چاچا تھے اور وہ بھی بےاولاد تھے ۔۔۔۔ خاندان تو میرا بڑا تھا ۔۔۔۔ لیکن میرے خاندان میں بھی لڑکیاں کم تھیں ۔۔۔۔ البتہ لڑکے بھرے پڑے تھے ۔۔۔۔۔ اس وجہ سے تم سب کی آنکھ کا تارا بن گئیں ۔۔۔۔ پیار سے میں تمہیں چھوٹی سی اپسرا کہنے لگی ۔۔۔۔۔۔ دانیال تمہارے بغیر ایک منٹ بھی نہیں رہتے تھے ۔۔۔۔ اور دادا، دادی کا بھی وہی حال تھا ۔۔۔ دانیال کا چھوٹا سا کاروبار تمہارے آنے کے بعد تیزی سے پھیلنے لگا ۔۔۔ خالہ اماں روز تمہارا صدقہ دیتی تھیں ۔۔۔۔ دو سال یونہی بیت گئے ۔۔۔۔ تم چلنے لگی تھیں کہ ایک دن میری طبعیت خراب ہو گئی ۔۔۔۔ ڈاکٹر کے پاس جانے پر پتہ چلا کے میں پھر سے ماں بننے والی ہوں ۔۔۔۔۔ ڈاکٹر نزہت حیران تھیں ۔۔۔۔ اور ہم سب حیران ہونے سے زیادہ خوش تھے۔۔۔۔۔ شاید اللہ

سبحان و تعالی نے معجزہ دکھا دیا تھا۔۔۔ میں پھر ایک بیٹی کی ماں بن گئی ۔۔۔۔۔ لیکن تم سے محبت میں کمی نہ آئی بلکہ کچھ اور بڑھ گئی ۔۔۔۔ سنیئہ کو ہم چاہتے تھے لیکن تم سے ہمیں عشق تھا بیٹی ۔۔۔۔۔۔۔ ہماری دنیا مکمل ہو گئی تھی ۔۔۔۔ میں جتنا اللہ کا شکر ادا کرتی کم تھا۔۔۔۔۔ دانیال کہا کرتے تھے کہ ۔۔۔۔۔۔۔

اللہ نے اگر بیٹا نہیں دیا تو کیا ہوا۔۔۔ میری بیٹیاں اللہ نے بیٹوں سے بڑھ کر دی ہیں

۔۔۔۔۔۔۔

تم کو دیکھ کر انکی صبح ہوتی تھی ۔۔۔۔ اور چاہے کتنے ہی تھکے ہوئے کام سے لوٹ تے لیکن تمہاری ایک مسکان انہیں تازہ دم کر دے تی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

بیٹیوں سے اتنی محبت بھی ٹھیک نہیں ۔۔۔۔ یہ تو پرایا دھن ہوتی ہیں دانیال ۔۔۔۔۔۔۔

میں اکثر انہیں سمجھاتی تو وہ ہنس دیتے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ارے بیٹیاں تو اللہ کی رحمت ہوتی ہیں ۔۔۔ اور میں اللہ کا شکر گزار بندہ

ہوں زاکرہ ۔۔۔۔۔۔

اس بات پر ان کی میں بھی ہنس دیتی ۔۔۔۔۔۔۔ ٹھیک ہی تو کہ رہے تھے ۔۔۔۔۔۔ زندگی یونہی ہنستے مسکراتے گزر رہی تھی ۔۔۔۔ ایک سال اور بیت گیا ۔۔۔۔۔ اور پھر اچانک کچھ عجیب و غریب واقعات ہونے لگے ۔۔۔۔۔ تم چار سال کی اور سنیئہ ایک سال کی ہو چکی تھیں ۔۔۔۔۔ خالو جان اور خالہ اماں ان دنوں اسلام آباد گئے ہوئے تھے ۔۔۔۔۔ اور دانیال بزنس ٹرپ پر سنگاپور گئے ہوئے تھے ۔۔۔۔۔ میں گھر پر اکیلی تم دونوں کے ساتھ تھی ۔۔۔۔۔۔ اس دن بھی میں تم دونوں کو سلا کر عشاء کی نماز سے فراغت کے بعد لائبریری میں بیٹھی تفسیر القرآن پڑھنے میں محو تھی کہ اچانک مجھے کچھ عجیب سا محسوس ہونے لگا ۔۔۔۔ جیسے میں اکیلی نہیں کوئی اور بھی کمرے میں میرے علاوہ موجود ہے ۔۔۔۔۔ میں نے پڑھتے پڑھتے اپنے چاروں اور نظر دوڑائی تو وہاں کوئی بھی نہیں تھا ۔۔۔۔۔۔ میں اسے اپنا وہم سمجھ کر پھر تفسیر القرآن پڑھنے لگی تھی کہ اچانک شیلف سے کتابیں خود بخود گرنے لگیں ۔۔۔۔۔ میں گھبرا کر اٹھ کھڑی ہوئی ۔۔۔۔۔۔ ایسا لگ رہا تھا کے کوئی نادیدہ وجود کتابوں کو شیلف سے باہر نکال کر پھینک رہا ہے ۔۔۔۔۔ سوائے دینی کتابوں کے اور قرآن کے باقی نادر کتب کا ایک چھوٹا سا ڈھیر فرش پر بکھرا پڑا تھا ۔۔۔۔۔ میں خوف سے اپنی جگہ جم سی گئی تھی ۔۔۔۔ ایسا لگ رہا تھا کے کسی نے میرے پیروں کو جکڑ رکھا ہے ۔۔۔۔۔ میں اپنی مرضی سے ہل

بھی نہیں سکتی تھی ۔۔۔۔۔۔ کہ اچانک خاموشی چھا گئی ۔۔۔۔ اور پھر اچانک رونے اور کسی کے معافی مانگنے کی آوازیں آنے لگیں ۔۔۔۔۔۔۔ جیسے کوئی بہت تکلیف میں ہو اور کوئی اسے پیٹ رہا ہو ۔۔۔۔۔۔۔۔ اب ایسا محسوس ہو رہا تھا کہ کوئی اور نادیدہ وجود بھی لائبریری میں موجود ہو ۔۔۔۔۔۔۔ اور پھر آوازیں معدوم ہوتی گئیں ۔۔۔۔۔۔ اور پھر ایک دم سناٹا چھا گیا۔۔۔۔ میں چند لمحے پھٹی پھٹی آنکھوں سے ارد گرد کا جائزہ لینے کی کوشش کرتی رہی ۔۔۔۔۔ بہرحال میں خود کو ہلا جلا سکتی تھی ۔۔۔۔۔

اف میرے خدا یہ سب کیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

میں زیرِ لب بڑبڑائی تھی ۔۔۔۔۔۔ اور کرسی پر بیٹھ کر اپنے حواس بحال کرنے لگی ۔۔۔۔ جو کچھ ابھی اس کمرے میں ہوا تھا وہ مجھے محض اپنا وہم لگا تھا۔۔۔۔۔۔ لیکن جب لائبریری کی ابتر حالت پر نظر پڑتی تو یقین سا ہونے لگتا تھا۔۔۔۔۔ میں جلدی جلدی آیت الکرسی کا ورد کرنے لگی ۔۔۔۔۔۔۔۔ لائبریری کی صفائی کرکے اور کتابوں کو دوبارا شیلف میں رکھ کر میں اپنے کمرے میں آکر لیٹ گئی ۔۔۔۔۔۔ پھر اکثر کچھ عجیب واقعات ہونے لگے ۔۔۔۔۔ میں صبح تم لوگوں کو اٹھانے آتی تو تم دونوں کے سرہانے مجھے چاندی کے ورق میں لپٹی چاکلیٹس

ملتیں ۔۔۔۔۔۔ تو کبھی کھلونے ۔۔۔۔۔ دانیال کے آنے کے بعد میں نے اس رات کا واقعہ انہیں سنایا تو پہلے وہ یقین ہی نہیں کر رہے تھے ۔۔۔۔۔ لیکن جب چاکلیٹس اور کھلونے تم لوگوں کے سرہانے سے ملنے لگے تو وہ بھی تھوڑے فکرمند ہو گئے ۔۔۔۔ لیکن یہ بات ھم نے خالہ اماں اور خالو جان کو نہیں بتائی ۔۔۔ تاکہ وہ پریشان نہ ہو جائیں۔۔۔۔ایک صبح ھم دونوں فجر کی نماز پڑھ کر ابھی فارغ ہی ہوئے تھے کہ ڈور بیل بجنے لگی ۔۔۔۔۔۔۔

اتنی صبح کون آ سکتا ہے ۔۔۔۔۔۔۔

دانیال یہ کہتے ہوئے باہر جانے لگے تو میں بھی انکے پیچھے باہر چلی آئی۔۔۔۔۔

کون ہے ۔۔۔۔۔۔

وہ گیٹ کے پاس پہنچ کر پوچھنے لگے ۔۔۔۔۔۔۔ لیکن ان کی بات کا کسی نے جواب نہیں دیا۔۔۔۔۔ تو وہ گیٹ کھولنے لگے ۔۔۔۔۔

آپ ۔۔۔۔۔ آ ایئے ۔۔۔۔۔

وہ یہ کہتے ہوئے کسی کو اندر آنے کا راستہ دیتے ہوئے خود ایک طرف ہو گئے ۔۔۔۔ انکی اس بات پر میں چونکی تھی ۔۔۔۔۔ اور آنے والی شخصیت کو دیکھنے لگی ۔۔۔۔ سرو قد سراپے والی ایک عورت کو اندر آتا دیکھ کر میں وہیں کھڑی رہ گئی ۔۔۔۔۔۔ وہ وہی تھی جو ہسپتال میں تمہیں میرے حوالے کر گئی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میرے قدم وہیں جم کر رہ گئے ۔۔۔۔۔۔۔۔

××××××××××××××××

باقی آئندہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

# مشکل راستے قسط ۳

پیاری بیٹی عائیشہ ۔۔۔۔ میں جانتی ہوں جب تم یہ ڈائیری پڑھ رہی ہوگی اس وقت میں اس دنیا سے ناتا توڑ چکی ہونگی ۔۔۔۔۔۔۔۔ وجاہت صاحب کو بھی یہ ہدایت کرنی ہے کے اس ڈائیری کو صرف تم تک پہنچانا ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ یہ صرف تمہاری امانت ہے ۔۔۔۔۔۔ سنیئہ کو اس سے لاعلم رکھا جائے ۔۔۔۔۔ تم سوچ رہی ھوگی کے سنیئہ کو کیوں نہیں بتانا ہے تو میری جان اس ڈائیری اور اس میں لکھا ھر لفظ صرف تم سے تعلق رکھتا ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور یہ میں قطعی نھیں چھاتی کہ سنیئہ کو اس کے بارے میں کچھ بھی پتہ چلے ۔۔۔۔۔۔۔

بیٹی یہ ان دنوں کی بات ہے جب میری شادی کو صرف چھے مہینے ہی گزرے تھے ۔۔۔۔۔۔ اور ان دنوں ہی مجھے پتہ چلا کے میں پرگننٹ ہوں

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ دانیال یہ خبر سن کر بہت خوش ہوئے ۔۔۔۔۔۔۔

خوبصورت بچوں کی پورٹریٹس سے پورا گھر سجا دیا تھا انھوں نے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میری ساس نے مجھے کسی بھی کام کو ہاتھ لگانے سے منع کر دیا تھا ۔۔۔۔۔۔ بالکل میری اماں کی طرح خیال رکھ رہی تھیں ۔۔۔۔۔ آخر کو وہ تھیں بھی تو میری سگی خالہ ہی نا ۔۔۔۔۔۔ خیر پورا گھرانا ھی خوش تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔ دن مہینوں میں بدلتے جا رہے تھے پھر نوا مہینہ

بھی شروع ہوگیا۔۔۔لیکن نوے مہینے کے شروع دیوں میں ہی میں اچانک باتھروم میں

میں مجھے میرے سسر سید افتخار Emergency پھسل کر گر گئی تھی ۔۔۔۔۔۔ جس پر

علی اور دانیال ھسپتال لے گئے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میری اوبی ڈاکٹر نزہت نے جب میری

کریٹیکل کنڈیشن کے بارے میں دانیال کو بتایا تو وہ بہت پریشان ہو گئے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

دانیال صاحب بچے اور ماں میں سے ہم کسی ایک کو بچا سکتے ہیں ۔۔۔۔۔

کیا دونوں کو نہیں بچایا جا سکتا ڈاکٹر ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ کانپتی آواز میں پوچھنے لگے تو وہ نفی میں سر ہلاتے ہوئے بولیں ۔۔۔۔۔۔

نہیں 35 پرسنٹ چانسز ہیں دونوں کے سروائیو کرنے کے اور ہم اب کسی قسم کا کوئی

رسک نہیں لے سکتے ۔۔۔۔۔۔

ٹھیک ہے ڈاکٹر آ۔۔۔آ آپ ذاکرہ کو بچانے کی کوشش کیجئے ۔۔۔۔۔اللہ نے چاہا تو اولاد

پھر ہو جاگی۔۔۔۔۔

اس طرح دانیال نے میرے بچے کی موت کے پروانے پر اپنے دستخط کر دیئے

۔۔۔۔۔۔مجھے آپریشن تھیٹر میں لے جایا گیا۔۔۔۔۔۔۔ڈاکٹر نزہت کے لیئے یہ ایک مشکل آپریشن تھا۔۔۔۔ تقریبن ڈھائی گھنٹے بعد جب ڈاکٹر نزہت نے آکر میری زندگی کی خوش خبری دی تو دانیال سجدے میں گر گئے۔۔۔۔۔۔۔۔

دانیال صاحب زاکرہ اب کبھی ماں نہیں بن سکتیں۔۔۔۔۔۔ I M Realy Sorry

اور دانیال انہیں دیکھتے رہ گئے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مجھے تقریبن آدھے گھنٹے بعد جب ہوش آیا تو اس وقت تک میری گود اجڑ چکی تھی۔۔۔۔

دانیال مم ے میرا بچہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ خاموشی سے میری طرف دیکھنے لگے۔۔۔۔ پھر گلوگیر لہجے میں صرف اتنا کہا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

حوصلہ رکھو زاکرہ اللہ کو یہی منظور تھا۔۔۔۔۔۔۔

اور میں تڑپ تڑپ کر رونے لگی۔۔۔۔۔ اللہ سبحان وتعلی نے مجھے اتنی بڑی

نعمت دے کر واپس لے لی تھی ۔۔۔۔۔۔ تو پھر مجھے قرار کیسے آتا ۔۔۔ خالہ اماں بھی روتے ہوئے مجھے سنبھالنے کی کوشش کر رہی تھیں ۔۔۔۔۔۔ لیکن میں ان سے سنبھل نہیں پا رہی تھی ۔۔۔۔۔ میری حالت دیکھ کر میرے سسر اور دانیال بھی رونے لگے تھے ۔۔۔۔۔

کیا میں اندر آ سکتی ہوں ؟

ایک خوبصورت زنانہ آواز پر دانیال پلٹے تو ایک انتہائی حسین و جمیل عورت کو کھڑے پایا ۔۔۔۔ وہ دروازے پر کھڑی اندر آنے کی اجازت مانگ رہی تھی ۔۔۔۔۔۔

جی آیئے ۔۔۔۔۔۔

دانیال صرف اتنا ہی کہہ سکے ۔۔۔۔۔۔۔ وہ اتنی حسین تھی کہ تھوڑی دیر کو ہم سب ھی اپنا دکھ بھول کر اس حور نما عورت کو دیکھنے لگے ۔۔۔۔ وہ شاہانہ انداز سے چلتی ہوئی کمرے کے وسط میں آ کر کھڑی ہو گئی ۔۔۔۔ اس کی چال میں ایک شاہانہ تمکنت سی تھی ۔۔۔۔ لامبا قد اور سفید میکسی ٹائپ کپڑے پہنے ہوئے تھی ۔۔۔۔۔۔ سر کے بالوں کو سفید چادر میں چھپائے وہ صرف مجھے دیکھ رہی تھی ۔۔۔۔۔۔

اسلام و علیکم ذاکرہ ۔۔۔۔۔۔

وعلیک ۔۔۔۔۔۔ کم اسسالام ۔۔۔۔۔۔

میں ہکلاتے ہوئے اسے سلام کا جواب دیا ۔۔۔ وہ اتنی خوبصورت تھی کے تھوڑی دیر کے لئے میں اپنا غم بھول گئی تھی ۔۔۔۔۔۔۔ وہ مسکراتے ہوئے میرے نزدیک آ گئی ۔۔۔۔۔ اور میرے پہلو میں کچھ رکھتے ہوئے بولی ۔۔۔۔۔۔

اس کو تم اپنی اولاد کی طرح پالنا ۔۔۔۔۔۔۔ میں اپنی امانتت تمہارے پاس چھوڑ کر جا رہی ہوں ۔۔۔۔۔۔۔۔

اور میں ایک ٹک اسے دیکھے گئی ۔۔۔۔۔ اس نے میرے پہلو میں کسے لٹایا تھا اس طرف تو نظر ہی نہ گئی ۔۔۔۔۔ وہ مسکراتی نگاہوں سے مجھے دیکھتے ہوئے پلٹ گئی ۔۔۔۔ اس کے کمرے سے نکلتے ہی کسی ننھے وجود کی کلکاریوں کی آوار نے مجھ سمیت سب کا دھیان اپنی طرف کھینچ لیا ۔۔۔ سفید چادر میں لپٹا ایک چھوٹا سا سنہرا وجود کل کاریاں مارتا ہوا اپنے ننے منے ہاتھوں کو میری طرف بڑھائے میری گود میں آنے کو جیسے بیتاب تھا ۔۔۔۔ میں نے تڑپ کر اسے اٹھا لیا ۔۔۔۔

ارے یہ کیا ۔۔۔۔۔۔۔

خالہ اماں نے حیرت سے اس ننے وجود کو دیکھ کر کہا تھا۔۔۔ دانیال اور خالو جان بھی میرے بیڈ کے قریب آ کر کھڑے ہو گئے۔۔۔۔

دانیال دیکھو تو کتنی حسین بچی ہے یہ۔۔۔۔۔۔۔

خالہ اماں بولیں۔۔۔۔۔۔۔

ہاں واقعی۔۔ کتنی حسین ہے یہ بچی۔۔۔ لیکن وہ عورت اسے کیوں چھوڑ کر چلے گئی۔۔۔۔۔ میری تو یہ سمجھ میں نہیں آ رہا ہے۔۔۔۔۔۔۔

خالو جان بولے۔۔۔۔۔ دانیال کچھ نہ بولے بس میرے نزدیک ب خاموش کھڑے کبھی مجھے اور کبھی اس بچی کو دیکھ رہے تھے محویت سے۔۔۔۔۔

بابا میں نے ایک فیصلہ کر لیا ہے۔۔۔۔۔

کیسا فیصلہ دانیال ؟۔۔۔۔۔۔

خالو سوالیا انداز میں ان سے پوچھنے لگے ۔۔۔۔۔۔۔۔

میں اس بچی کو گود لینا چاہتا ہوں ۔۔۔۔۔۔

تمہارا دماغ تو نہیں چل گیا ۔۔۔۔۔ ہم اس کے بارے میں کچھ نہیں جانتے ۔۔۔۔ کون ہے یہ ؟ ۔۔۔۔ اسکی ماں یہاں کیوں چھوڑ گائی ؟ ۔۔۔۔۔۔۔اور کیا پتہ کس کی اولاد ہے ۔۔۔۔۔

کچھ بھی جاننے کی مجھے حاجت نہیں ہے بابا ۔۔۔۔ یہ آج سے میری اور زاکرہ کی بیٹی ہے ۔۔۔۔۔ اور آپ کے لئے اتنا ہی کافی ہے کہ یہ آپ کی پوتی ہے آج سے اور بس ۔۔۔۔ آپ تو جانتے ہیں زاکرہ اب ماں نہیں بن سکتی ۔۔۔۔ اور آج نہیں تو کل مجھے کوئی بچہ گود لینا ہی پڑتا ۔۔۔۔ پھر کیوں نہ اس بچی کو اپنا لوں ۔۔۔۔۔

لیکن خاندان میں کیا کہو گے ؟

خالہ اماں نے دانیال سے سوال کیا ۔۔۔۔۔۔

اس وقت کسی کو پتہ نہیں ہے امی کہ زاکرہ نے ایک مردہ بچے کو جنم دیا ہے۔۔۔۔
آپ سمجھ رہی ہیں نا میں کیا کہنا چھاتا ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔
خالہ اماں نے پوچھا تو وہ ماں کے نزدیک آ کر ان کے شانوں پر ہاتھ رکھتے ہوئے بولے ۔۔۔۔۔۔

اس کا تو دماغ خراب ہو گیا ہے۔۔۔۔ اور تم شازیہ بیگم تم تو ہوش سے کام لو۔۔۔۔۔۔
ہم کسی اور کے بچے کو اپنا کیسے سکتے ہیں۔۔۔۔۔ اور شرعی طور سے بھی یہ غلط اقدام ہوگا۔۔۔۔۔

آپ کیوں نہیں سمجھ رہے ہیں افتخار زاکرہ اب ماں نہیں بن سکتی اور نہ ہی دانیال دوسری شادی کے لئے رازی ہوگا۔۔۔۔ اور نہ میں اور آپ ایسا چاہینگے۔۔۔۔پھر آج نہیں تو کل کوئی بچہ ہی گود لینا پڑے گا۔۔۔۔ وہ عورت خود اس بچی کو زاکرہ کی گود میں ڈال کر گئی ہے۔۔۔۔ اب جہاں تک اس کے ماں باپ کون تھے تو اس بات کو رہنے دیجئے۔۔۔آج سے دانیال اور زاکرہ ہی اس کے ماں باپ ہیں۔۔۔۔۔۔۔ اور ابھی کسی کو پتہ بھی نہیں ھے کہ زاکرہ نے ایک مردہ بچے کو جنم دیا ہے۔۔۔۔۔ کوئی سوال نہیں پوچھے گا۔۔۔اور جہاں تک شرعی مسئلے کا تعلق ہے گود لینے کا تو زاکرہ کو نوا مہینہ لگ چکا تھا۔۔۔۔ وہ اس کی رضاعی

ماں بنجائے گی ۔۔۔۔آپ سمجھدار ہیں افتخار آپ جانتے ہیں ۔۔۔۔۔ میں کیا کہنا چاہتی ہوں ۔۔۔۔ یہ رشتہ اور بھی پیارا اور پاکیزہ رشتہ بن جائے گا ۔۔۔۔

وہ خالو جان کو سمجھا رہی تھیں ۔۔۔۔۔ اور خالو خاموش کھڑے خالہ اماں کو دیکھ رہے تھے ۔۔۔۔ پھر میرے بیڈ کی طرف آ کر کھڑے ہو گئے ۔۔۔۔۔ میں بچی کو سینے سے لگائے چپ چاپ ان کے فیصلے کو سننے کی منتظر تھی ۔۔۔۔۔ انکو قریب آتا دیکھ کر میں رونے لگی ۔۔۔۔۔

نہیں خالو جان میں بچی نہیں دونگی ۔۔۔۔۔ مجھ پر رحم کریئے ۔۔۔ یہ ۔۔۔۔ یہ میری بیٹی ہے پلیز خالو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

بیٹی کیا تم اپنے خالو کو اتنا ظالم سمجھتی ہو ۔۔۔اور ویسے بھی یہ میری پوتی ہے میں اسے کسی اور کے حوالے کیسے کرونگا بھئی ۔۔۔۔۔

وہ مسکراتے ہوئے میرے سر پر ہاتھ رکھ دیا ۔۔۔۔۔۔ اور پھر بچی کو میری گود سے لیکر اس کی پیشانی پر پیار کرنے لگے ۔۔۔۔۔۔۔۔

آج سے اس کا نام عائیشہ دانیال علی ہے ۔۔۔۔۔۔ بول دیتا ہوں دانیال کے پورا

نام.بر تھ سرٹیفکیٹ پر لکھنا اس کا۔۔۔۔ ورنہ تمہاری شامت ہے.بر خوردار۔۔۔۔۔۔
اور میں دل ہی دل میں اللہ کا شکر ادا کرنے لگی۔۔۔۔ ڈاکٹر نزہت کی مدد سے.بر تھ
سرٹیفکیٹ بھی بن گیا۔۔۔۔ اور میں اس بچی یعنی تمہیں لیئے گھر بھی آ گئی۔۔۔۔ جو بھی
تمہیں دیکھتا دیکھتا ھی رہ جاتا۔۔۔اتنی حسین بچی پورے خاندان میں کسی کی بھی نہیں تھی
۔۔۔۔۔ دانیال کے ایک ہی چاچا تھے اور وہ بھی بے اولاد تھے۔۔۔۔ خاندان تو میرا بڑا
تھا۔۔۔۔ لیکن میرے خاندان میں بھی لڑکیاں کم تھیں۔۔۔۔ البتہ لڑکے بھرے پڑے
تھے۔۔۔۔۔ اس وجہ سے تم سب کی آنکھ کا تارا بن گئیں۔۔۔۔ پیار سے میں تمہیں
چھوٹی سی اپسرا کہنے لگی۔۔۔۔۔۔ دانیال تمہارے بغیر ایک منٹ بھی نہیں رہتے تھے
۔۔۔۔ اور دادا، دادی کا بھی وہی حال تھا۔۔۔ دانیال کا چھوٹا سا کاروبار تمہارے آنے
کے بعد تیزی سے پھیلنے لگا۔۔۔ خالہ اماں روز تمہارا صدقہ دیتی تھیں۔۔۔۔ دو سال
یونہی بیت گئے۔۔۔۔ تم چلنے لگی تھیں کہ ایک دن میری طبیعت خراب ہو گئی۔۔۔۔
ڈاکٹر کے پاس جانے پر پتہ چلا کے میں پھر سے ماں بننے والی ہوں۔۔۔۔۔ ڈاکٹر نزہت
حیران تھیں۔۔۔۔ اور ہم سب حیران ہونے سے زیادہ خوش تھے۔۔۔۔۔ شاید اللہ
سبحان و تعلی نے معجزہ دکھا دیا تھا۔۔۔ میں پھر ایک بیٹی کی ماں بن گئی۔۔۔۔۔۔ لیکن
تم سے محبت میں کمی نہ آئی بلکہ کچھ اور بڑھ گئی۔۔۔۔ سنیئہ کو

ہم چاہتے تھے لیکن تم سے ہمیں عشق تھا بیٹی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہماری دنیا مکمل ہو گئی تھی ۔۔۔۔ میں جتنا اللہ کا شکرادا کرتی کم تھا ۔۔۔۔۔ دانیال کہا کرتے تھے کہ

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اللہ نے اگر بیٹا نہیں دیا تو کیا ہوا ۔۔۔۔ میری بیٹیاں اللہ نے بیٹوں سے .ڑھ کر دی ہیں

۔۔۔۔۔۔۔

تم کو دیکھ کرانکی صبح ہوتی تھی ۔۔۔۔ اور چاہے کتنے ہی تھکے ہوئے کام سے لوٹ تے لیکن تمہاری ایک مسکان انہیں تازہ دم کردے تی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

بیٹیوں سے اتنی محبت بھی ٹھیک نہیں ۔۔۔۔ یہ تو پرایا دھن ہوتی ہیں دانیال ۔۔۔۔۔۔۔ میں اکثر انہیں سمجھاتی تو وہ ہنس دیتے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ارے بیٹیاں تو اللہ کی رحمت ہوتی ہیں ۔۔۔ اور میں اللہ کا شکر گزار بندہ ہوں زاکرہ

۔۔۔۔۔۔

اس بات پر ان کی میں بھی ہنس دیتی ۔۔۔۔۔۔۔ ٹھیک ہی تو کہ رہے تھے ۔۔۔۔۔۔ زندگی یونہی ہنستے مسکراتے گزر رہی تھی ۔۔۔۔ ایک سال اور بیت گیا ۔۔۔۔۔ اور پھر اچانک کچھ عجیب و غریب واقعات ہونے لگے ۔۔۔۔۔ تم چار سال کی اور سنیئہ ایک سال کی ہو چکی تھیں ۔۔۔۔۔ خالو جان اور خالہ اماں ان دنوں اسلام آباد گئے ہوئے تھے ۔۔۔۔۔ اور دانیال بزنس ٹرپ پر سنگاپور گئے ہوئے تھے ۔۔۔۔۔ میں گھر پر اکیلی تم دونوں کے ساتھ تھی ۔۔۔۔۔۔ اس دن بھی میں تم دونوں کو سلا کر عشاء کی نماز سے فراغت کے بعد لائبریری میں بیٹھی تفسیر القرآن پڑھنے میں محو تھی کہ اچانک مجھے کچھ عجیب سا محسوس ہونے لگا ۔۔۔۔ جیسے میں اکیلی نہیں کوئی اور بھی کمرے میں میرے علاوہ موجود ہے ۔۔۔۔۔ میں نے پڑھتے پڑھتے اپنے چاروں اور نظر دوڑائی تو وہاں کوئی بھی نہیں تھا ۔۔۔۔۔۔ میں اسے اپنا وہم سمجھ کر پھر تفسیر القرآن پڑھنے لگی تھی کہ اچانک شیلف سے کتابیں خود بخود گرنے لگیں ۔۔۔۔۔ میں گھبرا کر اٹھ کھڑی ہوئی ۔۔۔۔۔۔ ایسا لگ رہا تھا کے کوئی نادیدہ وجود کتابوں کو شیلف سے باہر نکال کر پھینک رہا ہے ۔۔۔۔۔ سوائے دینی کتابوں کے اور قرآن کے باقی نادر کتب کا ایک چھوٹا سا ڈھیر فرش پر بکھرا پڑا تھا ۔۔۔۔۔ میں خوف سے اپنی جگہ جم سی گئی تھی ۔۔۔۔ ایسا لگ رہا تھا کے کسی نے میرے پیروں کو جکڑ رکھا ہے ۔۔۔۔۔ میں اپنی مرضی سے ہل بھی نہیں سکتی تھی ۔۔۔۔۔۔ کہ اچانک خاموشی چھا گئی ۔۔۔۔ اور پھر اچانک رونے اور کسی کے معافی مانگنے کی آوازیں آنے لگیں ۔۔۔۔۔۔۔ جیسے کوئی بہت تکلیف میں

ہو اور کوئی اسے پیٹ رہا ہو۔۔۔۔۔۔۔۔اب ایسا محسوس ہو رہا تھا کہ کوئی اور نادیدہ وجود بھی لائبریری میں موجود ہو۔۔۔۔۔۔۔اور پھر آوازیں معدوم ہوتی گئیں ۔۔۔۔۔۔اور پھر ایکدم سناٹا چھا گیا۔۔۔۔ میں چند لمحے پھٹی پھٹی آنکھوں سے ارد گرد کا جائزہ لے نے کی کوشش کرتی رہی۔۔۔۔۔ بہر حال میں خود کو ہلا جلا سکتی تھی ۔۔۔۔۔

اف میرے خدا یہ سب کیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

میں زیرلب بڑبڑائی تھی۔۔۔۔۔۔اور کرسی پر بیٹھ کر اپنے حواس بحال کرنے لگی ۔۔۔۔ جو کچھ ابھی اس کمرے میں ہوا تھا وہ مجھے محض اپنا وہم لگا تھا۔۔۔۔۔۔ لیکن جب لائبریری کی ابتر حالت پر نظر پڑتی تو یقین سا ہونے لگتا تھا۔۔۔۔۔ میں جلدی جلدی آیت الکرسی کا ورد کرنے لگی۔۔۔۔۔۔۔۔ لائبریری کی صفائی کرکے اور کتابوں کو دوبارا شیلف میں رکھ کر میں اپنے کمرے میں آکر لیٹ گئی۔۔۔۔۔۔ پھر اکثر کچھ عجیب واقعات ہونے لگے۔۔۔۔۔۔ میں صبح تم لوگوں کو اٹھانے آتی تو تم دونوں کے سرہانے مجھے چاندی کے ورق میں لپٹی چاکلیٹس ملتیں۔۔۔۔۔۔ تو کبھی کھلونے ۔۔۔۔۔ دانیال کے آنے کے بعد میں نے اس رات کا واقعہ انہیں سنایا تو پہلے وہ یقین ہی نہیں کر رہے تھے۔۔۔۔۔ لیکن جب چاکلیٹس اور کھلونے تم لوگوں کے سرہانے سے ملنے لگے تو وہ بھی تھوڑے فکر مند

ہو گئے ۔۔۔۔ لیکن یہ بات ہم نے خالہ اماں اور خالو جان کو نہیں بتائی ۔۔۔ تاکہ وہ پریشان نہ ہو جائیں۔۔۔۔

ایک صبح ہم دونوں فجر کی نماز پڑھ کر ابھی فارغ ہی ہوئے تھے کہ ڈور بیل بجنے لگی

۔۔۔۔۔۔۔

اتنی صبح کون آ سکتا ہے۔۔۔۔۔۔۔

دانیال یہ کہتے ہوئے باہر جانے لگے تو میں بھی انکے پیچھے باہر چلی آئی۔۔۔۔۔

کون ہے ۔۔۔۔۔۔

وہ گیٹ کے پاس پہنچ کر پوچھنے لگے ۔۔۔۔۔۔۔ لیکن ان کی بات کا کسی نے جواب نہیں دیا۔۔۔۔ تو وہ گیٹ کھولنے لگے ۔۔۔۔۔

آپ ۔۔۔۔۔ آ ایئے ۔۔۔۔۔۔

وہ یہ کہتے ہوئے کسی کو اندر آنے کا راستہ دیتے ہوئے خود ایک طرف ہو گئے۔۔۔۔ انکی
اس بات پر میں چونکی تھی۔۔۔۔۔ اور آنے والی شخصیت کو دیکھنے لگی۔۔۔۔ سرو قد
سراپے والی ایک عورت کو اندر آتا دیکھ کر میں وہیں کھڑی رہ گئی۔۔۔۔۔۔ وہ وہی تھی
جو ہسپتال میں تمہیں میرے حوالے کر گئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میرے قدم
وہیں جم کر رہ گئے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ششش

# مشکل راستے قسط ۴

اسلام و علیکم زاکرہ ۔۔۔۔۔۔

وہ مسکراتے ہوئے میری طرف قدم بڑھاتے ہوئے بولی ۔۔۔۔۔

آ ۔۔۔آ آ پ۔۔۔۔۔۔

میں اتنا ہی بول پائی تھی ۔۔۔۔

کیا اندر آنے کو نہیں کہو گی۔۔۔۔۔۔

ضرور آیئے ۔۔۔۔۔۔۔۔

میں کچھ شرمندہ سی ہوتی ہوئی مین ڈور سے ہٹ کر اسے اندر آنے کا راستہ دیا۔۔۔۔۔

وہ مسکراتی ہوئی شاہانہ انداز سے چلتی ہوئی اندر آ گئی ۔۔۔ اس کے پیچھے دانیال بھی
تفکرات میں ڈوبے ہوئے گھر کے اندر داخل ہو گئے ۔۔۔۔

ڈرائینگ روم میں جب وہ ایک صوفے پر بیٹھ گئی تو ہم اس کے سامنے والے صوفے پر بیٹھ گئے ۔۔۔۔۔ حیرت کی بات یہ تھی میرے لئے کہ وہ پہلی بار میرے گھر آئی تھی لیکن جس طرح وہ گھر میں داخل ہوئی تھی ایسا محسوس ہوا مجھے کہ وہ اس گھر میں کئی بار آچکی ہے ۔۔۔ جیسے کچھ بھی اس کے لئے نیا نہ ہو ۔۔۔۔۔

اس طرح بن بلائے مہمان کی طرح یہاں آنے پر معافی چاہتی ہوں آپ سب سے ۔۔۔۔۔ اور زاکرہ بے فکر رہو میں یہاں عائیشہ کو لینے نہیں آئی ہوں بلکہ میں نے اپنی بیٹی تمہیں ہمیشہ کے لئے سونپ دی ہے ۔۔۔۔۔ میں بس اسے صرف ایک نظر دیکھنا چاہتی ہوں ۔۔۔۔

جی ضرور آپ اس سے مل لیں ۔۔۔۔ لیکن آپ کو کیسے پتہ چلا کہ ہم نے اس کا نام عائیشہ رکھا ہے ۔۔۔۔۔۔

دانیال جو اسکی بات سن کر ریلیکسڈ ہو گئے تھے پوچھا تو وہ مسکرا کر دانیال کی طرف دیکھنے لگی ۔۔۔۔۔

میں عائیشہ سے کبھی غافل نہیں رہی دانیال صاحب ۔۔۔۔ میں یہ بھی جانتی ہوں کہ آپ دونوں اسے اپنی بیٹی سے زیادہ چاہتے ہیں ۔۔۔۔۔ میرا انتخاب غلط نہیں

تھا اپنی بیٹی کے لیئے ۔۔۔۔۔ الحمدللہ ایک اچھے خاندان میں پرورش پا رہی ہے ۔۔۔ اور مجھے کیا چاہئے ۔۔۔۔۔ کیا اب میں اسے دیکھ سکتی ہوں ۔۔

وہ ابھی سو رہی ہے ۔۔۔۔۔ میں اسے اٹھاتی ہوں آپ اس سے مل لیں ۔۔۔۔۔۔

نہیں زاکرہ اسے اٹھانا نہیں ۔۔۔۔ میں اس کا سامنا اس طرح نہیں کرنا چاہتی ۔۔۔۔

اسے سونے دو ۔۔۔۔۔ میں اسے آخری بار نظر بھر کر دیکھنا چاہتی ہوں بس ۔۔۔۔

میں اسے تم لوگوں کے کمرے میں لے آئی ۔۔۔۔۔۔ تم اپنے بیڈ پر سوتی ہوئی ایک معصوم فرشتہ لگ رہی تھیں ۔۔۔۔ وہ آہستہ چلتی ہوئی تمہارے بیڈ کے نزدیک آ گئی ۔۔۔اور بہت آہستہ سے بیٹھ گئی ۔۔۔ اور تمہارے کالے چمکدار بالوں میں اپنی مخروطی انگلیاں پھیرنے لگی ۔۔۔ اور پھر تمہاری پیشانی پر بوسہ دے کر اٹھ کھڑی ہوئی ۔۔۔۔ وہ شدت جذبات کی وجہ سے کانپ رہی تھی ۔۔۔۔۔

ایک بات پوچھوں آپ سے ۔۔۔۔۔۔

وہ میری جانب پلٹی مگر بولی کچھ نہیں ۔۔۔۔۔۔

آپ نے عائیشہ کو میرے حوالے کیوں کیا تھا ؟ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ایسی کیا مجبوری تھی آپ کو ؟

کوئی ماں اپنی اولاد کو اس طرح دوسروں کے حوالے نہیں کرتی زاکرہ ۔۔۔۔ لیکن مجھے حالات اس ڈگر پر لے آئے تھے کہ یہ تلخ فیصلہ کرنا پڑا ۔۔۔۔۔۔ ہر دن ہمارے لئے ایک قیامت کا دن ہوتا ہے ۔۔۔۔ لیکن خیر تم نہیں سمجھو گی ۔۔۔۔۔۔

وہ یہ کہتی ہوئی میرے نہایت نزدیک آ گئی ۔۔۔ اور سرگوشی میں بولی ۔۔۔۔۔۔۔۔

تم وہ چوکلیٹس اور کھلونے جو ہم بچیوں کے سرہانے روز رکھ جاتے ہیں انہیں کیوں نہیں دیتیں ۔۔۔۔۔ انہیں دے دیا کرو زاکرہ ۔۔۔۔۔۔۔۔

میں حیرت سے اسے دیکھنے لگی تو وہ مسکرادی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آپ ۔۔۔۔۔۔ وہ آپ لاتی تھیں ۔۔۔۔۔۔ لیکن آپ گھر کے اندر کیسے آتی تھیں ؟

میری اس بات پر وہ پر سرار مسکراہٹ کے ساتھ مجھے دیکھنے لگی ۔۔۔۔۔۔۔۔

ٹھیک ہے آئندہ نہیں لائینگے کچھ بھی ۔۔۔۔ لیکن ایک وعدہ کرو تم وہ ساری چوکلیٹس اور کھلونے انہیں دے دو گی جو ہم بچیوں کے لئے لائے تھے ۔۔۔۔۔

مگر میں تو وہ سب پھینک چکی ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔

مجھ پر اب خوف طاری ہونے لگا تھا۔۔۔۔۔۔۔

نہیں وہ سب عائیشہ کی الماری میں رکھے ہیں ۔۔۔ چاہو تو دیکھ لینا۔۔۔۔۔۔ اور زارا کرہ ہم سے ڈرو نہیں ہم تمہارے لئے کبھی نقصاندہ ثابت نہیں ہو سکتے ۔۔۔ اور ہم کوئی بھوت پریت بھی نہیں ہیں ۔۔۔۔ بس حالات کے مارے ہوئے ۔۔۔ اپنوں کی کرنی کا پھل بھگت رہے ہیں ۔۔۔۔۔۔ مجبوریاں کچھ ایسی ہیں کہ ہم تمہیں بتا بھی نہیں سکتے ۔۔۔ مگر ایک بات یاد رکھنا جن حالات سے ہم گزر رہے ہیں ۔۔۔۔ عائیشہ کو بھی انہی حالات کا سامنا کرنا پڑے گا۔۔۔۔۔۔ چاہے تم اور ہم لاکھ کوشش کرلیں وہ پہچان لی جائیگی کہ وہ کون ہے۔۔۔ اس لئی ہم چاہتے ہیں کہ تم اسے بتا دینا جب وہ بڑی ہو جائے ۔۔۔۔۔ تاکہ وہ ان حالات کا مقابلہ کر سکے

۔۔۔۔ اور کہیں بیخبری میں نقصان نہ اٹھالے ۔۔۔۔۔۔ تمہارے خاندان کی ہم ساری زندگی حفاظت کرتے رہینگے جب تک زندگی ہے ہماری انشااللہ ۔۔۔۔۔۔۔ جس طرح تمھیں عائیشہ سنئیہ سے زیادہ عزیز ہے اسی طرح سنئیہ ہمیں عزیز ہے ۔۔۔۔۔ لیکن وقت بہت ظالم ہے زاکرہ۔۔۔۔۔۔ اس لئے ہم پھر التجا کرتے ہیں تم سے کہ تم وقت آنے پر اسے بتا دینا ۔۔۔۔۔ کہیں دشمن اس کی بیخبری کا فائیدہ نہ اٹھالیں ۔۔۔۔۔۔

میں اس عورت کی پر سرار باتیں سن کر چکرا گئی تھی ۔۔۔۔ پھر وہ میرا ہاتھ اپنے دونوں ہاتھوں میں لے کر مجھے دیکھنے لگی ۔۔۔۔۔

ہم تمھیں اب کبھی بھی نظر نہیں آئینگے زاکرہ ۔۔۔۔ یہ ہمارا وعدہ ہے ۔۔۔۔ لیکن حقیقت جاننا عائیشہ کے لئے ضروری ہے ۔۔۔۔ اس کی بقاء اسی میں ہے کہ وہ جان لے کے وہ کون ہے ۔۔۔۔۔

میں بھی آپ سے وعدہ کرتی ہوں عائیشہ کو جب وہ بڑی ہو جائیگی تو آپ کے بارے میں بتا دونگی۔۔۔۔۔

وہ عورت تم کو مستقبل میں پیش آنے والے جن حالات سے مجھے باخبر کر رہی تھی نہ چاہتے ہوئے بھی میں اس پر یقین کرنے پر مجبور ہو گئی تھی ۔۔۔۔۔
اچھا اب ہمیں اجازت دو اللہ عائیشہ اور تم سب کی حفاظت کرے آمین ۔۔۔۔۔۔

یہ کہتے ہوئے وہ کمرے سے نکل گئی ۔۔۔۔ میں بھی اس کے پیچھے کمرے سے نکل آئی ۔۔۔ پھر وہ رکی نہیں ۔۔۔ ڈرائینگ روم میں جانے کی بجائے وہ باہر جانے لگی ۔۔۔۔۔ دانیال لاؤنج میں بیٹھے ہوئے تھے ۔۔۔۔۔ ہم اسے گیٹ تک چھوڑنے گئے ۔۔۔۔۔۔ جب وہ گیٹ سے نکلنے لگی تب ۔۔۔۔
آپ نے اپنا نام نہیں بتایا ۔۔۔۔۔
فاطمہ نام ہے ہمارا ۔۔۔۔۔۔۔
وہ گیٹ سے باہر قدم رکھ چکی تھی گردن موڑ کر میری اور دانیال کی طرف دیکھتے ہوئے کہہ کر تیزی سے باہر نکل گئی ۔۔۔۔۔۔

اس کے جانے کے بعد بیٹی میں نے تمہاری الماری کھول کر دیکھی تو اس میں وہ ساری چاکلیٹس اور کھلونے رکھے ہوئے تھے۔۔۔۔ حالانکہ اس اسے پہلے کئی بار بلکہ ہر روز ہی الماری کھل بند ہوتی تھی۔۔۔۔۔۔ اس وقت کچھ بھی نہیں تھا اور اب یہ چاکلیٹس اور کھلونے۔۔۔۔۔۔۔ خیر دانیال کو میں نے ساری باتیں بتا دیں جو اس کے اور میرے درمیاں ہوئی تھیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ سن کر پریشان ہو گئے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

عائیشہ کو کچھ نہیں ہوگا زاکرہ اللہ پر بھروسا رکھو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ہاں آپ ٹھیک کہتے ہیں۔۔۔ لیکن میں اس سے وعدہ کر چکی ہوں کہ عائیشہ کے بڑے ہوتے ہی اسکے بارے میں اسے بتا دو نگی۔۔۔۔

ٹھیک ہے لیکن میں یہی دعا کرونگا کے وہ دن آنے سے پہلے اللہ مجھے اٹھا لے

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ایسی باتیں کیوں کر رہے ہیں آپ۔۔۔۔ اللہ آپ کو لمبی عمر دے آمین

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

میں ان کی بات سن کر ہول گئی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔
وہ میری بات پر خاموش خلا میں نا جانے کیا تلاش کرنے لگے تھے اس وقت ۔۔۔ میں نے وعدہ تو کر لیا تھا فاطمہ سے لیکن خود سے عہد کیا تھا کہ اپنی زندگی میں تمہیں یہ پتہ نہ لگنے دونگی کے میں تمہاری ماں نہیں ہوں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ عائیشہ جانتی ہو یہ لکھتے ہوئے مجھے کتنی تکلیف ہو رہی ہے ۔۔۔ کہ میں تمہاری سگی ماں نہیں ہوں ۔۔۔۔۔۔
لیکن میں رضاعی ماں تو ہوں نا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ آہ ۔۔۔۔۔ میری جان ایک ماں کے لئے یہ بہت تکلیف دہ ہوتا ہے۔۔۔۔ جب تم ماں بنوگی تب تمہیں پتہ چلے گا۔۔۔۔۔
خیر فاطمہ نے جو کہا ویسا ہی ہوا۔۔۔۔۔ عجیب پر سرار واقعات ایک دم بند ہو گئے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میں نے اس کی لائی ہوئی تمام چاکلیٹس اور کھلونے تم دونوں میں بانٹ دیں ۔۔۔۔ وہ عورت پر سراری تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ لیکن تم میں ہم نے کسی قسم کی مافوق الفطرت حرکات نہیں دیکھیں ۔۔۔۔۔۔ تم عام بچوں کی طرح تھیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہاں البتہ بے انتہا ذہین بچی تھیں شروع سے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔
دانیال کی اچانک ہارٹ اٹیک سے موت اور پھر خالو جان اور خالہ اماں کے انتقال نے مجھے اندر سے توڑ ڈالا تھا۔۔۔۔ لیکن تم دونوں کے لئے میں نے اپنے اندر ہمت پیدا کی اور پھر عدت کے بعد دانیال کا بزنس سنبھال لیا۔۔۔۔ میں نے یہ ڈائیری دانیال کی وفات کے بعد لکھنی شروع

کی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور میں یہ ڈائیری تمہارے لئے لکھنی شروع کی میری جان ۔۔۔۔۔۔۔ میری چھوٹی سی اپسرا کے لئے ۔۔۔۔۔ جانتی ہو مجھے تم سے کتنی محبت ہے۔۔۔۔۔۔ اس وقت میں رو رہی ہوں ۔۔۔ آنسو رکنے کا نام نہیں لے رہے ۔۔۔۔ اس وقت یہ جملہ یہ الفاظ لکھتے ہوئے میں صرف تمہیں سوچ رہی ہوں ۔۔۔ کہ تم کیسا محسوس کر رہی ہو گی اسے پڑھتے ہوئے ۔۔۔ میں تمہاری تکلیف کو محسوس کر رہی ہوں میری جان میری اپسرا ۔۔۔۔۔ بیٹی یہ جان کر کہ میں تمہاری ماں نہیں تمہیں تکلیف ہو گی ۔۔۔ لیکن کبھی یہ بدگمانی دل میں مت آنے دینا کہ تم ہماری بیٹی نہیں ۔۔۔۔۔ میں نے تمہیں جنم نہیں دیا لیکن تم میرے وجود کا ہی حصہ ہو ۔۔۔۔ ہو سکے تو اپنی اس ماں کو معاف کر دینا کہ تم سے اتنی بڑی حقیقت چھپائے رکھی ۔۔۔۔۔۔۔ اور ایک وعدہ کرو مجھ سے کہ سنئیہ کو اس حقیقت کے بارے میں کچھ نہیں بتاؤ گی ۔۔۔ ہو سکے تو مجھے اور اپنے بابا جانی کو معاف کر دینا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

تمہاری اماں بی

××××××××××××

باقی آئندہ ۔۔۔۔۔

# اردو اور ہم

جی ہاں اردو کی ٹانگیں توڑنے اور الفاظ کی ہیرا پھیری میں ہم پی ایچ ڈی کر چکے ہیں ۔۔۔۔۔۔ بعض دفعہ ہمارے میاں جی بھی فرمانے لگتے ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ فرح بی بی بس کرو اور اس زبان بے چاری پر رحم کرو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور ہم کہتے ہیں ۔۔۔۔۔۔۔ نہیں کر سکتے بھولے میاں ۔۔۔۔۔۔۔۔ یہ تو ہمارے قومی فریضے میں شامل ہے ۔۔۔۔ انگریزی اسٹائل میں منہ ٹیڑھا تو نہیں کرتے نا ۔۔ جہاں جاتے ہیں اپنی زبان کو جلا ہی بخشنے کی کوشش کرتے ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ چاہے لوگ ہپ ہوں یا اپنی قومی زبان سے نالاں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہم شروع ہو جاتے ہیں ۔۔۔۔۔ بات انگریزی میں ہو رہی ہو ہم ڈسکشن اردو میں لے آتے ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ چاہے املا کی غلطیوں سے ہی بھرپور کیوں نا ہو لیکن بات اردو میں کرنے کی کوشش کرتے ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اب امی سے لغط بھی منگوانے کی کوشش کر رہے ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔ دیکھیں امی کیا جواب دیتی ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اردو ناولز پڑھتے ہیں پہلا صفحہ اور آخیر کا صفحہ اور پوری کہانی سمجھ آجاتی ہے ۔۔۔۔۔۔ محنت کون کرے پورا ناول پڑھنے میں ۔۔۔۔۔۔۔ ناول سے یاد آیا کچھ لکھنے کی جسارت کرتے رہتے ہیں ۔۔۔۔۔۔ پر اتنے کامیاب نہیں ہوئے ۔۔۔۔۔۔ اور پھر جناب سوچ بھی ذرا ٹیڑھی ہے ۔۔۔۔ اس لئے شائد تنقید کے بھی قابل آج تک اردو ادب میں سمجھے نہیں جاتے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ لیکن ہم بھی ڈھیٹوں کی برادری سے تعلق

رکھتے ہیں اس کا پیچھا چھوڑنے کو تیار نہیں ۔۔۔۔

اردو وہ واحد زبان ہے جو ہمیں بہت پیاری ہے ۔۔۔۔۔۔ لیکن جناب اب کیا کیجئے جب اماں یعنی امی کا تعلق حیدر آباد دکن سے ہو تو ظاہر ہے لہجے میں کھٹائی بھی شامل ہو کر الفاظ کھٹی دال اور کڑھائی چکن کا مکیچر تو بن جائینگے نا۔۔۔۔۔ لیکن قصور کس کا ہے جناب خیر ہمارا تو نہیں ۔۔۔۔۔ بہرحال ہم تو صرف ٹانگ توڑتے ہیں ۔۔۔۔ لوگوں نے تو اردو بیچاری کا جو حال کیا ہے وہ دیکھنے سے نہیں محسوس کرکے ماتم کی انتہا پر پہنچا دیتا ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہماری ایک کزن ہیں ۔۔۔اللہ بھلا کرے انکا۔۔۔۔۔ موصوفہ ایک سال چند مہینے امریکہ رہ کر واپس لوٹیں تھیں ۔۔۔۔ لیکن لہجہ اور چال دونوں ہی بدل گئے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔ منہ ٹیڑھا کرکے جب انگریزی لہجے میں اردو بولتیں تھیں تو ایسا لگتا تھا جیسے لقوہ ہو گیا ہے محترمہ کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پھر ہم سب پاکستانی انہیں کیڑے مکوڑے محسوس ہونے لگے۔۔۔۔۔ اور وہ خود کو امریکہ بہادر کا جاہ نشین سمجھنے لگیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ویسے ایک بات آج تک ہمارے ننھے ذہن میں سماں نہیں سکی کہ آخر ولایت خواص طور پر امریکہ اور لندن کا پھیرا لگانے سے کوئی اتنا معتبر کیسے ہو جاتا ہے ۔۔۔۔

اگر آپ کی سمجھ میں یہ بات آتی ہے تو برائے مہربانی ہمیں بھی سمجھا دیجئے

تاکہ ہمارا بھی فائدہ ہوجائے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ خیر چھوڑیۓ بات ہورہی تھی اردو کی اور ہماری ۔۔۔۔۔۔۔ ہاں تو جناب ہم تو کوشش کر رہے ہیں اردو کو مزید سیکھنے کی ۔۔۔۔۔۔۔۔ لیکن لگتا ہے یہ کام اتنا آسان نہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔ پھر بھی جہد مسلسل کامیابی کی نشانی ہوتی ہے ۔۔۔ آج نہیں تو کل ہم بھی سرخرو ہو ہی جائینگے ۔۔۔۔۔۔ اگر اچھی مصنفہ نہیں تو اچھے اردو داں ہی سہی ۔۔۔۔۔۔۔۔ اور اگر کچھ بن نہ پائے تو تخیل کی وادی میں گھوڑے دوڑا کر ہی خوش ہو جایا کرینگے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ بات یہیں پر ختم کرتے ہیں رومن اردو سے اردو کا سفر شروع تو کر دیا ہے اب دیکھیں ہمارا یہ اونٹ کس کروٹ بیٹھتا ہے ہو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ایسا نہ ہو کہ ہماری ناتواں ذات اس کے نیچے آجائے اور تخیل پروازی سے بھی جائیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ خیر اب نیند بھی زوروں کی آرہی ہے ۔۔۔ اس لئے فی امان اللہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

# ڈاکو بھائی لوگوں کے نام

جی ہاں عنوان سے ہی آپ لوگوں کو یہ مضمون عجیب لگے گا۔۔۔۔۔ اور ہماری ذہنی حالت پر شک میں بھی ہو سکتا ہے پڑجائیں کہ آخر ان محترمہ کو سوجی کیا جو ڈاکو برادران کو خط لکھنے بیٹھ گئیں ۔۔۔۔۔۔۔ لیکن کیا کریں ہاتھوں میں ایک واقعہ کی وجہ سے کھجلی شروع ہو گئی تو مجبورا" عین عادت بہن جی کے مطابق اس موضوع خواص پر لکھنے بیٹھ گئے ۔۔۔۔۔ تو جناب یہ ذرا دور دور رہئے ٹائیپ ٹاپک ہے
۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ نہ جن بھائی جانوں پر بات کرینگے اور نہ ہم وطنوں پر کچھ کہنا چاہینگے
۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ آج صرف ڈاکو صاحبان پر بات ہوگی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہاں تو جناب یہ ڈاکو بھائی لوگوں کے لئے ایک کھلا پیغام ہے کہ بھائی جی آپ لوگ ڈاکے ڈالتے ہوئے اور لوگوں کو مارتے ہوئے تھکتے کیوں نہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔
پاکستان میں تو کافی دہشت پھیلا رکھی ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ لوگ جنات سے نہیں ڈرتے نہ چڑیلوں کا خوف ہوتا ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ لیکن لفظ ڈاکو پر ہی بندے کو ہارٹ اٹیک آنا شروع ہو جاتے ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میرے خیال میں جنات بھی ڈاکو بھائی لوگوں سے کوسوں دور بھاگتے ہونگے ( لٹنے کا ڈر جو ہے )

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

حولیہ دیکھو تو جنات کی بھی چیخیں نکل جائیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ بڑی بڑی مونچھیں

۔۔۔۔۔۔۔۔ عجیب سی لال لال آنکھیں جیسے کسی کا خون پی کر آ رہے ہوں

۔۔۔۔۔۔۔۔ اوپر سے گندی زبان ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اللہ معاف کرے بیچارے پاکستانیوں پر ہر طرف سے ہی مار پڑ رہی ہے ۔۔۔۔۔۔ مہنگائی کا جن ہو یا غیر ضروری تگڑی یوٹیلیٹی بلز ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اوپر سے بجلی کی آنکھ مچولی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ آدھا گھنٹا بھی نہیں گزرتا کے چھپن چھپائی شروع۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور ایسے بجلی بہن چھپ تی ہیں کے گھنٹوں گزر جاتے ہیں پر کوئی انہیں ڈھونڈ نہیں پاتا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ واپڈا والوں سے یہ گن ورثے میں ملا ہے انہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پھر ہمارے بھتہ خوروں اور ڈاکو بھائی لوگوں کا خوف ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ویسے بھتہ خوروں کی بھی عجیب کہانی ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔ ہر سیاسی پارٹی کی ضرورت ہوتے ہیں یہ لوگ

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ بھتہ دو ورنہ سنگین نتائج کی دھمکیاں ۔۔۔۔۔ جو خالی دھمکیاں نہیں ہوتیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جو پرواہ نہیں کرتے یا نظر انداز کر دیتے ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ بیچارے جان سے ہی ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پارٹیاں پرزور طریقے سے چیخ پکار کرتی ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ لیکن درپردہ سارا مال ان سیاسی پارٹیوں کے پاس ہی پہنچ جاتا ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ آخر اگلے الیکشن کی بھی تو تیاری کرنی ہے نا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جناب سب خوش ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ایف آئی آر درج کرانے جاؤ کہیں ڈاکا پڑ جائے تو زیادہ تر تو درج ہی نہیں ہوتیں ۔۔۔

ایک مزے کا قصہ ہے ۔۔۔۔۔۔ کسی کے گھر ڈاکا پڑا ۔۔۔ جب ڈاکو چلے

گئے تو جن کے گھر ڈاکا پڑا تھا وہ صاحب پولیس اسٹیشن پہنچ گئے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جیسے ہی اندر داخل ہوئے فورا" الٹے قدموں باہر نکل آئے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کیونکہ جو صاحب ایف آئی آر لکھ رہے تھے وہ ان ڈاکوؤں میں سے ایک تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اب سوچنے کی بات یہ ہے کے دو لٹیرے یعنی وردی اور ڈھاٹے باندھنے والے جب ایک ہو جائینگے تو عوام جو عام طور پر غربا پر مشتمل ہوتی ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ بیچاری کہاں جائیگی

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

تو جناب ڈاکو صاحبان کبھی یہ بھی سوچا ہے کہ آپ کے گھر میں ڈاکا پڑ جائے تو کیا محسوسات ہونگے آپ لوگوں کے ۔۔۔۔۔ خواتین سے بتمیزی کرنا ۔۔۔انہیں حراساں کرنے کی کیا ضرورت ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ڈاکے شوق سے ڈالئے لیکن خواتین کو تو بخش دیجئے ۔۔۔۔۔ آپ کے گھر میں بھی تو ماں بہنیں ہونگیں نا ۔۔۔ کوئی ان کی طرف برائ ے دیکھے تو آپ کا خون کھول جاتا ہوگا نا ۔۔۔۔۔۔۔۔ ایسے ہی جذبات آپ کے خلاف بھی لوگوں کے ہوتے ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ویسے ایسے واقعات سن کر ہمارا بھی خون کھول جاتا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جی چاہتا ہے کہ اپ لوگوں کی وہ دھلائی کریں کے آپ لوگوں کو پوری ڈاکو برادری کی نانیاں یاد آ جائیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ لیکن بعض خواہشیں ایسی ہوتی ہیں جو اندر ہی گھٹ کر رہ جاتی ہیں ۔۔۔ سو یہ بھی انہی خواہشات میں سے ایک ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔ مانتے ہیں

بندوق کے آگے ہر کسی کی بولتی بند ہو جاتی ہے۔۔۔۔ پھر ہم تو ایک کمزور محنتی سی خاتون ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ بہر حال اللہ تعالیٰ آپ لوگوں کو ہدایت دے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور آپ لوگ اپنی کرتوتوں سے باز آ جائیں۔۔۔۔۔ ورنہ جان لیجئے صحیح حدیث کے مطابق آپ کا ٹھکانا جہنم ہے۔۔۔۔۔۔۔ وہاں جہنم داروغہ کو اپنے قصے سنایئے گا۔۔۔۔۔ شائد شوق سے سن لے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ آگے کچھ لکھنے کی ہمت ختم ہو گئی ہے اس لئے آپ لوگوں سے ہمارا اللہ ہی حافظ ہے۔۔۔۔

## پچھتاوا

وہ سمندر کے نیلگو پانی کو گھورتی ہوئی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سب سے الگ تھلگ کھڑی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔بڑی سی چادر میں چھپا لرزتا وجود ۔۔۔۔۔۔۔ آنکھوں سے سیل رواں جاری تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ لوگوں سے بے نیاز ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ماضی کے دریچوں میں جھانک رہی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ بچپن سے لڑکپن تک کتنی حسین تھی زندگی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اچانک اندر ایک شور سا اٹھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اس نے اپنے کھردرے ہاتھوں سے اپنے دونوں کان بند کر لئے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مگر اندر کے شور کو دبا نہیں سکی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اف میرے اللہ ۔۔۔۔۔۔۔۔ مجھے سکون دے دے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میرے گناہوں کو معاف کر دے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ بے آواز اپنے رب کو پکارنے لگی ۔۔۔۔۔۔۔ آنسو اس کی پلکوں سے گرنے لگے ۔۔۔۔۔۔ اور ماضی کی کتاب کھل گئی ۔۔۔۔۔۔۔۔ ایک ایک صفحہ وہ پلٹتی گئی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

------------------------------------------------------------

نورین ۔۔۔ اٹھو بیٹا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کیا کالج نہیں جانا ہے ؟ ۔۔۔۔۔

امی کی آواز پر وہ کروٹ بدل کر اس کے حسین خواب کو وہیں سے جوڑنے کی ناکام کوشش کرنے لگی ۔۔۔۔۔ مگر اچانک کچھ یاد آنے پر بیڈ سے اٹھ بیٹھی

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ارے آج تو اس سے ملنا ہے ۔۔۔۔۔۔۔

وہ زیر لب بڑبڑائی تھی ۔۔۔ اور جھٹ پلنگ سے اتر کر واش روم میں گھس گئ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جلدی جلدی منہ ہاتھ دھو کر واش روم سے نکل آئی ۔۔۔۔۔۔۔ پھر اس کی پسند کے رنگ کا جوڑا پہن کر ۔۔۔ قد آدم آئینے کے سامنے کھڑی ہو کر برش کرنے لگی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پھر لپ اسٹک اور مسکارا ڈریسنگ ٹیبل سے اٹھا کر بیگ میں رکھ لیا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اب وہ اس سے ملنے کے لئے تیار تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اتنی دیر کیوں لگا دی یار تم نے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ اسے دیکھ کر برس پڑا ۔۔۔۔۔۔

ارے غصہ کیوں کر رہے ہو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تم سے ملنا اتنا آسان تھوڑی ہے

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ مزے سے اس کے سامنے والی کری گھسیٹ کر بیٹھتے ہوئے بولی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ہاں جانتا ہوں ۔۔۔۔۔۔۔۔ اس لئیے تو تم پر دل و جان سے فدا ہو گیا ہوں

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تم میرے لئے کیا کچھ نہیں کرتی ہو ۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ مسکرانے لگا ۔۔۔۔۔۔

لیکن ان قربانیوں کا کچھ تو صلہ دو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میں کب تک تم سے ملنے کے لئے امی

سے جھوٹ بولتی رہونگی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اچھا یار کرتا ہوں کچھ نا کچھ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ بدمزہ سا ہوا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پھر بات بدل کر اس کے فیوریٹ ایکٹر کی نیو ریلیز فلم کی باتیں کرنے لگا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

---

امی میں نے آپ سے کتنی بار کہا ہے۔۔۔ میں آپ کے بھانجے سے شادی نہیں کرونگی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اس کی شکل دیکھی ہے آپ نے

بونگا دبو سا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہنہ۔۔۔۔۔

وہ امی سے ان کے بھانجے کے پروپوزل کی بات سن کر زرا بدتمیزی سے بولی تھی

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ہاں تو کیا تمہارے لئے کوئی شہزادے گلفام کا پروپوزل آئے گا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ بھی زرا غصے سے بولیں تھیں۔۔۔۔۔

میں نے کہہ دیا ہے میں اس بونگے سے شادی نہیں کرونگی بس ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اچھا خاصا شریف لڑکا ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ڈاکٹر اوپر سے اپنا کلینک ۔۔۔۔۔۔۔ اور اس لڑکی کے نخرے ہی ختم نہیں ہو رہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ آنے دو تمہارے ابو کو ۔۔۔۔۔۔ لاڈلی کو سر پر چڑھا لیا ہے انہوں نے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔
وہ غصہ کرتیں کمرے سے باہر نکل گئیں ۔۔۔۔۔۔ اور وہ دھب سے بیڈ پر بیٹھ گئی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کچھ دیر تو نہ جانے کیا سوچتی رہی ۔۔۔۔ پھر اس کا سیل نمبر ملانے لگی

۔۔۔۔۔۔۔

مجھے تم سے ملنا ہے ۔۔۔۔ کل ہر حال میں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔
اس کے ہلو بولنے پر صرف یہ کہہ کر فون بند کر دیا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ دونوں کافی دیر سے چپ چاپ اس کیفے میں بیٹھے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔ آخر کار وہی بولا تھا

۔۔۔۔۔۔۔

اس پریشانی کا حل میں تمہیں بتاتا ہوں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ لیکن کیا تم اس پر عمل کر سکو گی ۔۔۔۔۔۔

وہ سوالیا نظروں سے اسے دیکھنے لگی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کیا تم میرے ساتھ ملتان چلنے کو تیار ہو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ حیرت سے اسے دیکھنے لگی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

نہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کیوں نہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آخر تم اپنے والدین کو ہمارے گھر رشتے کے لئے بھیجتے کیوں نہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

دیکھو نورین ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میری والدہ ملتان میں ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور شدید بیمار ہیں ۔۔۔۔۔۔ ابو کا انتقال میرے بچپن میں ہی ہو گیا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جب تک امی ٹھیک ہو نگی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تمہاری شادی کسی اور سے ہو چکی ہو گی ۔۔۔۔۔۔۔۔ اور یہ میں بالکل نہیں چاہتا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ اسے اپنی مجبوری بتانے لگا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ سوچ میں پڑھ گئی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

مجھے دو دن کی مہلت دو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سہیل میں ابھی فیصلہ نہیں کر پا رہی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ٹھیک ہے اب ہماری ملاقات دو دن بات ہی ہو گی ۔۔۔۔۔۔۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آج اس کی منگنی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔ اور وہ صبح صبح ہی اپنی والدہ کا زیور اور ابو کے اکاؤنٹ سے انکے جالی دستخط کر کے بیس لاکھ بھی نکال چکی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔ اور اب وہ ملتان جانے کے لئے اسکے ساتھ بس میں بیٹھی ہوئی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ محبت سے اس کا ہاتھ تھامے ہوئے تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ملتان شہر پہنچ کر اپنے گھر لے جانے کے بجائے وہ اسے ایک سستے سے ہوٹل لے آیا تھا۔۔۔۔۔۔ اس کے

پوچھنے پر بولا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

یہ امی کے لئے شوکنگ نیوز ہو گی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ذرا پہلے انہیں اعتماد میں لے لوں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پھر تمہیں لے جاؤں گا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

دونوں نے مل کر اکھٹے کھانا کھایا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور پھر وہ اسے دلاسا دیتا ہوا چلا گیا ۔۔۔۔۔۔۔ جب کافی سے زیادہ دیر ہو گئی تب اسے ہول اٹھنے لگے ۔۔۔۔۔ لگاتار فون کرنے پر اور ٹیکس میسیجز پر بھی جب دوسری طرف سے جواب موصول نہ ہوا تب وہ.بری طرح گھبرا گئی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اچانک دروازے پر دستک کی آواز پر وہ چونکی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کک کون ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

نورین میں ہوں دروازہ کھولو یار ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اتنی دیر کیوں لگا دی سہیل ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

امی کو منا رہا تھا یار ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ویسے مبارک ہو تمہیں امی مان گئی

ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اسلئے میں تمہیں لینے آیا ہوں ۔۔۔۔۔ اپنا بیگ تیار کر لو ۔۔۔۔ اور ہاں رقم اور زیور مجھے دے دو ۔۔۔۔ میں احتیاط سے اپنے پاس رکھ لوں ۔۔۔۔۔۔۔ جلدی کرو اس سے پہلے کہ امی کا موڈ بدل جائے ہمیں فوراً چلنا چاہئے ۔۔۔۔۔۔۔۔

..........................................

کیسا لگا میرا شاہکار مائی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ سگریٹ کا دھواں اڑاتا ہوا بول رہا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور وہ بے ہودہ لباس میں ادھیڑ عمر عورت اس کا سر سے پیر تک جائزہ لے رہی تھی ۔۔۔۔۔

جواب نہیں تمہارا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ واہ بھئی بڑا ہاتھ مارا ہے تم نے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

یہ تم مجھے کہاں لے آئے ہو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ رو رہی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جنت میری جان ۔۔۔ جنت ۔۔۔۔۔۔

وہ لوفرانہ انداز میں بولا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ذلیل انسان ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ صدمے اور غصے کے عالم میں اس کی طرف بڑھی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔ اور تھپڑ مارنا چاہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

نہ نہ میری جان یہ ستم مت کرنا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اس نے نورین کا ہاتھ پکڑ لیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

مائی کتنے دو گی اس مال کے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ صدمے سے اسے دیکھتی رہ گئی ۔۔۔۔۔۔۔

بیس ہزار ۔۔۔۔۔ نہ آگے نہ پیچھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

مائی تو بھی نا ۔۔۔۔۔ چل دیا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ لیکن دیکھ پہلا گاہک میں ہونگا اس بلبل کا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ منظور ہے تو بول ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

چل منظور ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سکندر ( سہیل ) تو بھی کیا یاد کریگا آج چھوری تیری ہوئی رے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ خباشت سے مسکرائی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

---

وہ بس میں بیٹھی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ لٹی پٹی سی ۔۔۔۔۔ ماں باپ کی عزت کا جنازہ نکال کر ۔۔۔۔۔۔ اپنی متاع حیات لٹا کر ۔۔۔۔۔ زخمی تار تار وجود کو ایک سفید چادر میں چھپائے ہوئے ۔۔۔۔۔۔۔ ایکً مہینے بعد ہی اس کو موقع ہاتھ آگیا تھا ۔۔۔۔۔۔۔ ریڈ پڑی تھی اس گھر پر ۔۔۔۔۔ وہ اپنی طرح ہی کی ایک نادان لڑکی کے ساتھ باہر نکلنے میں اور ان درندوں اور پولیس کی آنکھوں میں دھول جھونکنے میں

کامیاب ہوئی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

..............................................

کراچی کے بس اڈے پر اتر کر رکشہ میں بیٹھی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ نارتھ ناظم آباد رکشہ والے نے اسے اسکے گھر اتار دیا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کپکپاتے ہاتھوں سے بیل بجانے پر جب قدموں کی چاپ گھر کے اندر سے سنائی دی تو دل کی دھڑکن تیز ہو گئی ۔۔۔۔۔۔۔ لیکن گیٹ جیسے ہی کھلا تو ایک انجان چہرا سامنے تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔

جی آپ کو کس سے ملنا ہے ۔۔۔۔۔۔

وہ پندرا سولہ سال کا لڑکا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ابو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جی مم میرا مطلب ہے مجید صاحب گھر پر ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جی نہیں ان کا تو انتقال ہو گیا ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

لڑکے کے جواب دینے سے پہلے اس کے پیچھے کھڑی خاتون نے جواب دیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔
جیبی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ بس اتنا ہی بول پائی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔ ابو کا مہربان شفیق چہرا آنکھوں کے سامنے لہرایا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

بیچارے زندہ بھی کیسے رہتے۔۔۔۔۔۔ ایک ہی اولاد تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ نالائق آوارہ۔۔۔۔۔۔۔۔ عین منگنی والے دن بھاگ گئی۔۔۔۔۔ باپ اسی دن دل کا دورہ پڑھنے سے مر گیا بے چارا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور ماں صدمے سے پاگل ہو گئی۔۔۔چچ۔۔۔۔

اگر میری ایسی بیٹی ہوتی تو اپنے ہاتھوں سے زندہ دفن کر دیتی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ اس وقت زلزلوں کی زد میں تھی۔۔۔۔۔ تھکے تھکے وجود کے ساتھ پلٹی تھی

۔۔۔۔۔۔۔۔

ارے نام نہیں بتایا آپ نے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ عورت کے پوچھنے پر کوئی جواب نہ دیتے ہوئے تیز تیز چلتی ہوئی گلی سے

باہر نکل آئی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور اب سمندر کے کنارے کھڑی ہوئی اپنے کئے پر ماتم کرتی ہوئی وہ بے آواز رو رہی تھی ۔۔۔۔۔۔ ندامت اور پچھتاوے کی آگ میں جلتی ہوئی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ بس روئے جارہی تھی ۔۔۔۔۔ اس نے والدین اور محبت میں سے محبت کو چنا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔ اور بے وقوف یہ بھول گئی تھی کہ ماں باپ جتنی محبت اسے اس دنیا میں کوئی نہیں دے سکتا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سراب کے پیچھے اندھا دھند بھاگی تھی مگر ہاتھ کیا آیا صرف خاک ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اپنے آشیانے کو آگ لگا کر خود بھی راکھ ہو گئی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔ غلاظت میں لت پت وجود سے اسے گھن آرہی تھی ۔۔۔۔۔ لیکن یہ غلاظت اس نے خود ہی تو ملی تھی اپنے وجود پر ۔۔۔۔۔ ماں سے جھوٹ بول کر ۔۔۔۔۔۔۔ اپنے والد کی عزت کو نیلام کرکے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پھر تقدیر سے شکوہ کیسا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اپنی تقدیر پر تو کالی سیاہی اسی نے تو پھیری تھی

۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جذبات میں آکر اور خود غرض بن کر اس نے صرف اپنے بارے میں سوچا تھا ۔۔۔۔۔۔۔ اور ایک لمحے کو بھی والدین کا خیال دل میں نہ آیا تھا کہ ان پر کیا بیتے گی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اگر وہ غلط انسان نہ نکلتا تو کیا وہ پلٹ کر اپنے والدین کا حال پوچھتی یا جاننے کی کوشش کرتی نہیں کبھی نہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ایسے لوگوں کا ایسا ہی انجام ہونا چاہئے ۔۔۔۔ جو اپنی ذات کے علاوہ کسی کی فکر نہیں کرتے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور منہ زور خواہشوں پر بند نہیں باندھتے انہیں کھلا چھوڑ دیتے ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ آخر کار پچھتاوے اور ندامت کے سوا ان کے پاس کچھ نہیں بچتا ۔۔۔۔۔۔۔۔ بس اللہ

کی طرف سے سزا کے حقدار ہو جاتے ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور اللہ کی گرفت بہت سخت ہوتی ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور وہ بھی اس پاک ذات کی سخت گرفت میں آچکی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ روتی رہی اور بس مقدر میں یہی تو رہ گیا تھا اب اسکے ۔۔۔۔۔۔۔ مکافات عمل کی تو شروعات تھی اور تنہا پر خار طویل زندگی کی ابتدا

-----------------------

ختم شد

# مشکل راستے قسط ۵

ڈائیری میرے ہاتھ میں تھی ۔۔۔۔۔۔ اور اماں بی نے آگے کچھ نہیں لکھا تھا۔۔۔ باقی صفحے خالی تھے۔۔۔۔۔۔

کیوں اماں بی آپ نے ایسا کیوں کیا۔۔۔۔ آ۔۔۔۔۔آپ مجھے۔۔۔۔ کاش مجھے یہ حقیقت نہ بتائی ہوتی ۔۔۔۔۔۔ آہ ۔۔۔۔ کک مم میں آپکی بیٹی نہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔ بابا جانی کی بیٹی نہیں ۔۔۔۔ کاش آپ واپس آجائیں اور کہہ دیں کہ یہ سب جھوٹ ہے ۔۔۔۔۔ یہ ۔۔۔ یہ سب آپ نے نہیں لکھا ہے۔۔۔۔۔۔

میں وہ ڈائیری پڑھتی گئی اور ایک نا معلوم سا دکھ میرے اندر اترتا چلا گیا۔۔۔۔ مجھے اس حقیقت کو جان کر جو تکلیف ہوئی تھی ۔۔۔۔۔۔ جو کرب اور اذیت سے میں گزر رہی تھی وہ میرا دل ہی جانتا ہے۔۔۔۔۔ جنہیں آپ پوری زندگی اپنا سمجھتے رہے ہوں اور اچانک پتہ چلتا ہے کہ ان سے آپ کا کوئی تعلق ہی نہیں ہے۔۔۔ تو آپ کے محسوسات کیا ہونگے ۔۔۔۔ میرے تو پیروں کے نیچے سے جیسے زمین ہی سرک گئی تھی ۔۔۔۔۔ میرا وجود ایک سوالیا نشان کی طرح لگ رہا تھا مجھے ۔۔۔ سارے رشتے چھن گئے تھے ایک ہی پل میں ۔۔۔۔۔۔ اس سمے جیسے کسی نے مجھے جلتی دھوپ میں لا کھڑا کیا ہو۔۔۔۔۔۔ میں لے پالک تھی یہی بہت تکلیف دہ بات

تھی میرے لئے ۔۔۔۔ ایک آگ تھی جو مجھے جلا رہی تھی اور اس آگ میں شاید سب جل کر خاک ہونے والا تھا۔۔۔۔۔ میں بے آواز رو رہی تھی ۔۔ آنسو تھمنے کا نام نہیں لے رہے تھے۔۔۔۔۔۔ اور اس وقت میری پیاری اماں بی میرے پاس نہیں تھیں ۔۔۔۔۔ جو میرے آنسو پونچھتیں ۔۔۔ مجھے سینے سے لگا لے تیں ۔۔۔۔ لیکن وہ کہیں نہیں تھیں ۔۔۔۔ شائد وہ جانتی تھیں اس لئے اپنی موت کے بعد ہی مجھے خبر ہونے دی ۔۔۔۔ میں روتے روتے ہی سو گئی تھی ۔۔۔۔ پتہ نہیں کیسے آنکھ لگ گئی ۔۔۔۔۔۔

اٹھو بیٹی ۔۔۔۔۔ فجر کی نماز کا وقت ہو گیا ہے ۔۔۔۔۔۔ وضو کر لو ۔۔۔۔۔۔
کوئی پیار سے میرے سر پر ہاتھ پھیرتے ہوئے بولا ۔۔۔۔۔۔ میں نے اس آواز پر ایک دم آنکھیں کھول دیں ۔۔۔۔۔ تو میرے نزدیک ایک نہایت نورانی شکل کے بزرگ کھڑے ہوئے تھے ۔۔۔۔۔۔ عربوں جیسا لباس زیب تن کئے ہوئے ۔۔۔۔۔۔ سفید براق داڑھی اور چہرے پر اتنا نور کہ میں زیادہ دیر انکی طرف دیکھ نہ پائی ۔۔۔۔۔ میں جو روکنگ چیئر پر ہی بیٹھے بیٹھے سو گئی تھی فوراً اٹھ بیٹھی ۔۔۔۔۔۔۔

آ آ آپ کک کون ہیں اور اندر کیسے آئے ۔۔۔۔۔۔۔

میں تو ہمیشہ سے ہی یہاں رہتا ہوں ۔۔۔۔ البتہ آپ سے پہلی بار بات ہو رہی ہے

۔۔۔۔۔۔۔

میرے پوچھنے پر وہ بولے ۔۔۔۔۔۔۔۔

لیکن اقف ۔۔۔۔ یہ سب کیا ہے ۔۔۔۔۔ میرے مالک۔۔۔۔

میں سر پکڑ کر پھر سے روکنگ چیئر پر بیٹھ گئ ۔۔۔۔۔

پریشان مت ہو بیٹی ۔۔۔۔۔ اللہ نے چاہا تو تم پر سب کچھ واضح ہو جائے گا۔۔۔۔۔

وہ سمجھانے والے انداز میں مجھ سے کہنے لگے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

حیرت کی بات یہ تھی کہ مجھے ان سے خوف محسوس نہیں ہو رہا تھا۔۔۔۔ میں صرف حیران تھی ۔۔۔۔۔ جو کچھ اماں بی کی ڈائری سے مجھے پتہ چلا تھا وہ بھی کم

حیران کن نہ تھا۔۔۔۔۔۔ اور اب یہ بزرگ ایک کے بعد ایک عجیب واقعات کا تسلسل لگتا تھا شروع ہو چکا تھا۔۔۔۔ اور شائد یہ ابتدا تھی۔۔۔۔۔۔

پہلے وضو کر لو۔۔۔۔۔۔ نماز کے بعد آپ سے تفصیل سے بات ہو گی۔۔۔۔۔۔۔۔

پتہ نہیں کیوں میں انکے کہنے پر لائبریری سے باہر نکل آئی۔۔۔۔ پھر اپنے اور سنئیہ کے مشترکہ کمرے میں داخل ہوئی تو سنئیہ کو گہری نیند سوتے ہوئے پایا۔۔۔ میں چپ چاپ واش روم میں جا کر وضو کرنے لگی۔۔۔۔

پھر وضو کر کے اس چھوٹے سے کمرے میں چلی آئی جو بابا جانی نے خاص تور پر نماز کے لئے بنوایا تھا۔۔۔۔ جب اندر داخل ہوئی تو ان بزرگ کو نماز پڑھتے ہوئے پایا۔۔۔۔ وہ اس وقت رکوع کی حالت میں تھے۔۔۔۔۔ میں بھی جانماز بچھا کر ان کے پیچھے ہی نماز کے لئے کھڑی ہو گئی۔۔۔۔۔۔ نماز میں مجھے اتنا سکون مل رہا تھا وہ ایک نمازی ہی جان سکتا ہے۔۔۔۔۔۔ میں سب کچھ بھلا کر اپنے رب کی حمد و ثنا واصلا میں اپنا یہ تازہ غم بھلا بیٹھی۔۔۔۔۔۔ نماز سے فراغت کے بعد دعا مانگنے لگی تو آنکھوں میں ڈھیر سا پانی پھر سے در آیا۔۔۔۔

یارب ۔۔۔۔ بے شک اماں بی اور بابا جانی میرے والدین نہیں تھے ۔۔۔۔۔ لیکن انہوں نے مجھے اپنی سگی اولاد سے بڑھ کر چاہا ہے ۔۔۔ بے شک میں ان کا خون نہیں لیکن میں ان کی بیٹی ہی ہوں ۔۔۔۔۔ اور میرے نام کے ساتھ ہمیشہ بابا جانی کا ہی نام آئے گا کسی اور کا نہیئں ۔۔۔۔ یا اللہ ان کی مغفرت فرما اور ان کے درجات بلند کر ۔۔۔۔

میں روتے ہوئے دعا مانگتی رہی ۔۔۔۔۔ دعا کے بعد جانماز تہہ کر کے کپ بورڈ میں رکھی اور ان کے سامنے آ کر بیٹھ گئی۔۔۔۔۔ وہ انگلیوں کی پوروں پر کچھ پڑھ رہے تھے ۔۔۔۔ میں خاموش بیٹھی ہوئی تھی ۔۔۔۔۔ ان سے کچھ پوچھنے کی ہمت اپنے اندر جٹا نہیں پا رہی تھی ۔۔۔۔۔۔

میں جانتا ہوں بیٹی تم مجھ سے کیا پوچھنا چاہتی ہو ۔۔۔۔۔

وہ پڑھتے پڑھتے اچانک میری طرف دیکھ کر بولے تھے ۔۔۔۔۔ پر میں خاموش نظروں سے انہیں دیکھے گئی۔۔۔ انگنت سوال تھے جو مجھے ان سے اور اپنی نام نہاد ماں سے پوچھنے تھے ۔۔۔۔ میرے دل میں اس عورت کے لئے جو میری حقیقی ماں تھی نہ ہی محبت تھی اور نہ ہی نفرت ۔۔۔۔

اپنے دل میں بد گمانی کو پیدا ہونے مت دو عائیشہ ۔۔۔۔ اس وقت تک کوئی بد گمانی ٹھیک نہیں جب تک اصل حقیقت کا تمہیں علم نہیں ہو جاتا ۔۔۔۔

میں چونک کر انہیں دیکھنے لگی ۔۔۔۔۔ وہ میری موجودہ کیفیت کو بالکل ٹھیک سمجھ رہے تھے ۔۔۔۔ کوئی بھی نارمل انسان کو اس طرح کے حالات سے واسطہ پڑے تو شائد اسکا میری طرح ہی ردِ عمل ہو گا ۔۔۔ جیسا میں اپنے اندر محسوس کر رہی تھی ۔۔۔۔۔

کیا آپ مجھے بتانا پسند کرینگے کے ایسی کیا مجبوری اس عورت کو در پیش تھی جس کی وجہ سے اس نے مجھے کسی اور کے حوالے کر دیا تھا ۔۔۔۔

میں نے تپے لہجے میں ان سے سوال کیا ۔۔۔۔۔

بیٹا کوئی ماں اپنی اولاد کو کسی غیر کے حوالے کرتے ہوئے سو بار سوچتی ضرور ہے ۔۔۔۔۔۔ اور تمہاری ماں بھی تمہاری بہتری ہی کی خاطر ایسا فیصلہ کرنے پر مجبور ہو گئ تھیں ۔۔۔۔۔۔

وہ کہتے ہوئے ایک دم میری طرف غور سے دیکھنے لگے ۔۔۔۔ پھر گویا ہوئے ۔۔۔۔۔۔
تم جاننا چاہتی ہو کہ کیوں زاکرہ کے حوالے فاطمہ بی بی نے تمہیں کیا تھا ۔۔۔۔۔ تمہاری جان کو خطرہ تھا بیٹا ۔۔۔۔۔

ایسا کیا خطرہ لاحق تھا میری جان کو جو انہوں نے یہ فیصلہ کیا ۔۔۔۔۔ اور اگر کر بھی لیا تھا تو اب بتا کر ۔۔۔۔ میرے پیروں کے نیچے سے زمیں کیوں کھینچ لی آپ لوگوں نے ۔۔۔۔۔

میں نے جرح کی ۔۔۔۔ تو مسکراتے ہوئے میری طرف دیکھنے لگے اور گویا ہوئے ۔۔۔۔۔۔۔

بیٹی اس کے لئے تمہیں اپنی ماں کی کہانی کو جاننا پڑیگا ۔۔۔۔۔۔۔ تمہاری ماں کوئی معمولی عورت نہیں ہے اور نہ ہی تمہارے والد کوئی عام اور معمولی انسان تھے ۔۔۔۔۔۔۔

××××××××××××××

باقی آئندہ۔۔۔۔۔

## مشکل راستے ایک تعارف

اسلامُ علیکم ، مشکل راستے کی ۱۷ قسطیں آپ رومن اردو میں پڑھ ہی چکے ہیں ۔۔۔۔۔
لیکن اب ہم نے اسے دوبارہ اردو میں لکھنا شروع کیا ہے تاکہ وہ حضرات اور خواتین
بھی پڑھ سکیں جنہیں ہماری امی کی طرح رومن اردو پڑھنی مشکل لگتی ہے ۔۔۔۔۔
جناب جیساکے آپ لوگ جانتے ہی ہیں کے کہانی کا اصل کردار کون ہے ۔۔۔۔۔ اور
باقی تمام کردار اسی ایک کردار سے جڑے ہوئے ہیں ۔۔۔۔۔ اس میں کچھ مافوق
الفطرت واقعات بھی آپ پڑھ چکے ہیں ۔۔۔ لیکن یہ افسانے کا اصل موضوع نہیں ہے
۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اسی طرح عشق اور عاشقی بھی اس کا اصل موضوع نہیں۔۔۔۔۔۔
دراصل یہ کہانی جرات اور ہمت ۔۔۔۔۔ صبر اور توکل اور استقامت کی کہانی ہے
۔۔۔۔۔ ایک ایسی لڑکی کی کہانی ہے جو ایکراز کے کھل جانے پر مشکلات میں گھر جاتی ہے
۔۔۔۔۔۔ اسی کے عزم اور ہر حال میں ثابت قدم رہنے کی کہانی ہے
۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ یہ میرا اولین خواب ہے کے میں اسے پورا کروں ۔۔۔۔۔۔۔ آٹھ
سال پہلے لکھنا شروع کیا تھا لیکن جس ویب سائیٹ پر لکھنا شروع کیا وہ ہی ختم ہو گئی
۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ لیکن شکر ہے کے ہمیں ہماری ویب کی شکل میں ایک بڑا پلیٹ فورم
مل گیا ۔۔۔ جہاں ہمیں اپنی تخلیقی صلاحیتوں کو جانچنے اور پرکھنے کا موقع ملا ہے

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔امید کرتی ہوں کہ یہ کہانی آپ سب کو پسند آئیگی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

شکریہ

## مشکل راستے قسط ٦

تمہارے والد کا نام محمد صلاح الدین بلوچ تھا۔۔۔۔ وہ ایک نہایت عبادت گزار بلوچی سردار کی اکلوتی اولاد تھے ۔۔۔ اپنے والد ہی کی طرح نیک اور سلجھے ہوئے انسان تھے ۔۔۔ مگر جس طرح بلوچی قبائل میں دشمنی کا رواج عام ہے اسی طرح تمہارے دادا کے بھی کئی جانی دشمن تھے ۔۔۔۔۔۔ جب صلاح الدین کے چاچا اور ان کے دو بیٹے دشمن کی گولی کا نشانہ بنے تب شاہ جی محمد عمار بلوچ کو اپنے اکلوتے بیٹے کی فکر لاحق ہوئی ۔۔۔۔ اور انہوں نے صلاح الدین کو کراچی میں اپنے ایک بچپن کے دوست کے پاس بھیج دیا ۔۔۔۔۔ جمال شاہ ایک نہایت نفیس انسان تھے ۔۔۔۔ ان کا ڈیفنس میں کئی ایکڑ پر پھیلا محل نما بنگلہ تھا۔۔۔۔ لیکن صلاح الدین کو وہ بنگلہ اور اس میں رہنے والے نفوس کافی پر سرار لگے ۔۔۔۔۔ جمال شاہ کے علاوہ باقی سب ملازم رہتے تھے وہاں۔۔۔ جو کل ملا کے صرف چار تھے ۔۔۔۔ جمال شاہ کی بیگم کا انتقال ہوچکا تھا یہ بات شاہ جی نے صلاح الدین کو کراچی بجھوانے سے پہلے ہی بتا دی تھی ۔۔۔۔

بیٹا وہ بہت بااصول آدمی ہے ۔۔۔۔۔۔ تمہیں وہاں اس کے مطابق خود کو ڈھالنا ہوگا ۔۔۔۔۔۔۔

شاہ جی بیٹے کو سمجھاتے ہوئے بولے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔ اور صلاح الدین جو اس وقت صرف دس سال ہی کا تھا سر جھکا کر باپ سے وعدہ بھی کر لیا۔۔۔۔۔۔۔ اور اب جیسا جمال شاہ کہتے ویسا ہی کرتا ۔۔۔۔ رات عشاء کی نماز کے ساتھ ہی لائیٹس بند کر دی جاتیں ۔۔۔ اور پورے بنگلے کے اندر خاموشی چھا جاتی ۔۔۔ جمال شاہ نے اسے سختی سے تاکید کر دی تھی کہ ساڑھے نو بجے کے بعد وہ کمرے سے نہ نکلے ۔۔۔۔۔ اور عشاء کی نماز پڑھتے ہی سو جایا کرے ۔۔۔۔ اور وہ جمال شاہ کی ہر بات پر سر جھکا دیتا ۔۔۔۔ اور ویسا ہی کرتا جیسا وہ چاہتے تھے ۔۔۔۔۔۔ جمال شاہ اس کی اچھی عادتوں کی وجہ سے اسے بہت چاہنے لگے تھے ۔۔۔۔ ایک اچھے کیمبرج اسکول میں اس کا داخلہ بھی کروا دیا تھا ۔۔۔۔۔ مگر شاہ جی کے کہنے پر شاہ جی کے نام کی جگہ اپنا نام لکھوا دیا ۔۔۔ اور یہ سب اسے دشمنوں سے بچانے کے لئے کیا گیا تھا ۔۔۔۔ تاکہ وہ ان کے شر سے محفوظ رہ سکے ۔۔۔۔۔

xxxxxxxxx xxxxx

ابھی اسے جمال وِلا آئے ہوئے چھ مہینے ہی ہوئے تھے کہ ایک دن جب وہ اسکول سے واپس آیا تو پورچ میں شاہ جی کی سیاہ ہونڈا اکورڈ کو کھڑے پایا۔۔۔۔۔۔۔ وہ تیزی سے Red Chevrolet Corvett کی فرنٹ سیٹ کا دروازہ کھول کر باہر نکل آیا

۔۔۔۔۔ اور تیزی سے اندر کی جانب بڑھ گیا۔۔۔۔۔ لمبی راہ داری سے گزرتا ہوا ہال نما لاؤنج میں پہنچا تو شاہ جی جمال شاہ کے ساتھ لیدر کے براؤن رنگ کے آرام دہ صوفے پر بیٹھے ہوئے تھے۔۔۔۔۔ وہ بیتابی سے دوڑتا ہوا ان سے لپٹ گیا۔۔۔۔۔۔

شاہ بابا۔۔۔۔ اماں جانی اور دادو I Really Missing You اسلامُ علیکم۔۔۔۔۔۔۔ کو ساتھ نہیں لائے آپ۔۔۔۔۔

وہ بیتابی سے پوچھنے لگا۔۔۔۔۔۔

وعلیکم اسلام میرے بچے۔۔۔۔۔۔ تیرے بغیر ہم بھی کون سا خوش ہیں۔۔۔۔۔ لیکن تو ہماری مجبوری جانتا ہے نا۔۔۔۔۔۔ زلیخا کو اگلی دفع ساتھ لاؤنگا۔۔۔۔۔۔ ابھی تو کام کے سلسلے میں آیا ہوں۔۔۔۔

شاہ جی اس کی فراق پیشانی پر بوسہ دیتے ہوئے بولے۔۔۔۔۔۔

صلاح الدین بیٹے پہلے فریش ہو جاؤ پھر شاہ جی سے باتیں کرنا۔۔۔۔۔۔

جمال کی بات پر وہ مؤدب انداز میں سر ہلاتا ہوا اپنے کمرے کی طرف بڑھ گیا۔۔۔۔

حالات جب صحیح نہیں ہیں شاہ تو تم بھابی کو لے کر یہاں کیوں نہیں آ جاتے۔۔۔۔

اس کے جانے کے بعد جمال شاہ جی سے فکرمند لہجے میں بولے تھے۔۔۔۔۔۔۔

نہیں جمال اس طرح تو دشمن کو پتہ چل جائے گا کہ صلاح الدین تمہارے پاس ہے

۔۔۔۔۔۔ اور پھر میں ان کے ڈر سے اپنی جدی پشتی زمینیں چھوڑ دوں۔۔۔۔۔

ارے جان سے بڑھ کر تو نہیں ہیں نا شاہ یہ زمینیں۔۔۔۔۔۔ مجھے دیکھو میں سب کچھ

چھوڑ کر کراچی آ گیا تھا۔۔۔۔ ایک ڈھیلا نہیں تھا جیب میں۔۔۔۔ محنت مزدوری کی

۔۔۔۔ فٹ پاتھ پر سویا لیکن پھر اپنے بلبلوتے پر یہ امپائر کھڑا کر لیا۔۔۔۔۔ تو بھی سب

چھوڑ اور یہاں آ جا تیرا یہ دوست ہر قدم پر تیرا ساتھ دیگا۔۔۔۔۔۔۔

اوئے یارا یہ بات نہیں ہے۔۔۔ ہماری دشمنی زمینوں کی وجہ سے نہیں ہے تو جانتا ہے نا

پھر بھی یہ بات کر رہا ہے۔۔۔۔۔ میں دنیا کے کسی کونے میں ہی

کیوں نا چلے جاؤں ۔۔۔۔۔ وہ میری بو سونگتے ہوئے وہاں بھی پہنچ جائنگے ۔۔۔۔۔ اس لئے میں نے صلاح الدین کو تیرے پاس بھیج دیا اور وہاں یہ بات پھیلا دی ہے کہ صلاح الدین ہیضے کی لپیٹ میں آگیا تھا اور اسی مرض کی وجہ سے وہ فوت ہوگیا ۔۔۔۔۔۔۔ اس طرح کم از کم میرا بیٹا تو ان کے شر سے محفوظ رہے گا نا۔۔۔

وہ جمال شاہ کی بات پر روتے ہوئے انہیں بتانے لگے ۔۔۔۔

زندگی اور موت تو اللہ کے ہاتھ میں ہے شاہ ۔۔۔۔۔ مگر جانتا ہوں تیری مجبوری بھی بڑی ہے ۔۔۔۔۔۔ اور ویسے تو بے فکر رہ ۔۔۔۔۔۔ صلاح الدین کو کچھ نہیں ہوگا انشاللہ ۔۔۔۔۔۔۔ وہ میرا بیٹا ہے آج سے ۔۔۔۔۔۔ جیسے ہی حالات صحیح ہوں تب لیجانا اسے ۔۔۔۔۔۔

وہ دوست کی پشت تھپ تھپاتے ہوئے بولے تھے ۔۔۔۔۔۔۔

صلاح الدین تجھے تنگ تو نہیں کرتا ۔۔۔۔۔۔

ارے نہیں یار بہت ہی سعادت مند بچہ ہے ۔۔۔۔۔ تجھ پر تو بالکل نہیں گیا ہے ۔۔۔۔۔۔

وہ ہنستے ہوئے بولے تو شاہ جی بھی مسکرانے لگے ۔۔۔۔۔۔۔

××××××××××××××××

کھانا خوشگوار ماحول میں کھایا گیا ۔۔۔۔ صلاح الدیں کا دل اپنے باپ کے پاس سے ہٹنے کو بالکل بھی نہیں چاہ رہا تھا ۔۔۔۔۔ اماں جانی نے صلاح الدیں کی پسندیدہ سوئیٹ ڈش انڈے کا حلوہ بھیجا تھا ۔۔۔۔۔ اور دادو نے ہاتھ سے کڑھائی کیا ہوا کرتا بھیجا تھا جو اس نے اسی وقت پہن بھی لیا تھا ۔۔۔۔ جمال شاہ دونوں باپ بیٹے کو اکیلے ساتھ بیٹھے کا پورا موقع دے رہے تھے ۔۔۔۔ اس وقت بھی شاہ جی صلاح الدین کے ساتھ اس کے کمرے میں بیٹھے اس کی چھوٹی چھوٹی معصوم خواہشات اور ان کے بغیر گزارے دنوں کا حال سن رہے تھے ۔۔۔۔

شاہ بابا ایک بات کہوں ۔۔۔۔۔

ہاں بولو بیٹا ۔۔۔۔۔

صلاح الدین کے پوچھے پر وہ اسے مسکراتے ہوئے دیکھنے لگے ۔۔۔۔۔۔۔

شاہ بابا جمال انکل بہت اچھے ہیں ۔۔۔۔۔ مگر رات کے ساڑھے نو بجے کے بعد وہ مجھے کمرے سے باہر نکلنے سے منع کرتے ہیں ۔۔۔۔۔ بعض دفعہ رات میں میری آنکھ کھلنے پر مجھے آوازیں بھی سنائی دیتی ہیں ۔۔۔۔۔ جیسے کوئی بڑی دعوت ہو رہی ہو ۔۔۔۔۔ لیکن پھر مجھے ایسا لگتا ہے جیسے کوئی میرا سر سہلا رہا ہے اور نہ چاہتے ہوئے بھی میں پھر سے سو جاتا ہوں ۔۔۔۔۔۔ ایسا کیوں ہوتا ہے میرے ساتھ شاہ بابا ۔۔۔۔۔

یہ تمہارا وہم ہے صلاح الدین اور کچھ نہیں ۔۔۔۔ جمال شاہ جلدی سونے کا عادی ہے ۔۔۔اس لئے وہ تمہیں جلدی سونے کی عادت ڈالنا چاہتا ہے ۔۔۔۔۔ اب تم اسکے بیٹے ہو ۔۔۔۔جو وہ کہے اس پر عمل کرو ۔۔۔۔ اسے کبھی ناراض نہیں کرنا بیٹے ۔۔۔۔

جی شاہ بابا ۔۔۔۔۔

شاہ جی کے سمجھانے پر سعادت مندی سے سر جھکا کر رہ گیا ۔۔۔۔۔ شاہ جی نے اس کی بات کو اس کے وہم سے زیادہ اہمیت نہیں دی ۔۔۔۔۔ لیکن وہ جانتا تھا کہ یہ اس کا وہم نہیں ہے ۔۔۔۔ مگر باپ سے جرح کرنا اسے پسند نہیں تھا ۔۔۔ ویسے

بھی وہ بڑا فرمابردار اور اچھا بچہ تھا۔۔۔۔۔

××××××××××××××××

شاہ جی ایک رات رہ کر واپس چلے گئے ۔۔۔۔۔۔ جس دن وہ گئے اس رات وہ اپنے کمرے میں اوندھے منہ لیٹے بہت رویا تھا۔۔۔۔۔ اور روتے روتے پھر سو بھی گیا ۔۔۔۔۔۔ تقریباً رات کے تین بجے اس کی آنکھ کھل گئی ۔۔۔ پانی کی شدید طلب محسوس کرکے کمرے کی داہنی طرف رکھے اس چھوٹے سے فرج کی جانب بڑھ گیا۔۔۔۔ فرج سے ٹھنڈے پانی کی بوتل نکال کر گلاس میں ڈالنے ہی لگا تھا کہ اچانک ایک چھوٹی سی بچی کی ہنسی کی آواز پر چونک اٹھا۔۔۔۔۔۔۔ لیکن اپنا وہم سمجھ کر سر جھٹکتا ہوا پانی پینے لگا تھا کہ ایک دم کمرے کا دروازہ پورا کھل گیا۔۔۔۔

دروازہ تو لاکڈ تھا اچانک کھل کیسے گیا؟

وہ حیرت سے کھلے دروازے کو دیکھنے لگا۔۔۔۔۔۔ پھر تجسس کے ہاتھوں مجبور ہو کر چھوٹے چھوٹے قدم اٹھاتا ہوا کمرے کے دروازے کے پاس پہنچ کر باہر جھانکنے

لگا۔۔۔۔۔۔ باہر گھپ اندھیرا تھا۔۔۔۔۔ اس کا کمرا فرسٹ فلور پر تھا۔۔۔۔۔۔۔ اس
کے علاوہ چار کمرے اور تھے۔۔۔۔۔۔ یہ بنگلہ گولائی میں بنا ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔
ماربل کا خوبصورت ٹھنڈا فرش اور دیواروں میں بھی سفید ماربل استعمال کیا گیا تھا
۔۔۔۔۔۔ ستون بھی سفید ماربل سے بنے تھے جن پر خوبصورت کارونگ بنگلے کی جاذبیت
کو بڑھا رہی تھی۔۔۔۔۔۔ اونچی چھت مغلائی دور کی چھتوں جیسی تھی۔۔۔۔۔۔۔
کمرے کشادہ اور گولائی میں ہی بنے ہوئے تھے۔۔۔۔ یہ محل نما بنگلہ آرکیٹیکچر ڈیزائن کا
اعلیٰ شاہکار تھا۔۔۔۔۔ وہ جھجکتا ہوا باہر نکل آیا اور لائٹ آن کر دی۔۔۔۔۔۔ گول
راہداری روشن ہو گئی۔۔۔۔ وہ چاروں طرف دیکھنے لگا لیکن کوئی نظر نہ آیا۔۔۔۔ ابھی
وہ سوئچ بورڈ کی طرف قدم بڑھا کر لائٹ بند کرنے ہی والا تھا کہ ہنسنے کی آواز پھر سنائی
دی۔۔۔۔ اور یہ آواز اوپر بنی دوسری منزل سے آرہی تھی۔۔۔۔۔ جہاں جانے سے
جمال شاہ نے اسے سختی سے منع کیا ہوا تھا۔۔۔۔۔۔

×××××××××××××××××

باقی آئندہ۔۔۔۔

# مشکل راستے قسط ۷

کیا مجھے اوپر جا کر دیکھنا چاہئے ۔۔۔۔ نہیں جمال انکل ناراض ہو جا ئینگے ۔۔۔۔۔۔
وہ خود سے سوال کرتا ہوا زینے کے پاس کھڑا تھا ۔۔۔۔۔۔ پھر معلوم نہیں کیا ہوا کہ
قدم خود بخود زینے کی سیڑھیوں پر پڑتے گئے ۔۔اور وہ سانپ کی طرح بل کھاتی ان
زگ زیگ سیڑھیوں پر چڑھتا چلا گیا ۔۔۔۔۔۔ سیڑھیوں کے اختتام پر اس کے قدم
وہیں پر جم کر رہ گئے ۔۔۔۔ یہ پورشن گراؤنڈ فلور اور فرسٹ فلور سے بالکل مختلف تھا
۔۔۔۔۔۔ جہاں صرف دو کمرے آمنے سامنے بنے ہوئے تھے ۔۔۔۔۔۔ دروازے سنگ
مرمر سے بنے تھے ۔۔۔ جو چوڑائی اور لمبائی میں کافی سے زیادہ بڑے تھے ۔۔۔۔۔ جن
پر کارونگ سے پتوں اور پھولوں کا دلکش ڈیزائین بنا ہوا تھا ۔۔۔۔۔ اور چاندی اور قیمتی
پتھروں کا استعمال کیا گیا تھا ۔۔۔۔۔دونوں کمروں کے بیچ گولائی میں لاؤنج تھا جس کی
دیواریں بھی بہت اونچی اونچی تھیں ۔۔۔۔۔۔ ہال نما لاؤنج میں ایک ہی طرح کے چار
اونچے اونچے ستون تھے ۔۔۔۔۔۔ جن پر سونے کی دھات سے نقاشی کی گئی تھی
۔۔۔۔۔ نیچے کے پورشن بھی نہایت خوبصورت تھے لیکن اس پورشن کی بات ہی الگ
تھی ۔۔۔۔۔ لاؤنج میں کوئی فرنیچر نہیں تھا ۔۔۔۔ کھڑکیاں سفید نفیس اور خوبصورت
پردوں سے ڈھکی ہوئی تھیں ۔۔۔۔

جن پر سفید ریشمی دھاگے اور چاندی کے تاروں سے کڑھائی کی گئی تھی ۔۔۔۔۔ لاؤنج کے درمیان چھوٹا سا گولائی میں بنا حوض تھا ۔۔۔۔۔ جو اس پورش کی دلکشی کو مزید بڑھا رہا تھا ۔۔۔۔۔ چاندی کے قندیل نما لالٹین تھوڑے تھوڑے فاصلے پر رکھے ہوئے تھے ۔۔۔۔۔ جن سے ہال نما لاؤنج روشن تھا ۔۔۔۔ لیکن اس پورشن کی خوبصورتی نے اس کے قدم نہیں جکڑے تھے بلکہ حوض کے پاس بیٹھی وہ آٹھ نو سال کی انتہائی حسین بچی نے اس کے قدم جما دئے تھے ۔۔۔۔ وہ حیرت سے اسے دیکھ رہا تھا ۔۔۔۔ جو اس کی آمد سے بے خبر کسی نادیدہ وجود کے ساتھ کھیل رہی تھی ۔۔۔۔۔ کبھی ہنستی ، کبھی سر ہلاتی ہوئی اس کی طرف پشت کئے بیٹھی تھی ۔۔۔۔۔۔ وہ حیران کھڑا اسے تکے جا رہا تھا ۔۔۔۔۔ ایک دم وہ اپنی جگہ سے کھڑی ہوئی اور اس کی طرف پلٹی اور مسکراتی ہوئی چھوٹے چھوٹے قدم اٹھاتی اس کے نزدیک آ کر کھڑی ہو گئی ۔۔۔۔۔ ہونٹوں پر دلفریب مسکراہٹ ۔۔۔۔۔۔ اور چمکتی روشن بڑی بڑی بادامی سیاہ کالی آنکھیں جن میں نرمی اور اشتیاق کے رنگ نمایاں تھے ۔۔۔۔۔

آ ۔۔۔ آ آ آپ کھ کون ہیں ۔۔۔۔۔ اور یہاں کیا کر رہی ہیں ۔۔۔۔۔

وہ اٹکتے ہوئے اس بچی ے پوچھنے لگا ۔۔۔۔۔

واہ سلام تو کیا نہیں اور لگے ہمارا انٹرویو لینے ۔۔۔۔ ارے سلام تو کریں ۔۔۔۔۔ پھر بتا ئینگے کہ ہم کون ہیں ۔۔۔۔ بے بے کہتی ہیں ایک مسلمان جب دوسرے مسلمان سے ملے تو اسے پہلے سلام کرنا چاہیئے ۔۔۔۔۔ اس سے.برکت ہوتی ہے ۔۔۔۔ شیطان دور بھاگتا ہے ۔۔۔۔ چلیں ہم ہی پہل کرکے ثواب کما لیتے ہیں ۔۔۔۔ اسلامُ علیکم صلاح الدین ۔۔۔۔ آپ کیسے ہیں ۔۔۔۔۔۔ بہت خوشی ہوئی آپ کو یہاں دیکھ کر۔۔۔۔۔
وہ ایک ہی سانس میں اتنا کچھ بول گئی تھی اور وہ شرمندہ سا ہوگیا تھا اس کی بات سن کر ۔۔۔۔

ارے اب آپ سلام کا جواب تو دیں ۔۔۔۔۔۔

وا وعلیکم اسس سلام ۔۔۔۔۔ مم میں ٹھیک ہوں ۔۔۔۔۔۔

ہاں یہ بات ہوئی نا۔۔۔۔۔۔۔

وہ خوشی سے تالی مارتے ہوئے بولی۔۔۔۔۔۔

بے بے دیکھیں کون آیا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ پیچھے گردن موڑھ کر کسی کو دیکھنے لگی۔۔۔۔ وہ بھی اس کے پیچھے دیکھنے لگا۔۔۔ لیکن کوئی نظر نہیں آیا۔۔۔۔۔۔

لیکن یہاں کوئی نہیں ہے۔۔۔۔۔آپ کس سے بات کر رہی ہیں۔۔۔۔۔۔

بے بے سے اور کس سے۔۔۔۔۔ چلو آؤ تمہیں بے بے سے اپنی ملاتی ہوں۔۔۔۔۔ وہ تم سے مل کر بہت خوش ہونگی۔۔۔۔

وہ بے تکلفی سے اس کا ہاتھ پکڑتے ہوئے بولی۔۔۔۔۔۔ اور اس کا ہاتھ تھامے اسے حوض کے پاس لے آئی۔۔۔۔

بے بے دیکھیں یہ صلاح الدین ہے۔۔۔ وہی صلاح الدین جس کے بارے میں ابو جی نے بتایا تھا۔۔۔۔۔ کتنا بڑا لیکچر دیا تھا آپ کو اور مجھے۔۔۔۔۔ کہ سامنے نہیں آنا ۔۔۔۔۔۔۔ میرے دوست کا بیٹا آ رہا ہے۔۔۔۔۔

وہ ہنستے ہوئے سامنے کسی اندیکھے وجود سے بول رہی تھی۔۔۔۔۔۔ مگر صلاح

الدین کو وہاں اسکے اور اپنے علاوہ کوئی نظر نہیں آیا ۔۔۔۔۔ اسے حیرت ہو رہی تھی ۔۔۔۔۔۔۔ اور ڈر بھی لگ رہا تھا ۔۔۔۔ کیا میں خواب دیکھ رہا ہوں ۔۔۔۔۔ ہاں شائد یہ سب خواب ہی جیسا لگ رہا ہے ۔۔۔۔۔۔۔ اس نے ایک دم سے اپنی آنکھیں بند کرلیں ۔۔۔۔۔

اے بیٹا ! آنکھیں تو کھولو ۔۔۔۔۔ یہ آنکھیں کیوں بند کرلیں تم نے اپنی ۔۔۔۔۔۔۔

کسی عورت کی آواز سن کر اس نے پھٹ سے آنکھیں کھول دیں ۔۔۔۔۔۔۔

لگتا ہے بے بے کھڑے کھڑے سوتے ہیں جناب ۔۔۔۔۔۔

نہیں بی بی ایسے تو نہ کہو ۔۔۔۔ صاحب کے دوست کا بیٹا ہے ۔۔۔۔۔۔۔ بہت چاہنے لگے ہیں صاحب اسے ۔۔۔۔۔

وہ عورت پیار سے اسے منع کرتے ہوئے بولی ۔۔۔۔۔ سفید کاٹن کے نفیس کرتا شلوار میں ملبوس وہ عورت پینتیس یا چالیس سال کی عمر کی لگ رہی تھی ۔۔۔۔۔۔۔ وہ حیرت سے اسے دیکھ رہا تھا ۔۔۔۔۔ ابھی اپنے اور اس لڑکی کے علاوہ اسے

کوئی نظر نہیں آ رہا تھا۔۔۔۔اور اب وہ عورت اللہ جانے کہاں سے ٹپک پڑی تھی۔۔۔۔
پندرہ یا بیس سکنڈ ہی ہوئے اسے آنکھیں بند کئے۔۔۔۔۔اور چھلاوے کی طرح وہ عورت ان کے درمیان موجود تھی۔۔۔اور وہ اسی جگہ کھڑی تھی جہاں دیکھ کر وہ لڑکی اپنی بے بے کے نادیدہ وجود سے باتیں کر رہی تھی۔۔۔۔

××××××××××××××××××××

وہ اب واقعی ڈر گیا تھا۔۔۔۔۔اس کے جسم کے تمام روئیں کھڑے ہو گئے تھے۔۔۔۔۔۔
وہ لڑکی اور اس کی بے بے اسے کافی پر سرار لگ رہی تھیں۔۔۔۔۔۔اس کا پورا جسم خوف سے لرز رہا تھا۔۔۔۔۔

ڈرو مت صلاح الدین تم تو بہت بہادر لڑکے ہو۔۔۔۔۔۔پھر ڈر کیوں رہے ہو۔۔۔۔۔۔
کیا مجھ سے ڈر لگ رہا ہے۔۔۔۔۔

اس عورت کی بات پر وہ اقرار میں سر ہلانے لگا۔۔۔۔۔

اے لو ! بی بی کیا ہم بھوت پریت ہیں جو یہ ہم سے ڈر رہا ہے۔۔۔۔۔۔

انگلی اپنی ٹھوڑی پر رکھتے ہوئے وہ ناراض لہجے میں بولیں تو وہ لڑکی ہنس دی ۔۔۔۔۔۔

بے بے آپ بھی نہ کمال کرتی ہیں ۔۔۔۔۔ آہستہ آہستہ ھی ان کا ڈر ختم ہوگا نا

۔۔۔۔۔۔۔ دیکھیں آپ ہم سے ڈریئے مت ۔۔۔ ہم آپ سے دوستی کرنا چاہتے ہیں

آپ کو ڈرانا تھوڑی چاہتے ہیں ۔۔۔۔۔

وہ اس کی طرف دیکھ کر سمجھانے والے انداز میں بولی ۔۔۔۔۔۔۔

کیا آپ مجھ سے دوستی کروگے ۔۔۔۔۔۔ میرا کوئی دوست نہیں ہے ۔۔۔۔۔ ابو جی مجھے کسی سے بھی ملنے نہیں دیتے ۔۔۔۔ لیکن آپ سے دوستی کرنے سے منع نہیں کرینگے

۔۔۔۔۔۔ آپ کو تو وہ بہت چاہتے ہیں نا ۔۔۔۔۔۔

وہ معصومیت سے کہتی ہوئی اسے بہت پیاری سی گڑیا لگی ۔۔۔۔۔۔

آپ کک کے ابو کون ہیں ۔۔۔۔ کیا میں انہیں جانتا ہوں ؟ ۔۔۔۔۔۔۔۔

ارے آپ انہیں بہت اچھی طرح جانتے ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔ جمال شاہ نام ہے ان کا

-------

لڑکی بڑے فخریہ لہجے میں بولی تو وہ حیرت سے اسے دیکھنے لگا---------

مگر انکی تو کوئی بیٹا بیٹی نہیں ہے------- وہ تو اکیلے رہتے ہیں---------

وہ ایک دم حیرت سے بولا تو وہ لڑکی خاموش سی ہو گئی------

اللہ میری بی بی کو سلامت رکھے آمین-------- صاحب کی اکلوتی اولاد ہیں یہ------

اگر صاحب کسی کو نہیں بتاتے تو اس کی بھی بڑی وجہ ہے-------

بے بے آنسو اپنے دوپٹے سے پونچھتے ہوئے بولیں---

بے بے ابو جی نے منع کیا ہے نا کے کسی کو نہیں بتانا ہے تو اب آپ کیوں پرانی باتیں لے کر بیٹھ گئی ہیں------

وہ اداس لہجے میں بے بے سے بولی تو وہ حیرت سے ان دونوں کو دیکھنے لگا------

آپ جمال انکل کی بیٹی ہیں ۔۔۔۔۔۔

وہ حیرت سے بولا ہی تھا کہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

تم یہاں کیا کر رہے ہو ۔۔۔۔۔۔

جمال شاہ کی آواز پر وہ تینوں جو زینے کی طرف پشت کیئے کھڑے تھے ایک دم پلٹے تو سامنے جمال شاہ کو کھڑے پایا ۔۔۔۔۔۔ وہ اس وقت سخت غصے میں لگ رہے تھے

۔۔۔۔۔۔۔

ابو جی ۔۔۔۔۔۔

وہ بس اتنا ہی بول پائی ۔۔۔۔۔۔

مجھے تم سے یہ امید نہیں تھی صلاح الدین ۔۔۔۔۔۔ میرے منع کرنے کے باوجود تم یہاں آ گئے ۔۔۔۔۔۔

وہ سخت لہجے میں اس سے مخاطب تھے ۔۔۔۔ اور وہ چپ چاپ سر جھکائے کھڑا تھا
۔۔۔۔۔۔ ہزاروں سوال تھے جو وہ انسے کرنا چاہتا تھا۔۔۔ لیکن وہ سنے کے موڈ میں نہیں تھے ۔۔۔۔۔۔

ابو جی انکی غلطی نہیں ہے ۔۔۔۔ ہم نے انہیں یہاں آنے پر مجبور کییا تھا۔۔۔۔۔

وہ بولی تو وہ غصے سے اسے دیکھنے لگے ۔۔۔۔۔۔

میں نے تمہیں منع کیا تھا نا فاطمہ ۔۔۔۔۔۔ تمہیں کسی کے سامنے نہیں آنا ہے کسی سے بات نہیں کرنی ہے ۔۔۔۔۔ تم نے مجھے بہت Disappoint کیا ہے ۔۔۔۔۔۔

ابو جی میرے پیارے ابو جی ۔۔۔۔۔ یوں ناراض نہ ہوں آپ مجھ سے ۔۔۔۔ میں بہت بور ہو گئی تھی ۔۔۔۔۔ اس لئے ایسی غلطی کر بیٹھی ۔۔۔۔۔

ڈھیر سارا پانی آنکھوں میں لئے وہ باپ کے پاس کھڑی انہیں منانے کی کوشش کر رہی تھی ۔۔۔ اسے یوں روتا دیکھ کر جمال کے دل کو بھی کچھ ہونے لگا تھا

۔۔۔۔۔۔۔ لیکن وہ اس سے کچھ بولے نہیں ۔۔۔۔۔۔۔

صلاح الدین چلو ۔۔۔۔۔۔

وہ صلاح الدین کو کہتے ہوئے جانے کے لئے پلٹے ۔۔۔۔۔ تو وہ سر جھکا کر انکے پیچھے سیڑھیاں اترتا چلا گیا ۔۔۔۔

بی بی ہمیں صاحب کی اجازت کے بغیر صلاح الدین کو اوپر نہیں بلانا چاہیئے تھا ۔۔۔۔۔ پتا نہیں اب بیچارے کو کتنی ڈانٹ پڑے گی ۔۔۔۔۔۔

بے بے افسردہ لہجے میں بولیں تو وہ صرف اداس نظروں سے انہیں دیکھنے لگی ۔۔۔۔۔ لیکن کچھ بولی نہیں ۔۔۔۔۔

××××××××××××××××

باقی آئندہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

# مشکل راستے قسط ۸

وہ خاموش لیٹا چھت کو گھور رہا تھا نا جانے کیوں وہ لڑکی اور وہ پر سرار عورت بار بار ذہن کی سکرین پر نمودار ہو رہی تھیں ۔۔ جمال شاہ نے اس سے پھر کوئی بات نہیں کی تھی بس کمرے میں جانے کا کہہ دیا تھا اور بس ۔ وہ حیران بھی تھا اور تھوڑا فکر مند بھی ۔۔۔ نہیں جانتا تھا کے آگے کیا ہونے والا ہے ۔۔ اسی طرح آدھی رات بھی یونہی گزر گئی آذان کی اواز پر چونک اٹھا

کیا میں پوری رات جاگتا رہا ہوں ۔۔

وہ خود سے سوال کرتا ہوا اٹھ بیٹھا ۔ فجر کی نماز ادا کر کے وہ پھر سے اپنے بیڈ پر آ کر لیٹ گیا ۔۔ اتنی دیر تک جاگنے کی عادت نہیں تھی اسی لئے لیٹ تے ہی نیند نے آ گھیرا اب کی دفعہ آنکھ گیارہ بجے کے بعد کھلی ۔ وہ فجر کی آذان کے ساتھ ہی اٹھ جاتا تھا نماز سے فراغت کے بعد ہی فوراً ناشتہ ڈائینگ روم میں کھایا جاتا جمال شاہ بھی اس کے شاہ بابا جیسے ہی تھے فجر کے بعد سونے کی عادت نہ اس کے گھر میں کسی کو تھی اور نہ جمال شاہ فجر کے بعد سوتے تھے ۔ اس لئے اسے یہ روٹین عجیب نہیں لگا تھا مگر کل کے

واقعے کے بعد وہ پوری رات جاگا تھا۔۔۔ اور ادھر جمال شاہ نے بھی پوری رات یونہی جاگتے گزار دی تھی۔ صلاح الدین کو شدید بھوک لگنے لگی تھی۔۔ لیکن وہ نیچے جانے سے ہچکچا رہا تھا۔۔۔ جمال شاہ کا سامنا کرنے کی اس میں ہمت نہیں تھی۔۔۔ لیکن کب تک اپنے کمرے میں پڑا رہتا۔۔۔ ناچار ہمت کرکے سیڑھیاں اترنے لگا سب سے نچلی منزل پر ڈائیننگ روم تھا۔ وہ سیدھا اس کشادہ ڈائیننگ روم میں چلا آیا جہاں جمال شاہ کا خاص ملازم عباس موجود تھا

آجاؤ بیٹا ناشتہ کرلو

وہ چپ چاپ کرسی پر بیٹھ گیا۔۔

پریشان نہ ہو بیٹا۔۔۔ جو کچھ تم نے دیکھا ہے اسے خواب سمجھ کر بھول جاؤ۔ اگر اللہ نے چاہا تو حقیقت تم پر واضح ہوجائیگی۔

وہ گرم پراٹھا اس کی پلیٹ میں ڈالتے ہوئے بولا تو وہ حیرت سے اسے دیکھنے لگا۔۔۔

ایسے کیا دیکھ رہے ہو بیٹا۔ جو کچھ ہو رہا ہے اس پر پریشان نہ ہو۔۔ اور زیادہ سوچو مت ۔۔ ابھی تم بہت چھوٹے ہو۔

وہ اس کا کاندھا تھپ تھپاتے ہوئے بول رہا تھا۔ اور وہ چپ چاپ اسے دیکھے جا رہا تھا۔ اسے عباس بھی کچھ کم پر سرار شخصیت نہیں دکتا تھا بلکہ یوں کہنا بے جا نہ ہوگا کے اس محل کا ہر فرد ہی پر سرار لگتا تھا اسے۔

صلاح الدین بیٹا آپ کو صاحب لائبریری میں بلا رہے ہیں۔

دوسرے ملازم نے جب آ کر اسے جمال شاہ کا پیغام دیا تو اس وقت تک وہ ناشتہ کر چکا تھا ۔۔ ملازم سے پیغام سن کر فوراً باہر نکل گیا نچلی منزل پر ہی لائبریری تھی ۔۔ جو اس منزل کی عین وسط میں گولائی میں ہی ڈزائین کی گئی تھی کے دروازے پر پہنچ گیا۔۔ لکڑی کے بنے اس بڑے سے دروازے کے سامنے کھڑا وہ ابھی دستک دینے ہی لگا تھا کہ

اندر آ جاؤ صلاح الدین ۔۔

جمال شاہ کی اندر سے بھاری آواز گونجی تو وہ جھجکتا ہوا دروازہ کھول

کر اندر داخل ہو گیا۔ گولائی میں بنی اس لائبریری کے شیلف بھی گولائی میں بنے ہوئے تھے ۔۔۔ ٹیک کی لکڑی سے بنے اونچے اونچے یہ شیلوز اور ان میں سلیقے سے رکھی کتابیں جمال کی ادبی ذوق کا منہ بولتا ثبوت تھیں چھت پر لٹکتے انتہائی دلکش فانوس اور تھوڑے تھوڑے فاصلے پر ٹیک ہی کی بنی چار یا پانچ اسٹڈی ٹیبلز اور کرسیاں سفید ماربل سے بنا ٹھنڈا فرش ۔۔ اور وسط میں بنا چھوٹا سا فاؤنٹین ۔۔اور بیضوی کھڑکیاں ۔ نہایت ہی خوبصورت لائبریری تھی ۔ جمال شاہ اپنے مخصوص خوبصورت آرام دہ سوفے پر بیٹھے اسکی جانب ہی دیکھ رہے تھے ۔۔۔ وہ آہستہ چلتا ہوا انکے قریب آ کر مودٔب انداز میں کھڑا ہو گیا ۔۔

بیٹھ جاؤ صلاح الدین ۔۔

وہ اسے بیٹھنے کا اشارہ کرتے ہوئے بولے ۔ تو وہ انکے سامنے رکھے اسی ہم رنگ سوفے پر بیٹھ گیا ۔۔۔

تمہیں صرف اتنا کہنا چاہتا ہوں کہ جو کچھ کل تم نے دیکھا ہے اسے بھلا دو ۔۔ اور اس کا تذکرہ کسی سے باہر مت کرنا ۔۔۔ یہ تمہارے اور ہمارے حق میں بہتر نہ ہوگا ۔۔

وہ کچھ دیر تک چپ چاپ اسے دیکھتے رہے۔ پھر دھیمے لہجے میں اس سے بولے تھے۔۔۔

جی

میں نہیں چاہتا کے کسی اور کو اس کے متعلق کچھ بھی پتہ چلے۔۔ تم سمجھ رہے ہو نا میں کیا کہہ رہا ہوں۔۔

جی

ہممم۔۔ اب تم جا سکتے ہو۔

وہ اسے کہہ کر سگار سلگانے لگے تھے۔۔ اور وہ خاموشی سے لائبریری سے باہر نکل گیا۔

۔

وقت تیزی سے گزرتا گیا۔۔ دن مہینوں میں اور مہینے سالوں میں بدلتے گئے۔۔۔
صلاح الدین اب بیس سال کا ہوچکا تھا۔ نہایت وجیہ ۔۔۔ گندمی رنگت ۔۔۔بڑی بڑی روشن آنکھیں۔ اور فراق پیشانی۔۔ ذہین اور اور نرم گو۔ Ned University سے الیکٹریکل انجینئرنگ کر رہا تھا۔۔ اس دن جب یونیورسٹی سے واپس آیا تو شاہ بابا اور اماں جانی کو موجود پایا اماں جانی بہت کم ہی آتی تھیں اس سے ملنے وہ ماں کو دیکھتے ہی ان سے لپٹ گیا۔۔۔
چل بیٹا ہم تجھے لینے آئے ہیں

اماں جانی نے کہا تو وہ خوشی سے جھوم اٹھا۔۔ ان دس سالوں میں وہ اپنے گھر کبھی نہیں گیا تھا اور اب اچانک جانے کا سن کر خوش ہوگیا تھا۔۔۔
مگر شاہ بابا میری اسٹڈیز کا کیا ہوگا۔
دو ہفتے کے لئے جاؤگے.برخوردار۔۔۔ پھر واپس آجانا۔۔۔

جی انشااللہ

جمال شاہ کے کہنے پر وہ خوشی سے بولا تھا۔۔۔

شاہ جی بیٹے اور بیوی کو لے کر کوئٹہ آ گئے پوری حویلی رنگ و نور سے سجی ہوئی تھی ۔۔۔ دادو نے دیکھتے ہی بلائیں لینا شروع کر دیں ۔۔ بہر حال وہ دن صلاح الدین کے لئے ایک یادگار دن تھا۔ وہ اپنے والدین اور دادو کے پاس تھا وہ سب جن سے ملنے کے لئے وہ بیتاب تھا آج اس کے ساتھ تھے ۔۔۔ اس کے اپنے۔ رات وہ بڑے سکون سے سویا تھا۔۔

..................

صبح فجر کی آذان کے ساتھ ہی آنکھ کھل گئی۔ وہ اٹھ کر غسل خانے میں جا کر وضو کرنے لگا۔۔۔ وضو کے بعد کمرے سے باہر نکلا تو شاہ بابا کو اپنا منتظر پایا۔۔۔ وہ اسے قریب ہی کی مسجد لے گئے ۔۔ فرض نماز باجماعت ادا کر کے کچھ دیر وہ دونوں باپ بیٹا خاموش بیٹھے دعائیں مانگتے رہے۔۔۔

دعا سے فراغت کے بعد وہ کچھ دیر بیٹے کو بڑے پیار سے دیکھتے رہے۔

صلاح الدین میں تجھ سے ایک بات کہنا چاہتا ہوں ۔۔

جی شاہ بابا کہیے ۔۔۔

وہ ہم تن گوش ہوا ۔۔

میں تیرا نکاح کر رہا ہوں صلاح الدین ۔۔۔

وہ ایک دم سناٹے میں آگیا ۔۔۔

جیی لیکن شاہ بابا میری اسٹڈیز ۔۔

شادی کر رہا ہوں تیری اور شادی کے بعد پڑھائی ختم نہیں ہو جاتی اس کے بعد بھی جتنا دل چاہے پڑھتے رہنا ۔۔۔

شاہ جی بولے تو وہ خاموش ہوگیا ۔۔ ویسے بھی ان کے یہاں جلد شادی کا رواج تھا ۔۔۔ اس لئے چپ ہو رہا ۔۔۔ لیکن اتنی جلدی شادی ہو جاگئی یہ سوچا بھی نہ

تھا۔۔۔ وہ اکلوتا ایک ہی بیٹا تھا شاہ جی کا لیکن وہ شام جس دن اس کا نکاح تھا مختصر لوگ ہی نظر آرہے تھے ۔۔ جمال شاہ بھی پہنچ گئے تھے ۔۔ ان کی آنکھوں میں نا جانے کیوں آنسوں تھے وہ سمجھ نہ پایا نکاح کے پیپرز پر دستخط بھی بڑی بے دلی کئے تھے اسے خبر ہی نہ ہوئی کہ نکاح خواں نے کس کا نام لیا ہے۔۔۔ اور کس کی بیٹی اس کی منکوحہ زبردستی بنادی گئی ہے۔ وہ باپ کو خوش کرنا چاہتا تھا اس لئے کوئی سوال کئے بغیر خاموشی سے سر جھکا کر دستخط کر دئے تھے

.......................

اس کے کمرے کو بڑی خوبصورتی سے سجایا گیا تھا۔۔۔ گلاب اور موتئے سے سجا کمرا مہک رہا تھا۔۔ جب وہ اندر داخل ہوا تو بیڈ پر بیٹھے اس سرخی مائل کپڑوں میں لپٹے وجود نے اپنے آپ کو اور سمیٹ لیا تھا۔۔۔ وہ جھجکتا ہوا بیڈ کے قریب پہنچ کر رک گیا
اسلامُ علیکم ۔ دیکھئے آپ مجھے غلط مت سمجھئے گا میں کوئی رومینٹک شخص نہیں ہوں میں جانتا ہوں آپ کے کچھ خواب اور ارمانات ہونگے ۔ میرے بھی کچھ خواب ہیں جنھیں میں پورا کرنا چاہتا ہوں تعلیم سے بڑھ کر میرے نزدیک کسی اور چیز کی اہمیت نہیں ہے ۔۔۔ اس لئے شائد میں آپ کو وہ

توجہ نہ دے پاؤں جو ایک بیوی ہونے کی حیثیت سے آپ کا حق ہے ۔۔۔ اس کے لئے میں ابھی سے آپ سے معافی چاہتا ہوں ۔۔۔

وہ لہذا بھر کو رکا ۔ اور ایک نظر اس گھٹری نما وجود پر ڈالی ۔ پھر گویا ہوا ۔

میں نے یہ شادی اپنے والدین کی خوشی کی خاطر کی ہے ۔۔۔ ورنہ میں اس شادی کے فی الحال حق میں نہیں تھا ۔

جس طرح آپ نے والدین کے کہنے پر بے حالت مجبوری مجھ ناچیز سے نکاح کیا ہے اسی طرح میں نے بھی اپنے ابو جی کے کہنے پر یہ نکاح کیا ہے صلاح الدین ۔۔

وہ جو واش روم جانے کے لئے پلٹ گیا تھا اس خوبصورت آواز پر چونک کر پلٹ کر دیکھا تو وہ شاہانہ انداز میں سر اٹھائے اسے ہی دیکھ رہی تھی بڑی بڑی بادامی کالی سیاہ آنکھیں جن میں نمی تیر رہی تھی ۔۔ وہ اتنی حسین تھی کہ تھوڑی دیر کے لئے وہ بس اسے دیکھتا ہی رہا ۔ کچھ بول نہ پایا ۔۔۔ اچانک ذہن کی اسکرین پر اس چھوٹی سی بچی کا سراپا لہرایا تو وہ چونک اٹھا جس بچی کو وہ آج تک بھلا نہ پایا تھا وہ وہی تھی جمال شاہ کی بیٹی فاطمہ

# مشکل راستے قسط ۹

وہ حیرت سے اسے دیکھ رہا تھا۔۔۔ یقین نہیں آ رہا تھا کے وہ بچی جو صرف ایک دفعہ جمال شاہ کے بنگلے میں پر سرار انداز میں اس کے سامنے آئی تھی اور پھر کبھی ان دس سالوں میں صلاح الدین نے اسے نہیں دیکھا تھا۔۔۔ جس لڑکی سے اس کا بات کرنا جمال شاہ کو گوارا نہ تھا ۔۔۔ ان کا رویہ اس معاملے میں نہایت کھردرا اور سخت تھا۔۔۔ بھولے سے بھی کبھی اس کے سامنے اپنی بیٹی کا انھوں نے نام تک لینا گوارا نہیں کیا تھا۔۔۔ صلاح الدین انہیں اس معاملے میں نہایت Conservative سوچ کا مالک سمجھتا تھا۔۔۔ لیکن اب اس لڑکی کو اتنے سالوں بعد دیکھ کر۔۔۔۔ اور وہ بھی اپنی بیوی کے روپ میں اپنے کمرے میں موجود پا کر اس کا حیران ہونا بالکل بجا تھا۔۔۔۔ وہ اسے دیکھے جا رہا تھا۔۔۔ وہ ایک عجیب سی کیفیت کا شکار ہو گیا تھا۔۔۔ اور فاطمہ پھر سے سر جھکا کر گٹھری میں تبدیل ہو گئی تھی ۔۔۔ ہلکی سی سسکیوں کی آواز پر وہ چونک اٹھا۔۔۔ وہ رو رہی تھی۔۔۔۔

وہ خاموشی سے اس کے قریب پہنچ کر رک گیا۔۔۔۔

یہ لیجئے۔۔۔۔۔

ٹشو پیپر اس کی طرف بڑھاتے ہوئے بولا۔۔۔ تو وہ پری پیکر وجود نے اپنی صراحی جیسی گردن اٹھا کر اسے دیکھا۔۔۔۔ وہ روتے ہوئے بے انتہا حسین لگ رہی تھی۔۔۔۔ آنسو اس کی پلکوں پہ شبنم کے قطروں کی طرح لگ رہے تھے۔۔۔ چہرے پہ معصومیت اور آنکھوں میں عجیب سی بے بسی صاف محسوس ہو رہی تھی۔۔۔۔ وہ اس کے بن کہے ہی سمجھ گیا تھا کہ وہ کیسا محسوس کر رہی ہے۔۔۔ شائد وہ بھی اس کی طرح اس شادی کے لئے راضی نہ تھی۔۔۔۔ مگر اپنے والد کے فیصلے کے آگے اس نے بھی سر جھکا دیا تھا۔۔۔

خاموشی سے ٹشو اُس کے ہاتھ سے لے کر اپنی خوبصورت بڑی بڑی کالی سیاہ آنکھوں سے بہتے موتی جیسے آنسو پوچھنے لگی ۔۔۔۔۔ وہ رعب حسن کے آگے کچھ نہ بول پا رہا تھا ۔۔۔

دیکھئے آپ ریلاکسڈ ہو کر لیٹ جایئے پلیز ۔۔۔۔۔ اور آپ پریشان نہ ہوں ۔۔۔۔۔ سب ٹھیک ہو جائے گا ۔۔۔۔۔

فاطمہ نے گھبرا کر سر اٹھا کر اسے دیکھا ۔۔۔

میں سوفے پر سو جاؤنگا------

وہ جلدی سے بولتا ہوا بیڈ کے دوسری طرف کا تکیہ اٹھا کر بیڈ کی سائیڈ پر قدرے فاصلے پر پڑے فون رنگ کے سوفے کی طرف بڑھ گیا-----

فاطمہ نے گہری سانس لی اور لیٹ کر چادر سے اچھی طرح خود کو ڈھک لیا-----

××××××××××××××××××

شاہ بابا یہ سب کیا ہے------

وہ نہ چاہتے ہوئے بھی باپ سے سوال پوچھ رہا تھا-----

کیا میرے بچے ؟

کیا آپ فاطمہ کو جانتے تھے ؟

ہاں ---

پھر آپ نے مجھے بتایا کیوں نہیں شاہ بابا ------

کیا وہ تجھے پسند نہیں ہے ؟

پسند ناپسند کی بات میں نہیں کر رہا شاہ بابا ۔۔۔۔۔ صرف میں آپ سے یہ پوچھ رہا ہوں کہ آپ اسے کب سے جانتے ہیں؟

صلاح الدین میں اس کی پیدائش سے ہی اسے جانتا ہوں ۔۔۔۔۔

جب آپ کو پتا تھا تو مجھے کیوں لاعلم رکھا گیا۔۔۔۔۔۔۔اسے دیکھنا تو دور کی بات اس کا ذکر تک کسی کی زبان پر نہیں آیا۔۔۔

آخر اس کی وجہ کیا تھی شاہ بابا۔۔۔۔۔؟

اس بات کا جواب دینا میں ضروری نہیں سمجھتا۔۔۔۔۔

اتنا بولنا اسے آتا نہیں تھا باپ کے سامنے مگر شادی کے دوسرے دن فجر کی نماز کے بعد وہ اتنا سب کچھ شاہ جی کے سامنے بول گیا تھا۔۔۔۔ وہ ان اولادوں میں سے تھا جو والدین کی ہر بات پہ سر جھکا دیتے ہیں۔۔۔۔ مگر آج وہ بہت کچھ بول گیا تھا۔۔۔ لیکن ان کے آخری جملے نے اسے خاموش کر دیا تھا۔۔۔ جمال شاہ جس دن نکاح ہوا تھا اسی

رات کراچی واپس چلے گئے تھے ۔۔۔۔۔ اماں جانی اسے اپنے نکاح کے بعد سے چپ چپ سی لگیں تھیں ۔۔۔۔۔۔ مگر دادو بہت خوش تھیں ۔۔۔۔۔۔۔ ادھر فاطمہ اور اس کا تعلق بھی عجیب سا تھا ۔۔۔۔ فاطمہ زیادہ تر خود میں کھوئی کھوئی سی رہتی تھی شرمندہ شرمندہ سی نہ جانے کیوں ۔۔۔۔۔ جیسے کسی قسم کے احساس جرم کا شکار ہو ۔۔۔۔۔ دونوں ایک کمرے میں رہتے ہوئے بھی ایک دوسرے کے لئے اجنبی تھے ۔۔۔۔۔۔ دادو فاطمہ کو بہت چاہنے لگیں تھیں ۔۔۔۔۔۔۔ اسکا بے تحاشا خیال رکھنے لگیں تھیں ۔۔۔۔۔۔ اور وہ بھی دادو اور شاہ جی کے علاوہ کسی سے زیادہ بات نہیں کرتی تھی ۔۔۔۔۔ مگر اماں جانی کا رویہ اسے سمجھ نہیں آرہا تھا ۔۔۔۔۔ اسے لگتا تھا جیسے انہوں نے بڑے بجھے دل سے فاطمہ کو بہو کے طور پر اپنایا ہے ۔۔۔۔۔۔ اس دن بھی وہ حویلی کے بڑے سے برآمدے میں پڑی چارپائی پر اکیلی بیٹھی اماں جانی کو دیکھ کر ان کے پاس چلا آیا ۔۔۔۔۔

اسلام علیکم اماں جانی ۔۔۔۔۔ آپ اکیلی کیوں بیٹھی ہیں یہاں ۔۔۔۔۔

وعلیکم اسلام ۔۔۔۔ کچھ نہیں بیٹا بس یونہی ۔۔۔۔۔۔

آپ کچھ پریشان سی لگ رہی ہیں ۔۔۔۔ کیا بات ہے ؟

ارے بھلا میں کیوں پریشان ہونے لگی ۔۔۔ تیرا وہم ہے میرے بچے ۔۔۔۔۔۔ میں تو خوش ہوں کے اتنے عرصے بعد تو گھر آگیا ہے ۔۔۔۔۔

میں بھی خوش ہوں اماں جانی کے آپ سب میرے ساتھ ہیں ---- لیکن مجھے کیوں ایسا لگتا ہے کے آپ کو آپ کی بہو پسند نہیں آئی -----

نہیں بچے اتنی پیاری بہو ہے میری میں کیوں اسے ناپسند کرنے لگی ---

وہ بڑے غور سے اپنی ماں کا چہرا دیکھتے ہوئے بولا تو وہ ایک دم نظریں چراتے ہوئے بول اٹھیں تھیں -----

ادھر دیکھیں میری طرف ------

وہ ان کے کاندھوں پر نرمی سے ہاتھ رکھ کر ان کا رخ اپنی طرف کرتا ہوا بولا تھا ------

بات کیا ہے اماں جانی ----- آپ لوگ مجھے اپنے گاؤں بھی نہیں لے گئے --- اور شہر کی حویلی لے آئے --- اور اب اس طرح سے نکاح کر دینا --- میں پورے یقین سے کہہ سکتا ہوں کہ میری پیاری اماں جانی خوش نہیں ہیں ----- بتائے کیا بات ہے ----؟

صلاح الدین بیٹا دراصل بات یہ ہے

زلیخا ذرا ادھر آؤ_____

شاہ جی کی کڑک دار آواز پر کچھ کہتے کہتے رک گئیں اور اٹھ کر بیٹے سے کچھ کہے بغیر ہی شاہ جی کے بلانے پر چلے گئیں ---شاہ جی کچھ فاصلے پر کھڑے تھے اور بیوی کو تنبیہی نظروں سے گھور رہے تھے ------

×××××××××××××

باقی آئندہ۔۔۔۔۔

صلاح الدین خاموشی سے اپنی والدہ کو شاہ بابا کے پاس جاتے ہوئے دیکھ رہا تھا ۔۔۔۔۔۔ جو نہ صرف انہیں سخت نظروں سے گھور رہے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ بلکہ ان کے نزدیک آنے پر آہستہ سے کچھ کہہ بھی رہے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ چہرے کے تاثرات سے لگ رہا تھا کے وہ بہت غصے میں ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کافی دیر وہ وہیں چارپائی پر بیٹھا رہا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پھر اٹھ کر اپنے کمرے میں چلا گیا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ فاطمہ کمرے میں نہیں تھی ۔۔۔۔۔۔ وہ اپنے گھر والوں کے پر سرار رویئے پر حیران ہو رہا تھا ۔۔۔۔۔۔۔ آخر ایسی کیا بات تھی جو وہ اسے نہیں بتانا چاہتے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ کمرے میں پڑے سوفے پر بیٹھ گیا اور جمال شاہ اور اپنی بیوی فاطمہ کے بارے میں سوچنے لگا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ فاطمہ اس کی منکوحہ تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ لیکن ان دونوں کے درمیان کسی قسم کا جذباتی اور جسمانی تعلق نہ تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ بے انتہا حسین تھی اور وہ اس کے حسن سے مرعوب بھی تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ لیکن صلاح الدین ان لوگوں میں سے تھا جن کے لئے حسن ثانوی حیثیت رکھتا ہے ۔۔۔۔۔ اصل چیز اخلاق اور کردار کی پاکیزگی ہوتی ہے وہ خود بھی پاکیزہ خیلات رکھتا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ بے انتہا وجیہ ہونے کے باوجود گھمنڈ نام کی کوئی چیز اس کے اندر موجود نہ تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ صاف گو اور خاموش تبعیت ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ لیکن ایک

کمزوری تھی وہ اپنے جذبات کا اظہار نہیں کر پاتا تھا غصہ نہ ہونے کے برابر اور حلیم تبعیت ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ یہ گن لے کر پیدا ہوا تھا صلاح الدین ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ بلوچی سردا کا اکلوتا وارث لیکن کیا غریب کیا امیر سب اسکے لئے برابر تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ لیکن دس سال کی عمر سے جو حادثات اس کی زندگی میں پیش آ رہے تھے اور پھر عجیب حالات میں اس کی شادی کا انجام پانا پھر سب گھر والوں کا پر سرار رویہ ۔ وہ سمجھ ہی نہیں پا رہا تھا کے آخر یہ سب ہو کیا رہا ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ دروازہ کھلنے کی آواز پر وہ چونک کر وہ دروازے کی سمت دیکھنے لگا ۔۔۔۔۔۔۔۔ فاطمہ نے اسے دیکھ کر تھوڑا جھجکتے ہوئے اندر کی طرف قدم بڑھا دئے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ چپ چاپ اسے دیکھ رہا تھا وہ نظریں چراتی ہوئی بیڈ کی سائیڈ ٹیبل کی دراز سے کچھ نکالنے لگی ۔۔۔۔۔۔

فاطمہ ۔۔۔۔

صلاح الدین کے پکارنے پر فاطمہ پلٹ کر اسے دیکھنے لگی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جی

اگر آپ بزی نہ ہوں تو پلیز میں آپ سے کچھ بات کرنا چاہتا ہوں ۔۔

جی کہیے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

دیکھئے فاطمہ جن حالات میں ہماری شادی ہوئی وہ آپ کے سامنے ہے ۔۔۔۔۔ لیکن شائد جو آپ جانتی ہیں ان باتوں کو میں نہیں جانتا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میں تو آپ کو بھی پوری طرح نہیں جانتا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پلیز میری بات کا غلط مطلب مت لے لیجئے گا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ آپ جمال انکل کی بیٹی ہیں لیکن میں نے ان دس سالوں میں صرف اس رات کے علاوہ آپ کو کبھی نہیں دیکھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور نہ جمال انکل سے کبھی آپ کا ذکر سنا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور پھر اب کی موجودہ Situation... اچانک شادی اور پھر سب کا پر سرار رویہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کیا آپ مجھے بتا سکتی ہیں یہ سب کیا ہے اور پھر آپ کا رویہ بھی میری سمجھ سے بالاتر ہے ۔۔۔۔۔۔۔

فاطمہ کے قدم وہیں جم گئے تھے وہ چپ چاپ اسے دیکھ رہی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پھر جہاں کھڑی تھی وہیں گرنے کے انداز میں بیٹھ گئی ۔۔۔۔ اور اپنا چہرا دونوں ہاتھوں میں چھپا کر رونے لگی ۔۔۔۔۔۔ وہ گھبرا کر اس کی طرف بڑھا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

فاطمہ پلیز میرا مقصد آپ کو رلانا نہیں تھا۔ پلیز

آپ جاننا چاہتے ہیں نا کے اصل حقیقت کیا ہے ۔۔۔۔۔ میں کون ہوں ۔۔۔۔۔۔۔
کیوں آپ کے سر منڈ دی گئی ہوں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔
وہ ایک دم سر اٹھا کر تقریباً چلاتے ہوئے بولی تھی ۔۔

...............................

عایشہ یہ تم اس طرح سے کیوں بیٹھی ہو یہاں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور حد کرتی ہو یار
۔۔۔۔ فجر کی نماز پر جگایا بھی نہیں تم نے مجھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔
سنئیہ آنکھیں ملتی ہوئی دروازے پر کھڑی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میں نے گھبرا کر
ان بزرگ کی طرف دیکھا تو وہ وہاں نہیں تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کمرا خالی تھا ۔۔۔۔۔۔۔
عایشہ کیا چاروں طرف ایسے دیکھ رہی ہو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تم ٹھیک تو ہو نا ؟
آ ہاں میں ٹھیک ہوں اور سوری میں تمھیں جگا نا بھول گئی تھی ۔۔۔۔۔۔۔
اچھا لیکن آئندہ مجھے جگا دینا یار ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ Bye The Way اتنے ویسے
رت

جگوں کے باوجود بھی تم فجر کی نماز پر خود سے اٹھ کیسے جاتی ہو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میں تمہیں الوؤں کے خاندان سے بھی نہیں ملا سکتی وہ بھی رات بھر جاگ کر دن میں سوتے تو ہیں نا۔۔۔۔ تم توانسے بھی گئی گزری ہو۔۔۔۔۔۔۔

اچھا چلو اب باتیں نہ بناؤ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور جلدی سے تیار ہو جاؤ

۔۔۔۔۔ Remember ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تمہارا آج پریکٹکل ہے

سنئیہ اپنی جون میں آچکی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اگر میں بریک نہ لگاتی تو اس کی نان اسٹاپ باتیں چلتی رہتیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ سر ہلاتے ہوئے کپڑے بدلنے ہمارے مشترکہ کمرے کی طرف بڑھ گئی تھی ۔۔۔ اور میں کچھ عجیب سے احساسات کے ساتھ کچن کی طرف بڑھ گئی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کی بیک سیٹ پر بیٹھے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ Brand New Cadilac Cts V وہ اپنی پر رکی تو ہوٹل کے دربان نے نہایت احترام سے انکی سائڈ Entrance گاڑی ہوٹل کی کا

دروازہ کھولا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اسلام علیکم سر۔۔۔۔۔۔۔

وعلیکم اسلام۔

ہوٹل کے مینیجر نے نہایت مؤدب انداز میں انہیں آگے بڑھ کر سلام کیا تو کسی قسم کے
تاثرات کے سپاٹ لہجے میں انہوں نے جواب دیا۔۔۔۔۔۔۔۔ ہوٹل کا پورا اسٹاف بھی
پر کھڑا تھا۔۔۔۔۔ مینیجر بار بار اپنی پیشانی رومال سے پونچھے جا رہا تھا۔ Entrance
اس وقت پورے ہوٹل کا اسٹاف وہاں موجود تھا۔۔۔۔۔۔۔۔ سب کی جان پر بنی ہوئی
ہوٹل کے مالک تھے وہ Five Star تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور کیوں نہ ہوتی اس
۔۔۔اور یہی نہیں بلکہ ایسے کئی ہوٹلز کے مالک تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ نہایت
۔۔ان کی زندگی میں کام کے علاوہ کچھ تھا ہی نہیں Workaholic اور Punctual
۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کام کام اور بس کام۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔یہی ان کے جینے کا مقصد تھا
اور آج تو نہایت اہم دن تھا یورپ اور سعودی عربیہ سے کچھ نہایت اہم
آنے والے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور ان کا پورا اسٹاف جانتا تھا کہ وہ Deligations
ایسے موقع پر کسی قسم کی بدنظمی پسند نہیں کرتے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ایک کی ذرا سی بھول سب پر عتاب کا باعث بن جاتی وہ ہوٹل کے اندر داخل ہو چکے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ بال روم ، پول سائیڈ

اور دیگر ہالز کا جائزہ لیتے ہوئے وہ ہوٹل میں بنے اس چائنیز ریسٹورنٹ کی طرف آئے تھے اور ایک طائرانہ نظر ریسٹورنٹ کے اندر ڈالی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ لیکن ان کی نظر کارنر ٹیبل پر بیٹھی اس لڑکی پر جم سی گئی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ اسے دیکھ کر بری طرح چونکے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور بڑے دھیمے لہجے میں اس کا نام پکارا تھا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

فاطمہ

# مشکل راستے قسط ۱۱

ارے یہ بڑے میاں سیدھا ہماری ٹیبل ہی کی طرف آ رہے ہیں ۔۔۔۔۔ اور تمہیں گھور کیسے رہے ہیں عایشہ دیکھو تو ذرا ۔۔۔۔۔

سنئیہ سامنے دیکھتے ہوئے کہہ رہی تھی ۔۔۔۔ اس کے متوجہ کرنے پر میں نے بھی سامنے دیکھا تو ایک نہایت نورانی شکل اور زبردست پرسنیلٹی والے بڑے میاں کو تیزی سے اپنی جانب آتے ہوئے دیکھا ۔۔۔۔۔ وہ مجھے ہی دیکھ رہے تھے ۔۔۔۔۔

فاطمہ  میری بچی

میں بری طرح چونکی تھی انکے اسطرح پکارنے پر ۔

انکل آپ کو غلط فہمی ہوئی ہے  یہ فاطمہ نہیں ہے ۔۔۔۔

جس طرح وہ مجھے دیکھ رہے تھے اس پر سنئیہ گھبرا گئی تھی ۔

کیا میں اپنی بیٹی کو نہیں پہچانتا لڑکی ۔

وہ تیز لہجے میں سنئیہ سے بولے تھے ۔۔۔۔

معاف کیجئے گا سر میں فاطمہ نہیں ہوں ۔۔۔۔۔

بہت کٹیلے انداز میں میں ان سے بولی تھی ۔۔۔۔

بیٹا بیشک مجھ سے غلطی ہوئی ہے ۔۔۔۔۔ لیکن اپنے باپ کو اس طرح سے سزا تو نہ دو ۔

وہ گلوگیر لہجے میں مجھ سے التجا کر رہے تھے ۔۔۔۔۔ اور پتہ نہیں کیوں میں مسکرانے لگی تھی ۔۔۔۔۔

محترم اگر میں وہ ہوتی تو شاید یہاں کبھی نہ آتی ۔۔۔۔۔ جو روٹھ کر جا چکے ہیں انہیں اسطرح پکارا نہیں کرتے ۔۔۔

وہ بری طرح چونکے تھے میں اپنی بات کہہ کر تیزی سے باہر نکل گئی تھی ۔۔۔۔ سنئیہ حیران پریشان سی وہیں کھڑی رہ گئی تھی ۔۔۔ پھر گھبرا کر تیزی سے میرے پیچھے باہر آ گئی ۔ وہ وہیں کھڑے رہ گئے تھے ۔۔۔ میں نے انہیں پلٹ کر نہیں دیکھا تھا۔۔۔۔۔ یہ تو میں سمجھ ہی گئی تھی کہ وہ کون ہیں ۔۔۔۔۔ اور یہ بھی کسی حد تک اندازہ ہوگیا تھا کہ میری ماں فاطمہ قصور وار نہ تھیں ۔۔ بلکہ میرے والد اور میری ماں دونو ہی اس معاملے میں قسور وار نہ تھے ۔ جو کچھ ہوا تھا وہ ان کے والدین کا قصور تھا۔۔۔ اگر سنئیہ تھوڑی دیر اور سوتی رہتی تو شاید وہ بزرگ مجھے پوری کہانی سنا چکے ہوتے ۔۔ لیکن خیر اب مجھے ان بزرگ کا انتظار تھا اس کے بعد وہ مجھے پھر گھر میں دکھائی بھی نہ دئے لیکن میں جانتی تھی کہ یہ گتھی چند روز میں سلجھ جائے گی ۔۔۔۔۔

یار تمہیں ہو کیا گیا تھا تم کس طرح سے ان بزرگ سے بات کر رہی تھی ۔۔ اور کتنا عجیب انداز تھا تمہار۔

سنئیہ باہر آتے ہی مجھ پر چڑھ دوڑی تھی۔
تمہیں غلط فہمی ہوئی ہے۔۔۔ جس طرح وہ ہماری ٹیبل کی طرف آئے تھے کیا تم نے نہیں دیکھا تھا سنئیہ سب ہماری ہی جانب دیکھ رہے تھے۔۔۔۔ اگر میں وہاں سے باہر نہ نکلتی تو وہ بڑے میاں مجھے اپنی بیٹی ثابت کر چکے ہوتے۔
ہاں کہتی تو تم صحیح ہو مجھے تو ان کی دماغی حالت کچھ ٹھیک نہیں لگ رہی تھی۔۔۔۔۔ سنئیہ سر ہلاتے ہوئے بولی تو میں نے سکون کا سانس لیا تھا۔ ہم ہوٹل سے باہر آچکی تھیں۔۔۔ ڈرائیور ہمیں دیکھتے ہی ہوٹل کی اینٹرنس پر گاڑی لے آیا تھا۔۔۔۔ میں سارا رستہ سنئیہ کی اوٹ پٹانگ باتوں پر اس کا ساتھ دیتی رہی۔۔۔ ہم کھائے پیئے بغیر ہی نکل آئیں تھیں۔۔ اس لئے واپسی میں ایک چائینیز ریسٹورنٹ سے کھانا پیک کروا کر گھر پر ہی کھانے کا پروگرام بنا لیا تھا۔۔اس دوران سنئیہ بار بار ان بزرگ کا تذکرہ باتوں کے درمیان لے آتی

۔ اور سارا راستہ میں اسے دوسری باتوں میں لگانے کی کوشش کرتی رہی

وہ اس وقت خاموش اپنے گھر کی لائبریری میں بیٹھے ہوئے تھے ۔۔۔۔۔ سگار کا دھواں چاروں جانب پھیلا ہوا تھا ۔۔۔ اور وہ مستقل اس لڑکی اور فاطمہ کے بارے میں سوچ جا رہے تھے ۔۔۔۔ وہ فاطمہ جو ان کی بیٹی تھی ۔۔۔۔ جو انہیں اس دنیا میں سب سے زیادہ عزیز تھی ۔۔ اور وہ لڑکی ہو بہو فاطمہ کی ہمشکل تھی ۔۔۔۔۔ وہی شاہانہ انداز وہی تمکنت وہی نین نقش جو ان کی بیٹی کا تھا ۔۔۔۔۔ لیکن کچھ تھا جو انکی بیٹی سے مختلف لگا تھا ۔۔۔۔۔ ہاں شاید ان سے بات کرتے وقت وہ ان کی آنکھوں میں دیکھ کر بات کر رہی تھی ۔ اور لہجے میں کٹیلا پن تھا جو ان کی بیٹی کا ہر گز نہیں ہو سکتا تھا ۔۔ فاطمہ نے تو ان سے کبھی اس طرح بات نہیں کی تھی بلکہ ان کی زیادتی اور دکھ پہنچانے پر بھی ایک لفظ انہیں نہ کہا تھا ۔۔ بلکہ چپ چاپ انکی زندگی ہی سے نکل گئی تھی اور یہ لڑکی آنکھوں میں دیکھ کر بات کی تھی ان کے ۔۔۔۔ کتنی نفرت اور بیزارگی چھپی تھی اس کے جملے میں ۔ ہاں وہ ان کی بیٹی نہیں تھی ۔۔۔ مگر وہ تھی کون ؟ ۔۔۔۔ کیا تعلق تھا اس کا

ان کی بیٹی ہے ۔۔۔۔ یہ سوچ انہیں پاگل کئے جا رہی تھی اچانک ان کی نظر سامنے دیوار پر لگے سورہ رحمان کے چاندی کے تغرے پر پڑی ۔ اور ان کے سامنے ماضی کی کتاب کھل گئی ۔۔ اور وہ ایک ایک صفحہ پلٹتے گئے ۔

جاری ہے ۔۔۔۔

# مشکل راستے قسط ۱۲

جب وہ کراچی آئے تھے تو جیب میں صرف دس روپے پڑے تھے
۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ گھر بھر کے لاڈلے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کراچی آ کر پہلی بار
بھوکے پیٹ فوٹ پاتھ پر سونا پڑا تو ماں باپ کی قدر ہوئی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔بڑی بہن کی
محبت اور انکا ناز اٹھانا یاد آیا ۔۔۔۔۔۔ لیکن وہ تو ساری کشتیاں جلا کر آئے تھے
۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اپنی منگ کو ٹھکرا کر ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اپنے باپ کو
ناراض کر کے ۔۔۔۔۔۔۔ چودہ جماعت پاس تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔شاید اسی کا غرور تھا
انہیں ۔۔۔۔۔۔ منگیتر جاہل لگنے لگی تھی ۔۔۔۔۔۔۔ جب شادی کی باتیں ہونے لگیں تو
صاف انکار کر دیا ۔۔۔

میں نہیں کرونگا اس جاہل سے شادی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

یہ بات سن کر ابا نے جوتا اٹھا لیا بیٹے پر ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ بس پھر
کیا تھا چھوڑ آئے سب کچھ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ نہ ماں کی آہیں ان کے
قدموں میں زنجیریں ڈال سکیں نہ بہن کی التجائیں انہیں روک پائیں ۔۔۔۔۔۔۔ جوشیلے
تو تھے ہی احد کر لیا اب نہیں واپس جاؤنگا جب تک گل لالہ کی شادی خانہ آبادی کسی
اور کے ساتھ نہ ہو جائے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ لیکن اپ انہیں اپنا یہ

فیصلہ بھاری پڑھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔دو مہینے ہو گئے تھے نوکری ڈھونڈتے ہوئے
۔۔۔۔۔۔۔۔۔ لیکن شاید قسمت ان سے روٹھی ہوئی تھی
۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جو والدین نہ سکھا سکے ان دو مہینوں میں سیکھ گئے
۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ لیکن پھر بھی واپس جانے کا سوچنا بھی نہیں چاہتے تھے۔۔۔۔۔۔۔
گل لالہ ایک آنکھ نہیں بھاتی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور بچپن سے ہی سخت ناپسند تھی۔۔۔۔۔۔ اس لئے بھوکے رہنا منظور تھا لیکن اس سے شادی کسی طور منظور نہ تھی
۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ لیکن پھر قسمت نے یاوری کی اور تیسرے مہینے جب وہ کلی طور پر مایوس ہو چکے تھے کہ اچانک اپنے ایک پرانے یار سلیمان شاہ سے ملاقات ہو گئی
۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جس کی لالو کھیت میں کباڑیے کی چھوٹی سی دکان تھی
۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اسنے جو انہیں برے حال میں دیکھا تو اپنے ساتھ ہی گھر لے آیا
۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پھر اپنے اس چھوٹے سے کاروبار میں شریک کر لیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کچھ عرصہ جمال اپنے دوست کے ساتھ کاروبار کرتے رہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پھر سلیمان کو دبائی میں کسی کنسٹریکشن کمپنی میں نوکری مل گئی تو وہ دوست کو اپنا کاروبار سونپ کر دبائی چلا گیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور کچھ ہی عرصے بعد اپنے بیوی بچوں کو بھی وہیں بلا لیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور دکان انکے نام کر دی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ بے شک انکا سچا اور مخلص دوست تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جمال محنتی اور کاروباری رموز سے بھی واقف تھے
۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور ذہین بھی تھے تو اس معمولی کاروبار میں بھی کافی ترقی کر لی
۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور ساتھ میں مردانہ کپڑوں کی دکان بھی لے لی

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اب ہن چاروں طرف سے برسنے لگا۔۔۔۔جس چیز پر بھی ہاتھ
رکھتے وہ ان کے لئے سونا بن جاتی۔۔۔۔جب آگے پڑھنے کا شوق پھر سے جاگا تو پیسا
جمع کرکے لندن چلے گئے۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس زمانے میں لندن یا یورپ جانا اتنا مشکل
نہ تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔Odd Jobs کرتے ہوئے اپنی پڑھائی کو جاری رکھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔
اور پھر وہیں ایک چھوٹی سی Coffee Shop کھول لی۔۔۔اور پھر صرف چند سالوں
بعد ہی ایک 5 Star ہوٹل کے مالک بن بیٹھے۔۔۔۔۔۔۔۔اتنے کم عرصے میں اتنی
ترقی لوگوں کے ساتھ انہیں بھی حیران کردیتی تھی۔۔۔۔۔شاہ جی سے بھی وہیں
ملاقات ہوئی تھی۔۔۔۔۔۔۔بچپن سے ہی سانجھی یار تھے دونوں۔۔۔دیکھتے ہی ایک
دوسرے لپٹ گئے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اوئے جمال تو ادھر کیا کر رہا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔یار کچھ تو اپنے ماں باپ کی
فکر کر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔تو کیوں انہیں چھوڑ آیا میرے بھائی۔۔۔۔۔۔

وہ دوست کو لپٹا کر بولے تو جمال شاہ تھوڑی دیر خاموشی سے دوست کو دیکھتے رہے

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

میں کیا کرتا شاہ ابا میری شادی زبردستی گل لالہ سے کرنے پر بضد تھے۔۔۔۔اور تجھے
تو پتا ہے یار وہ شروع سے مجھے ناپسند تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔میں نے

منع کیا تو مجھے گھر سے نکل جانے کو کہا۔۔۔۔۔۔ بس اس طرح میں ادھر آ گیا

۔۔۔۔۔۔۔۔

جمال تو نے بڑا ظلم کیا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ یارا گل لالہ کی شادی تو تیرے کزن سے ہو گئی اور وہ بھی تیرے جانے کے چھ مہینے بعد۔۔۔۔۔۔ کتنا ڈھونڈا چاچے نے تجھے پھر ۔۔۔۔۔۔ اب بھی دونوں تیری راہ تک رہے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔ اور ہاں تیری بہن کی بھی شادی ہو گئی تھی۔۔۔۔ لیکن اولاد نہ ہونے کی وجہ سے شوہر نے طلاق دے کر گھر سے باہر نکال دیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

شاہ جی کی بات سن کر وہ دل مسوس کر رہ گئے۔۔۔۔۔ اب کیا کر سکتے تھے۔۔۔۔۔۔۔ کتنا ارمان تھا انہیں اپنی بہن کی شادی کا۔۔۔۔ لیکن ابا کی اپنی بات پر اڑے رہنے اور ان کے جوانی کے جوش میں اٹھائے قدم نے ان کی زندگی کے یہ بارہ سال اپنوں سے دور رہنے کا سبب بن گئے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اگر وہ ہوتے تو شاید ایسا نہ ہوتا۔۔۔۔۔۔۔۔ اور ذکیہ کا شوہر ان کی بہن کے ساتھ ایسا سلوک کرنے سے پہلے سوچتا ضرور۔۔۔۔۔۔ ابھی بھی کچھ نہیں بگڑا جمال۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ واپس جاؤ اور چاچے اور چاچی سے اپنی غلطیوں کی معافی مانگ لو۔۔۔۔۔ اب تو تیرے جانے کی راہ میں پڑا

کانٹا بھی ہٹ گیا ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ان کی بات سن کر وہ مسکرادئے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پھر تین مہینے بعد ہی اپنے وطن شاہ جی کے ساتھ ہی واپس لوٹ آئے ۔۔۔۔۔۔۔ والدین کے گلے لگ کر خوب روئے ۔۔۔۔۔۔ ابا بھی کافی بدل گئے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کافی نحیف اور لاغر دکھنے لگے تھے ۔۔۔۔۔۔۔ اور ماں جی تو ہڈیوں کا پنجر لگ رہی تھیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ چمکتی آنکھیں اندر دھنس گئی تھیں ۔۔۔۔۔۔۔ جن میں بنائی نہ ہونے کے برابر رہ گئی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ساری زمینوں اور کھیتوں پر ماموں ذات بھائیوں نے قبضہ کر لیا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔ اور جلد ہی گاؤں میں رہ کر انہیں احساس ہو گیا تھا کہ زمیں کی لالچ میں ان کے ماموں زاد بھائی کسی بھی حد تک جا سکتے ہیں ۔۔۔۔۔۔۔ ابا کو بھی اس بات کا اندازہ تھا اس لئے جب جمال نے انہیں ساتھ چلنے کو کہا تو فوراً مان گئے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جلد ہی وہ ان سب کو لیکر لندن واپس لوٹ گئے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور وہاں جاتے ہی زکیہ کی شادی اپنے ایک مصری دوست مناف بن حیان سے کر دی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سال بھر بعد ہی زکیہ کو اللہ نے اولاد سے نواز دیا ۔۔۔ اور وہ اپنے شوہر کے ساتھ مصر چلے گئیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ذکیہ کے جانے کے دو سال کے اندر ہی پہلے ابا دمے کے شدید حملے کی نظر ہو گئے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پھر ماں جی بھی انکے چھ مہینے بعد داغ مفارقت دے گئیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ والدین کی وفات کے بعد انکا دل پھر لندن میں نہیں لگا اور وہ پاکستان واپس لوٹ آئے

فلیٹ خرید لیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ Luxurious ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور کراچی میں ایک جو عین ساحل سمندر کے بالکل سامنے تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ابھی یہ فلیٹس بالکل نئے بنے تھے اس لئے ایکا دکا ہی آباد ہوئے تھے۔۔۔۔۔ اور اس زمانے میں آبادی بھی بہت کم تھی کلفٹن پر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ایک دن شام کو وہ اپنی بالکنی میں کھڑے سمندر کی پر شور لہروں کو دیکھ رہے تھے کہ انہیں ہلکے بے بی پنک شلوار قمیض میں وہ نظر آ گئی ۔۔۔۔۔۔ جس کی شکل تو دور سے دیکھ نہ سکے لیکن لامبی زلفیں دور سے بھی نظر آ رہی تھیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ کچھ دیر تک تو اس ماہ جبیں کو دیکھتے رہے پھر اندر آ گئے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اب جب بھی بالکنی میں کھڑے ہوتے تو وہ نظر آ جاتی۔۔۔۔۔۔ مگر دور سے چہرہ صاف دکھائی نہ دیتا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اب ان کا روز کا معمول بن گیا تھا ٹھیک شام ساڑھے پانچ بجے اگر وہ آفس سے جلدی آ جاتے تب ایک کپ کافی کا لئے اپنی بالکنی میں کھڑے ہو جاتے اور اس لڑکی کو اگر نظر آ گئی تو دور سے صرف دیکھے جاتے۔۔۔۔۔۔۔۔ اس دن بھی ڈھلتی دوپہر گھر جانے اپنے ہوٹل جس پر ابھی بھی کنسٹرکشن کا کام چل رہا تھا سے اپنی گرے فیاٹ میں نکلے تو اس لڑکی کا خیال آ گیا۔۔۔۔۔ کچھ بےچین سے ہو کر گاڑی کا رخ فلیٹ کی طرف موڑنے کی بجائے اس کے سامنے سمندر کے قریب روک دی اور باہر نکل آئے۔۔۔۔۔ کچھ دیر تو گاڑی کے پاس کھڑے سمندر کی لہروں کو غائب دماغی سے دیکھتے رہے۔۔۔۔۔ پھر اپنے قدم سمندر کی طرف بڑھا دئے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کافی دیر

اکیلے ٹہلتے رہے ۔۔۔ پر شور لہریں ان کے قدموں سے ٹکرا کر واپس سمندر میں گم ہو جاتیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تنہائی کا احساس کچھ زیادہ ہی بڑھ گیا تھا ۔۔۔۔۔۔۔ ایشیاء اور یورپ میں ان کا بزنس بہت تیزی سے پھیل رہا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔ کئی ملٹی نیشنل کمپنیز میں ان کے شیئرز تھے ۔۔۔۔۔۔۔ لندن میں ایک 5 star ہوٹل کے مالک تھے اور کراچی میں بھی ایک ہوٹل جو ابھی زیر تعمیر تھا بھی انکی ملکیت میں شامل تھا ۔۔۔۔۔ لیکن اتنی دولت کے باوجود وہ تنہا تھے ۔۔۔۔۔ ۳۳ سال کے ہو چکے تھے لیکن ابھی تک شادی نہیں کی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ بہت سے لوگوں کی ان پر نظریں گڑی تھیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ بزنس پارٹیز میں کئی الٹرا ماڈرن لڑکیاں ان کی قربت اور ایک نظر کے لئے تڑپتی تھیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ لیکن دوستی تو بہت دور کی بات تھی وہ آنکھ اٹھا کر بھی کسی کی طرف نہیں دیکھتے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔ ایسی پارٹیز شراب اور شباب سے خالی نہیں ہوتیں ۔۔۔۔ اور جمال شاہ کو نہ یہ بے باک انداز اور ہوش ربا اداؤں سے مزین بگڑی ہوئی امیر زادیاں پسند تھیں اور نہ ہی شراب کو کبھی ہاتھ لگایا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ انگلینڈ میں رہتے ہوئے بھی جب دامن پر کوئی داغ نہیں لگا تھا تو اب کیا خاک بگڑتے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مگر جب سے وہ لڑکی نظر آئی تب سے ہی عجیب سے احساسات دل میں جاگے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ بعض دفعہ اپنی اس کیفیت پر حیران بھی ہو جاتے تھے کے ایک انجان لڑکی جس کی شکل بھی صاف دیکھ نہیں پائے تھے اب کیسے ان کے دل و دماغ پر چھا گئی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اس وقت بھی سمندر کے کنارے ٹہلتے ہوئے وہ اس اجنبی لڑکی کے بارے

میں سوچ جا رہے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔ سورج کی تیز شعاعوں میں ایک نرماہٹ سی آتی جا رہی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ دن کی روشنی رات میں مدغم ہونے لگی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سورج آہستہ آہستہ سمندر میں اترتا ہوا محسوس ہو رہا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ لیکن اس حسین نظارے کی طرف دیکھنے کی بجائے وہ اپنی سوچوں میں کھوئے ہوئے تھے ۔۔۔۔۔۔ وہ اجنبی لڑکی انکے دل و دماغ پر چھا گئی تھی اور وہ خود کو اس معاملے میں بے بس محسوس کر رہے تھے ۔۔۔۔۔۔۔

مجھے تو یہ بھی نہیں معلوم کہ تم کون ہو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کہیں تم کسی کے ساتھ انگیج تو نہیں

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ دل میں اس سے مخاطب تھے اور اس خیال کے آتے ہی بے چین سے ہو گئے ۔۔۔۔۔۔۔ تھکن کا احساس جب بڑھنے لگا تو سمندر میں غرق ہوتے سورج پر اچٹتی نگاہ ڈالتے ہوئے پلٹے تو ذرا سے فاصلے پر کھڑے وجود پر نظر پڑ گئی اور قدم وہی پر جم کر رہ گئے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جاری ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

## مشکل راستے قسط ۱۳

وہ بے انتہا حسین تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سرو قد ۔۔۔۔۔۔ کالی چمکدار لامبی زلفیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ فراق پیشانی ۔۔۔۔۔۔۔بڑی بڑی کالی بادامی آنکھیں ۔۔اور سنہری رنگت ۔۔۔۔۔۔جنت کی حور تھی وہ ۔۔۔۔۔ ہلکے نیلے رنگ کے شلوار قمیض میں ملبوس وہ حسن کی دیوی کسی اور جہاں کی لگ رہی تھی ۔۔۔۔۔ وہ ان سے دس قدم کے فاصلے پر کھڑی سورج کو نیلے پانی میں ڈوبتے ہوئے دیکھ رہی تھی ۔۔۔۔۔ ان کی نظریں اس پر جم سی گئی تھیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جن کی تپش نے اسے انکی موجودگی کا احساس دلا دیا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ ایک دم واپسی کے لئے پلٹ گئی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

رکئے پلیز ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

بیقراری سے پکار بیٹھے تو رک گئی اور پلٹ کر انہیں دیکھنے لگی مگر بولی کچھ نہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔ جمال شاہ چلتے ہوئے اس کے قریب آ کر کھڑے ہو گئے ۔۔۔۔ خوبصورت کالی آنکھیں اٹھائے وہ انہیں دیکھ رہی تھی ۔۔۔۔۔۔۔ قریب سے وہ اور بھی حسین لگی انہیں ۔

ہلکی نارنگی غروب ہوتے سورج کی روشنی اس کے صبیح چہرے کو ایک عجب سا حسن

اتا کر رہی تھی ۔۔۔۔۔

کیا کوئی اتنا بھی حسین ہو سکتا ہے ۔۔۔۔۔۔

وہ دل میں سوچنے لگے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پوری دنیا گھوم چکے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ایک سے بڑھ کر ایک حسین لڑکیاں دیکھیں تھیں انہوں نے ۔۔۔ لیکن ایسا حسن کبھی اپنی زندگی میں پہلے نہ دیکھا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔ تھوڑی دیر تک تو کچھ بول ہی نہ پائے ۔۔۔۔۔ اس حسن کی دیوی کے سامنے جیسے زبان بھی ورطہ حیرت میں تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جی فرمایئے ۔۔۔۔۔۔۔ آپ نے مجھے کیوں روکا ہے ۔۔۔۔۔۔۔

خوبصورت کھنکتی ہوئی آواز پر وہ چونکے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ محترمہ بات دراصل یہ ہے کہ ۔۔۔۔۔۔۔ شاید آپ کو برا لگے ۔۔۔۔۔۔۔۔ لیکن ۔۔۔۔۔۔۔۔ میں اکثر آپ کو اپنی بالکنی سے دیکھتا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آپ نے اس لئے مجھے روکا ہے کے اپنی گھٹیا حرکت کے بارے میں بتا سکیں

-----------

انکی بات سن کر وہ غصے سے بولی تھی -----------

تو وہ تھوڑے شرمندہ سے ہوگئے ----- کوئی دل پھینک عاشق تو تھے نہیں۔ لیکن اس لڑکی نے ان کے تمام اصول اور تمام احتیاط خاک میں ملا دی تھی ----

میں آپ سے شرمندہ ہوں --- اور اپ سے معافی بھی مانگتا ہوں ---- لیکن یہ سچ ہے کے میں آپ کو قریب سے دیکھنا چاہتا تھا---

اللہ حافظ ---------

وہ اس کے پاس سے گزرتے ہوئے اپنی گاڑی کی طرف جانے لگے ----------

ٹھہرئے -------------

اس مہجبیں نے انہیں پکارا تو وہ جاتے جاتے رک کر اس کی طرف دیکھنے لگے

----------

وہ شاہانہ انداز سے چلتی ہوئی ان کے سامنے آ کر کھڑی ہو گئی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔
اس طرح کبھی کسی کی ہمت نہیں ہوئی تھی میرے رو.برو کچھ کہنے کی ۔۔۔۔۔ اس لئے میں آپ کی ہمت کی داد دیتی ہوں ۔۔۔ میں بہت سے لوگوں سے مل چکی ہوں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ لیکن آپ ان سب سے مختلف لگے ہیں مجھے ۔۔۔۔۔ کیا اپ مجھ سے دوستی کرنا پسند کرینگے ۔۔۔۔۔ بے غرض اور پاک ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔
وہ معصومیت سے بولی تو وہ حیرت سے اسے دیکھنے لگے ۔۔۔۔ بے شک وہ مرد اور عورت کی دوستی کو برا سمجھتے تھے ۔۔۔
لیکن اسے کسی بھی وجہ سے اب کھونا نہیں چاہتے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔
جی بالکل کیوں نہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔
وہ مسکراتے ہوئے اسے دیکھنے لگے ۔۔۔۔۔
آپ کا نام پوچھ سکتی ہوں؟
جمال ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور آپ کا نام؟

حوریہ --------------------------------

----------------------

جاری ہے---

حوریہ سے دوستی کیا ہوئی ان کی زندگی میں جیسے بہار آ گئی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ بہت خوش رہنے لگے تھے وہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ بہت معصوم سی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔ شرم وحیا سے مالا مال ۔۔۔۔ لمبی ڈھیلی ڈھالی قمیزیں پہنتی تھی اس زمانے کی لڑکیوں کی طرح چست چھوٹی قمیزوں اور بیل باٹم جیسے واہیات کپڑوں میں انہوں نے اسے کبھی نہیں دیکھا تھا ۔۔۔۔۔۔ بھر کر دوپٹہ اوڑھتی تھی ۔۔۔۔ بال یا تو کھلے رکھتی یا پھر ڈھیلی چوٹی پشت پر غضب ڈھاتی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سیدھی سادی سی وہ لڑکی ان سے ہر ٹاپک پر بلا جھجک بات کرلیتی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اس کی نالیج بہت زبردست تھی

۔۔۔۔۔۔۔۔۔ چاہے وہ بزنس سے متعلق گفتگو ہو یا ادب سے متعلق بحث چل رہی ہو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ بہت اچھے طریقے سے کسی بھی موضوع پر بلا جھجک بات کرتی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ نہ صرف حسین تھی بلکہ ذہانت کی دولت سے بھی مالا مال تھی ۔۔۔۔۔۔۔ قدرت نے حسن اور ذہانت کو ایک ہی کوزے میں بند کردیا

تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ لیکن ایک عجیب بات تھی وہ ہمیشہ ان سے تنہائی میں ہی ملتی تھی ۔ کبھی سمندر کے کنارے تو کبھی کسی خاموش گوشے میں ۔۔۔۔۔۔۔۔ جب وہ اسے کسی ریسٹورنٹ یا کسی پبلک پلیس پعر ملنے کا کہتے تو ہمیشہ اس کا ایک ہی جواب انہیں سننے کو ملتا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آپ پلیز مجھے اس کے لئے مجبور نہ کریں ۔۔۔۔۔۔ مجھے لوگوں کی باتوں ان کی بدگمانیوں سے ڈر لگتا ہے ۔۔۔۔۔۔ اس لئے ہمارا اس طرح ملنا ہی ٹھیک ہے ۔۔۔۔۔۔

اور یہ سن کر وہ خاموش ہو جاتے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔ محبت کب امر بیل کی طرح انکی رگ جاں سے لپٹ گئی تھی انہیں پتہ بھی نہ چلا ۔۔۔ایک دن وہ اس کے ساتھ سمندر کے کنارے بیٹھے ہوئے تھے ۔۔۔۔ اور وہ انکی کسی بات پر ہنس رہی تھی تب

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کیا میں تمہارے والدین سے مل سکتا ہوں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

انہوں نے پوچھا تو ایک دم وہ ہنستے ہنستے خاموش ہو گئی اور پریشانی سے انہیں دیکھنے لگی

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

نہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کیوں نہیں ؟

اس کے انکار پر بیتابی سے پوچھنے لگے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آخر آپ میرے والدین سے کیوں ملنا چاہتے ؟

وہ الٹا ان سے پوچھنے لگی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

تمہیں پانے کے لئے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

لیکن یہ ناممکن ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میں آپ کے بارے میں ایسا نہیں سوچھتی

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

تم جھوٹ کہہ رہی ہو ایسا ہو ہی نہیں سکتا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ اس کی بات سن کر مسکراتے ہوئے بولے تو وہ ایک دم اٹھ کھڑی ہوئی

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کیا مطلب ہے آپ کا ؟

وہ ناراض لہجے میں بولی تھی ان سے ---------------
جو سچ ہے وہی کہہ رہا ہوں تم سے ----------- جتنا میں تمہیں چاہتا ہوں اتنا تم بھی مجھے چاہتی ہو ------------ اور یہ میں دعوے کے ساتھ کہہ سکتا ہوں

-------------

وہ پر یقین لہجے میں بولے ----------
لیکن میں آپ سے محبت نہیں کرتی اور یہی سچ ہے ------ اور میں نے شروع میں ہی آپ سے کہہ دیا تھا میں صرف آپ کی دوستی چاہتی ہوں محبت نہیں -------- لیکن مجھے لگتا ہے آپ نے مجھے غلط سمجھ لیا ہے ------ اس لئے مزید یہ دوستی آگے نہیں چل سکتی -----------
وہ یہ کہہ کر مڑ گئی اور جانے لگی ---------
ٹھہرو حوریہ ----------- ایک آخری بات سنتی جاؤ ---- اس کے بعد میں تمہیں پھر کبھی نہیں ملونگا ---------------

وہ رک گئی لیکن ان کی طرف مڑی نہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اگر تم یہ کہتی ہو کہ تمہیں مجھ سے محبت نہیں تو تمہاری آنکھیں تمہارا ساتھ کیوں نہیں دے تیں ۔۔۔۔۔۔۔۔ اگر تم کہتی ہو کے ہم صرف اچھے دوست تھے تو میری ذرا سی تکلیف بھی تمہیں کیوں برداشت نہیں ہوتی ۔۔۔۔۔۔۔۔ میں ریاکار نہیں ہوں اور نہ ہی منافق ہوں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ لیکن شاید میں نے محبت کر کے گناہ کر لیا ہے

۔۔۔۔۔۔۔۔ میں وعدہ کرتا ہوں اب میں تمہارے سامنے کبھی نہیں آؤنگا

کرنے کی ۔۔۔۔۔۔۔ انکی نافرمانی (Hurt)۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ شاید والدین کو ہرٹ کرنے کی مجھے سزا ملی ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اس میں سارا قصور میرا ہے

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اچھا اللہ حافظ ۔۔۔۔۔۔۔جہاں رہو خوش رہو

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

پھر وہ رکے نہیں تیزی سے اس کے پاس سے گزرتے ہوئے اپنی گاڑی کی طرف بڑھ گئے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ بلوچی خون ان کی رگوں میں دوڑ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ بے شک وہ حوریہ سے محبت کرتے تھے لیکن انہیں اپنی عزت نفس اپنی محبت سے زیادہ پیاری تھی

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

حوریہ وہیں کھڑی انہیں جاتا ہوا دیکھ رہی تھی ۔۔۔۔۔ روکنا چاہتی تھی لیکن

روک نہ پائی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جو شخص اس کی زندگی میں ایک انوکھے اور خوبصورت انداز سے داخل ہوا تھا ۔۔۔۔۔ اسے آج شاید وہ کھوچکی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

میں آپ کے قابل نہیں ہوں جمال ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میں آپ کے قابل نہیں ہوں ۔۔۔۔۔۔

وہ نہایت مدھم لہجے میں انہیں دور جاتے ہوئے دیکھ کر بولی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

حوریہ بی بی ۔۔۔۔۔۔ چلیئے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ رات ہونے سے پہلے ہمیں یہاں سے واپس جانا ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کوئی اندیکھا وجود سرگوشی میں بولا تو وہ آنسوؤں کو ہتیلی سے خشک کرتی ہوئی واپسی کے لئے مڑ گئی

جاری ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

# مشکل راستے قسط ۱۵

حور یہ زندگی سے کیا گئی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ چاروں طرف خزاں سی چھا گئی تھی انکے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ایک سال چپ چاپ بیت گیا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ زندگی میں کام کے علاوہ کچھ باقی نہ بچا ۔۔۔۔ بے رنگ بے کیف زندگی اور اس کے جھمیلے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اس رات کافی دیر سائیٹ ایریا پر ہی رہے ۔۔۔۔۔۔۔ اگلے ایک مہینے بعد ہی ہوٹل کی Opening Ceremony تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور لندن سے ایک ڈیلیگیشن بھی آنے والا تھا جس میں بڑے بڑے Embasadors بھی شامل تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔ اس لئے وہ خود اس Luxurious 5 Star ہوٹل آئے ہوئے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ماہر انٹیرئر ڈیکوریٹرز اور ہوٹل مینیجمنٹ کے ساتھ کھڑے وہ ہوٹل کی تزئین و آرائش کا جائزہ لے رہے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔ مس ساندرا بیچ جو یورپ میں بھی انکے ہوٹل کی انٹیرئر ڈیکوریٹر تھی انکے ساتھ کھڑی تھی ۔۔۔۔ بار بار ماتھے پر آئے پسینے کو اپنے رومال سے پوچھ جا رہی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔ اس سینٹرلی ائیر کنڈیشنڈ ہال کے ٹھنڈے ماحول میں بھی سب امپلوئیز کو پسینہ آ گیا تھا ۔۔۔۔۔۔۔ اس وقت جمال شاہ بہت غصے میں تھے ۔۔۔ اور ابھی شینڈلز کو تبدیل کرنے کا حکم دیتے ہوئے وہ اس ہال سے باہر نکل کر بال روم کی طرف بڑھ گئے ۔۔۔۔۔۔۔۔ پیچھے پیچھے ہوٹل کی مینیجمنٹ اور سینڈرا بھی تھے ان کے ۔۔۔۔۔۔

سینڈرا کی سمجھ میں نہیں آ رہا تھا کہ آخر اتنے دھیمے لہجے اور دوستانہ رویہ رکھنے والا اس کا یہ بوس ایک سال میں اتنا بدل کیوں گیا ہے ۔۔۔ وجاہت اور مردانا حسن کے مالک جمال شاہ کو دیکھ کر ہر لڑکی کا دل بے اختیار الگ ہی سروں میں دھڑکنے لگتا تھا۔ خود سینڈرا بھی ان کی آنکھوں میں دیکھ کر بات نہیں کر پاتی تھی ۔۔۔۔ وہ شادی شدہ تھی ۔ لیکن اگر وہ اپنی دلچسپی اس میں دکھاتے تو وہ اپنے شوہر کو ان کی خاطر چھوڑ دیتی ۔۔ لیکن وہ کب کسی لڑکی کو خاطر میں لاتے تھے جو اس اٹالین حسین عورت کی طرف نظرالتفات ڈالتے ۔۔۔۔۔۔۔۔ اور اب تو وہ ہر وقت غصے میں رہتے تھے ۔۔ اور اپنے امپلوئیز کی زرا سی بھی غلطی معاف نہیں کرتے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سینڈرا جانتی تھی وہ چاہے کتنے بھی کھڑوس اور سخت ہو گئے تھے لیکن دل کے بہت اچھے تھے ۔۔۔۔۔ اور اپنے ملازمین پر مہربان بھی ۔۔۔۔۔۔۔ اور اس کا عملی مظاہرہ وہ دیکھ بھی چکی تھی ۔۔۔۔۔ خود اس کے ساتھ بھی وہی رویہ تھا انکا ۔۔ سال کے ہر چھے مہینے بعد بونس اور یورپ میں ہو یا پاکستان میں سب Employee ہسپتال میں مفت علاج ۔۔۔ چاہے کے ساتھ یکساں سلوک ۔۔۔۔۔ اس لئے بھی وہ سب میں مقبول تھے ۔۔۔۔۔۔ ایسی فیسیلیٹیز اور عزت کسی اور جوب میں کہاں ملتی ۔۔۔ وہ دولت بے دریغ اپنے ورکرز پر خرچ کرتے تھے لیکن پھر بھی اس میں اضافہ ہی ہو رہا تھا ۔۔۔

Miss Page I Hope U Will Complete This Project In 2 Weeks ......

I Will Do My Level Best Sir..

Good.

وہ سینڈرا سے کہہ کر ابھی مینیجر کی طرف پلٹے ہی تھے کہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سر آپ کی کال ہے گھر سے ۔۔۔۔

ریسپشنسٹ نے آ کر خود انہیں اطلاع دی تو وہ سر کی ہلکی سی جنبش کے ساتھ ریسپشن کی طرف بڑھ گئے ۔۔

ہیلو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جمال بھائی میں بول رہا ہوں عباس ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ہاں بولو عباس ۔۔۔۔۔۔

اپنے ذاتی ملازم کی آواز سن کر بولے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جمال بھائی ایک میم صاحب آئی ہیں ۔۔۔ اور آپ کا پوچھ رہی ہیں ۔۔۔۔۔۔

بڑادو یار تم نے اسے اندر آنے کیوں دیا۔۔۔۔۔۔

وہ جھنجلائے ہوئے لہجے میں عباس پر برس پڑے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تو عباس گھبرا گیا ۔۔۔۔۔

میں نے ٹالنے کی کوشش کی تھی لیکن وہ مان نہیں رہیں تھیں ۔۔۔اور سچی بات تو یہ ہے صاحب میں انہیں اندر آنے سے روک نہیں پایا۔۔ ویسے اپنا نام حوریہ بتا رہی ہیں ۔۔۔۔۔۔۔

وہ اس کے بعد اور کیا بولتا رہا وہ کچھ سن نہ پائے سوائے ایک نام کے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

حوریہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

....................

وائیٹ لیموزین میں بیٹھے وہ اسے خود ڈرائیو کر رہے تھے اور فرنٹ سیٹ پر ڈرائیور حیران پریشان بیٹھا ہوا تھا۔۔ فراٹے بھرتی گاڑی فلیٹ کی طرف رواں

دواں تھی اور پھر تقریباً دس منٹ میں ہی وہ اپنے فلیٹ پہنچ گئے ۔۔۔۔۔۔۔۔ ڈور بیل پر ہاتھ رکھ کر اٹھانا ہی بھول گئے ۔ فوراً ہی عباس نے آ کر دروازہ کھولا تو اس کے سلام کا جواب دیتے ہوئے ڈرائینگ روم کی جانب بڑھ گئے ۔۔۔۔۔ لیکن ڈرائینگ روم خالی تھا ۔۔۔۔۔۔

عباس تم نے اسے روکا کیوں نہیں ۔۔۔۔۔ میرے آنے تک اسے روکے رکھتے

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ غصے میں عباس پر چلا اٹھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

صاحب وہ بالکنی میں ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

عباس کے کہنے پر وہ تیزی سے بالکنی کی طرف بڑھ گئے ۔۔۔۔۔۔۔

..............

دستک کی آواز پر وہ چونکے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ جو اپنے گم گشتہ ماضی میں کھوئے ہوئے تھے حال میں لوٹ آئے ۔۔۔۔۔۔

اندر آ جاؤ عباس ۔۔۔۔۔۔

صاحب آپ ابھی تک جاگ رہے ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ آپ کو ڈاکٹر نے منع کیا ہے نا دیر تک جاگنے سے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ہممممم اچھا کیا وقت ہوا ہے ۔۔۔۔۔۔

چار بج گئے ہیں صاحب ۔۔۔۔ ابھی تھوڑی دیر بعد فجر کی آذان کا وقت ہو جائے گا ۔۔۔۔۔

اوہ ۔۔۔۔۔ اچھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ غائب دماغی سے بولے تھے اس کی بات سن کر ۔۔۔۔

ایسا کرو تم ایک کپ کافی بنا دو ۔۔۔۔۔۔

عباس نے حیرت سے انہیں دیکھا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔

----

عائشہ بی بی ----------

جی ککو کہیے -----------

وہ جی کوئی آیا ہے ---- نام اکبر ماموں بتا رہے ہیں ----------

اکبر ماموں کے نام پر میں چونکی تھی ------

اچھا آپ انہیں بٹھایئے ڈرائنگ روم میں --- میں آتی ہوں ---------

ککو کو ہدایت دیتے ہوئے میں حجاب پہننے لگی ----------

مجھے ویسے ہی اپنے آفس جانے کی جلدی تھی ------ میں کبھی لیٹ نہیں ہوئی تھی

----- اماں بی بھی وقت کی پابند تھیں اور ہمیں بھی وقت کی قدر کی تلقین کرتی تھیں

----- ہر کام وقت پر کرنا جس کا معمول ہو اسے پانچ منٹ کی بھی

دیری.برداشت نہیں ہوتی ۔۔۔ اور یہ اکبر ماموں صبح صبح نا جانے کہاں سے آ گئے تھے ۔۔۔۔۔۔ اماں بی اپنے اس بھائی سے ساری عمر نالاں رہیں تھیں ۔۔ انہیں اپنے تمام بہن بھائی عزیز تھے ۔۔۔ وہ سب بھی اماں بی کا پر تو تھے ۔۔۔۔۔ لیکن یہ اللہ جانے کس پر چلے گئے تھے ۔۔۔۔۔ ایک بھی اچھا گن نہ تھا ان میں ۔۔۔ نانا ابا کے انتقال کے بعد سب سے .بڑا بھائی ہونے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے جائیداد پر قبضہ کر لیا تھا ۔۔ اور باقی بہن بھائیوں کو جائیداد سے بے دخل کر دیا ۔۔۔۔۔ اور اب سالوں بعد انکے اس طرح آنے پر میرا حیران ہونا غلط نہ تھا ۔۔۔۔۔۔

جاری ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

## مشکل راستے قسط ۱۶

اسلام علیکم ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وعلیکم ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔آہ میری بچی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

میں نے ڈرائینگ روم میں داخل ہوتے ہی سلام کیا تو اکبر ماموں نے سلام کا آدھا جواب دیکر زور زور سے عورتوں کی طرح رونا شروع کر دیا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پتہ نہیں کیوں مجھے انکا رونا بڑا بناوٹی سا لگا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ شاید اماں بی نے ان کے فراڈ کی اتنی کہانیاں سنائیں تھیں کہ اب انکا رونا مجھے عجیب سا لگا تھا ۔۔۔۔۔۔ وہ اکیلے نہیں آئے تھے ساتھ میں مامی اور انکے بچے بھی تھے ۔۔۔۔ پورا ٹبر ہی اٹھ کر آگیا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ارے میری بچی ادھر آؤ میرے پاس بیٹھو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہائے ذاکرہ چلے گئی ۔۔۔۔۔۔۔ ہائے میری بہن ۔۔۔۔۔۔ بچیوں کو کس کے سہارے چھوڑ گئی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ سینے پر ہاتھ مار مار کر کہہ رہے تھے اور مامی کا رونا بھی ساتھ میں

جاری تھا۔۔۔ مامی اور اماں بی کی کبھی نہیں بنی تھی۔مامی کا رویہ نانی جان کے ساتھ بھی بہت برا تھا۔۔۔ نانا ابا کے انتقال کے بعد سے وہ انکے ساتھ بڑی بدتمیزی سے پیش آتی تھیں۔۔۔ اور اکبر ماموں کو بیوی کی کوئی بات بھی بری نہیں لگتی تھی۔۔۔۔۔ انکا رویہ بھی کون سا ماں کے ساتھ اچھا تھا۔۔۔ عجیب سا رویہ تھا انکا نانی اماں کے ساتھ۔۔۔۔۔ میرے دیگر ماموں اور اماں بی نے جب یہ سلوک نانی اماں کے ساتھ دیکھا تو انہیں پھر اکبر ماموں کے پاس جانے نہیں دیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میں چپ چاپ پرانی باتیں سوچتے ہوئے ڈرائینگ روم میں داخل ہوئی تھی۔۔۔۔۔۔ اور انکے سامنے والے صوفے پر بیٹھ گئی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جاؤ اس کے پاس بیٹھو۔۔۔۔۔۔۔۔

میرے بیٹھتے ہی اکبر ماموں نے ساتھ بیٹھی مامی کو آہستہ سے کہا تھا۔۔۔۔۔۔۔ جو میرے تیز کانوں نے سن بھی لیا تھا۔ وہ اٹھ کر میرے پاس آ کر بیٹھ گئیں۔۔۔۔۔۔ میں سپاٹ چہرا لئے انہیں اور ان کی فیملی کو دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

اکبر ماموں جو ہونا تھا وہ ہوچکا۔۔۔۔۔۔۔ اللہ سبحان و تعلیٰ سے اماں بی کی مغفرت کی دعا کریں۔۔۔۔۔۔

میں نے آہستہ لہجے میں ان سے کہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ہاں تم ٹھیک کہتی ہو بیٹا۔۔۔۔۔۔۔۔ لیکن تم دونوں تو اکیلی ہو گئیں نا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ بولے تو میں انہیں کیا جواب دیتی ۔۔ خاموشی سے انہیں دیکھنے لگی ۔۔۔۔۔

مجھے تو ہول اٹھتے ہیں ۔۔۔ اکیلی بچیاں اور زمانہ کتنا خراب توبہ توبہ ۔۔۔۔۔۔

مامی پہلی دفعہ بولیں تھیں ۔۔۔۔

مامی ہم اکیلے نہیں رہتیں ککو بھی ہمارے ساتھ ہیں ۔۔۔۔۔۔ اور ویسے بھی الحمدللہ ہم چھوٹی بچیاں تھوڑی ہیں ۔۔۔۔۔

ارے ملازمہ ہے وہ تو۔۔۔۔۔۔ کوئی بڑا تو ہونا چاہئے نا تم لوگوں کے ساتھ ۔۔۔۔۔

ککو کو ہم اور اماں بی نے کبھی بھی نوکر نہیں سمجھا اکبر ماموں ۔۔۔۔۔۔۔۔
ارے واہ تمہارے سمجھنے سے کیا ہوتا ہے۔۔۔۔ تمہیں ایک سرپرست کی ضرورت ہے
۔۔ حیرت ہے کسی نے پلٹ کر تم لوگوں کو دیکھا بھی نہیں۔۔۔۔
نہیں ایسی بات نہیں ہے اکبر ماموں ۔۔۔ شہاب ماموں پاکستان فوراً آ گئے تھے جب یہ حادثہ ہوا تھا۔۔ دیگر ماموں بھی دو ہفتوں کے اندر پاکستان پہنچ گئے تھے۔۔۔۔ سب نے ہی ہمیں اپنے ساتھ لے جانے کی کوشش کی تھی۔۔۔۔ لیکن میں نے منع کر دیا تھا ۔۔۔ میں اپنی اور اپنی بہن کی اچھے سے ٹیک کیئر کر سکتی ہوں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔
مجھے انکی باتوں سے کوفت ہونے لگی تھی ۔۔۔۔۔۔ اماں بی کے ساتھ پیش آنے والے واقع کی اطلاع انہیں بھی دے دی گئی تھی ۔۔۔ لیکن لاہور میں رہتے ہوئے بھی وہ نہیں آئے تھے اور نہ ہی کسی قسم کی تعزیت کی تھی ۔۔۔ اور اب دیگر ماموؤں پر پر نکتہ چینی کر رہے تھے ۔۔ جو ان سے زیادہ ہمارے ہمدرد تھے ۔۔۔
ہاں یہ تم نے اچھا کیا بیٹی جو انکے ساتھ جانے سے منع کر دیا۔۔۔ اب میں

آگیا ہوں نا سب ٹھیک ہو جائے گا۔۔۔۔

وہ بولے تو میں چونکی تھی۔۔۔۔

اچھا اکبر ماموں مجھے آفس کے لئے دیر ہو رہی ہے اور پھر مل بھی جانا ہے۔۔ اس لئے مجھے اجازت دیجیے۔۔۔ اگر میری میٹنگ نہ ہوتی تو رک جاتی لیکن معزرت چاہتی ہوں آپ سب سے۔۔۔ ککو کو کہہ دیا ہے آپ لوگ کھائے پیے بغیر مت جایئے گا۔۔۔۔۔

میں نے ڈھکے چھپے الفاظ میں انہیں کہہ دیا تھا۔۔ایک دم منہ پر کہہ تو نہیں سکتی تھی کہ جناب ہمیں آپ کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔۔۔وہ میری بات سن کر چونکے تھے۔۔۔ لیکن میں سلام کرتے ہوئے نکل گئی تھی۔۔۔ مجھے امید تو تھی کہ وہ میری بات سمجھ جائینگے کے میں بھی اماں بی کی طرح ان سے کسی قسم کا بھی تعلق نہیں رکھنا چاہتی

۔۔۔۔۔

..............................

وہ خاموش اپنی لائبریری میں بیٹھے ہوئے تھے۔۔۔ عباس کی آمد سے وہ ماضی کی

یادوں سے نکل تو آئے تھے لیکن وہ لڑکی انہیں مستقل یاد آرہی تھی ۔۔۔۔ جس نے انہیں پریشان کر دیا تھا ۔۔۔ جس کی وجہ سے پرانے زخم پھر سے تازہ ہو گئے تھے ۔۔۔۔

جمال بھائی ۔۔۔

ہاں بولو ۔۔۔۔

دل چھوٹا نہ کریں ۔۔ اللہ نے چاہا تو سب ٹھیک ہو جائے گا ۔۔۔

عباس کی بات پر چونک کر اسے دیکھا تھا ۔۔۔۔۔ پھر مسکرائے تھے ۔۔۔ ایک زخمی سی مسکراہٹ تھی انکی ۔۔۔۔۔

تم نہیں جانتے عباس میں کس کرب سے گزر رہا ہوں ۔۔۔ دنیا کے سامنے میں ایک کامیاب ترین آدمی ہوں ۔۔۔۔ ہنہ ۔۔۔ لیکن ۔۔۔ تم جانتے ہو مجھ جیسا مفلس اس دنیا میں کوئی نہیں ۔۔۔۔۔

عباس کیا جواب دیتا خاموش اور دکھی دل سے انہیں دیکھے گیا ۔۔۔۔۔۔۔

صاحب ۔۔ شبیر صاحب آ گئے ہیں ۔۔۔

انہیں یہاں لے آ ؤ خان ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جی بہت بہتر ۔۔۔۔

دوسرے ملازم نے جب آ کر شبیر صاحب کے آنے کی اطلاع انہیں دی ۔۔۔۔ تو وہ اسے ہدایت دیتے ہوئے اٹھ کھڑے ہوئے اور اس.ٹری سی Curve ٹیبل کی طرف.ٹرھ گئے جس پر چند کاغذات اور چھوٹا سا جدید لیپ ٹاپ رکھا ہوا تھا۔۔۔۔۔

اسلام علیکم سر۔۔۔

وعلیکم اسلام ۔۔۔ تشریف رکھئے ۔۔۔۔۔

وہ ٹیبل کی.ٹری سی کرسی پر بیٹھتے ہوئے انہیں دوسری طرف رکھی دو کرسیوں میں سے ایک پر بیٹھنے کا اشارہ کیا تھا۔۔

سر ہم نے اس لڑکی کا پتہ لگا لیا ہے۔۔۔۔۔

انکی بات سن کر وہ چونکے تھے۔۔۔ اور ہلکی سی امید کی چمک ان کے چہرے پر لہرائی تھی

۔۔۔۔۔ شبیر صاحب نے ایک لفافہ اٹھ کرانکی طرف بڑھایا تھا۔۔۔ انہوں نے بیتابی

سے کھول کر دیکھا تو اس لڑکی کا پورا شجرہ نسب اس میں موجود تھا۔۔۔۔ دھیمے سے اس

کا نام پڑھا تھا انہوں نے۔۔۔۔۔

عائشہ دانیا علی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جاری ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

# مشکل راستے قسط ۱۷

ابھی میٹنگ کے بعد میں مل جانے کے لئے نکلی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔آدھا راستہ بھی
طے نہیں ہوا تھا کہ Cell Phone نے بجنا شروع کر دیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ یہ ایک
مخصوص ٹیون تھی جو میں نے اماں بی اور سنئیہ کے لئے رکھی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔
جوں ہی سیل آن کرکے دیکھا تو سنئیہ کا ٹیکسٹ میسج آیا ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔
پلیز عائشہ فوراً گھر پہنچو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔I'm Waiting

..........................

اس کا میسج پڑھ کر میں پریشان ہو گئی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔
عبدل بھائی ۔۔۔۔۔۔آپ گاڑی گھر کی طرف موڑلیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔
جی بی بی جی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔
ڈرائیور کو کہہ کر میں تفکرات میں گھر گئی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سنئیہ نے کبھی اس

طرح مجھے ٹیکسڈ نہیں کیا تھا۔۔۔۔۔۔۔ پتہ نہیں کیا بات تھی جو وہ ڈائیریکٹ کال کرنے کی بجائے مجھے گھر پر آنے کا کہہ رہی تھی ۔۔۔۔۔۔ وہ بھی ٹیکسڈ میسج کے ذریعے ۔۔۔ بار بار اکبر ماموں کا بھی خیال آ رہا تھا لیکن جس طرح میں ان کے ساتھ پیش آئی تھی میرا خیال تھا وہ رکنے کا سوچینگے بھی نہیں ۔۔۔۔۔۔ تقریباً آدھے گھنٹے بعد میں گھر پہنچ گئی ۔۔۔۔۔۔۔ گاڑی جیسے ہی گیٹ کھلنے پر اندر پورچ میں داخل ہوئی ۔۔۔۔۔۔۔۔ گھر کے چھوٹے سے باغ میں ٹہلتی سنئیہ مجھے نظر آ گئی ۔۔۔۔۔۔۔ اس کی باڈی لینگویج سے ہی پتہ چل رہا تھا کہ وہ پریشان ہے ۔۔۔۔۔۔ جب بھی وہ پریشان ہوتی تو باغ میں یا چھت پر ٹہلنا شروع کر دیتی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔

اسلام علیکم ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وعلیکم اسلام ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اوہ خدا کا شکر ہے تم آ گئیں عائیشہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

بات کیا ہے سنئیہ ۔۔۔۔۔۔۔ تم اتنی پریشان کیوں ہو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ششششش ! اندر چلو اور خود ہی دیکھ لو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

میرے پوچھنے پر اس نے شہادت کی انگلی ہونٹوں پر رکھ کر مجھے خاموش رہنے کا اشارہ کیا اور بہت آہستہ سے اندر چلنے کو کہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میں حیران پریشان اس کے پیچھے گھر کے اندر داخل ہوئی تھی ۔۔۔۔۔ اور حیرت سے لاؤنج میں بیٹھے اکبر ماموں اور ان کی فیملی کو دیکھا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ مزے سے بیٹھے چائے اور دیگر لوازمات سے لطف اندوز ہو رہے تھے ۔۔۔ انکے بیٹے کی نظر پہلے پڑی تھی مجھ پر۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اسلام علیکم ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اوہ وعلیکم اسلام ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ بیٹی آگئیں تم ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اکبر ماموں نے صوفے پر سے گردن گھما کر میری طرف دیکھا تھا۔۔۔۔ اور بڑے لگاوٹی انداز میں کہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جی اکبر ماموں ۔۔ لیکن آپ ابھی تک گئے نہیں ۔۔۔ میں سمجھی تھی آپ جا چکے ہونگے ۔۔۔۔ بھئی سنئیہ تم بھی حد کرتی ہو۔۔

مجھے کال کرکے بتا دیتیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اکبر ماموں کا رات تک رکنے کا پروگرام ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تو میں کچھ ساتھ میں لے آتی ۔۔۔۔۔۔

ان کو ابھی تک اپنے گھر میں دیکھ کر مجھے الجھن سی ہونے لگی تھی ۔۔۔۔۔۔۔

ارے بیٹا ہم مہمان تھوڑی ہیں کہ تم ہماری خاطریں کرو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

انکی بات سن کر میں چونکی تھی ۔۔۔۔۔۔۔ وہ بات کہہ کر بڑے غور سے میری طرف دیکھ رہے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آؤ تم بھی لونا ۔۔۔۔۔ یہ ککو تو بھئی بڑا اچھا پکوان کرتی ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

مامی اسپرنگ رول کھاتے ہوئے بولیں تھیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

شکریہ آپ لوگ انجوائے کریں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میرے سر میں درد ہو رہا ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سنئیہ ذرا میرے ساتھ آنا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ہم دونو اپنے مشترکہ کمرے میں آگئیں تھیں ۔۔۔۔۔ میں نے دروازہ لاکڈ کر دیا ۔۔۔۔۔۔ پیچھے پلٹ کر دیکھا تو سنئیہ میرے بیڈ پر اپنا سر پکڑے بیٹھی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

تم نے دیکھا عائیشہ کس ڈھٹائی سے وہ یہاں براجمان ہیں۔ اماں بی کی زندگی میں تو کبھی
ہمت نہیں ہوئی اکبر ماموں کی۔۔ لیکن اب دیکھو ہمیں آکیلا دیکھ کر کس طرح محبت جاگی
ہے۔۔۔۔۔۔ حد ہے منافقت کی بھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ یونہی سر پکڑے غصے سے بولے جارہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اچھا تم اب ٹینشن تو نہ لو سنئیہ۔۔۔ ہو سکتا ہے اتنی جلدی جانے کا پروگرام نہ ہو
۔۔۔۔۔۔۔۔ تین چار روز میں چلے جائینگے۔۔۔۔۔

ہاں ہاں۔۔۔۔۔ تین چار روز میں چلے جائینگے۔۔۔۔۔ تم نے ان کا سامان دیکھا نہیں
ہے۔۔۔۔ ایسا لگتا ہے ہجرت کر آئے ہیں لاہور سے یا پھر لاہوریوں کی برداشت جواب
دے گئی۔۔۔۔۔۔ اس لئے کراچی بدر کر دیا ہے انہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور انکے تینوں
بیٹے اور اکلوتی نازا پلی بیٹی کو دیکھا ہے تم نے۔۔۔۔۔ ایک دم لوفر چچورے
۔۔۔۔ انگریزی کی ٹانگیں توڑتے رہتے ہیں ہر Americanized ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔
وقت۔۔۔۔۔۔۔۔ اور بیٹی محترمہ بولی وڈ کی فلاپ فلم کی ہیروئین لگتی ہیں
۔۔۔۔۔۔۔۔۔

میں جو تھوڑی پریشان ہو گئی تھی اس کی بات سن کر مسکرانے لگی تھی ۔۔ بے ساختگی اور برجستگی سنئیہ پر ختم تھی ۔۔۔ وہ ہمارے اس چھوٹے سے آشیانے کی بلبل تھی جو ہر دم دم چہکتی رہتی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اچھا چلو ایک دو ہفتے دیکھتے ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔ پھر اگر نہ گئے تو شہاب ماموں سے بات کرنا پڑیگی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ایک دو ہفتے ۔ خدا کو مانو عائیشہ بی بی ۔۔۔۔۔۔ ایک گھنٹا بھی ان لوگوں کے ساتھ گزارنا مشکل لگ رہا ہے ۔۔۔ اور تم ہفتوں کی بات کر رہی ہو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ مجھ پر چلا اٹھی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔

لیکن ان سے ڈایریکٹ بول بھی تو نہیں سکتے نا کہ جناب آپ اپنے گھر لوٹ جایئے ۔۔۔ ہم آپ کو مزید برداشت نہیں کر سکتے ۔۔۔۔ کچھ بھی کہو وہ اماں بی کے بھائی ہیں ۔۔۔۔۔۔۔ اور وہ بھی بڑے بھائی ۔۔۔۔۔۔۔۔

ہاں بڑے اچھے بھائی ہیں ۔۔۔۔ تا جو بھئی کہو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ بھائیوں اور بہنوں کا حصہ بھی ہڑپ کر گئے ۔۔۔۔۔۔۔ اور اب اماں بی کی جائیداد ہڑپ کرنے چلے آئے

ہیں ۔۔۔۔۔۔ ہنہ ۔۔۔۔۔۔۔

وہ سخت غصے میں تھی ۔۔۔۔۔۔ اور تیش کے عالم میں دل کی بھڑاس نکال رہی تھی ۔۔ یہ سچ تھا اماں بی کے خاندان میں اکبر ماموں کو کوئی بھی اچھا نہیں سمجھتا تھا ۔۔۔ بابا جانی کو بھی دھوکا دیا تھا کاروبار میں ۔۔۔اور تقریباً ایک کڑوڑ روپے ہتھیا لئے تھے ۔۔۔۔ مانگنے پر نہایت بد تمیزی سے پیش آئے تھے ۔۔۔۔۔ بابا جانی شریف النفس تھے چپ ہو رہے ۔۔۔ لیکن اماں بی نے سارے رشتے توڑ ڈالے تھے ۔۔۔۔۔۔ بھائیوں سے خود ناتا توڑ لیا تھا اکبر ماموں نے رہ گئیں تھیں اماں بی اور خالہ اماں تو وہ بھی رشتہ ختم ہو گیا ۔۔۔۔۔ پیسے کی خاطر کسی بھی حد تک وہ جا سکتے تھے اور یہی بات مجھے کھل رہی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔

...................................

اللہ اکبر ۔۔۔۔۔ اللہ اکبر ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اشہد ان لا الہ الا اللہ ۔۔۔۔۔۔۔ اشہد ان لا الہ الا اللہ

اشہد ان محمد ارسول اللہ ۔۔۔۔۔ اشہد ان محمد ارسول اللہ

خانہ کعبہ کی فضا فجر کی آذان سے گونج اٹھی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ تواف کا ساتواں چکر ختم کرکے عورتوں کی پچھلی صف میں جاکر کھڑی ہو گئیں ۔۔۔۔ فجر کی نماز باجماعت پڑھ کراب دعا مانگ رہی تھیں ۔۔۔۔ ہاتھ پھیلے ہوئے بارگاہ الٰہی میں ۔ سر سے پیر تک وہ حجاب میں تھیں ۔۔۔۔۔ صرف کالی سیاہ بڑی بڑی بادامی آنکھیں نظر آرہی تھیں ۔۔۔۔ جو آنسوؤں سے لبریز تھیں ۔۔۔۔ وہ اپنے مالک سے ناجانے کیا مانگ رہی تھیں ۔۔۔ نہایت دھیمی سسکیاں تھیں جو پاس بیٹھی خاطون بھی بڑی مشکل سے سن پا رہی تھیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ حرم میں بہت کم رش تھا اس وقت ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ دعا مانگ کر اب وہ پر سکون انداز میں بیٹھ گئیں ۔۔۔ اچانک ایک چھوٹے بچے کو سامنے سے آتا دیکھ کر چونکی تھیں ۔۔۔۔۔ جو سیدھا انہی کی طرف آرہا تھا ۔۔۔ اسے دیکھ کر ایک دم اُٹھ کھڑی ہوئیں ۔۔

اور عورتوں کی صفوں سے نکل کر بچے کی طرف آہستہ قدموں سے چل پڑیں ۔۔۔ بچہ انہیں اپنی طرف آتا دیکھ کر پلٹ کر چلنے لگا ۔۔۔۔ دونوں ہی کی رفتار دھیمی تھی ۔۔۔۔۔۔ پھر وہ دونوں آگے پیچھے چلتے ہوئے مسجد کے ایک خاموش گوشے میں آگئے تھے ۔۔۔۔ بچہ ایک جگہ بیٹھ گیا تو وہ بھی قدرے فاصلے پر بیٹھ گئیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اسلام علیکم ۔۔۔۔ فاطمہ بی بی ۔۔۔۔۔۔۔

وعلیکم اسلام میاں جی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جی فرمایئے کیسے آنا ہوا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کراچی میں سب ٹھیک ہے نا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہی بتانے آیا ہوں فاطمہ بی بی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

بظاہر وہ چار سال کی عمر کا لگ رہا تھا۔۔۔۔ لیکن آواز مردانہ تھی ۔۔۔۔۔۔ جو اس معصوم بچے کی نہیں ہو سکتی تھی ۔۔۔۔۔

ہمممم ۔۔۔۔ کیا خبر لائے ہیں آپ ۔۔۔۔۔۔

فاطمہ بی بی نے ایک گھرا سانس لیا اور بیتابی سے پوچھنے لگیں ۔۔۔۔۔

گھیرا عائشہ بی بی کی چاروں طرف تنگ ہو رہا ہے فاطمہ بی بی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میرے خیال میں اب وقت آگیا ہے کہ انہیں بتا دیا جائے کے اصل حقیقت کیا ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اسی کی اجازت لینے آیا ہوں بی بی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

فاطمہ بی بی چونکی تھیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ٹھیک ہے جو آپ بہتر سمجھیں ۔۔۔۔۔ اللہ اس کی حفاظت کرے آمین ۔۔۔۔

آمین ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

انکی بات سن کر بچے نے بس اتنا ہی کہا اور اس کا وجود ہوا میں تحلیل (غائب ) ہوگیا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جاری ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

# مشکل راستے قسط ۱۸

دوسری منزل کے تینوں کمرے اکبر ماموں اور ان کی فیملی کو رہنے کے لئے دے دئے تھے ۔۔۔۔۔۔ ایک ہفتے میں ہی میں سنئیہ اور بیچاری ککو بھی بے انتہا عاجز آچکی تھیں ۔۔۔۔۔۔۔۔ اور دل سے چاہتے تھے ہم سب کہ وہ واپس اپنے شہر چلے جائیں لیکن وہ ٹس سے مس نہیں ہورہے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ایک ہفتہ تو نہایت تمیز سے سب رہے لیکن اب ہر معاملے میں ٹانگ اڑانا شروع کردی ۔۔۔۔۔۔ اس دن بھی جب میں آفس کے لئے جانے کو نکلی تب اکبر ماموں کو گاڑی کے پاس کھڑے دیکھ کر چونک گئ تھی ۔۔۔۔۔۔۔

اسلام علیکم ۔۔۔۔۔۔۔۔ اکبر ماموں آپ اس وقت ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ بہت جلدی اٹھ گئے آپ ۔۔۔۔

وعلیکم اسلام ۔۔۔۔۔۔ ہاں بھئی میں نے سوچا آج تمہارے ساتھ آفس جایا جائے اور دیکھوں ہماری بیٹی کیسے اکیلے سنبھال رہی ہے یہ سب کچھ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ بڑے لگاوٹی انداز میں بولے تھے مجھ سے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور میرا کوفت کے مارے برا حال تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔ میں جانتی تھی وہ کیوں جانا چاہتے ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ لیکن منع کرنا میرے لئے مشکل تھا آخر کو وہ ہمارے بڑے تھے ۔۔۔ خیر میں چپ چاپ ان کے ساتھ گاڑی میں بیٹھ گئی ۔۔ میں ہمیشہ آفس اپنے اسٹاف کے آنے سے پہلے پہنچ جاتی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور یہی روٹین اماں بی کا بھی تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔

ایک چھوٹا سا کیفے ٹیریا آفس کی بلڈنگ میں ہی فرسٹ فلور پر تھا جسے یاسمیں نامی ایک بیوہ چلا رہی تھیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جو میرے آنے سے پہلے ہی کھل جاتا تھا ۔۔۔۔۔۔ اور صبح کی چائے میں یاسمیں آپا کے اسی کیفے ٹیریا سے پیتی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جو وہ خود میرے لئے بناتی تھیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اماں بی کی بچپن کی دوست تھیں ۔۔۔ شوہر کے انتقال کے بعد جب حالات خراب ہوئے تب انکے بیٹے کو اکاؤنٹ ڈپارٹمنٹ میں اکاؤنٹنٹ کی جاب اماں بی نے نا صرف دی بلکہ یاسمیں اپا کو کیفے ٹیریا بھی کھول کر دے دیا ۔۔۔۔۔۔۔ بہت ہی شریف اور نیک خاندان تھا یاسمیں اپا کا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ خود بھی بڑی خودار اور نیک تھیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ان کا بیٹا ابراہیم بھی بہت نیک اور محنتی لڑکا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ صرف بی کام کیا تھا اس نے ۔۔۔۔۔ اماں بی کے کہنے پر اب ایم بی اے کی ایوننگ کلاسز لے

رہا تھا۔۔۔ ہونہار لڑکا تھا۔۔۔۔۔ آگے اس کا فیوچر بہت برائٹ تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ یہ وہ لوگ تھے جنھیں زیادہ کی حرص نہیں ہوتی ہر حال میں اللہ کا شکر ادا کرتے نہیں تھکتے

۔۔۔۔۔۔

یاسمین آپا اسلام علیکم۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پلیز دو کپ چائے بجھوا دیں

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

انٹر کام پر یاسمین آپا کو کہہ کر میں ایک فائل کھول کر بیٹھ گئی۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اکبر ماموں میرے کیبن کا جائزہ لے رہے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔

میری ایک بات سمجھ میں نہیں آتی آفس اتنا شاندار مگر گھر نارتھ ناظم آباد میں ۔۔۔۔۔۔ وہ بھی چار سو گز کا چھوٹا سا۔۔۔۔۔

اکبر ماموں۔۔۔۔۔ یہ گھر دادا جان نے بہت پیار سے بنایا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔ بابا جانی اور اماں بی کو بھی بہت عزیز تھا۔۔۔۔۔۔۔۔ اور ہمارے لئے اسے چھوڑنا ناممکن ہے

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

میں بولی تو وہ عجیب انداز میں ہنسنے لگے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پتہ نہیں کیوں مجھے ان

کی ہنسی نہایت مکروہ سی لگی ۔۔۔۔۔۔۔۔
زاکرہ شروع سے ہی ایسی ہی تھی اور شوہر بھی اسے اسی کی طرح ملا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔
مجھے تو کبھی ان دونوں کی سمجھ نہیں آئی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔
اکبر ماموں آپ کا بزنس کیسا جا رہا ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ غالباً آپ کی سمنٹ فیکٹری ہے
وہاں لاہور میں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔
اوہ ہاں بہت اچھا جا رہا ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔
اچھا آپ کے یہاں آنے پر وہاں کچھ پرابلم تو نہیں ہو گی ۔۔۔۔۔۔۔
ہاں ہو گی تو لیکن تم لوگوں کو چھوڑ کر اب میں واپس جانے سے تو رہا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔
میں جو فائل دیکھتے ہوئے بات کر رہی تھی ان سے ۔۔۔۔۔۔ ان کی بات پر ایک دم سر
اٹھا کر انہیں دیکھا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آپ ہماری فکر مت کریں میں گھر بھی اچھے سے دیکھ سکتی ہوں اور مل اور آفس کو بھی

--------------

پہلی بار میں نے لگی لپٹی رکھے بغیر بات کی تھی ان سے ----------- وہ میری بات پر طنزیہ انداز میں مجھے دیکھنے لگے ---------

میں تمہارا بڑا ہوں تمہاری ماں کا بڑا بھائی جو مجھے بہتر لگے گا وہی کرونگا ------

میں ہلکی سی مسکراہٹ کے ساتھ انہیں دیکھا تھا -- ایک چیلنجنگ مسکراہٹ کے ساتھ کہ دیکھتے ہیں کے آپ کب تک اپنی بات پر قائم رہ پائینگے ----------

وہ مجھے دیکھ رہے تھے عجیب سے کڑے تیوروں کے ساتھ ------------ بہر حال

پورا اسٹاف آچکا تھا ----- مس شانزے میری پرسنل سیکٹری بھی آچکی تھی -------

اور وہ مجھے دوپہر کی میٹنگ کے بارے میں بتا رہی تھی -----------

میم کچھ انٹرویوز بھی جو کل ہوئے تھے ان کو بھی آج میٹنگ میں ڈسکس کیا جانا ہے

------- اور میم ہم نے جو آفر کی تھی دبائی کے شاپنگ پلازہ کی ----

وہ ڈیل بھی ڈن ہو گئی ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ہمم گڈ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ شانزے آپ ایسا کریں صمد صاحب کو کال کریں دبائی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ افروز صاحب انہیں وہاں جوائین کر لینگے ۔۔۔۔۔۔۔۔

اور افروز صاحب کو میرے کیبن میں بھیج دیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور ہاں یہ فیکس کر دیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

میں نے کچھ کاغذات بڑھاتے ہوئے شانزے کو ہدایت کی تھی

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جی بہت بہتر میم ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ کیبن سے باہر چلے گئی ۔۔۔۔۔۔۔۔

اکبر ماموں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ آپ کو عبدل بھائی گھر ڈراپ کر دینگے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

میں تو ابھی بزی ہوں شام تک واپسی ہو گی میری ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

نہیں میں تمہارے ساتھ ہی جاؤنگا گھر ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آئی ایم ساری اکبر ماموں ۔۔۔۔ آئی ایم ویری بزی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ عبدل بھائی آپ

کو ڈراپ کر دینگے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

میں نے جب سپاٹ لہجے میں کہا تو انہوں نے چونک کر مجھے دیکھا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔ میرے تیور انہیں خطرناک لگے تھے شائد اسی لئے چپ چاپ سر ہلا دیا تھا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ سارا راستہ عائشہ کو زیر کرنے اور اپنی بھانجیوں کی جاداد کو اپنے قبضے میں کرنے کی پلاننگ کرتے رہے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ان کی راہ میں سب سے بڑا کانٹا عائشہ ہی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔ گھر پہنچ کر وہ سیدھا اوپر کے کمرے میں چلے گئے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سارا وقت سگریٹ پھونکتے اور ترکیبیں سوچنے میں لگا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔

کیا بات ہے اکبر آپ جلدی آ گئے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ہاں کچھ نہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تمہارے وہ تینوں بیٹے کہاں ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ارے کیا وہ آپ کی اولاد نہیں ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اچھا زیادہ چیڑ چیڑ مت کرو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ان سب کو بلاؤ ادھر۔۔۔۔۔ کچھ اہم بات کرنی ہے مجھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

زرینہ بیگم چڑ کر بولیں تو جھنجھلائے ہوئے انداز میں بولے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ ان کا خراب موڈ دیکھ کر تیزی سے باہر نکل گئیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

تینوں جب کمرے میں ماں کے ساتھ پہنچے تب اکبر خان نے دروازہ بڑھ کر لوکڈ کر لیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور پلٹ کر بیوی اور تینوں سپوتوں کو دیکھنے لگے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ڈیڈ آخر ہوا کیا ہے آپ نے اتنی جلدی کیوں اٹھا دیا ہمیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ہاں بس تم سونے اور بیکار کے خواب دیکھنے میں وقت برباد کرو۔۔۔ لیکن میں ایسا نہیں کرسکتا اور نہ تمہیں ایسا کرنے دونگا۔۔

وہ غصے سے بولے تھے چھوٹے بیٹے زاہد کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اچھا آپ غصہ نہ کریں اور بتائیں بات کیا ہے آخر ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

میں شاہد اور ماجد کا رشتہ طے کر رہا ہوں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

واٹ ڈیڈ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

مومی عرف ماجد صاحب چلا اٹھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

لیکن کس سے ۔۔۔۔۔۔

عائشہ اور سنئیہ سے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

زرینہ بیگم بولیں ۔۔۔ تو وہ تیسرا سگریٹ لائیٹر سے سلگاتے ہوئے بولے تھے

۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کیا وہ مان جائینگیں ؟

دونوں اکیلی ہیں زری ۔۔۔۔۔۔۔ اور چاہے وہ عائشہ جتنی بھی نڈر اور بولڈ نظر آنے کی کوشش کرتی ہو ۔۔۔ ہے تو آخر ایک کمزور لڑکی ہی نا ۔۔۔۔۔۔۔۔ ابھی ڈیڑھ دو سال ہی ہوئے ہیں آفس جوائین کئے ہوئے اسے ۔۔۔۔۔ پہلے سیدھے طریقے سے بات کرونگا اگر نہ مانی تو دوسرے طریقے سے بات منوانا میرے لئے کچھ مشکل نہیں ہے

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

واؤ ڈیڈ اگر ایسا ہو گیا تو کتنا اچھا ہو گا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ دونوں بہنیں بے انتہا خوبصورت ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ عائشہ تو اس دنیا کی لگتی بھی نہیں ۔۔ میں تو شادی اسی سے کرونگا

۔۔۔۔۔۔۔۔

مومی بولا تو شاہد تلملا اٹھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ لیکن تھوڑا ماں باپ کا لحاظ تھا چپ ہو رہا ۔۔۔۔

واہ ابھی شادی ہوئی نہیں اور دیکھو ابھی سے جورو کا غلام بننے کو چلا ہے

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ عائشہ سے شادی شیری (شاہد) کی ہوگی ۔۔۔ کیوں کہ وہ تم سے بڑا ہے سمجھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ غصے سے بولیں تھیں تو اکبر نے بھی بیوی کی تائید میں سر ہلا دیا تھا

-------------

وہ یہ سب باتیں بند کمرے میں کر رہے تھے ------------۔ کیونکہ وہ دونوں بہنیں ابھی گھر نہیں لوٹیں تھیں ------۔ اس لئے ان کے اصل عزائم کی کسی کو خبر لگنے کے چانسز بالکل نہیں تھے ------------۔ اس لئے وہ بے فکر ہو کر کھل کر اپنا پلان اپنے بیٹوں اور بیوی کو سمجھانے لگے تھے -----------۔ لیکن وہ نہیں جانتے تھے کہ ایک اور وجود بھی ہے جو اس وقت اس کمرے کے ایک کونے میں کھڑا ان کی باتیں سن رہا تھا ---------۔ جو انہیں دکھائی نہیں دے سکتا تھا مگر وہ ان پر اول وقت سے کڑی نظر رکھے ہوئے تھا ----------

جاری ہے ------------------------

# مشکل راستے قسط ۱۹

شام کے چھے بجے جب میں گھر پہنچی تب گھر میں گکو کو کھولو کے بیل کی طرح کام میں جٹے ہوئے دیکھ کر سخت افسوس ہوا۔ ہم ان سے کبھی بھی اتنا کام نہیں لیتے تھے ۔۔۔۔۔۔۔ اگر گھر میں ہوں تو اکثر میں یا سنئیہ ان کا ہاتھ بٹاتی تھیں ۔۔۔۔۔۔۔ لیکن جب سے اکبر ماموں اور ان کا خاندان ہمارے گھر زبردستی مہمان بلائے جان بن کر آئے تھے تب سے گکو کو ایک منٹ بھی آرام کا نہیں مل رہا تھا۔۔ عجیب سا رویہ تھا ان سب کا گکو کے ساتھ ۔۔۔۔۔ جیسے وہ ان کی زر خرید غلام ہوں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سنئیہ اور مجھے ان کے رویے پر کوفت اور بے انتہا غصہ تھا لیکن مروت کے ہاتھوں ہم دونوں خاموش تھیں ۔۔۔۔ اوپر سے ان کے تینوں بیٹوں کی حرکتیں.برداشت کرنا مشکل ہوگیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ان کے دیکھنے کا انداز انتہائی واہیات تھا۔۔۔۔۔۔۔ ہم دونوں سے بلاوجہ فری ہونے کی کوشش کرتے تھے ۔۔۔۔۔۔ ہم دونوں حجاب لیتی تھیں ۔۔۔۔۔ کبھی نامحرم کے سامنے حجاب کے بغیر نہیں آتی تھیں ۔۔۔۔۔۔ اور اب اکبر ماموں کے صاحبزادوں کی وجہ سے مستقل گھر میں بھی حجاب لئے رہتیں تھیں ۔۔۔۔۔۔۔۔ ہم تینوں صبح فجر پر اٹھ جاتی تھیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ نماز کے بعد قرآن پاک کی تلاوت روز کا معمول تھا۔۔۔۔۔ لیکن مجھے حیرت اکبر ماموں پر ہوتی تھی نہ وہ خود نماز پڑھتے تھے اور نا ہی مامی اور ان کے

بچے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ اماں بی اور اپنے بہن بھائیوں سے بالکل مختلف طرز زنگی
اپنائے ہوئے تھے۔۔۔۔ صبح ان سب کی دس بجے سے پہلے نہیں ہوتی تھی
۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تیز آواز میں گانے سننا اور بے ہودہ انڈین اور انگلش موویز دیکھنا
ان کے بچوں کا روز کا معمول تھا۔۔۔۔ ان دو ہفتوں میں ہی مجھے اندازہ ہوگیا تھا کے
پوری فیملی ہی بے انتہا لالچی اور خود غرض تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔ خود بھی ایک دوسرے کے
ساتھ مخلص نہیں تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ایک دوسرے کی کاٹ میں لگے رہتے تھے

۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وعلیکم اسلام۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ بی بی جی آگئیں آپ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آپ کو کتنی دفعہ کہا ہے مجھے بی بی جی نہ کہاں کریں۔۔۔۔۔۔۔۔۔ نام سے پکارا کریں

۔۔۔۔۔۔۔۔۔

عادت سی ہو گئی ہے بیٹا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اب عادت کو بدل دین آپ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

میں نے محبت سے ان کے کاندھے پر ہاتھ رکھ کر انہیں کہا تو وہ مسکرا دیں مگر

بولی کچھ نہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ارے آگئیں تم ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اسلام علیکم مامی۔۔۔۔۔۔۔

وعلیکم وعلیکم ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

مامی کو آتا دیکھ کر ککو خاموشی سے کچن میں چلے گئیں ۔۔۔۔۔

آج میں نے ککو سے کہہ کر بہاری کباب قورمہ اور بریانی بنوائی ہے

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

مامی ہمیں روز اتنے ہیوی کھانے کھانے کی عادت نہیں ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور ویسے بھی ککو کی تبعیت آج کل ٹھیک نہیں رہتی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ انہیں ہائی بلڈ پریشر رہتا ہے

۔۔۔۔۔۔۔۔۔

تو کیا ہوا نوکر ہے وہ آخر تنخواہ کیا آرام کے لئے لیتی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ کمر پر ہاتھ رکھ کر نخوت سے بولیں تو مجھے شدید غصے آگیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

معاف کیجئے گا مامی میں پہلے بھی آپ سے کہہ چکی ہوں وہ ہماری بزرگ ہیں

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ان کے بارے میں اس طرح سے بات نہ کیا کریں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

یہ تم کس طرح سے بات کر رہی ہو اپنی مامی سے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اکبر ماموں کی تیز آواز پر میں نے پلٹ کر دیکھا تو وہ خونخوار انداز میں مجھے گھور رہے تھے

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

میں نے ان سے کوئی بد تمیزی نہیں کی ہے اکبر ماموں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ صرف یہ کہا ہے

کہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

خبردار جو مجھ سے اونچی آواز میں بات کی تو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ چیخے تھے۔۔۔۔ حالانکہ میں نے نارمل اور قدرے دھیمے لہجے میں ان سے کہنا چاہا تھا مگر شائد وہ موقع کی تلاش میں تھے۔۔۔۔ اس لئے بات کا بتنگڑ بنا

رہے تھے ۔۔۔۔۔۔ ان کی چیخ پکار پر سنئیہ کو اور ان کے بچے بھی لونگ روم میں آ گئے تھے ۔۔۔۔

یہ آپ کس انداز میں میری بہن سے بات کر رہے ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

چپ رہو لڑکی ۔۔۔۔۔۔۔

سنئیہ غصے سے بولی تو مامی بھی جاہل عورتوں کی طرح آستینیں چڑھا کر بولیں

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آپ مہمان ہیں اکبر ماموں یہاں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مجھے مجبور مت کیجئے کہ میں آپ سے بدتمیزی پر اتر آئوں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اچھا تو تم مجھے بتاؤ گی کہ تمیز کیا ہوتی ہے ۔۔۔ اور میں کوئی مہمان نہیں ہوں ۔۔۔۔۔

اس گھر پر میرا بھی اتنا ہی حق ہے جتنا کے تمہارا سمجھی ۔۔۔۔۔ یہ میری بہن کا گھر ہے اور اس میں میرا بھی حصہ ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کس شرعی حیثیت سے ماموں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ یہ جائیداد اماں بی کی بھی نہیں ہے ۔۔۔

میرے بابا جانی کی ملکیت ہے۔۔۔۔۔آپ کا حصہ کہاں سے بنتا ہے۔۔۔۔۔۔۔اور جہاں تک مجھے معلوم ہے آپ کا دور دور تک ان کے ساتھ کوئی تعلق نہیں بنتا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

تو اب بن جائے گا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ خباثت سے مسکرائے تھے اور شیری کو اشارہ کیا تھا جو میرے پیچھے کھڑا تھا۔۔۔۔

کیا مطلب ہے آپ کا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ابھی پتا چل جائے گا تمہں تھوڑا انتظار تو کرو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

مامی بولیں تھیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

میں جب تک ان کی بات سمجھ پاتی مامی اور ان کے دونوں بیٹوں نے ہم تینوں کو اپنی گرفت میں لے لیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

یہ کیا بد تمیزی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ چھوڑو سنئیہ کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ماجد کو سنئیہ کو پکڑتے ہوئے دیکھ کر میں چلائی تھی۔۔۔۔۔۔۔ مامی نے مجھے پکڑا ہوا تھا وہ لحیم شحیم خاتون تھیں اور میں دھان پان سی لڑکی۔۔۔۔۔۔۔ ان کی گرفت بھی بہت سخت تھی شیری نے ہمارے پیچھے مین ڈور لاکڈ کردیا تھا۔۔۔اور ذوبی انکی بیٹی نے تمام کھڑکیاں پردوں سے ڈھک دیں۔۔۔۔ اور فل والیوم میں سی ڈی پلیئر آن کردیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور پھر ہم تینوں کو اس چھوٹی سی ساؤنڈ پروف لائیبریری میں بند کردیا۔۔۔۔۔۔۔۔

سنئیہ اور گکو خوف سے رونے لگیں تھیں۔۔۔۔۔۔ اور میرا غم اور غصے سے برا حال تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہم تینوں پر ہی سکتے کی سی کیفیت طاری ہوگئ تھی۔۔۔۔ یقین ہی نہیں ہو رہا تھا کہ اس طرح کے حالات ہمارے ساتھ بھی پیش آسکتے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کوئی ہمارے اپنے ہی گھر میں ہمیں قید بھی کرسکتا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اگر مجھے پتہ ہوتا پہلے سے ہی کے اکبر ماموں ایسا کرینگے تو میں شروع دن ہی کوئی لحاظ اور مروت نہ دکھاتی اور انہیں گھر میں قدم رکھنے بھی نہ دیتی۔۔۔۔۔۔ لیکن اب کیا ہوسکتا تھا۔۔۔۔۔

یہ۔۔۔۔ یہ اکبر ماموں کیا چاہتے ہیں ہم سے عائشہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور دیکھا

میں نہیں کہتی تھی کہ ان کا مقصد کچھ اور ہے ۔۔۔۔

وہ روتے ہوئے بولی تھی ۔۔۔۔۔۔

فکر مت کرو سنئیہ ۔۔۔۔۔۔۔۔ میں تمہیں اور ککو کو کچھ نہیں ہونے دونگی

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

تم کیا کروگی بیٹے ۔۔۔۔ یہ لوگ تو بڑے خطرناک نکلے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ککو بولیں تو میں چپ چاپ پریشان نظروں سے انہیں دیکھنے لگی

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

بند تو کردیا ہے کمرے میں انہیں مگر اب کیا کروگے ؟

زرینہ بیگم بولیں تو وہ مسکرانے لگے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

نکاح اور وہ بھی آج ہی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور وہ جو باہر عبدل بیٹھا ہے وہ ایسا ہونے دیگا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اسکی فکر مت کرو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اسے شیری نے چائے میں بے ہوشی کی دوا ملا کر دے دی ہے وہ صبح سے پہلے اٹھنے سے رہا۔۔۔۔

میں نکاح خواں کو لینے جاتا ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔دس بیس ہزار میں کوئی بھی خاموشی سے نکاح پڑھا دیگا۔۔۔۔۔۔۔ کسی کو کوئی اعتراض نہیں ہوگا پھر۔۔۔۔۔۔۔کیا سمجھیں

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ارے واہ ڈیڈ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کیا کریمنل مائینڈ پایا ہے آپ نے۔۔۔۔۔۔۔واؤ

۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ماجد نے باپ کو داد دی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ سب بے فکر اور مطمئن تھے کہ جیسا وہ چاہتے ہیں ویسا ہی ہو رہا ہے

۔۔۔۔۔۔۔۔۔ دونوں لڑکیاں پوری طرح ان کی گرفت میں آچکی ہیں اور جب تک کسی کو پتہ چلے گا وہ شیری اور مومی کی زبردستی منکوحہ بنادی جائینگیں ۔۔۔۔۔۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

مجھے کچھ سمجھ نہیں آرہا تھا کے میں کیا کروں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مجھے خود سے زیادہ سنئیہ کی فکر ہو رہی تھی ۔۔۔۔۔۔۔ میں ہر قسم کے حالات کا مقابلہ کرنے کو تیار تھی لیکن اپنی بہن کو کسی مشکل میں نہیں دیکھ سکتی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ یوں کہنا بجا ہوگا کہ سنئیہ میری کمزوری بھی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور طاقت بھی ۔۔۔۔۔۔

اب کیا ہوگا عائشہ ۔۔۔۔۔۔۔ مم مجھے ڈر لگ رہا ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اللہ پر بھروسا رکھو ۔۔۔۔ وہ کوئی راہ نکال دے گا ۔۔۔۔۔۔۔۔

میں پورے یقین سے اس سے بولی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اچانک کچھ یاد آنے پر اٹھ کھڑی ہوئی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وضو تو تھا ہی نماز کی نیت باندھ لی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ دو رکعات نماز کے بعد اللہ سبحان و تعلیٰ سے گڑگڑا

کر اس کی مدد ۔۔۔اس کی رحمت اور اس مصیبت اور آفت سے نجات کی دعا مانگنے لگی ۔۔۔۔۔۔۔ میرا دیکھا دیکھی سنئیہ اور رکو بھی نماز کے لئے کھڑی ہو گئیں

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

عائشہ فکر مت کرو بیٹا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہم تمہیں اور سنئیہ کو کسی قسم کا نقصان پہنچنے نہیں دینگے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کوئی اندیکھا وجود مجھ سے سرگوشی میں بولا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تو میں نے حیرانی سے اپنے دائیں بائیں نظر ڈالی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مگر سنئیہ اور رکو کے علاوہ لائبریری میں کوئی نہیں تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ یہ انہی بزرگ کی آواز تھی جنھیوں نے میری ماں فاطمہ کی ادھوری کہانی مجھے سنائی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جاری ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

# مشکل راستے قسط ۲۰

میں حیرت سے چاروں طرف دیکھ رہی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پتہ نہیں کیوں ان بزرگ کی آواز سن کر میں پر سکون ہو گئی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔ نماز پڑھ کر ویسے بھی میرے دل کو قرار سا آگیا تھا ۔۔۔۔ اور اب ان بزرگ کی موجودگی سے ایک ڈھارس سی دل کو ہوئی تھی ۔۔۔۔ بے شک انہیں دیکھ نہیں سکتی تھی مگر ان کے غائب وجود کو لائبریری میں اب میں محسوس کر رہی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پھر مجھے ایسا محسوس ہوا کچھ اور لوگ بھی اس چھوٹی سی لائبریری میں داخل ہوئے ہیں اور ان بزرگ کے ساتھ کھڑے ہو گئے ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔ اور جو بھی داخل ہو رہا تھا وہ مجھے بہت ہی دھیمی آواز میں سلام ضرور کرتا جا رہا تھا ۔۔۔۔۔۔۔ تقریباً یہ چار افراد تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جن کی موجودگی میں صرف محسوس کر سکتی تھی انہیں دیکھ نہیں سکتی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سنئیہ اور گکو نماز کے بعد اب روتے ہوئے دعا مانگ رہیں تھیں ۔۔۔۔۔۔ پھر نہ جانے کیا ہوا ایک دم دونوں سجدے کی حالت میں گئیں اور پھر اپنے سیدھے ہاتھ کو سر کے نیچے رکھتے ہوئے ایک ہی کروٹ پر لیٹ گئیں اور آنکھیں بند کر لیں ۔۔۔۔۔۔۔ میں حیرت اور پریشانی سے انہیں دیکھنے لگی ۔۔۔۔ پھر گھبرا کر ان کی

طرف بڑھی تھی کہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

انہیں ہم نے سلادیا ہے بیٹے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اس وقت ان کا ہوش میں نہ رہنا ہی بہتر ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ان بزرگ کی آواز پر میں نے پلٹ کر جو دیکھا تو انہیں اور ان چاروں افراد کو مسکراتے ہوئے پایا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اوہ کیا آپ ہماری مدد کر سکتے ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پلیز ہم لوگ بہت مشکل میں ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

میں اس وقت ان لوگوں کے اس طرح پر سرار انداز میں لائبریری میں داخل ہونے اور سنئیہ اور ککو کے اس عجیب انداز میں سونے کے بارے میں کچھ نہیں سوچ رہی تھی ۔۔۔ بلکہ مجھے صرف ایک ہی بات کی فکر تھی اس وقت کے اکبر ماموں سے کیسے نبٹا جائے اور سنئیہ ککو اور خود کو ان کے ناپاک ارادوں سے کیسے بچایا جائے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

یہ سیل فون آپ کا ہی ہے نا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ان بزرگ نے پوچھتے ہوئے اپنا سیدھا ہاتھ آگے کیا۔۔۔۔۔۔۔۔ تب میں چونکی تھی ان کے ہاتھ میں اپنا سیل فون دیکھ کر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اوہ یہ۔۔۔ یہ آ آپ کے پاس کیسے آیا۔۔۔۔۔۔۔۔؟

مجھے اچھی طرح یاد تھا کہ میرا سیل فون میرے پرس میں تھا۔۔۔ اور مامی نے میرا پرس چھین لیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔ سنئیہ کا سیل فون بھی اپنے قبضے میں کر لیا تھا ان لوگوں نے۔۔۔۔۔۔۔۔ مگر اب ان بزرگ کے ہاتھ میں اسے دیکھ کر میرا حیران ہونا بجا تھا ۔۔۔۔۔

میں نے آگے بڑھ کر ان سے سیل فون لے لیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور ابھی پولیس کا نمبر ڈائیل کرنے ہی لگی تھی کہ مجھے اپنی دوست یاد آ گئی جس کے ابو ڈی آئی جی آف سندھ تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میں اس کا نمبر ڈائیل کرنے لگی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ دوسری بیل پر ہی اس نے فون اٹھا لیا۔۔۔۔

ہیلو۔۔۔۔۔۔۔۔ سمیرا میری بات غور سے سنو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہمیں ہمارے ہی گھر میں قید کر دیا گیا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور ان لوگوں کے عزائم ٹھیک نہیں لگ رہے

۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پلیز جتنی جلدی ہوسکے ہمارے گھر پولیس بھیجو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اوہ ! ۔۔۔۔۔۔۔۔ عائیشہ ابو میرے ساتھ ہی ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میں انہیں فون دے رہی ہوں ان سے بات کرو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ہیلو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اسلام علیکم انکل۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وعلیکم اسلام۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جی بیٹا کہئیے

انکل ہمیں ہمارے ہی گھر میں قید کردیا گیا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔ پلیز مجھے ان لوگوں کے ارادے ٹھیک نہیں لگ رہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آپ پریشان مت ہوں بیٹا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میں ابھی پولیس سٹیشن کال کرتا ہوں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اس کے ساتھ ہی فون ڈسکنکٹ ہوگیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

نظر اٹھا کر دیکھا تو ان پانچوں باریش حضرات کو اپنی جانب مسکراتے ہوئے

دیکھتے پایا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اور پھر اچانک ان سب کا وجود ہوا میں تحلیل ہوگیا۔۔۔۔۔۔۔۔

..............................

ڈور بیل بجانے پر شیری نے کی ہول سے جھانک کر دیکھا تو اکبر نکاح خواں کے ساتھ کھڑے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ہائے ڈیڈ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ بہت جلدی آ گئے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اور تم ابھی تک اسی حلیہ میں پھر رہے ہو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جاؤ جلدی سے کپڑے تبدیل کرو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ گیٹ کھولتے ہوئے بولا تو اسے غصے سے بولتے ہوئے نکاح خواں کو لیکر مین ڈور کی طرف.بڑھ گئے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ارے واہ اکبر آپ بہت جلدی اگئے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

تو کیا اپنا نکاح پڑھوا کر آتا۔۔۔۔۔ اچھا ان باتوں کو چھوڑو اور بتاؤ ان

لڑکیوں کا کیا حال ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور یہ ابھی تک موی اور شیری نے کپڑے کیوں نہیں چینج کیے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ بیوی کی بات پر جھنجلائے ہوئے انداز میں بولے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

گھر ہی پر تو نکاح کر رہے ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کون سا ہال بک کروا لیا ہے

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ارے بے وقوف عورت تصویریں اور مووی بھی تو بنانی پڑے گی نا پروف کے طور پر

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور تم سے جو پوچھا ہے اس کا جواب دو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ دونوں نے کچھ گڑبڑ تو کرنے کی کوشش نہیں کی ؟

بند کرنے کے بعد رونے کی یا چیخنے چلانے کی آوازیں تو نہیں آئیں ویسے بھی شیری کہہ رہا تھا کہ لائیبریری ساؤنڈ پروف ہے ۔۔۔

اوہ یہ تو بہت اچھی بات ہے ۔۔۔۔۔۔۔ ورنہ محلے میں سب کو خبر ہو جاتی

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ سرہلاتے ہوئے بولے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔
زاہد شاہد ماجد اور ذوبی انکی ہدایت کے مطابق جلدی جلدی تیار ہو کر آ گئے
۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پھر زرینہ بیگم اور اکبر خان بھی تیار ہو کر اپنے بیٹے زاہد مومی اور شیری کے ساتھ اس چھوٹی سی لائیبریری کے سامنے پہنچ کر رک گئے تھے
۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اکبر صاحب نے زاہد کو اشارہ کیا تو زاہد نے آگے بڑھ کر دروازہ کھول دیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔بڑے تنفر سے اندر وہ داخل ہوئے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور مغرور انداز میں سنئیہ اور عائیشہ کو دیکھا تھا۔۔۔۔۔۔ سنئیہ نے رو رو کر اپنا حال برا کر لیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مگر عائیشہ پر نظر پڑتے ہی وہ ٹھٹک گئے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔
نہایت مطمئن انداز میں بیٹھی وہ اپنی بہن اور اس دو ٹکے کی نوکرانی کو دلاسہ دے رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ دروازہ کھلنے پر ایک سرد نگاہ اسنے ان پر اور ان کے بیوی بچوں پر ڈالی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔ کچھ تو تھا اس کی نظروں میں جو ان کے اندر تک
ایک لرزہ سا طاری کر دیا تھا۔۔ وہ تھوڑی دیر کے لئے وہیں جم کر رہ گئے تھے۔۔۔۔۔۔۔
ان پانچوں بزرگوں کے غائب ہوتے ہی سنئیہ اور ککو جاگ گئی تھیں۔۔۔۔۔۔۔ میں ان کے قریب جا کر بیٹھ گئی تو سنئیہ ایک دم مجھ سے لپٹ گئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

اور زار وخطار رونا شروع کر دیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔
پریشان مت ہو گڑیا اللہ پر بھروسہ رکھو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور یقین رکھو وہ ہمارا کچھ نہیں بگاڑ سکتے۔۔۔۔۔۔۔۔۔
مجھے ڈر لگ رہا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ عائیشہ مجھے بہت ڈر لگ رہا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔
میں تمہارے ساتھ ہوں سنئیہ اور یقین رکھو وہ لوگ تمہارا کچھ نہیں بگاڑ سکتے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تم تک پہنچنے کے لئے ان سب کو مجھ سے سامنا کرنا ہوگا
۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔
میرے لہجے میں کچھ تھا جس پر سنئیہ نے ایک دم میرے کاندھے سے سر اٹھا کر دیکھا تھا مجھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ابھی وہ کچھ کہنے ہی والی تھی کہ دروازہ کھلنے کی آواز پر وہ اور کو چونک اٹھیں اور خوفزدہ نظروں سے کھلے دروازے سے داخل ہوتے اکبر ماموں اور ان کے ٹبر کو دیکھا تھا۔۔۔۔۔۔۔ اکبر ماموؒں بڑے کروفر سے داخل ہوئے تھے ۔۔۔۔۔۔۔ لیکن مجھ پر نظر پڑتے ہی ٹھٹک گئے تھے۔۔۔۔۔ میں انہیں اور انکی فیملی کو مسکراتی نظروں سے گھور رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پھر سر جھٹک کر انھوں نے شاید خود کو یہ یقین دلایا تھا کہ بھلا مجھ جیسی کمزور

لڑکی ان کا کیا بگاڑ سکتی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پھر میری طرف ایک طنزیہ نظر ڈالتے ہوئے
ہمارے قریب آ گئے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مامی اور زاہد کے ہاتھوں میں کچھ زرق.برق
جوڑے تھے جو غالباً ہماری ہی الماری سے نکالے گئے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔

یہ۔۔۔ یہ سب کیا ہے ؟

سنئیہ خوفزدہ لہجے میں بولی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

تم دونوں کی شادی ہے آج مومی اور شیری سے۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اکبر ماموں نے مسکراتے ہوئے اسے جواب دیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اوہ اب سمجھ میں آیا اکبر ماموں آپ کا پلان۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اماں بی صحیح کہتی تھیں
آپ انتہائی لالچی اور خود غرض انسان ہیں۔۔۔۔

میں چبھتے لہجے میں ان سے مخاطب ہوئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

چپ رہ گستاخ لڑکی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ذرا شادی تو ہو جانے دو شیری سے پھر دیکھو

تمھارا کیا حشر کرتی ہوں میں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ یہ کپڑے پہنو اگر ذرا بھی چوں کی نا تو وہ حشر کرونگی کہ سات نسلیں یاد رکھینگی تمہاری ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

مامی ہاتھ نچا نچا کر بولیں تو میں مسکرادی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پتہ نہیں کیوں اتنا اطمینان میرے اندر پیدا ہوگیا تھا۔۔۔۔۔۔۔ اگر پولیس کو ذرا بھی دیر ہو گئی تو ہمارا نکاح ان کے غنڈے اور موالی بیٹوں سے ہو جانا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور یہ بات میرے ذہن میں بھی تھی لیکن پھر بھی میں اپنے دل میں کسی طرح کا خوف اور پریشانی اب محسوس نہیں کر رہی تھی ۔۔۔۔۔ اکبر ماموں میرے اطمینان پر تلملائے ہوئے سے لگ رہے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ شاید وہ مجھے گڑگڑاتا ہوا دیکھنا چاہتے تھے اپنے سامنے مگر میری مسکراہٹ اور کٹیلی باتیں ان کی سمجھ سے بالاتر تھیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

مامی ایک دم آگے بڑھیں اور میرا ہاتھ پکڑ لیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ لیکن اسی لمحے پتہ نہیں کیا ہوا مجھے تیزی سے اپنا ہاتھ ان کی گرفت سے نکال لیا اور مامی کی بھاری بھرکم ہاتھ کی کلائی اپنی گرفت میں کرلی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آآآآآ اکبر ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ زور سے چیخیں تھیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ غالباً میری گرفت بہت سخت تھی اور وہ لحیم شحیم خاتون میری گرفت سے خود کو چھڑا نہیں پا رہی تھیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

عائیشہ ان صاحبہ کا ہاتھ چھوڑ دو بیٹا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جو یہ کہتے ہیں وہ کرو اور پھر دیکھو تماشہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کوئی سرگوشی میں بولا تھا

اور یہ ایک عورت کی آواز تھی۔۔۔۔۔۔۔

پتہ نہیں کیوں میں نے اس سرگوشی پر مامی کا ہاتھ چھوڑ دیا تھا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مامی اپنا ہاتھ سہلانے لگی تھیں ۔۔۔۔۔۔۔ اور پھر اکبر ماموں کے پاس جا کر کھڑی ہو گئیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ انھے اس بات کی بالکل شاید توقع نہیں تھی کہ مجھ جیسی دھان پان سی دکھائی دینے والی لڑکی ان کی کلائی کا ایسا حال بھی کر سکتی ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔ اکبر ماموں کے کسی رد عمل سے پہلے ہی میں نے ان کی بیوی کو آزاد کر دیا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ چند لمحے تو وہ مجھے حیرت سے دیکھتے رہے پھر دانت کچکچاتے ہوئے میری جانب بڑھے ہی تھے کہ باہر لونگ روم میں شیری چیخا تھا زور دار آواز میں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ڈیڈ ! پولیس ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اکبر ماموں جو میری طرف غصے سے بڑھے تھے اچانک گھبرا کر رک گئے

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

یہ ییہ یپ پولیس کیسے آ سکتی ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ؟

وہ زیر لب بڑ بڑائے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

مم میں نے ان لڑکیوں کو اس کمرے میں بند کر دیا تھا اور ان کے سیل فون بھی ان سے چھین لئے تھے اور ٹیلیفون کی مین لائین بھی کاٹ دی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ اپنے آپ سے باتیں کر رہے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

پلان تو آپ نے خوب بنایا تھا ماموں لیکن اوپر والا ہمیشہ حق کا ساتھ دیتا ہے

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

میں نے اتنا ہی کہا تھا کہ پولیس لائیبریری میں داخل ہوئی تھی ساتھ میں میری دوست
کے ابو بھی تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔ اور گنیں اکبر ماموں اور ان کے بیوی بیٹے پر تان لیں

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ہینڈز زپ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔
پولیس کے ایک جوان نے تیز آواز میں ان تینوں کو حکم دیا تھا
۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔تینوں نے تیزی سے اپنے ہاتھ اٹھا دیئے
۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مامی رونے لگیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مجھے تعجب اس وقت ہوا جب اکبر
ماموں بھی رونے لگے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔
آپ تینوں ٹھیک ہونا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ آئی ہوپ ہمیں زیادہ دیر نہیں ہوئی

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ان کی بات پر میں نے مطمئن انداز میں اپنا سر ہلا دیا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ندامت سے جھکے سر ۔۔۔۔ خوفزدہ چہرے اور پھٹی پھٹی آنکھیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اکبر ماموں پر تو اب بھی بے یقینی کی سی کیفیت تاری تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔ ان کا پلان بری طرح فلاپ ہوا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کہاں وہ مجھے اور میری معصوم بہن کی بے بسی کا مزاہ لے رہے تھے اور اب خود کی زندگی تماشہ بن گئی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ سب سر جھکائے لونگ روم میں کھڑے تھے اور میں سنئیہ اور ٹکو سوفے پر انکل کے ساتھ بیٹھے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سمیرا بھی آدھے گھنٹے کے اندر ہی آنٹی کے ساتھ پہنچ گئی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سنئیہ اب بھی خوف سے لرز رہی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ایف آئی آر بھی انکل کی مہربانی سے ہمارے گھر ہی لکھی گئی ۔۔ اور اب ایس ایچ او انکل سے تھانے جانے کی اجازت مانگ رہا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اوکے انسپکٹر شہیر یو کین گو ناؤ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جی سر ۔۔۔۔۔۔۔۔

انکل رضوان نے ایس ایچ او کو حکم دینے والے انداز میں کہا تو اکبر ماموں اور ان کے بیوی بچوں کی حالت دیکھنے سے تعلق رکھتی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ سب باقاعدہ رونے اور گڑگڑانے لگے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

خدا کے لئے ہمیں معاف کردو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہم خاموشی سے یہاں سے چلے جائینگے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تمہیں زاکرہ کا واسطہ خدا کے لئے معاف کردو

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ماموں دہائی دینے لگے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور میرا پارہ ہائی ہونے لگا تھا اب

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

بس کریں آپ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اماں بی کا تو نام بھی مت لیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آپ نے جو کیا ہے وہ قابل معافی نہیں ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

شہیر آپ انہیں لے جائیں پلیز۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آنٹی اٹھ کر میرے پاس آ گئی تھیں۔۔۔۔۔۔۔۔ اور میرے کاندھے پر ہاتھ رکھ دیا

ٹیک اٹ ایزی بیٹا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

انسپکٹر شہیر فوراََ ہی ان سب کو لے کر نکل گئے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ باہر گلی میں بھی مامی کے چیخنے چلانے کی اوازیں آ رہی تھیں ۔۔ سارا محلّہ اب یہ تماشہ دیکھ رہا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جس کی وجہ سے میں مزید کوفت کا شکار ہو گئی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

بیٹا آپ سب ہمارے ساتھ چلو آج ۔۔۔۔۔ سنئیہ دیکھو ابھی تک شاکڈ میں ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ چار پانچ روز ہمارے ساتھ رہو پھر واپس آ جانا ۔۔۔۔

نہیں آنٹی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ آپ کا بہت شکریہ مگر اب کوئی خطرے والی بات تو نہیں ہے کہ ۔۔۔۔۔۔۔

ارے یہ کیسی بات ہوئی بس امی نے کہہ دیا ہے تو تمہیں چلنا ہے کو بھی چل رہی ہیں اور سنئیہ اور تم بھی اور اگر مگر کی کوئی گنجائش نہیں ہے سمجھ گئی

سمیرا بولی تو میں مسکرا دی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ٹھیک ہے بھئی اب اتنا غصہ تو نہ کرو۔۔۔۔۔۔۔۔

میری بات پر سمیرا کی امی ہنس دیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ایک ہفتے بعد میں واپس اپنے گھر آ گئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اس واقعے کے بعد سنئیہ میں کافی بدلاؤ آیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ حد سے زیادہ محتاط ہو گئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ بہر حال اس واقعے نے کچھ اچھا تعثر نہیں چھوڑا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اکبر ماموں اور ان کی فیملی جیل کی سلاخوں کے پیچھے اپنے کئے کی سزا بھگت رہے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ شہاب ماموں اور ہمارے دیگر ماموں اب روز ہی ہمیں فون کرتے تھے۔۔۔ وہ سب پہلے سے زیادہ فکرمند ہو گئے تھے اور چاہتے تھے کہ ہم ان کے پاس ابروڈ چلے جائیں لیکن میں جانا نہیں چاہتی تھی۔۔۔۔ مگر ساتھ ہی میں اب سنئیہ کا تحفظ چاہتی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور اپنی بہن کو آئندہ ایسے حالات سے بچانا چاہتی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔ مگر یتیم اور شیر عرب پتی خوبصورت جوان لڑکیوں کا اکیلے رہنا کتنا خطرناک تھا یہ مجھے اس واقعے کے بعد پتا چلا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہمارے ہی گھر میں ہمیں قید کر دیا گیا تھا وہ تو اللہ کا کرم تھا کہ ہمیں اس نے بچا لیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ لیکن آئندہ بھی ایسے حالات پیش آ سکتے تھے۔۔۔ دولت ہی ہماری سب سے بڑی دشمن تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اور اس کے بعد

حسین صورت ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میں بہت کچھ سوچنے پر مجبور ہو گئی تھی

۔۔۔۔۔۔ لیکن میں یہ باتیں سنئیہ اور رکو سے شئیر نہیں کرنا چاہتی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اور اپنے تفکرات کو اپنی ہی حد تک رکھا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سنئیہ کو کسی بھی قسم کے

خدشے سے دور ہی رکھا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ نازک احساسات کی مالک لڑکی تھی

۔۔۔۔۔ بہت ہمدرد اور مخلص ۔۔۔۔ اور میں اپنی چھوٹی سی گڑیا کو بس ہنستے مسکراتے ہی

دیکھنا چاہتی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اسلام علیکم وجاہت انکل ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وعلیکم اسلام بیٹی خیریت تو ہے نا ۔۔۔۔۔۔

جی الحمدللہ آپ سنائیں آنٹی کیسی ہیں ۔۔۔۔۔

تمہاری آنٹی بھی ٹھیک ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ بولے تو میں نے انٹرکام پر یاسمین آپا کو دو کپ چائے کا کہہ کر دیکھا

تو انکل بغور مجھے ہی دیکھ رہے تھے ---------

کیا بات ہے بیٹی ---------- تم نے مجھے اس طرح امرجینسی میں کیو بلایا ہے

----------

انکل مجھے جائیداد سے متعلق کچھ بات کرنی ہے آپ سے اور میں اپنی ول لکھنا چاہتی

ہوں -----------

وہ چونکے تھے میری بات سن کر ----------

کیا مطلب ہے تمہارا ---------- ابھی سے ول لکھنے کی کیوں ضرورت پیش آ گئی ہے

تمہیں ------------

پلیز انکل آپ وعدہ کریں آپ مجھ سے اس کا ریزن نہیں پوچھنگے --------------

بس اتنا سمجھ لیجئے جس کا حق ہے میں اسے واپس لوٹانا چاہتی ہوں --------------

ہمم ----- کہو میں سن رہا ہوں -----------

انکل میں اپنے حصے کی پوری جائیداد سنئیہ کے نام کرنا چاہتی ہوں ۔۔۔۔

مگر کیوں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ حیرت سے مجھے دیکھتے ہوئے بولے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اس کیوں کا جواب میں آپ کو نہیں دے سکتی انکل ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کیا سنئیہ کو اس بات کا علم ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

نہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور میں چاہتی ہوں کہ اسے ابھی اس کی بھنک بھی نا پڑے

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آخر تم ایسا کرنا کیوں چاہتی ہو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

میں انہیں کیا جواب دیتی چپ رہی پوچھنے پر انکے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

مانا کے تمہیں اپنی بہن سے بہت پیار ہے اور ہونا بھی چاہئے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مگر اس محبت میں اپنا سب کچھ اس کے نام کر دینا دانشمندانہ اقدام تو نہیں ہے نا ۔۔۔۔۔۔۔۔ کچھ تو اپنے لئے رہنے دو بیٹا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

انکل ساری جائیداد سنئیہ کے نام ہو گی مگر پاور آف اٹارنی میں اپنے پاس رکھو نگی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جب تک کہ سنئیہ اس قابل نہیں ہو جاتی ۔۔۔۔ پھر وہ ٹیک اوور کر لے گی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

مجھے سمجھ نہیں آ رہی ہے بیٹا تم ایسا کیوں کر رہی ہو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اس جائیداد پر تمہارا بھی اتنا ہی حق ہے جتنا سنئیہ کا ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

بلیو می انکل میں اس جائیداد کی حقدار نہیں ہوں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ صرف سنئیہ ہی اس کی واحد وارث ہے ۔۔۔۔۔۔ قانونی لحاظ سے بھی اور شرعی لحاظ سے بھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

بہر حال آپ قانونی دستاویزات تیار کریں اس کی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور میری ول بھی ۔۔۔۔۔۔۔ وقت آنے پر میں جائیداد سنئیہ کو ہینڈ اوور کر دو نگی

-------------

وہ مجھے حیرت سے دیکھ رہے تھے ------- پھر بولے کچھ نہیں چپ چاپ میرے ہاتھ سے جائیداد سے متعلق پیپرز لے لیئے تھے ------ وہ میرے ارادے سے متفق نہیں تھے لیکن وہ ہمارے قانونی مشیر تھے انہیں وہی کرنا تھا جو میری خواہش تھی

--------- میں نے جب ڈائیری پڑھی تھی تب سے میری سوچ میں بدلاؤ آیا تھا

--------- اور میرا فیصلہ درست بھی تھا میں اس جئیداد کی کسی طرح بھی حقدار نہیں تھی کسی لحاظ سے بھی نہیں ----- شرعی لحاظ سے میرا بابا جانی کی جائیداد پر کوئی حق نہیں بنتا تھا ------ لیکن میں یہ بات انہیں کھل کر نہیں بتا سکتی تھی -- میں تو ابھی اس جائیداد کو سنئیہ کو دے دیتی لیکن اکبر ماموں والے واقعے کی وجہ سے میں سنئیہ کے لیئے بہت محتاط ہو گئی تھی ------- میں اس کا تحفظ چاہتی تھی ----- اور پوری جائیداد ایک دم اس کے حوالے کرنا اسے کسی بڑی مصیبت میں ڈالنے کے برابر تھا ----- وہ تھی بھی بڑی معصوم سی چالاکی نام کو نہیں تھی --- اور زمانہ بے انتہا خراب -----------

سر یہی گھر ہے اس لڑکی کا ---------

ہم -----

بشیر صاحب کے کہنے پر انہوں نے گہری سانس لے کر بے تابی سے بیک سیٹ کا دروازہ کھول کر گاڑی سے باہر نکل آئے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اور گیٹ پر پہنچ کر ڈور بیل پر ہاتھ ہی رکھا تھا کہ سفید میکسی ٹائپ کپڑوں میں ملبوس وہ وجود ظاہر ہوا تھا اور ان کے ہاتھ پر اپنا ہاتھ رکھ دیا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ انہوں نے چونک کر اسے دیکھا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

نہیں ابو جی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پلیز آپ ایسا مت کریں عائیشہ کو اس کے حال پر چھوڑ دیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ سرگوشی میں بولیں تھیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

انہوں نے حیرت اور خوشی سے اسے دیکھا تھا ایک لمبے عرصے بعد ان کی بیٹی ان کے سامنے تھی ۔۔۔۔۔۔۔ ان کی فاطمہ ان کے سامنے تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ خاموش نظروں سے انہیں دیکھ رہی تھیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

فاطمہ مم میری بچی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جی ابو جی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔آپ چلیئے یہاں سے میں بتاتی ہوں آپ کو سب ۔۔۔۔۔

اور وہ خاموش خوشگوار حیرت کے ساتھ اپنی گاڑی کی طرف بڑھ گئے تھے ۔۔۔

باقی آئندہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

# مشکل راستے قسط ۲۲

کہاں چلے گئیں تھیں تم بیٹا بہت ڈھونڈا لیکن تم کہیں نہ ملیں ۔۔۔۔۔۔۔ بے شک مجھ سے بہت بڑی زیادتی ہوئی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پر ایک موقع تو دیتیں ۔۔۔۔۔۔۔۔ میں معافی مانگنا چاہتا تھا۔۔۔۔۔۔۔ لیکن کہاں ڈھونڈتا تمہیں ۔۔۔۔۔۔ زندگی عزاب ہو گئی تھی تمہارے بن بیٹا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مم مجھے معاف کردو ۔۔۔۔۔

آپ ایسا کیوں سوچتے ہیں ابو جی ۔۔۔۔۔ کیا میں آپ سے ناراض ہو سکتی ہوں بھلا ۔۔۔۔۔ نہیں ابو جی میں ایسا سوچ بھی نہیں سکتی ۔۔۔۔۔۔ میں آپ سے بہت محبت کرتی ہوں ابو جی ۔۔۔ اپنی جان اپنی اولاد سے بھی زیادہ ۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ اپنے محل نما کوٹھی کی خوبصورت لائبریری میں بیٹھے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور فاطمہ نے محبت سے ان کا ہاتھ تھاما ہوا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔ آتے ہی دو رکعات نماز شکرانے کی پڑھی تھی انہوں نے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اپنی بیٹی کے واپس آجانے کی کتنی دعائیں مانگی تھیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ بے شک اللہ سبحان و تعلیٰ نے ان پر کرم کیا تھا وہ جتنا بھی شکر ادا کرتے کم تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

پھر تم چلے کیوں گئیں تھیں بیٹا۔۔۔ اپنے ابو جی کو چھوڑ کر۔۔۔ تم تم جانتی ہو میں کتنا تڑپا ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔ تم سے ملنے کے لئے تمہیں سینے سے لگانے کے لئے۔۔۔۔۔۔۔ تمہیں میرا ذرا بھی خیال نہ آیا بیٹا۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ روتے ہوئے اپنی لخت جگر سے بول رہے تھے۔۔۔ زمانے بھر کا کرب ان کے لہجے میں سمٹ آیا تھا۔۔۔ فاطمہ محبت اور پر نم آنکھوں سے انہیں دیکھنے لگیں۔۔۔ پھر بے اختیار ان کے ہاتھ پر بوسہ دیا تھا انہوں نے۔۔۔۔۔

ابو جی صرف آپ کے لئے شاہ جی کے لئے۔۔۔۔۔ آپ سب کی زندگی خطرے میں تھی۔۔۔۔ صلاح الدین کو میں کھو چکی تھی۔۔۔۔ دادو کا ان بد بختوں نے کیا حال کیا تھا آپ نے دیکھا نہیں تھا۔۔۔۔۔۔ اور ان سب کی وجہ میں تھی۔۔۔ پھر اس ننھے وجود کو بھی بچانا تھا۔۔۔۔ جو میرے اندر پرورش پا رہا تھا۔۔

کک کون تم کس کی بات کر رہی ہو۔۔۔۔۔۔۔۔ بیٹا ہمیں تو اس کی خبر بھی نہ ہوئی کہ تم اس وقت۔۔۔۔ مجھے بتاؤ بیٹا وہ کہاں ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کک کہیں وہ لڑکی ۔۔۔۔۔

وہ حیرت سے بولتے بولتے ایک دم چونکے تھے۔۔۔ اس لڑکی کا سراپا لہرایا تھا

نظروں کے سامنے ۔۔۔۔۔ اور اس کی وہ بات "جو روٹھ کر جا چکے ہیں انہیں یوں پکارا نہیں کرتے " ۔۔۔۔۔۔ ان کے کانوں میں گونجی تھی ۔۔۔۔۔۔۔

ہاں ابو جی وہ میری بیٹی اور آپ کی نواسی عائیشہ ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ انہیں بغور دیکھتے ہوئے اداس لہجے میں بولی تھیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور وہ حیرت خوشی اور شاکڈ کی سی کیفیت میں انہیں دیکھنے لگے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

××××××××××××

زندگی پھر سے اپنی ڈگر پر واپس آچکی تھی ۔۔۔۔۔ مگر کچھ بدل گیا تھا ۔۔۔۔ ہاں سنئیہ بدل گئی تھی ۔۔ میں بدل گئی تھی ۔۔۔ مگر جو نہ بدلی تھی وہ محبت تھی جو ایک دوسرے کے لئے اور زیادہ بڑھ گئی تھی ۔۔۔ اور ککو کا پر شفقت وجود اور ان کی محبت ہمارے ساتھ تھی ۔۔۔۔۔ ہم تینوں ہی ایک دوسرے کے لئے جی رہے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

باہر کی دنیا سے ہمارا واسطہ فقط رسمی سا رہ گیا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔ سنئیہ کا ففتھ ائیر کمپلیٹ ہوگیا تھا ۔۔۔۔۔۔۔ اب وہ آغا خان ہاسپٹل میں ہاؤز جوب کر رہی تھی ۔۔۔۔۔ اس کی بھی واپسی شام میں دیر سے ہی ہوتی تھی ۔۔۔۔۔۔ اور عموماً میں آفس سے واپسی پر اسے پک کرلیتی تھی

--------

اس دن بھی شام ڈھلے میں مل سے سنئیہ کو لینے کے لئے نکلی تھی ---- ہمارے وفادار ڈرائیور عبدل بھائی گاڑی چلا رہے تھے ------------ اور میں بیک سیٹ پر آنکھیں بند کئے ٹیک لگائے بیٹھی تھی --

عائیشہ بی بی ایک گاڑی ہمارا پیچھا کر رہی ہے ----------

عبدل بھائی پریشانی سے بولے تھے ------------ میں ایک دم الرٹ ہو کر بیٹھ گئی تھی ------

عبدل بھائی ! گاڑی گلیوں میں سے نکالنے اور انہیں ڈاچ کرنے کی کوشش کی جئے

--------

پیچھے مڑھ کر دیکھتے ہوئے میں بولی تھی ---- وہ صرف ایک گاڑی نہیں تھی ساتھ میں دو اسکوٹر بھی تھے --

عبدل بھائی نے اسپیڈ بڑھا دی تھی لیکن اس سے پہلے ہی وہ دونوں اسکوٹرز ہماری گاڑی کے فرنٹ اور ڈرائیونگ سائیڈ پر پہنچ گئے تھے اور ٹی ٹی نکال لی

تھی اور اشارے سے گاڑی روکنے کا حکم دیا تھا۔۔۔۔۔

ناچار عبدل بھائی نے گاڑی روک دی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔

اے اوئے خان ۔۔۔۔۔۔۔۔ نکلو باہر ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

عبدل بھائی کی طرف کا دروازہ کسی نے زور سے کھولا تھا اور انہیں گریبان سے پکڑ کر

باہر کھینچا تھا۔۔۔۔۔۔۔

تت تم لوگ جو چاہتے ہو لے لو۔۔۔ ہم کو جانے دو۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ گڑگڑا رہے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کسے نے ٹی ٹی کے بٹ سے ان کے سر پر مارا تھا تو وہ کراہ اٹھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

چھوڑو انہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

میں زور سے چیخی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

میری زور کی چیخ پر سب نے مڑ کر دیکھا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میری گاڑی کے بیک سائیڈ مرر ٹنٹڈ گلاس کے تھے ۔۔۔

اس لئے میری طرف ان کا دھیان نہیں گیا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔ لیکن جب انہوں نے عبدل بھائی کو باہر بے دردی سے کھینچ کر نکالا تب اپنے سائیڈ کا مرر میں نے کھولا تھا

۔۔۔۔۔۔۔۔

اوئے ہوئے ۔۔۔۔ لالے دیکھ تو اس آئٹم بومب کو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ارے یہ تو شہزادی ہے یار ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کیا چیز ہے واہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ بابو بھائی ۔۔۔۔۔۔۔۔ ذرا دیکھو تو اسے ۔۔۔۔۔

قدرے کالی رنگت اور موٹی توند والے بد ہیبت آدمی نے کہا تو اس کے ساتھ کھڑے اسی سے ملتے جلتے دوسرے شخص نے مجھے گھورتے ہوئے کسی بابو نامی شخص کو پکارا تھا

۔۔۔۔۔۔۔۔

واہ واہ لونڈیا تو چھکاس ہے یار ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

پھر کیا ارادے ہیں بابو بھائی لے چلیں اس بلبل کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کچھ نہ بھی مال ہاتھ آیا تب بھی گھاٹے کا سودا نہیں ہوگا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ہممممم۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ٹھیک ہے لئے چلتے ہیں اس سوہنی کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مل بیٹھ کر موج مستی کرینگے آج۔۔

بابو خبیث ۔۔۔۔۔۔ اپنے پیلے دانتوں کی نمائش کرتا ہوا بولا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

یار بابو بھائی تم نے تو میرے دل کی بات کہہ دی۔۔۔ جی چاہتا ہے تمہارا منہ چوم لوں ۔۔۔۔۔۔۔

اوئے میں کوئی لونڈیا ہوں جو تو میرا منہ چومے گا۔۔۔۔۔۔۔۔

اس خبیث کی بات سن کر وہ سب ہنسنے لگے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور میرے اندر غم و غصے کی آگ بھڑک اٹھی تھی۔۔۔۔

***************

یہ کل ملا کر آٹھ افراد تھے ۔۔۔۔۔۔۔ سب ہی ایک سے بڑھ کر ایک غنڈے موالی لگ رہے تھے ۔۔۔۔۔۔۔ عبدل بھائی غالباً بیہوش ہو چکے تھے ۔۔۔۔۔۔ اور ان آٹھوں کے ارادے ٹھیک نہیں لگ رہے تھے ۔۔۔۔۔۔۔ وہ سارے اب عبدل بھائی کو چھوڑ کر مجھے گھور رہے تھے ۔۔۔۔۔۔۔ میں پورے حجاب میں تھی صرف چہرا کھلا تھا ۔۔۔۔۔۔۔
لیکن مجھے ایسا لگ رہا تھا جیسے انکی نگاہیں میرے وجود کے آر پار ہو رہی ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔
لیکن پتا نہیں کیوں میں خوفزدہ نہیں تھی ۔۔۔۔۔۔۔ بلکے شدید غصے کی لپیٹ میں تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔ حالانکے ایسے حالات میں کوئی بھی لڑکی ایک عجیب سے خوف کا شکار ہو جاتی ہے لیکن میں خوفزدہ نہیں تھی ۔۔۔۔۔۔
چل جان من نکل ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ آج تو ہماری عید ہے ۔۔۔۔۔۔
قدرے بھاری جسامت کے چھوٹے سے قد کے آدمی نے میری سائیڈ کا دروازہ کھولا تھا ۔۔۔۔ اور چھچورے انداز میں مجھ سے مخاطب ہوا تھا ۔۔۔۔۔۔ اور میں بغیر کسی جھجھک کے باہر نکل آئی تھی ۔۔۔ اب جو ہونے والا تھا وہ نہیں جانتے تھے اور شائد میں بھی نہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔
ارے واہ یہ تو خود ہی نکل آئی ۔۔۔۔۔۔۔

ابھی وہ اور آگے کچھ کہتا میں نے تیزی سے اس کی طرف مڑ کر ایک زوردار تھپڑ اسے مارا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

چٹاخ کی زوردار آواز گونجی تھی اور وہ الٹ کر گرا تھا اپنے ساتھیوں پر جو اس کے پیچھے ہی کھڑے تھے۔۔ اس کے ساتھ ایک دو اور گرے تھے۔۔۔۔۔۔

××××××××××××××

باقی آئندہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

# مشکل راستے قسط ۲۳

کچھ پل وہ اپنی جگہ سے ہل بھی نہ سکے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔ ایک تھپڑ نے انکے ساتھی کا جبڑا ہی توڑ ڈالا تھا ۔۔۔ کافی سے زیادہ دانت ٹوٹ چکے تھے ۔۔۔۔ اور منہ سے خون فوارے کی طرح نکل رہا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور اوپر کا جبڑا اپنی جگہ سے ہٹ گیا تھا ۔۔۔۔۔۔۔ جس کی وجہ سے منہ بند نہیں ہو پا رہا تھا ۔۔۔۔۔ وہ عجیب انداز میں تکلیف سے چیخ رہا تھا ۔۔۔ بلبلا رہا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔ اور وہ حیرت سے اسے دیکھ رہے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔

ی ی یہ تو جیمز بونڈ کی آنٹی نکلی ہب بابو بھائی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ان میں سے ایک نے ہکلاتے ہوئے بابو سے کہا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سالی کو پکڑو سب ۔۔۔۔ ابھی مزہ چکھاتا ہوں اسے ۔۔۔۔۔۔۔

بابو نے چیخ کر سب ساتھیوں کو کہا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ ایک دم مجھ پر ٹوٹ پڑے تھے لیکن جیسے ہی وہ میرے قریب پہنچے میں اپنی جگہ سے اچھلی تھی ۔۔۔۔۔۔ اور انکے اوپر سے ہوتے ہوئے انکے پیچھے جا کھڑی ہوئی ۔۔۔۔۔ یہ اتنی تیزی سے

ہوا تھا کہ وہ سنبھل ہی نہ سکے اور گاڑی سے جا ٹکرائے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پھر پلٹ کر بابو نے مجھ پر ٹی ٹی سے فائیر کھولنا چاہا تھا لیکن اسی پل ایک چیل کی جسامت کا سفید پرندہ اللہ جانے کہاں سے نمودار ہوا اور بابو پر جھپٹ پڑا اور اپنے نوکیلے پنجوں سے اس کا منہ نوچ ڈالا ۔۔۔۔۔

آآآآ بچاؤ مجھے ۔۔۔۔۔۔ ہائے مرگیا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اس کے ساتھی مجھے چھوڑ کر بابو کو بچانے کے لئے اس کی طرف بڑھے تھے لیکن پھر ایسے ہی چار مزید سفید پرندے آسمان پر نمودار ہوئے تھے اور اسی لمحے باقی ساتھیوں پر بابو کے جھپٹے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ گنیں ہاتھوں سے گر گئیں تھیں سب کی ۔۔۔۔۔ اس وقت سخت سردی کا موسم تھا ۔۔۔۔ اور سڑک سنسان ۔۔۔۔۔۔۔ اور یہ سائیٹ ایریا تھا ۔۔۔ جہاں دن دہاڑے کار لفٹنگ کے واقعات عام تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور یہ تو شام کا وقت تھا ۔۔ وہ بھی ڈھلتی شام کا ۔۔۔۔۔۔۔۔ بہر حال بازی پلٹ چکی تھی ۔۔۔۔۔۔۔ میں حیرت سے ان پرندوں کو دیکھ رہی تھی ۔۔ اس سفید پرندے نے بابو کی تو آنکھیں ہی پھوڑ دی تھیں ۔۔۔۔۔۔ لیکن پھر بھی اس کا پیچھا نہیں چھوڑ رہا تھا ۔۔ باقیوں کی بھی ان پرندوں نے بری حالت کر دی تھی ۔۔۔ کسی کا کان کاٹ کھایا تھا تو کسی کا منہ ہی چیر دیا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پھر کسی طرح وہ بچتے بچاتے وہاں سے فرار ہوئے تھے اپنی گاڑی میں ۔۔۔۔۔ لیکن اپنی گنیں اور دونوں اسکوٹرز وہیں چھوڑ دیں تھیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

پرندے اب میری گاڑی پر بیٹھے تھے ۔۔۔۔۔ پھر چھوٹی سی اڑان بھری تھی ان سب نے ایک ساتھ اور زمیں پر پہنچنے سے پہلے ہی وہ سب پرندوں سے انسانی روپ میں آ گئے تھے ۔۔ وہ وہی تھے جنہیں میں نے لائیبریری میں دیکھا تھا ۔۔۔۔۔۔۔ وہ سب میری طرف دیکھ رہے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اسلام علیکم ۔۔۔۔ آپ لوگ مجھے اب بتا سکتے ہیں کہ یہ سب کیا ہے ۔۔۔۔۔ آپ لوگ کون ہیں ۔۔۔۔ اور اتنا تو مجھے پتا چل ہی گیا ہے کہ آپ لوگ انسان نہیں ہیں

۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وعلیکم اسلام ۔۔۔۔ بیٹی یہ باتیں تو بات میں بھی ہو سکتی ہیں ۔۔۔۔۔۔۔ پہلے اس بیچارے کو ہسپتال لے جاؤ ۔۔۔

اور سنئیہ بھی تمہارا انتضار کر رہی ہو گی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ آج رات یا فجر کی نماز سے پہلے انشااللہ تمہیں ساری حقیقت بتا دی جائے گی ۔۔۔۔۔۔۔

ان کی بات پر میں چونکی تھی اور عبدل بھائی پر نظر ڈالی تھی ۔۔۔۔۔۔ جو بے ہوش سڑک پر پڑے تھے ۔۔۔۔۔۔ ایک بزرگ نے آگے بڑھ کر کیم شہیم اور قدرے فربہی جسامت کے مالک عبدل بھائی کو بچوں کی طرح اٹھا لیا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میں نے جلدی سے آگے بڑھ کر بیک ڈور کا دروازہ کھولا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔ ان بزرگ

نے انہیں نہایت احتیاط سے گاڑی کی سیٹ پر لٹا دیا تھا۔۔۔۔۔۔۔
××××××××××××

سنئیہ عائیشہ کی کال کا انتضار کر رہی تھی ۔۔۔۔۔۔ اس کی آٹھ بجے Coronary Care Unit میں ڈیوٹی آف ہو چکی تھی ۔۔۔۔۔ اور اب ساڑھے آٹھ بج رہے تھے ۔۔۔۔۔۔ وہ عائیشہ کو پہلے ہی کال کر کے بتا چکی تھی کہ وہ کب تک فارغ ہو گی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ عائیشہ نے اس سے کہا تھا کہ وہ سات بجے مل سے نکل جائے گی اور تقریباً پونے آٹھ بجے تک آغا خان اسے لینے پہنچ جائے گی ۔۔۔۔۔۔ مگر اب ساڑے آٹھ بج چکے تھے اور عائیشہ ابھی تک نہیں پہنچی تھی ۔۔۔۔۔۔۔ ایسا پہلے کبھی نہیں ہوا وہ کبھی لیٹ نہیں ہوئی تھی ۔۔۔۔۔۔۔ عائیشہ اماں بی کی طرح تھی ۔۔۔۔۔۔۔ وقت کی پابند ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مگر آج پتا نہیں کیوں وہ لیٹ تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور یہی بات سنئیہ کو پریشان کر رہی تھی ۔۔۔۔۔۔ سنئیہ کارڈیالوجی ڈیپارٹمنٹ کے کیفے ٹیریا میں بیٹھی ہوئی تھی ۔۔۔۔۔۔۔ عائیشہ کو کئی بار کال کر چکی تھی مگر اس کا سیل فون بھی آف جا رہا تھا ۔۔۔۔۔

۔۔۔۔۔۔۔ کیا میں یہاں آپ کے ساتھ بیٹھ سکتی ہوں ۔۔۔۔۔ excuse me

سنئیہ نے اس آواز پر چونک کر سر اٹھا کر دیکھا۔۔۔۔۔۔ تو مغربی لباس میں ملبوس ایک لڑکی کو کھڑے دیکھا۔۔ جو اسے دیکھ کر مسکرا رہی تھی ۔۔۔۔۔۔ بلو جینز اور بلیک نیٹ کی ٹی شرٹ میں ملبوس ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ شولڈر تک اسٹیپ میں کٹے.براؤن بال

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جی ۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ ہونقوں کی طرح بولی تو لڑکی مسکرا دی ۔۔۔۔۔۔

کیا میں یہاں بیٹھ سکتی ہوں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اگر آپ اجازت دیں تو ۔۔۔۔۔۔

اوہ ۔۔۔ جی ضرور بیٹھئے ۔۔۔۔۔۔۔۔

تھینکس ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ قدرے شرمندہ ہوتے ہوئے اسے بیٹھنے کا کہا تو وہ لڑکی اس کے سامنے والی

کرسی پر بیٹھ گئی ۔۔۔۔۔

غالباً آپ ڈاکٹر ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جی ہاں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور آپ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

یہاں میں اپنی مام کے ساتھ آئی ہوں وہ ہارٹ پیشنٹ ہیں ۔۔۔۔۔۔۔ ایوری ٹو تھری ویکس میں ان کا چیک اپ ہوتا ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔

اوہ ۔۔۔۔۔۔

سنئیہ اتنا ہی کہہ پائی اس کی بات پر ۔۔۔۔۔۔

آپ پریشاں لگ رہی ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کیا کسی کا انتضار کر رہی ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔

جی میری سسٹر کا ۔۔۔۔۔۔۔

اچانک سیل فون کی رنگ ٹون بجی تھی سنئیہ کے ۔۔۔

اس نے بے تابی سے اٹھا کر دیکھا تو عائیشہ کا فون تھا۔۔۔۔

ایکسکیوز می۔۔۔۔۔۔۔ وہ یہ کہتی ہوئی اٹھ گئی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اور فون کان سے لگا لیا۔۔۔۔۔۔۔

ہلو۔۔۔۔۔۔۔۔۔ یار تم بھی حد کرتی ہو۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کہاں ہو۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سوری جان۔۔۔۔۔۔ لیٹ ہو گئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تم نیچے آ جاؤ گاڑی سامنے کھڑی کی ہوئی ہے کارڈیالوجی ڈیپارٹمنٹ کے۔۔۔

اوکے میں آ رہی ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ یہ کہتے ہوئے سامنے بیٹھی اس الٹرا ماڈرن لڑکی کو دیکھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تو اسے اپنی طرف بغور دیکھتے ہوئے پایا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آئی ایم ساری میری بہن آ چکی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور میرا ویٹ کر رہی ہے

۔۔۔۔۔۔۔۔

نائیس میٹنگ یو۔۔۔۔۔۔۔۔ اینی وے اللہ حافظ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سنئیہ یہ کہہ کر پلٹی ہی تھی کہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سنئیہ رکو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سنئیہ نے حیرت سے پلٹ کر دیکھا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ اسے کیسے جانتی تھی حالانکے اس نے اسے اپنا نام بتایا بھی نہیں تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور جلباب کے اوپر پہنا نا صرف کوٹ اتار دیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔ بلکہ ڈاکٹر آئی ڈی بیج بھی۔۔۔

پلیز حیران نہ ہو۔۔۔۔۔۔ میں تمہیں جانتی ہوں اور تمہاری نام نہاد بہن کو بھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ دراصل میں ایک سائیکک ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔ عائیشہ تمہاری بہن نہیں ہے۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ ایک دھوکہ ہے جھوٹ ہے۔۔۔۔۔۔۔

آپ جو بھی ہیں مگر خبردار میری بہن کے بارے میں ایک لفظ بھی مت کہیے گا۔۔۔۔۔ اور الحمدللہ میں ایک مسلمان ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور ہمارے دین میں ان سب خرافات کی گنجائش نہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سمجھیں آپ۔۔۔۔۔

وہ یہ کہتے ہوئے غصے سے پلٹی تھی جانے کے لئے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ٹھیک ہے مت مانو لیکن گھر پہنچ کر اس لائیبریری کی دراز میں دیکھ ضرور لینا
۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تمہاری ماں کی لکھی ڈائیری تمہیں ضرور مل جائے گی

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سنئیہ رکی ضرور تھی لیکن اس کی طرف پلٹ کر دوبارا دیکھا نہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور
تیزی سے کیفے ٹیریا سے باہر نکل گئی ۔۔۔۔۔۔۔۔ اس کے نکل تے ہی وہ لڑکی مسکرائی
تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ایک پر سرار مسکراہٹ اسکے لبوں پر رقصاں تھی ۔۔۔۔

××××××××××

باقی آئندہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

# مشکل راستے قسط ۲۴

وہ اپنے کمرے میں خاموش لیٹی ہوئی تھیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ بہت کچھ یاد آ رہا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ صلاح الدین اور اس کی بے غرض محبت ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ان کی حقیقت جان کر بھی اپنی زندگی کے آخری لمحات تک ان کا ساتھ دیا تھا اس شخص نے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جب انہیں یہ ادراک ہوا کہ وہ بھی صلاح الدین کو چاہنے لگی ہیں تب وہ ان سے چھین لیا گیا ۔۔۔۔ بے دردی سے قتل کر دیا گیا ۔۔۔۔۔۔۔۔ کتنا مختصر ساتھ تھا ان دونوں کا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پھر اپنوں کی الزام تراشیاں تانے تشنے ۔۔۔۔۔۔۔۔ اور بے اعتباری کے زخم کھائے تھے انہوں نے ۔۔۔۔۔۔ انہیں اپنی والدہ بھی یاد آ رہی تھیں ۔۔۔۔۔۔۔۔ حوریا اپنے نام کی طرح حسین و جمیل ۔۔۔۔۔۔ بے بے انہیں حور بی بی کہتی تھیں ۔۔۔۔۔۔۔ وہ بھی ان کا دیکھا دیکھی مما حور پکارنے لگی تھیں ۔۔۔۔۔۔۔ صلاح الدین کی طرح ان کا بھی ساتھ کتنا مختصر تھا ۔۔۔۔۔۔۔ وہ صرف تین سال کی تھیں ۔۔۔۔۔۔ جب ابو جی نے انہیں نا صرف اپنی زندگی سے بے دخل کر دیا تھا بلکہ اپنی بیٹی کی زندگی سے بھی ۔۔۔۔ پھر وہ ماں کو کبھی دیکھ نہ پائیں مل نہ پائیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جاتے سمے انہوں نے انکی پیشانی چومی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ آنسو آنکھوں سے رواں تھے ۔۔۔۔

وہ اپنی سوچوں میں کھوئی ہوئی تھیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کہ اچانک ایک سفید ہیولا ان کے سرہانے آ کر رک گیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ چونکی تھیں پھر محبت سے آگے بڑھ کر اس ہیولے کو گلے لگایا تھا۔۔۔۔۔۔۔

اسلام علیکم بے بے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کیسی ہیں آپ ؟

وعلیکم اسلام ۔۔۔۔۔ یہ نہ پوچھو مجھ سے کہ کیسی ہوں میں آپ بتاؤ فاطمہ بی بی آپ کیسی ہو ؟

وہ قدرے ناراض روٹھے روٹھے مگر محبت سے پر لہجے میں فاطمہ سے بولیں تھیں

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

میں جانتی ہوں آپ مجھ سے ناراض ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔ اور آپ کی ناراضگی بھی بجا ہے بے بے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اکیلے سارے دکھ اٹھاتی رہیں بیٹا اور ہمیں پھولوں کی سیج پر بٹھا دیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آپ کے علاوہ میں کس پر بھروسہ کرتی بے بے ۔۔۔ ابو جی اور شاہ جی سب کی حفاظت بھی تو ضروری تھی ۔۔۔

ورنہ میں آپ کو اپنے ساتھ ہی لے جاتی ۔۔۔۔۔۔

عائیشہ سے ملاقات ہوئی بی بی ؟؟؟؟؟

نہیں ابھی نہیں بے بے ۔۔۔۔

کیوں ابھی نہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔ پیٹا پھر کب ۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ بہت ڈسٹرب ہو جائے گی بے بے ۔۔۔۔۔۔

اسے پتہ تو چل گیا ہے ؟

پتہ چلنے سے کیا ہوتا ہے بے بے ۔۔۔۔۔۔۔۔ اس کی زندگی کا محور اس کی بہن سنئیہ اس کی خوشیوں کے علاوہ کچھ نہیں ۔۔۔۔۔۔۔ اور میں ۔۔۔۔۔۔۔۔ بے بے میں اس کی زندگی میں کبھی تھی ہی نہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔ اس کے دکھ سکھ ۔۔۔۔ اس کی خوشی

اس کے غم اس کے ساتھ اس کی زندگی میں ۔۔۔۔ مم میں کہیں نہیں تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جب ۔۔ جب وہ اداس ہوتی یا کوئی پریشانی ۔۔۔ زاکرہ اس کے ساتھ تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہر قدم پر ۔۔۔ جب وہ روتی تو زاکرہ اسے اپنی آغوش میں لے لیتی ۔۔۔۔۔ اسی کے کاندھے پر سر رکھ کر میں نے اسے سوتے دیکھا ہے ۔۔۔۔۔۔۔ صبح جب وہ اٹھتی تو کچھ بھی کرنے سے پہلے وہ زاکرہ کی پیشانی چوم تی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور زاکرہ اسے محبت سے گلے لگا لیتی ۔۔۔۔۔ افسوس زاکرہ کی زندگی نے اس کے ساتھ وفا نہیں کی ۔۔۔۔۔۔۔۔ صرف اس کے چلے جانے سے عائیشہ اور سنئیہ دونوں کی زندگی میں سب کچھ بدلنے لگا ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔ لیکن مجھے فخر ہے اپنی بیٹی پر کہ اس نے ہمت نہیں ہاری اور اپنی ماں کی جگہ لے لی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ آپ نہیں جانتیں وہ سنئیہ کے لئے کس حد تک جا سکتی ہے ۔۔۔۔ وہ بہت بہادر اور باہمت لڑکی ہے ۔۔۔۔۔۔ میری طرح نہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔

تم بھی کم نہیں ہو بیٹا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ عائیشہ کو یہ سارے اوصاف ورثے میں ملے ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔

بے بے محبت سے بولیں تھیں ۔۔۔۔۔۔۔۔ تو وہ ایک اداس مسکراہٹ لبوں پر سجائے انہیں دیکھنے لگیں ۔۔۔۔۔۔

بے بے ایک بات پوچھوں آپ سے ؟

جی بی بی پوچھیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آپ حور مما سے پھر کبھی ملیں ۔۔۔۔۔۔۔ ان کے یہاں سے چلے جانے کے بعد

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

نہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہہ آہ ۔۔۔۔ کوئی نہیں جانتا کے وہ کہاں گئیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ بس ہم سے قسم لی تھی انہوں نے کہ آپ کا اور صاحب کا ساتھ ہم مرتے دم تک نہ چھوڑینگے ۔۔۔۔۔۔۔۔ سارے قبیلے سے وعدہ لیا تھا انہوں نے ۔۔۔۔ اور الحمدللہ ہم آج بھی اس وعدے پر قائم ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

بے بے میں تو بہت چھوٹی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔ آپ بتائے وہ کیسی تھیں ؟

پیار کرنے والی خاتون تھیں ۔۔۔۔۔۔۔۔ اپ تو انکی اکلوتی اولاد تھیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ بہت چاہتی تھیں آپ کو ۔۔۔۔۔۔ اور ساحب کو بھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مگر صاحب انہیں سمجھ نہ پائے ۔۔۔۔۔۔۔۔ لوگوں کی باتوں میں آگئے تھے ۔۔۔۔۔ خیر پرانی باتیں ہیں بی بی جانے دیں صرف دل دکھے گا ماضی کے اوراق پلٹ کر

----------

وہ خاموش بے بے کی گود میں سر رکھے انہیں دیکھنے لگیں ---------- پھر مزید کچھ پوچھنے کی بجائے آنکھیں موند لیں -------- لیکن دروازے کے باہر کھڑے جمال شاہ زلزلوں کی زد میں تھے ---- پوری باتیں سن چکے تھے ------- تھکے تھکے قدموں سے وہ واپس پلٹے تھے ------ اور اپنے کمرے میں جانے کے بجائے لائبریری میں آ گئے ---------- چپ چاپ اپنے مخصوص آرام دہ سوفے پر گرنے والے انداز میں بیٹھے تھے ------

مم میرا اعتبار کرو جمال ------------ خدا کے لئے ---------- مم میں فاطمہ کی قسم کھا کر کہتی ہوں یی یہ میں نے نہیں کیا ---------

فاطمہ کو بیچ میں مت لاؤ -------- اور خبردار اس کی جھوٹی قسم کھائی تو ---- نکل جاؤ میرے گھر سے --

میں ---- میں تمہیں طلاق دیتا ہوں -------

جمال !-----------

حسین آنکھیں آنسوؤں سے لبریز۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سکتے کی سی کیفیت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ پل ایک دم ذہن پردے پر فلم کی طرح چلنے لگے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ دل میں ایک درد سا اٹھنے لگا تھا۔۔۔۔۔

آ آپ مجھ سے کتنی محبت کرتے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جان سے بھی زیادہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ ہنسی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کیوں یقین نہیں آ رہا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

نہیں آپ پر یقین خود سے بھی زیادہ ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ لیکن ڈرتی ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ حد سے زیادہ محبت کہیں نفرت میں نہ بدل جائے۔۔۔۔۔۔۔

ایسا کیوں سوچتی ہو۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کیا مجھ پر اعتبار نہیں ؟

میں تو آپ پر اعتبار کرتی ہوں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مگر کیا آپ کو مجھ پر ہے

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کیا ؟

اعتبار ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ بھروسہ

بالکل ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سوچ لیجئے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ بہت بڑی بات کہہ رہے ہیں آپ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کیوں یقین نہیں آ رہا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ڈرتی ہوں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وقت سے حالات سے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ انکی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے بولی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ سر پکڑ کر بیٹھ گئے تھے اب ۔۔۔۔۔۔۔ اس کے خدشے کو کتنی جلدی حقیقت کا

روپے دے دیا تھا انہوں نے ۔۔۔۔۔۔۔۔

حوریہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

بے اختیار اس کا نام زبان پر آیا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔ بے اختیاری میں اسے آواز دے بیٹھے تھے ۔۔۔۔۔۔ وہ حوریہ جس سے انہیں شدید محبت تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ حوریہ جس سے نفرت بھی شدت سے کی ۔۔۔۔۔ وہ حوریہ جس کی بے گناہی فاطمہ کے چلے جانے کے بعد کھلی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ اپنی بیٹی اور بیوی دونوں سے سخت شرمندہ تھے مگر ۔۔۔ فاطمہ تو انکی زندگی میں واپس لوٹ آئی ۔۔۔۔۔۔ لیکن حوریہ ان کی زندگی سے جو گئی تو اس کا نشان تک نہ پا سکے ۔۔۔۔۔۔۔ دل میں ایک درد سا اٹھا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور ماضی کی یادیں زہن کی اسکرین پر چلنے لگیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

××××××××××××××××

باقی آئندہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

# مشکل راستے قسط ۲۵

اسلام علیکم ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وعلیکم اسلام ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ارے عبدل بھائی کہاں ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور تم
ڈرائیونگ سیٹ پر؟

جی ہاں محترمہ ہم آج آپ کی چاکری کے لئے ۔۔۔۔۔۔ آئی مین ٹو سے آپ کو ہم
ڈرائیور کے طور پر قبول ہیں کے نہیں ۔۔۔۔

سنئیہ کارڈیالوجی بلڈنگ سے باہر نکلی تو مجھے اکیلے گاڑی میں دیکھ کر حیرت سے بولی تھی
۔۔۔۔۔۔۔۔ جس کے جواب میں میں نے مزاحیہ انداز میں سر اس کے سامنے ہلکے
سے جھکاتے ہوئے کہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

بالکل قبول ہیں جی بس ذرا احتیاط سے چلایئے گا کہیں گاڑی کے ساتھ ہمیں بھی ڈینٹ
شینٹ لگ گیا تو آپ ہی کو فل ٹایم تیمارداری کے لالے پڑ جائینگے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

مگر سنئیہ سے کون جیت سکتا تھا اس معاملے میں فوراً ہی برجستہ جواب حاضر تھا خاتون کے پاس سے ۔۔۔۔۔

وہ سامنے فرنٹ سیٹ پر آ کر بیٹھ گئی ۔۔۔۔ میں نے گاڑی اسٹارٹ کر دی

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سنئیہ سارا راستہ خاموش رہی تھی پھر بولی کچھ نہیں ۔۔۔۔۔ میں بھی خاموش رہی اس ڈر سے کہ کہیں وہ عبدل بھائی کے بارے میں پوچھنے نہ لگ جائے ۔۔۔۔ مگر اس کی کاموشی مجھ سے ہضم نہیں ہو رہی تھی ۔۔

بات کیا ہے سنئیہ اتنی خاموش کیوں ہو ؟

ہمم نن نہیں کچھ بھی تو نہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔

میرے پوچھنے پر وہ چونکی تھی ۔۔۔۔۔۔۔ پتا نہیں کیا سوچ جا رہی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔

بتاؤ سنئیہ کیا بات ہے ۔۔۔۔۔ کیا ہوا آج ہاسپٹل میں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کچھ تو بات

ہے ضرور گڑیا ۔۔۔۔ مجھے نہیں تو کسے بتاؤ گی لڑکی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

عائشہ آج ایک عجیب سی لڑکی سے ملاقات ہوئی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جب میں تمہارا ویٹ کر رہی تھی تب ۔۔۔۔ پہلے تو اس نے مجھے یہ کہا کہ وہ اپنی ماں کے ساتھ آئی ہے ۔۔۔۔۔۔ اس کی ماں ہارٹ پیشنٹ ہے اور تھری ٹو فور ویکس میں ان کا چیکپ ہوتا ہے ۔۔۔۔۔۔ لیکن جب تمہارا فون آیا کہ تم پہنچ گئی ہو تو میں اس سے معذرت کر کے کیفے سے نکلنے لگی تب اس نے مجھے میرے نام سے پکارا حالانکہ میں نے اس سے نہ اس کا نام پوچھا تھا اور نہ اپنا بتایا تھا ڈاکٹر آئی ڈی بھی اتار دیا تھا اور کوٹ بھی

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ہو سکتا ہے کسی سے سن لیا ہو تمہارا نام ۔۔۔۔۔۔

ٹھیک ہے ہو سکتا ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ لیکن وہ تو تمہارا بھی نام لے رہی تھی اور عجیب بکواس کر رہی تھی تمہارے متعلق ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کیا مطلب ؟؟؟؟؟؟؟؟؟

میں نے اسی وقت گاڑی سگنل ریڈ ہونے پر روکی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور سنئیہ کی

طرف دیکھا تھا۔۔۔۔۔۔

کیا کہہ رہی تھی وہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

یہی کہ وہ ایک سائیکلک ہے۔۔۔۔۔۔۔ اور تم میری بہن نہیں ہو۔۔۔بلکہ دھوکہ ہو فریب ہو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

لیکن پھر جب میں نے اسے ڈانٹ دیا تو بولی کہ ٹھیک ہے نہ مانو لیکن گھر پہنچ کر لائیبریری میں ٹیبل کی دراز کھول کر ضرور دیکھ لوں۔۔۔۔۔۔ وہاں مجھے اماں بی کی لکھی ڈائری ضرور مل جائے گی۔۔۔۔۔۔۔۔ مگر اسے ہمارے گھر کی لائبریری کا کیسے پتا عائیشہ۔۔۔۔۔۔۔

وہ مجھ سے پوچھ رہی تھی اور میں حیرت سے سن رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔ بلکہ اس کی بات سن کر میں ایک عجیب سی گھبراہٹ کا شکار ہو گئی تھی۔۔۔۔۔۔۔ خدانخواسطہ اگر سنئیہ مجھے بتائے بغیر ہی لائبریری میں جا کر دراز کھول کر دیکھ لیتی تو یقیناً اسے وہ ڈائری مل جاتی۔۔۔۔۔۔۔ اور اس پر وہ راز کھل جاتا جو نہ اماں بی چاہتی تھیں اور نہ میں ایسا چاہتی۔۔۔۔۔۔۔

ہمم ۔۔۔۔۔ اچھا کیا جو تم نے مجھے بتا دیا سنئیہ ۔۔۔۔۔ تم بے فکر ہو جاؤ اور ڈرنے کی نہیں تھی ۔۔۔۔۔۔ well wisher بھی ضرورت نہیں ۔۔۔ وہ جو کوئی بھی تھی ہماری اور ایسے لوگوں سے محتاط رہنا بہت ضروری ہے ۔۔۔۔۔۔

ہاں تم ٹھیک کہہ رہی ہو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مجھے تو اس کی آنکھیں عجیب سی لگیں تھیں ایک دفع بھی اس نے پلکیں نہ جھپکیں ۔۔۔ سچی بات تو یہ ہے کہ اس کی آنکھوں میں ایک عجیب سی چمک تھی ۔۔۔۔۔۔۔

صبح قرآن پڑھ کر جایا کرو لڑکی ۔۔۔۔۔۔ سورہ بقرہ بیسٹ سورہ ہے ایک تو گھر سے نحوست دور ہوتی ہے ۔ جس گھر میں سورہ بقرہ پڑھی جاتی ہے اس گھر سے شیطان بھاگ جاتا ہے ۔۔۔۔۔۔ اور جب سے تم نے ہاؤز جوب اسٹارٹ کی ہے تب سے میں دیکھ رہی ہوں تم نے صبح کی تلاوت چھوڑ دی ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔ اب خود ہی دیکھ لو عجیب عجیب پر سرار لوگوں سے پالا پڑھ رہا ہے تمہارا ۔۔۔۔۔۔۔

میں نے ہلکے پھلکے انداز میں اسے نصیحت کی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

میری بات سن کر سنئیہ بی بی نے سر ہلا دیا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔ اور میں دل میں اللہ کا شکر ادا کر رہی تھی ۔۔۔۔ مگر ساتھ میں تفکرات نے بھی آ گھیرا تھا

مجھے کہ وہ پر سرار لڑکی کون تھی اور کیا چاہتی تھی سنئیہ سے ۔۔۔ مجھے اب سنئیہ کی فکر ہونے لگی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

××××××××××××××××

عشاء کی نماز کے بعد سنئیہ تو سو گئ تھی اور ٹکو بھی ۔۔۔۔۔۔۔ مگر میں جاگ رہی تھی ۔۔۔۔۔ جب پورا یقین ہو گیا کہ سنئیہ سو چکی ہے تب کمرے سے نکل کر اس چھوٹی سی لائبریری میں آ گئ ۔۔۔۔۔۔۔۔ لائٹ جلا کر اس چھوٹی سی میز کی طرف بڑھ گئ جس کی دراز میں اماں بی کی لکھی ڈائری رکھی تھی ۔۔۔۔۔۔۔ دراز کھول کر دیکھا تو وہ ڈائری وہاں موجود نہیں تھی ۔۔۔۔۔۔ حیرانی بھی ہو رہی تھی اور ساتھ میں پریشانی بھی کہ اب ڈائری کدھر گئ ۔۔۔ مجھے اچھی طرح یاد تھا میں نے ڈائری دراز میں ہی فائیلز کے نیچے ہی رکھی تھی ۔۔۔۔۔۔ مگر اب وہ وہاں نہیں تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔

پریشان نہ ہو بیٹی ڈائری ہم نے وہاں سے اٹھا لی ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔

انہی بزرگ کی آواز گونجی تھی جنھوں نے مجھے میری ماں کی ادھوری کہانی سنائی تھی ۔۔۔۔۔۔۔ میں نے پلٹ کر دیکھا تو دینی کتابوں کے شیلو کے سامنے کھڑے پایا

--------

آپ مجھے بتا سکتے ہیں یہ سب کیا ہے ؟اور وہ لڑکی کون تھی جو سنئیہ سے آج ملی تھی
------اسے کیسے پتا چلا کہ میں سئیہ کی سگی بہن نہیں ہوں ------بلکہ وہ تو مجھے
دھوکا جھوٹ اور نا جانے کیا کہہ رہی تھی ---آخر یہ چکر کیا ہے ؟؟؟؟؟؟-------
مم میں کون ہوں ---------مجھے بھی کیوں ایسا لگ رہا ہے کہ میں ایک نارمل
انسان نہیں ہوں -----کیا ایک نازک سی لڑکی کسی ہٹے کٹے بدمعاش کا ایسا بھی حال
کر سکتی ہے --
آپ کو وہ تھپڑ یاد ہے نا جو میں نے اسے مارا تھا--------پھر وہ اچھل کود جو میں
نے اپنی زندگی میں کبھی اس سے پہلے نہیں کی اور نہ مجھے مارشل آرٹ آتا ہے
--------پلیز بتایئے مجھے مم میں کون ہوں ؟؟؟؟؟؟؟؟
میں نے ان پر سوالوں کی بوچھاڑ کر دی تھی ---------وہ کسی دینی کتاب کا مطالعہ
کر رہے تھے میری بات پر بغور مجھے دیکھا تھا پھر شیلف میں کتاب واپس رکھ دی تھی

----------

بیٹا نماز کے کمرے میں چلو----------وہیں بات کرتے ہیں --------

*************

نماز کے کمرے م،یں پہنچ کر وہ قبلہ رخ ہو کر بیٹھ گئے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

تم جاننا چاہتی ہو نا کہ تم کون ہو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ بیٹا تم واقعی ایک نارمل انسان نہیں ہو ۔۔۔۔۔۔۔ عموماً ایسے بچے زیادہ عرصہ جیتے نہیں ہیں ۔۔۔۔۔۔۔ مگر اللہ نے حوریہ بی بی کو زندگی دی پھر اولاد بھی ان جیسی ہی دی یعنی فاطمہ بی بی اور پھر تم ۔۔۔ مگر تم سے یہ سلسلہ آگے .بڑھتا بھی ہے یا نہیں یہ اللہ ہی بہتر جانتا ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔

کیا مطلب ہے آپ کا ؟؟؟؟؟؟؟ میں سمجھی نہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اس کی بعد ان .بزرگ نے جو کچھ بھی کہا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میرا دل میرا ذہن اسے ماننے سے انکاری تھا ۔۔۔۔۔ جیسے انہوں نے کھولتا سیسہ میرے کانوں میں انڈیل دیا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میرا وجود طوفان کی زد میں آچکا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

×××××××××××××××××

باقی آئندہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

## مشکل راستے قسط ۲۶

دیوانا وار دوڑتے قدم۔۔۔۔۔۔۔ خشک پپڑی زدہ لبوں سے نکلتی گھٹی گھٹی چیخیں ۔۔۔۔۔ پیاس کی شدت سے بے حال تھکن سے چور۔۔۔۔۔۔۔ لیکن وہ رک نہیں سکتی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔ دشمن تاک میں تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ نا جانے کب آدبوچے۔۔۔۔۔۔
کتنی مشکل سے تو نکلی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔ یہ اللہ کا کرم ہی تھا جو نکلنے کا موقع فراہم کردیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ منہ اور پیروں کے زخموں سے خون جاری تھا۔۔۔۔۔۔۔۔ مگر اسے پرواہ نہیں تھی۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ تو بس یہاں سے دور بہت دور نکل جانا چاہتی تھی ۔۔۔۔۔ دشمن کی پہنچ سے دور۔۔۔۔۔۔ اور اللہ اسباب بنا رہا تھا۔۔۔۔۔۔ اس کے فرار کے۔۔۔۔۔۔

یا اللہ میری مدد کر۔۔۔۔۔ مجھے اپنی پناہ میں لے لے مولا۔۔۔۔۔۔۔۔ تو کریم ہے ۔۔۔ رحیم ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مجھ گناہ گار کی سن لے۔۔۔۔۔۔

وہ بھاگتے ہوئے بے اواز اپنے رب کو پکارے جا رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔ اونچی نیچی گھاٹیاں عبور کرتی ہوئی بس وہ دوڑے جا رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اچانک کوئی چیز اس کے قدموں سے ٹکرائی تھی۔۔۔۔۔۔۔ جس کی بدولت تیز رفاری کی وجہ سے وہ اپنا

توازن برقرار نہ رکھ پائی اور بہتی ندی میں جا گری تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ غڑاپ کی آواز ۔۔۔۔۔۔۔ تھوڑی دیر کے لئے خاموشی چھاگئی تھی ۔۔۔۔ پھر ندی کی سطح پر اس کا سر ابھرا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور وہ تیزی سے ہاتھ پاؤں مارنے لگی ۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ اپنی بقاء کی جنگ لڑ رہی تھی ۔۔۔۔ مگر ہمت ساتھ چھوڑنے لگی تھی اب اور تیزی سے ہرکت کرتے ہاتھ پاؤں جواب دینے لگے تھے ۔۔۔۔۔ ٹھنڈ بڑھتے جارہی تھی اور ندی کا پانی بھی برف جیسا ہوگیا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔ شل ہوتے اعصاب اور جسم کے ساتھ اس نے دل ہی دل میں اپنے رب کے ایک ہونے کی گواہی دی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۔اشہدان لا الہ إلا اللہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اور پھر خود کو بے رحم موجوں کے حوالے کردیا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ دو دفع پانی کی سطح پر اس کا پھر سے سر ابھرا تھا اور پھر ندی نے اسے اپنی آغوش میں لے لیا

۔۔۔۔۔۔۔۔ اسی لمحے ایک تقریباً سات آٹھ سال کا بچہ تیزی سے ندی کی طرف دوڑتا ہوا آیا اور ندی میں کود گیا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اس وقت ندی میں طغیانی نے اودھم مچائی ہوئی تھی اور اس بچے کا اس بھپری ندی میں یوں مزے سے کود جانا کسی کو بھی حیرت میں مبتلا کرسکتا تھا ۔۔۔ مگر اس وقت دیکھنے والا کوئی موجود نہیں تھا ۔۔۔۔۔ وہ تیزی سے اس سمت کسی مچھلی کی طرح تیرتا ہوا بڑھنے

لگا جہاں ندی اس وجود کو بہائے لئے جا رہی تھی ۔۔۔۔۔۔ کچھ سیکنڈ میں ہی وہ اس تک پہنچ گیا تھا ۔۔۔۔۔۔ اور اس کا ہاتھ تھام لیا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور پھر کسی ماہر تیراک کی طرح وہ اسے کنارے پر لے آیا تھا ۔۔۔۔۔۔ اور پھر اس لمبی مگر دبلی پتلی عورت کو اپنے کاندھے پر اٹھا کر فضا میں بلند ہوا اور بجلی کی سی رفتار سے اڑتا ہوا اس اندھیرے میں غائب ہوگیا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

***************

میں کون ہوں ۔۔۔۔۔۔ میں کیا ہوں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مجھے اللہ نے پیدا ہی کیوں کیا؟ ۔۔۔۔۔۔۔ وہ بھی ایک ادھورے وجود کے ساتھ ۔۔۔۔۔۔۔ ہنہ ۔۔۔۔۔۔۔۔ اس ایک سچ نے تو مجھ سے میرا یقین میرا اعتماد ہی چھین لیا ۔۔۔۔۔ سب کچھ تو تہس نہس کر کے رکھ دیا ۔۔۔۔۔۔ کیا ہی اچھا ہوتا وہ بزرگ مجھے میری اصل حقیقت ہی نہ بتاتے ۔۔۔ کیا ہوتا اگر اللہ تعالیٰ مجھے ایک عام انسان ہی بناتا ۔۔۔۔۔ میں ۔۔۔۔۔۔ مم ۔۔۔۔۔ میں جو ہوں کاش وہ نہ ہوتی ۔۔۔ کاش ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اس کاش کے آگے تو دکھ اور اذیت کے علاوہ کچھ نظر نہیں آ رہا مجھے ۔۔۔۔۔ اللہ !!!!!!! آہ ۔۔۔

ایک آہ سی نکلی تھی ۔۔۔۔ ایک نئے درد سے دل آشنا ہوا تھا ۔۔۔۔۔۔ جو شاید

تمام عمر کا روگ بن جانا تھا۔۔۔۔۔۔

میں عائشہ دانیال علی ۔۔۔۔۔۔۔۔ خود اپنی ہی نظروں میں ایک سوالیہ نشان بن کر رہ گئی تھی ۔۔۔۔۔۔۔

××××××××××××××××××

جمال شاہ اپنی لائبریری میں بیٹھے ہوئے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ بیتے ہوئے ان لمحوں کو یاد کرتے ہوئے ۔۔۔۔۔۔۔ ورق ورق پلٹتے ہوئے ۔۔۔۔۔۔۔۔ سلسلہ وہیں سے جوڑا تھا جہاں سے پچھلی بار ٹوٹا تھا۔۔۔۔۔۔۔

عباس تم نے اسے روکا کیوں نہیں ۔۔۔۔۔ میرے آنے تک اسے روکے رکھتے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ غصے میں عباس پر چلا اٹھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

صاحب وہ بالکنی میں ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

عباس کے کہنے پر وہ تیزی سے بالکنی کی طرف بڑھ گئے ۔۔۔۔۔۔

وہ بالکنی میں ان کی طرف پشت کئے کھڑی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔ گیلری سے باہر دیکھتے ہوئے سمندر کے نیلگوں پانی کو دور سے تکتے ہوئے ۔۔۔۔۔۔۔ خاموش ۔ چپ چاپ ۔۔۔۔۔۔۔۔ ساکت سی ۔۔۔۔۔۔۔۔ سفید لبادہ اوڑھے اور اور سفید چادر سر سے پیر تک اس کے وجود کو ڈھکے ہوئے تھی ۔۔۔۔۔۔۔ وہ اسے یوں کھڑا دیکھ کر رک گئے تھے ۔۔۔۔۔ ایک دکھ ایک درد سا دل میں جاگا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ محبت بھی کیا چیز ہوتی ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ دل میں ایک انجانا میٹھا سا درد چپکے سے پنپنے لگتا ہے ۔۔۔۔ اور پھر یہی درد آپ کی زندگی کا روگ بن جاتا ہے ۔۔۔۔۔۔ جو تمام عمر آپ کے ساتھ رہتا ہے ۔۔۔۔۔۔ وہ یہ سب سوچ رہے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔ پھر چھوٹے چھوٹے قدم اٹھاتے اس کے قریب آکر کھڑے ہو گئے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

حوریہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ پلٹی تھی اس آواز پر ۔۔۔۔۔۔۔۔ اور انہیں ایک نظر دیکھا اور پلکیں جھکا لیں ۔۔۔۔۔۔۔ آنکھوں میں نمی ۔۔۔۔ لرزیدہ کپکپاتا وجود اور چہرا دھواں دھواں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اس کے بن کہے اس کا حال بیان کر رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جمال مم میں۔۔۔۔۔۔۔۔

کچھ کہنے کی ضرورت نہیں ہے حوریہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میں جانتا ہوں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میں تم سے کچھ نہیں پوچھونگا حوریہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور نہ تمہیں وضاحتیں دینے کی ضرورت ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ بس تم سے صرف اتنا کہنا چاہتا ہوں ۔۔ میں تمہارے بن ادھورا تھا اور ہوں اور شاید رہونگا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اگر اب بھی تم میرا حال دیکھ کر واپس پلٹنا چاہوگی تو روکونگا بھی نہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ حوریہ میں نے تم سے محبت کی ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور محبت سودے بازی نہیں ہوتی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ بس محبت ہوتی ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔

آنکھوں میں اترتی نمی کو شہادت کی انگلی سے صاف کرتے ہوئے بولے تو وہ انہیں کافی دیر خاموش دیکھے گئی ۔۔۔

اسی لئے آئی ہوں آپ کی تڑپ مجھ سے.برداشت نہیں ہو پائی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جمال میں آج آپ سے بہت کچھ کہنا چاہتی ہوں ۔۔۔۔۔۔۔ اپنی ذات سے جڑا ہر راز آپ پر کھولنا چاہتی ہوں ۔۔۔۔۔ اور یہ اب آپ پر منحصر ہے اگر اس سچ کو جاننے کے بعد بھی آپ مجھے اپنی زندگی میں شامل کرنا چاہینگے تو میں ہر قدم پر آپ کا ساتھ دونگی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور اگر نہیں تو چپ چاپ آپ کی زندگی سے ہمیشہ کے لئے

نکل جاؤنگی ۔۔۔۔۔۔ یہ میرا آپ سے وعدہ ہے ۔۔۔۔۔۔۔

وہ رک رک کر بول رہی تھی اور وہ اسے سن رہے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

میں تم سے محبت کرتا ہوں حور یہ وہ بھی بے غرض اور پاک ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تم جیسی بھی ہو مجھے ہر حال میں قبول ہو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میں تمہارے بارے میں کچھ نہیں جاننا چاہتا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ اسے اپنی محبت کا یقین دلانا چارہے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مگر وہ ان کی بات سن کر افسردہ نظروں سے انہیں دیکھنے لگی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔

لیکن آپ کو میری بات سننی پڑیگی ۔۔۔۔۔۔۔

اچھا کہو تم کیا کہنا چاہتی ہو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جمال میں آپ سے بہت مختلف ہوں ۔۔۔۔۔۔۔ مم میں ایک نامکمل انسان ہوں ۔۔۔۔۔۔۔۔ اور ساتھ میں مم میں ۔۔۔۔۔ مم میں ایک جن زادی بھی ہوں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

××××××××××××

وہ رو رہی تھی اور وہ اسے حیران پریشان سے تکے جا رہے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ انہیں اس کی ذہنی حالت پر شبہ سا ہونے لگا تھا ۔۔۔۔۔

حوریہ تمہاری تبعیت تو ٹھیک ہے نا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ روتے روتے انہیں دیکھنے لگی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اداس نگاہوں میں انہیں اپنا ہی عکس جھلملاتا ہوا نظر آ رہا تھا ۔۔۔۔۔

آ آ آپ کو یقین آ رہا نا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

نہیں ۔۔۔۔۔۔۔ بالکل بھی نہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ صاف گوئی سے بولے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ان کی بات سن کر وہ روتے روتے مسکرا دی ۔۔۔۔۔۔۔۔ ایک عجیب سی پر سرار مسکراہٹ تھی ۔۔۔۔۔۔۔

میں جانتی تھی آپ یقین نہیں کروگے لیکن یہی حقیقت ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جسے نہ آپ جھٹلا سکتے ہیں اور نہ ہی میں ۔۔۔ کاش یہ جھوٹ ہوتا جمال ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کاش میں ایک عام انسان ہوتی آپ کی طرح ۔۔۔۔ آپ جیسی ۔۔۔۔

پھر اچانک ہی وہ بلند ہوئی ۔۔۔۔۔۔۔ اس کے پیر زمیں سے پانچ فٹ تک اوپر اٹھ گئے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔ کالی آنکھیں ایک دم چاندنی سے بھر گئی تھیں ۔۔۔ آنکھوں میں اتنی روشنی تھی کہ وہ زیادہ دیر اس کی آنکھوں میں دیکھ نہیں پائے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پھر جمال کی نظروں کے سامنے ہی اس کا وجود ہوا میں تحلیل (غائب) ہوگیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

××××××××××××

باقی آئندہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

# مشکل راستے قسط ۲۷

وہ حیران پریشان وہیں کافی دیر تک کھڑے رہے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔ حوریہ ان کی نظروں کے سامنے سے غائب ہو گئی تھی ۔۔۔۔۔۔۔ ڈر سے زیادہ حیرانی تھی انہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔ یقین ہی نہیں آ رہا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ حوریہ کا آنا پھر عجیب سی باتیں کرنا اور پھر اس کا ان کے دیکھتے دیکھتے ہی غائب ہو جانا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ان کا ذہن اس بات کو قبول کرنے کو تیار ہی نہیں تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سب خواب سا لگ رہا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ بھوت پریت پر یقین ہی نہیں کرتے تھے ۔۔۔۔۔۔ جنات پر یقین تو تھا مگر ان کا ماننا تھا کہ زیادہ تر واقعات من گھڑت قصے کہانیوں پر مشتمل ہوتے ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جن کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں ہوتا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مگر جو کچھ اپنی آنکھوں سے دیکھ چکے تھے اسے کیسے جھٹلاتے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کچھ سوچنے سمجھنے کی قوت سلب ہو چکی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔

صاحب ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

عباس نے انہیں پیچھے سے آواز دی تھی مگر شاید انہوں نے سنا ہی نہیں تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ یونہی ساکت ایک ہی طرف رخ کئے کھڑے تھے ۔۔۔۔۔۔ ایک ہی طرف

،،،،،، ٹکٹکی باندھے جیسے کسی ٹرانس میں ہوں

جمال بھائی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ صاحب ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ایک دو دفع آواز دینے پر بھی جب ان میں کوئی حرکت نہ ہوئی تب عباس نے آگے بڑھ کر ان کا کاندھا ہلایا تھا ۔۔ تب چونک کر اسے دیکھا تھا انہوں نے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مگر عباس ان کے چہرے پر چھائی گھبراہٹ اور حیرت کو صاف محسوس کر رہا تھا ۔۔۔۔۔۔۔

صاحب خیریت ۔۔۔۔۔۔۔ آپ مجھے پریشان لگ رہے ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آں نن نہیں تو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہاں بولو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ جی کھانا لگا دیا ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اچھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ غائب دماغی سے بولے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ عباس نے حیرت سے انہیں دیکھا تھا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مگر پھر بولا کچھ نہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کافی عرصہ ہو گیا تھا اسے ان کے پاس کام کرتے ہوئے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جب وہ پاکستان لوٹے تھے تب سے ہی وہ ان کے پاس کام کر رہا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔ انہیں کبھی اس طرح پریشان نہیں دیکھا تھا اس سے پہلے ۔۔۔ اور وہ میم صاحب بھی نظر نہیں آ رہیں تھیں اسے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پتہ نہیں کیا ہوا تھا صاحب اور ان میم صاحب کے درمیاں جو صاحب اتنے پریشان نظر آ رہے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مگر پوچھنے کی جرت نہیں کر سکا ۔۔۔۔۔ چاہے وہ اس کے ساتھ کتنے ہی اچھے کیوں نہ ہوں تھا تو وہ نوکر ہی نا ۔۔۔۔۔۔۔ انہیں کھانے کا کہہ کر وہ چپ چاپ وہاں سے چلا گیا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ کچھ دیر اور وہاں یونہی کھڑے رہے پھر بالکنی سے نکل کر کھانے کے کمرے میں جانے کی بجائے اپنے کمرے میں آ کر لیٹ گئے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

××××××××××××××××××

رات آنکھوں میں کٹ گئی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ساری رات حوریہ کے بارے میں سوچتے گزار دی ۔۔۔۔۔۔۔ اپنے اور اس کے رشتے کے بارے میں مگر کوئی فیصلہ کرنے سے قاصر رہے ۔۔۔۔۔۔۔ دل اب بھی حوریہ کی گردان کر رہا تھا مگر دماغ انہیں کسی بھی جذباتی فصلے سے روک رہا تھا ۔۔۔۔۔ پھر پورا ایک مہینہ اسی کشمکش میں گزر گیا ۔۔۔ مگر کسی حتمی فیصلے پر وہ پہنچ نہ سکے ۔۔۔۔۔۔ اس وقت بھی وہ

اپنے ہوٹل جانے کے لئے نکلے تھے

مگر جیسے ہی اپنی گاڑی میں بیٹھنے لگے تب ہی اچانک ایک خاتون نے انہیں پیچھے سے آواز دی تھی ۔۔۔

جمال صاحب ۔۔۔۔۔۔۔۔

جی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کون ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

پیچھے پلٹ کر دیکھا تو ایک چالیس پیتالیس کے درمیانی عمر کی خاتون کو کھڑے پایا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

مجھے آپ سے کچھ بات کرنی ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جی فرمایئے ۔۔۔۔۔۔۔۔ کیا میں آپ کو جانتا ہوں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اس سے پہلے ہماری ملاقات نہیں ہوئی ہے صاحب ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ یہ پہلی دفع ہے جو آپ مجھے دیکھ رہے ہیں ۔۔۔

دیکھئے میں ابھی تو بہت مصروف ہوں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ آپ کسی اور دن اجائے گا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

نہیں صاحب تب تک تو کافی دیر ہو چکی ہو گی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ حوریہ بی بی یہاں سے واپس چلے جائیں گی ۔۔۔۔۔۔

کیا مطلب ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ حوریہ کے نام پر چونکے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور گاڑی میں بیٹھتے بیٹھتے رک گئے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور پلٹ کر بڑے غور سے اس خاتون کو دیکھا تھا جو ہلکے نیلے رنگ کے شلوار قمیض میں ملبوس تھی اور ایک بڑی سی سفید چادر اوڑھے ہوئے تھی

۔۔۔۔۔۔۔

کیا ہم بیٹھ کر بات کر سکتے ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اوہ ۔۔۔۔ جی ضرور ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آیئے ۔۔۔۔ پلیز ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ اس خاتون سے بولے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور احتراماً گاڑی کا پچھلا دروازہ کھول دیا تھا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

نہیں صاحب ۔۔۔۔۔۔۔۔ اگر آپ مناسب سمجھیں تو آپ کے گھر میں ہی بیٹھ کر بات ہو سکتی ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ٹھیک ہے آیئے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

انھوں نے یہ کہتے ہوئے گاڑی کا دروازہ بند کیا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور ڈرائیور کو کچھ ہدایت دیتے ہوئے ان خاتون کے ساتھ اپنے فلیٹ کی طرف بڑھ گئے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ان کے بیل بجانے پر عباس نے دروازہ کھولا تو اپنے صاحب کے ساتھ درمیانے آواز دی تھی

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جمال صاحب ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کون ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

پیچھے پلٹ کر دیکھا تو ایک چالیس پیتالیس کے درمیانی عمر کی خاتون کو کھڑے پایا

---------

مجھے آپ سے کچھ بات کرنی ہے -------------

جی فرمایئے -------- کیا میں آپ کو جانتا ہوں ------------

اس سے پہلے ہماری ملاقات نہیں ہوئی ہے صاحب ----------- یہ پہلی دفع ہے جو

آپ مجھے دیکھ رہے ہیں ---

دیکھئے میں ابھی تو بہت مصروف ہوں ---------- آپ کسی اور دن اجائے گا

-------------

نہیں صاحب تب تک تو کافی دیر ہو چکی ہو گی ------------ حوریہ بی بی یہاں سے

واپس چلے جائیں گی ------

کیا مطلب -----------

وہ حوریہ کے نام پر چونکے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور گاڑی میں بیٹھتے بیٹھتے رک گئے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور پلٹ کر بڑے غور سے اس خاتون کو دیکھا تھا جو ہلکے نیلے رنگ کے شلوار قمیض میں ملبوس تھی اور ایک بڑی سی سفید چادر اوڑھے ہوئے تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔

کیا ہم بیٹھ کر بات کر سکتے ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اوہ ۔۔۔۔ جی ضرور ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آیئے ۔۔۔۔ پلیز ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ اس خاتون سے بولے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور احتراماً گاڑی کا پچھلا دروازہ کھول دیا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

نہیں صاحب ۔۔۔۔۔۔۔ اگر آپ مناسب سمجھیں تو آپ کے گھر میں ہی بیٹھ کر بات ہو سکتی ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔

ٹھیک ہے آیئے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

انہوں نے یہ کہتے ہوئے گاڑی کا دروازہ بند کیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور ڈرائیور کو کچھ ہدایت دیتے ہوئے ان خاتون کے ساتھ اپنے فلیٹ کی طرف بڑھ گئے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ان کے بیل بجانے پر عباس نے دروازہ کھولا تو اپنے صاحب کے ساتھ ادھیڑ عمر کی خاتون کو کھڑے پایا۔۔۔۔۔ سلام کرکے دونوں کو اندر آنے کا راستہ دیتا ہوا ایک جانب خاموش کھڑا ہوگیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

عباس دو کپ چائے بنا دو۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جی بہتر۔۔۔۔۔۔۔۔۔

پلیز آپ آیئے میرے ساتھ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

عباس کو کہہ کر وہ خاتون سے بولے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور انہیں ڈرائینگ روم میں لے آئے۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ خاموشی سے ایک سوفے پر بیٹھ گئیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تو ان کے سامنے والے سوفے پر خود بھی بیٹھ گئے۔۔۔

جی فرمایئے آپ کیا کہنا چاہتی ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور حوریہ کو کیسے جانتی ہیں آپ ؟
صاحب حوریہ بی بی کو میں نے ہی پالا پوسا ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مجھ سے زیادہ بھلا انہیں کون جان سکتا ہے ۔۔۔۔

وہ چونکے تھے ان کی بات سن کر ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اس کا مطلب ہے کے آپ بھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جی صاحب ۔۔۔۔۔۔۔ لیکن خدا کے لئے آپ خوف زدہ نہ ہوں ۔۔۔۔۔۔ ہم آپ کو کچھ نقصان نہیں پہنچائینگے ۔۔۔

ہم یہاں آپ کو ڈرانے یا دھمکانے نہیں آئے ہیں ۔۔۔۔۔ بلکہ آپ کو حوریہ کی حقیقت بتانے آئے ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔ تاکے آپ جو بھی فیصلہ کریں حقائق کو سامنے رکھ کر کریں ۔۔۔۔ یہ نہ ہو بعد میں پچھتانا پڑے آپ کو ۔۔۔۔۔۔

ہممم ۔۔۔ کیا کہنا چاہتی ہیں آپ ۔۔۔۔۔۔

صاحب اس کے لئے آپ کو ان کے ماضی کو جاننا بہت ضروری ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آپ بتائے میں سن رہا ہوں ۔۔۔۔۔۔

وہ بولے تو اس عورت نے ایک نظر انہیں دیکھا اور پھر گویا ہوئی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اب سے تقریباً چالیس سال پہلے کی بات صاحب ہندوستان میں گجرات کے شہر احمد آباد میں ایک ہندو متمول گھرانے میں ایک لڑکی کا جنم ہوا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پہلی اولاد تھی ماں باپ نی بڑے پیار سے اس کا نام کوشلیا دیوی رکھا ۔۔۔۔ تین سال تک وہ اکلوتی اولاد رہیں پھر ان کی والدہ پھر سے حاملہ ہو گئیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور زچگی کے دوران ہی ان کا انتقال ہو گیا لیکن پیچھے کوشلیا کے علاوہ دو جڑواں لڑکوں کو چھوڑ گئیں ۔۔۔۔۔۔ کچھ دن تو رام دیال پتنی کا سوگ مناتے رہے ۔۔۔۔۔ پھر بچوں کی خاطر اپنی پیاری بیوی کی یاد دل میں چھپائے ان کی پرورش میں جٹ گئے ۔۔۔۔۔ اس کے بعد انہوں نے دوبارا شادی نہیں کی ۔۔۔۔۔ دو سال کا عرصہ پلک جھپکتے ہی گزر گیا ۔۔۔ کوشلیا پانچ سال کی ہو چکی تھی ۔ تب ہی ان کے دونوں بیٹے وشنو اور شیوا سخت بیمار پڑھ گئے ۔۔۔۔۔۔۔۔ طب اور پنڈتوں کی پوجا پاٹ بھی کام نہیں ارہی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ڈاکٹرز حیران تھے ۔۔۔۔۔۔ وہ اس

عجیب بیماری کو سمجھ ہی نہیں پا رہے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ بچے دن بدن کمزور ہونے لگے ۔۔۔۔۔۔۔۔ اور نوبت یہاں تک پہنچی کے انہیں شہر کے بڑے ہسپتال میں داخل کرنا پڑ گیا ۔۔۔۔۔ مگر اس کے بعد مزید بچوں کی تبعیت بگڑنے لگی ۔۔۔۔۔ رام دیال کی سمجھ میں نہیں آ رہا تھا کے وہ اپنے بچوں کو کیسے بچائیں ۔۔۔۔۔۔ دیوانوں کی سی حالت ہو گئی تھی ان کی ۔۔۔۔۔۔ ان کی چہیتی پتنی کی آخری نشانی تھے یہ بچے ۔۔۔۔۔۔۔۔ پھر کسی نے انہیں کسی پروہت کے بارے میں بتایا جو کالے علم کا ماہر تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کالے علم سے سخت نفرت کرنے والے رام دیال بچوں کی محبت میں اس پروہت تک جا پہنچے ۔۔ جو گجرات کے ہی شہر گاندھی نگر کے قریب ایک گاؤں میں رہتا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔ جس کا نام کالی داس تھا ۔۔

پرنام ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ گرو جی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اس بڑے سے گھر کے بڑے سے ہال نما کمرے میں جب وہ اپنے دوست کے ساتھ داخل ہوئے تو تو ایک بڑی سی کالی دیوی کی مورتی کے سامنے اسے کسی منتر کا جاپ کرتے ہوئے دیکھا ۔۔۔۔۔۔۔۔ عجیب سی بو فضا میں پھیلی ہوئی تھی ۔۔۔۔۔۔ کالی داس اپنے نام ہی کی طرح کالی رنگت اور بد ہیبت جسم کا مالک تھا ۔۔۔۔۔ عجیب سی مکروہ شکل تھی ۔۔۔۔۔۔

پرنام۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

بیٹھو گوپی نات۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کیسے آنا ہوا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

گرو جی میں اپنے دوست کے ساتھ آیا ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔بڑا پریشان ہے جی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس کی بیوی بھگوان کو پیاری ہو گئی ہے اور پیچھے جان کو تین بچے چھوڑ گئی۔۔۔۔۔۔۔۔۔ گرو جی اس کے دو بچے بڑے بیمار ہیں۔۔۔۔ سب ویدوں ڈاکٹروں کو دکھا دیا مگر کوئی بھید نہ پا سکا اس بیماری کا۔۔۔۔۔۔۔۔بڑی آس لے کر آئے ہیں جی۔۔۔۔۔۔۔۔آپ ہمارے مائی باپ ہو جی۔۔۔۔۔۔۔آپ ہی ہمیں اس اڑچن سے نکالو۔۔۔۔۔۔۔

رام دیال خاموش اداس نگاہوں سے کبھی اپنے دوست گوپی کو دیکھتا اور کبھی اس بد ہیت وجود کو۔۔۔۔۔ جسے دیکھ کر عجیب سی کراہیت کا احساس ہو رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ گرو جی نے اپنی آنکھیں کھول دیں۔۔۔۔۔ اور اپنی چھوٹی گول سرخ سرخ آنکھوں سے رام دیال کو دیکھنے لگے۔۔۔۔۔۔۔۔

رام دیال تجھے اپنے بیٹے زیادہ پیارے ہیں یا بیٹی۔۔۔۔۔۔۔

رام دیال چونک اٹھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اس پروہت کو کیسے پتا چلا کے ان کے دو بیٹے اور ایک بیٹی ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ابھی وہ کچھ بولنے ہی لگے تھے کہ ۔۔۔۔۔۔

تمھیں بیٹی اور بیٹوں میں سے ایک کو چننا ہوگا ۔۔۔۔۔۔۔۔ یا تو بیٹی لو اور دونوں بچوں کو یونہی تڑپ کر مرنے دو یا پھر بیٹوں کو چن لو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

میں سمجھا نہیں گرو جی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

تمھاری بیٹی پر سایا ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور وہ اب اسے ساتھ لے جانا چاہتا ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔

کیا اس کا کوئی دوسرا اوپائے نہیں ہو سکتا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اوشے ہو سکتا تھا لیکن اس کے لئے بہت دیر ہو گئی ہے ۔۔۔۔ ہم اپنے منتروں سے اس سائے کو بھسم تو کر دینگے ۔۔۔۔ اور تمھاری بیٹی کی جان بھی چھوٹ جائے گی ۔۔۔۔ لیکن تمھارے دونوں بیٹے پھر بھی جان سے ہاتھ دھو بیٹھینگے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اس لئے پوچھ رہا ہوں تم میں حوصلہ ہے اپنی بیٹی کو کھونے کا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ دو

کے مقابلے میں ایک کو قربان کر دینا۔۔۔۔۔۔ گھاٹے کا سودا نہیں ہوگا۔۔۔۔۔۔۔

کالی داس خباثت سے مسکرایا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور رام دیال غم کی تصویر بنا کچھ سوچنے لگا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

××××××××××××××××

باقی آئندہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

# مشکل راستے قسط ۲۸

اماوس کی کالی سیاہ رات ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سخت سرد ترین دنوں میں سے ایک دن ۔۔۔۔۔۔۔ اور راج کوٹ شہر کی سنسان گلیوں سے گزرتی بگھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کوچوان کے علاوہ دو نفوس ایک تقریباً پانچ سال کی بچی اور ایک مرد پیچھے بیٹھے ہوئے تھے ۔۔۔ بچی تو سو چکی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مگر ساتھ بیٹھا شخص جاگ رہا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ بار بار آنکھوں کو رگڑ رہا تھا ۔۔۔۔۔۔ مگر کمبخت پھر پانی سے بھر جاتیں ۔۔۔۔ بار ہا دل میں خیال آ رہا تھا کے آدھے راستے سے ہی لوٹ جائے لیکن پھر دو سال کے اپنے جڑواں بچوں کی شکلیں نظروں میں گھوم جاتیں ۔۔۔۔ اور وہ دل مسوس کر رہ جاتا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سارا راستہ وہ اپنی پھول سی گڑیا کو نظر بھر کر دیکھنے سے کتراتا رہا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اس کی طرف دیکھ لینے سے کہیں اس کا ارادہ ڈانوا ڈول نہ ہو جائے ۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ اس کی چہیتی بیٹی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پہلی سرتان ۔۔۔۔۔۔ پاروتی کی لاڈلی اور اس کی آنکھوں کا تارا ۔۔۔۔۔۔۔۔ مگر آج وہ اپنے دونوں بیٹوں پر اپنی پھول سی بچی قربان کرنے چلا تھا ۔۔۔۔۔۔۔ جسے دیکھے بغیر وہ سوتا نہیں تھا ۔۔۔۔۔۔۔ جیسے ہی وہ تھکا ہارا کام سے لوٹتا وہ بھاگ کر اس کے لئے پہلے پانی کٹورے میں لاتی تھی ۔۔۔۔۔۔ اور پھر اس کے چرن چھوتی تھی ۔۔۔۔۔ پورا وقت اس کے آگے پیچھے گھومتی ۔۔۔۔ وہ بستر پر لیٹ جاتا تو اس کے

پیر اپنے چھوٹے چھوٹے ہاتھوں سے دباتی ۔۔۔۔۔

ارے بس کر منی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میری عادتیں تو نہ بگاڑ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور تیرے یہ
ننے ننے ہاتھ درد ہو جائینگے ۔۔۔۔۔۔

پتا جی ۔۔۔۔۔۔۔۔ مجھے اچھا لگتا ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کیا اچھا لگتا ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ پیار سے اس سے پوچھتا ۔۔۔۔۔۔

آپ کی سیوا کرنا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ارے بٹیا تو تو میری عادتیں خراب کردیگی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ محبت سے اسے پھر گلے لگا لیتا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مگر آج اسی پیاری سی بٹیا کو
اس شیطان کے حوالے کرنے جا رہا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جس نے اسے یقین دلایا تھا
کہ وہ سایا کوشلیا کو کوئی نقصان نہیں پہنچائے گا ۔۔۔۔ مگر وہ اس

کی بیٹی کو اپنے ساتھ لے جانا چاہتا ہے اور اگر اس کی بات پر عمل نہ ہوا تو اس کے دونوں بیٹے اس سائے کے انتقام کا نشانہ بن سکتے ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔
وہ اپنے دوست کے ساتھ جب واپس اپنے شہر لوٹا تو سب سے پہلے ہنومان کے مندر گیا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پوجا کے لئے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ گڑگڑا کر پراتھنائیں کی تھیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اپنے تینوں معصوم بچوں کے لئے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پھر سیدھا ہسپتال گیا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور وہاں اس نے پہلی بار اس سائے کو دیکھا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ دولت مند شخص تھا اس لئے بچوں پر خصوصی توجہ دی جا رہی تھی ۔۔۔۔۔۔ پرائیویٹ وارڈ تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ایک نرس مسلسل بچوں کی حالت کی مانیٹرنگ کرنے کے لئے موجود تھی ۔۔۔۔۔ لیکن جب وہ وارڈ میں داخل ہوا تھا تب نرس کو نیچے بچوں کے بیڈ کے پاس بیہوش پڑے پایا ۔۔۔۔۔ اور ایک کالا دھواں سا بچوں کے بیڈ کے تین فٹ اوپر معلق دیکھا ۔۔۔ جو تیزی سے ایک ہی دائرے میں حرکت کر رہا تھا ۔۔۔۔۔ بچوں کو مرگی کی طرح کے جھٹکے پڑھ رہے تھے ۔۔۔ وہ یہ دیکھ کر کافی خوفزدہ ہوگیا تھا ۔۔۔ اور پھر دیکھتے ہی دیکھتے وہ دھواں غائب ہوگیا تھا ۔۔۔۔۔ اور بچوں کا مرگی کا دورہ بھی ختم ہوگیا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ چند لمحوں کا کھیل تھا ۔۔ یہ سب اپنی آنکھوں سے دیکھ کر اسنے کالی داس کی باتوں پر عمل کرنے کا ارادہ کر لیا تھا ۔۔۔۔۔۔۔ اور اب وہ راج کوٹ کالی داس کی ہدایت کے مطابق پہنچ گیا تھا اپنی بیٹی کوشلیا کے ساتھ

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

رامو۔۔۔ یہیں روک دو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اس کی بات پر کوچوان نے گھوڑے روک دیئے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کوشلیا اٹھو بٹیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

پتا جی مندر کہاں ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

مندر پیدل چل کر جانا پڑے گا منی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

شہر سے باہر سنسان جگہ پر جب بگھی رک گئی تو اس نے بے خبر سوتی معصوم کوشلیا کو اٹھا

یا تھا۔۔۔۔۔۔۔

مندر تو ہم گھوڑا گاڑی میں بھی جا سکتے ہیں نا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

نہیں بٹیا۔۔۔۔۔۔۔۔ آگے راستہ خطرناک ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اسلئے پیدل ہی جانا ہوگا

-----------

اس کے پوچھنے پر ------ وہ اس سے بولا تھا -------------
تم یہیں رکو میں آتا ہوں ابھی -----
کوچوان کو ہدایت دیتا ہوا وہ کوشلیا کا ہاتھ تھامے اندھیرے میں ڈوبی اس پگ ڈنڈی پر چلنے لگا جو کالی داس کے بڑے سے آشرم سے ہوتی ہوئی گزرتی تھی ---------
تقریباً بیس منٹ کا راستہ تھا مگر اسے یہ بیس منٹ گھنٹوں کے برابر لگ رہے تھے

-----------

پتا جی -----------
آں ہاں بولو ----------
جب مندر پہنچ جائینگے نا تو میں بھگوان سے خوب پراتھنا کرونگی وشنو اور شیوا کے لئے ------ دیکھنا بھگوان کیسے انہیں ٹھیک کردینگے ---------

وہ اس کی معصوم بات سن رہا تھا۔۔۔ جو دل پر ہتوڑے کی طرح لگ رہی تھی

۔۔۔۔۔۔۔۔۔

پھر میں انہیں اپنے سارے کھلونے دے دونگی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ چابی والا بندر اور بھالو بھی پتا جی ۔۔۔۔۔۔ میں تو اب بڑی ہو گئی ہوں نا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ اندھیرے میں چلتے چلتے رک گیا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور جھک کر اپنی بٹیا رانی کو گود میں اٹھا لیا۔۔۔۔ اور اسے اپنے سینے سے لگائے رونے لگا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اسے اپنی بیٹی سے اپنے دونوں بیٹوں سے زیادہ پیار تھا لیکن وہ کتنا مجبور ہو گیا تھا۔۔۔۔۔

پتا جی آپ رو کیوں رہے ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ اس کے رونے پر پریشان ہو گئی تھی ۔۔۔۔۔۔۔ اور اپنے ننھے ہاتھوں سے اس کا چہرا تھامے پوچھنے لگی ۔۔۔۔۔

کچھ نہیں منی بس ایسے ہی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تمہاری ماں یاد آ گئی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اس کی بات سن کر پھر کچھ بولی نہیں بس باپ کا ماتھا چوما تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ اسے پھر گود میں اٹھائے چلنے لگا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اس شیطان کے آشرم میں تیں منٹ بعد پہنچ گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔ اسے نا جانے کیوں ایسا لگا جیسے اس کا انتظار کیا جارہا ہو ۔۔۔۔۔۔۔۔ موٹے سے لمبے چوڑے دربان نے اس کے آہنی گیٹ پر پہنچتے ہی گیٹ کھول دیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔ اور ایک زرد کپڑوں میں ملبوس دبلی پتلی سی عورت نے اسے نمستے کرتے ہوئے اپنے ساتھ اندر چلنے کا اشارہ کیا تھا۔۔۔۔۔۔۔ وہ چپ چاپ اس کے پیچھے چلتا ہوا اسی ہال نما کمرے میں پہنچ گیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جہاں کالی داس اسی طرح کالی کی مورتی کے سامنے دوزانو بیٹھا اور آنکھیں بند کئے منتر پڑھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔ البتہ ہال کے عین وسط میں لکڑیوں سے الاؤ دھک رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جس کے چاروں طرف سفید اور لال رنگولی کے رنگوں سے دائرہ سا بنا ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

آؤ رام دیال آؤ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

پرنام گرو جی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کالی داس نے آنکھیں کھول کر اس دیکھا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور اس کی گود میں کوشلیا کو دیکھ کر خباثت سے مسکرایا تھا۔۔۔۔۔۔

نا جانے کیوں اس کے اس طرح کوشلیا کو دیکھنے پر رام دیال کی گرفت اپنی بیٹی پر مضبوط ہو گئی تھی۔۔۔

اور وہ اسے اپنی گود میں ہی لئے اس کے سامنے بیٹھ گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

رام دیال چنتا مت کرو۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ سایا تیری بیٹی کو نقصان نہیں پہنچائے گا۔۔۔۔۔۔

بلکہ وہ اس کے پاس راج کرے گی۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور اس کے بچوں کے ساتھ پروان چڑھیگی۔۔۔۔۔۔

کیا بدروح کے بچے بھی ہوتے ہیں گروجی ؟؟؟؟؟؟؟؟؟؟؟؟

وہ حیرت سے بولا تو کالی داس مسکرا کر خاموش ہوگیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کالی داس بدروح اور سایہ کی حقیقت اچھی طرح جانتا تھا۔۔۔۔۔۔ یہ کھیل تو فقط سادہ اور بے وقوف لوگوں کو اپنے وش میں کرنے کے لئے رچایا جاتا تھا ہے اور رہے گا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جو کالی داس بھی کھیل رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

تو ان باتوں میں نہ پڑ رام دیال۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور ہاں اپنی بیٹی کو آخری بار پیار کرلے۔۔۔۔۔ تو اسے پھر دیکھ نہیں پائے گا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ سایا اس

مقدس کمرے میں موجود ہے۔۔۔ جلدی کر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ ایک دم اس سے بولا تو رام دیال کا کلیجہ منہ کو آگیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اب کیا وہ ہمیشہ کے لئے اپنی بیٹی کو کھو دیگا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ منحوس سایا اسے لے جائے گا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہمیشہ کے لئے۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اس نے ایک دم ہی اپنی بیٹی کو بھینچا تھا۔۔۔۔۔۔۔ اور چٹاچٹ اس کے ماتھے اور گالوں پر پیار کرنے لگا تھا۔۔ کوشلیا حیران بھی تھی اور کچھ خوفزدہ بھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اسے سامنے بیٹھا بدہیت شخص ذرا بھی پسند نہیں آیا تھا۔۔۔ عجیب سا موسی کی کہانیوں کے بھوتوں جیسا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جو راجکماری کو قید کرلیتا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور آخر میں راج کمار آکر انہیں آزاد کراتا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

میری بچی مجھے شما کردینا۔۔۔۔۔۔ میری منیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ رونے لگا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور کوشلیا اپنے باپ کو یوں روتا ہوا دیکھ کر حیران تھی جو اس سے نا جانے کس بات کی معافی مانگ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔ اس کا ننا ذہن اس بات کو سمجھنے سے قاصر تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

چھوڑ دے اب کوشلیا کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور ذرا دور ہٹ کر بیٹھ جا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔
کالی داس کی مکروہ آواز گونجی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اس کی بات سن کر آخری بار پھر سے اپنی بیٹی کا ماتھا چوما اور اسے وہیں زمین پر بٹھا کر دور ہٹ کر بیٹھ گیا تھا۔۔۔۔۔ پھر اچانک اسے ٹھنڈ کا احساس ہوا تھا اور اس نے اسی کالے دھوئیں کو دیکھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جو کوشلیا کے اوپر اسی طرح دائرے میں گھوم رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔ جس طرح چند دن قبل ہسپتال میں اس کے دونوں جڑواں بچوں کے اوپر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کوشلیا پر غشی سی تاری ہوئی تھی۔

اور وہ اس کے سامنے بیٹھے بیٹھے ایک طرف لڑھک گئی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کالے دھوئیں نے اب بے ہوش کوشلیا کو ڈھانپ لیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور پھر دیکھتے ہی دیکھتے وہ غائب ہوگیا اور ساتھ میں کوشلیا بھی۔۔۔۔۔۔۔

کوشلیا !!!!

وہ بے تابی سے چیخا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جو ہوا اچھے کے لئے ہوا ہے رام دیال جا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تیرے دونوں بیٹے تیرا انتظار کر رہے ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کالی داس کی بات سن کر وہ لٹا لٹا سا چپ چاپ باہر کی طرف چل پڑا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

××××××××××××××××

باقی آئندہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

# مشکل راستے ۲۹

وہ چپ چاپ بستر کے کنارے کھڑی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جس پر وہ ننا وجود بے خبر سو رہا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔ اس معصوم کو تو معلوم بھی نہیں تھا کہ اس کے ساتھ کیا ہو چکا ہے اور آگے کیا ہونے والا ہے ۔۔۔۔۔۔ وہ اس معصوم کو بڑے غور سے دیکھ رہی تھی ۔۔۔۔۔ کتنی معصوم سی پیاری بچی تھی وہ ۔۔۔۔۔۔۔۔ سوتے ہوئے ننا سا فرشتہ لگ رہی تھی ۔۔۔

بھگوان جانے کیوں شانتو اسے یہاں لے آیا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کیا یہ ہمارے ساتھ رہ پائے گی ۔۔۔۔۔۔۔ وہ کالی داس منحوس اس بچی سے کیا چاہتا ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کہیں دوسرے بچوں کی طرح اس معصوم کی بھی بلی تو نہیں چڑھانا چاہتا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اوہ نہیں شانتو ایسے کام کبھی نہیں کرتا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور سردار تو اس کے سخت خلاف ہے ۔۔۔۔۔ اس نے تو گڈی (کالی ماں) کو کبھی جانور کی بھی بلی نہیں چڑھائی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پھر کیا وجہ ہے

کیا شانتو اس پر عاشق ہو گیا ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ لیکن وہ دوسرے جنات سے کافی مختلف ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ انوکھا سا ۔۔۔ نہیں میرا بھائی ایسا نہیں ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ اس بچی کو دیکھتے ہوئے یہ سب سوچ جا رہی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ان کا قبیلہ دیگر قبائل سے مختلف تھا ۔۔۔۔۔۔۔ انتہائی طاقتور اور جنگ جو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ دیگر قبائل ان کے قبیلے سے دبتے تھے ۔۔۔۔۔ کچھ اصول سردار آدیو نے سرداری ہاتھ میں اتے ہی لاگو کردئے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور ان سے انکار کرنے اور نہ ماننے والے کو قبیلے سے نکال دیا جاتا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ یہ قبیلہ ایشور کو مانتا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور رام کی بھی پوجا کرتا تھا مگر دیگر بھگوانوں کا انکاری تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور اپنے عقیدے پر سختی سے عمل پیرا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ایک سفید ہیولا کمرے میں داخل ہوا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔ جسے دیکھ کر وہ چونکی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور رخ پھیر کر کھڑی ہو گئی ۔۔۔۔۔۔

پونم تو ناراض ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ناراض نہ ہوں تو کیا تمہاری آرتی اتاروں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اوئے یہ لہنے کیا کیا ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

شانتو تو اس چھوکری کو کیوں اٹھا لایا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اس کے پریوار سے اسے جدا کرکے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پاپ کیا ہے تو نے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اچھا بول دیا تم نے یا اور کچھ باقی ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اس کی لعن تعن پر ذرا چڑ کر بولا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

دیکھ شانتو ہمارے قبیلے میں ایسی حرکت کسی نے نہیں کی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ انسانوں سے ہم دور ہی رہتے ہیں ۔۔۔ پر تو نے تو ساری برادری کی ناک کٹوا دی ہے ۔۔۔۔۔ دیکھ اسے کتنی معصوم بچی ہے ۔۔۔ اسے اس کے پریوار سے الگ کرکے تجھے کیا ملیگا ۔۔۔۔۔۔۔۔ اب بھی وقت ہے اسے واپس کر آ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ایشور کو راضی کر لے ۔۔۔۔۔۔

افففف ! پونم تو صرف اپنی کہے جا رہی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مجھے اپنی بات کہنے کا موقع تو دے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ہاں تو تو یہی کہے گا نا کہ تجھے یہ پسند آ گئی تھی اس لئے اٹھا لایا ہوں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ روٹھے روٹھے لہجے میں بولی تو اسے بے ساختہ اپنی بہن پر پیار آگیا تھا

-------------

نہیں پونم تیری سوگنت ------- اسے میں نے سردار ادیو کے کہنے پر اٹھایا ہے

--------- اور اس کے پریوار کو تنگ بھی اسی کے کہنے پر کیا تھا ------------

سردار ادیو --------- یعنی پتاجی کے کہنے پر -------------- مگر

کیوں ??????????

پونم کو اس کی بات سن کر صدمہ ہوا تھا -------- سردار ادیو اپنے اصولوں پر سختی سے عمل کرتا اور سب قبیلے والوں کو بھی اپنے آدرشوں پر چلاتا تھا -----------

تو جھوٹ بول رہا ہے ----------

کیا میں اپنے باپ کے متعلق جھوٹ بول سکتا ہوں ----------- میں خود بھی اتنا ہی حیران ہوں جتنا کے تو ہے -- مجھے تو اس بات کی بھی سمجھ نہیں آرہی کہ اس

شیطان کالی داس سے سردار ادیو نے گٹھ جوڑ کیوں کر لیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

تو نے باپو سے پوچھا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

پوچھا تھا لیکن اس نے یہ کہہ کر چپ کرا دیا کہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس میں نہ پڑوں تو اچھا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ اس کی بات سن کر خاموش ہو گئی ۔۔۔۔۔ بولتی بھی کیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ لیکن اس کے لئے یہ بات حیران کن تھی ۔۔۔ لیکن شانتو کی بات پر دل نہ چاہتے ہوئے بھی یقین کر لیا تھا کیونکہ اس کا یہ سب سے چھوٹا بھائی کبھی جھوٹ نہیں بولتا تھا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

××××××××××××××

ایک بڑا سا عقاب پہاڑ کی برفیلی چوٹی پر بیٹھا ہوا تھا۔۔۔۔۔۔ جسامت عام عقاب سے کہیں زیادہ بڑی تھی ۔۔۔۔

اس کی تیز نظریں نیچے گھاٹی پر جمی ہوئی تھیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ یہ گھاٹی دو پہاڑوں کے درمیان تھی ۔۔۔۔۔۔ جس پر کچھ مشکوک افراد کھڑے آپس میں بات کر

رہے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ رات کے بارہ بج چکے تھے ۔۔۔۔۔۔۔ اور شدید برف باری ہو رہی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

یہ کل ملا کر نو افراد تھے جو زرد رنگ کی لنگوٹ اور اور زرد ہی رنگ کی پتلی چادر جس پر نارنگی رنگ سے ترشول بنا ہوا تھا پہنے ہوئے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ایک کے ہاتھ میں کچھ تھا ۔۔۔۔۔ شاید وہ نوزائدہ بچہ تھا جس کو اچھی طرح سے کمبل میں لپیٹا گیا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پہاڑ کے اندر کوفہ بنی ہوئی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ابھی وہ اس غار میں قدم رکھنے ہی والے تھے کہ وہ پرندہ چیل کی سی رفتار سے ان پر جھپٹا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ نشانہ وہ سادھو تھا جس کے ہاتھ میں وہ کمبل میں لپٹا نوزائدہ بچہ تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تیزی سے جھپٹا مار کر اپنے مضبوط پنجوں میں کمبل میں لپٹا بچہ اس سے چھین کر لے اڑا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اررےےےےے ! پکڑو اسے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ چیختے ہی رہ گئے تھے اور اس نے اونچی اڑان بھری تھی اور بہت تیزی سے اڑتا ہوا ان کی نظروں سے اوجھل ہوگیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اس کے اڑنے کی رفتار عام پرندوں سے کئی گنا زیادہ تھی ۔۔۔۔۔۔۔ بجلی کی سی رفتار تھی ۔۔۔۔۔ اور

پھر وہ تبت کے ایک پسماندہ گاؤں پہنچ گیا تھا۔۔۔۔۔۔ آدھی رات بیت گئی تھی ۔۔۔۔۔۔۔ آدھی باقی تھی۔۔۔ چاروں طرف سناٹا پھیلا ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔ اس نے اپنے پر پھیلائے تھے اور پرواز قدرے نیچی کرلی تھی ۔۔۔ تمام گاؤں تاریکی میں ڈوبا ہوا تھا۔۔۔۔ سوائے ایک گھر کے جس کی لالٹین ہنوز جل رہی تھی ۔۔۔۔ اور کسی عورت کی ہلکی ہلکی سسکیوں کی آوازیں بھی تاریک رات کے سناٹے میں گونج رہی تھی ۔۔۔۔۔۔۔ وہ اڑتا ہوا اس گھر کی چمنی پر بیٹھا تھا۔۔۔۔۔۔۔ اور پھر سائے میں تبدیل ہوگیا تھا۔۔۔۔۔ اور چمنی کے راستے وہ بچے کو لئے گھر کے اندر اتر گیا۔۔۔۔ لکڑی سے بنا یہ گھر ایک بڑے سے کمرے تک محدود تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ایک طرف زمیں پر دری بچھی ہوئی تھی ۔۔۔ جس پر ایک مرد اور عورت شاید ابھی سوئے تھے ۔۔۔۔۔۔۔ عورت سوتے میں بھی سسکیاں بھر رہی تھی ۔۔۔۔ ساتھ میں ایک بچے کا پالنا بھی رکھا تھا۔۔۔۔ جو خالی تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ کچھ دیر تو ان دونوں کو دیکھ تا رہا پھر کمبل میں لپٹے اس ننھے وجود کو اس پالنے میں خاموشی سے لٹا دیا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اور پھر جیسے آیا تھا ویسے ہی باہر نکل گیا۔۔۔۔۔۔۔ چمنی سے باہر نکل کر اس نے پھر سے عقاب کی شکل اختیار کرلی تھی ۔۔۔۔۔

××××××××××××××××××

شانتو سردار ادیو کا بیچینی سے انتضار کر رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔ کوفے سے باہر وہ ناگ کی شکل میں بیٹھا ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔ وہ سب سے پوچھ چکا تھا۔۔۔۔۔۔ لیکن کوئی نہیں جانتا تھا کہ سردار ادیو کہاں ہے اور کب لوٹ کر آئے گا۔۔۔۔۔۔ وہ سردار آدیو کا سب سے چھوٹا بیٹا تھا۔۔۔۔۔۔۔ یہ چالیس بہن بھائی تھے پونم لڑکیوں میں سب سے چھوٹی اور شانتو بھائیوں میں سب سے چھوٹا تھا۔۔۔۔۔

اچانک ہی اس نے اپنا پھن اٹھایا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور کوفے کی شمال کی طرف دیکھنے لگا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جہاں فضا میں اڑتا ہوا ایک پرندہ سیدھا اس کوفے کی جانب بڑھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور پھر چند لمحوں بعد ہی وہ اڑتا ہوا اسی پتھر پر آ بیٹھا جس پر شانتو ناگ کی شکل میں موجود تھا۔۔۔۔۔۔۔ وہ وہی عقاب تھا جو اس سے پہلے اس نوزائیدہ بچے کو موت کے منہ سے چھین کر اس کے والدین کے حوالے کر آیا تھا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔

نمستے باپو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

نمستے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تم یہاں اس سمے کیا کر رہے ہو۔۔۔۔۔۔

کچھ پوچھنا چاہتا ہوں آپ سے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

میں جانتا ہوں تو کیا پوچھنا چاہتا ہے مجھ سے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آخر کیوں اس بچی کو یہاں رکھنا ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور یہ کالی داس آخر چاہتا کیا ہے

۔۔۔۔۔۔۔۔ کیا تم بھی ان درندوں کے اس خونی کھیل میں شامل ہو گئے ہو باپو

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

تم کیا سمجھتے ہو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میں ایسے نیچ کام کرونگا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ نہیں ہرگز نہیں

۔۔۔۔۔۔۔ ابھیمنیو سے بچانے کے لئے اسے یہاں لانے کو کہا تھا تمہیں

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ابھی سے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ہاں اس کے اور کالی داس کے ارادے ٹھیک نہیں تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کالی داس کو اور ابھیمنیو کو یہ باور کرانے کے لئے سوانگ رچا تھا کہ اس بچی کے بڑے ہونے پر شانتو کی شادی کرونگا اس سے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اس لئے وہ راستے میں نہ آئے

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اگر اسے خالی ڈرا دھمکا کر چھوڑ دیتا تو وہ اس معصوم کے ساتھ نہ جانے کیا کرتے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

باپو اس سے پہلے کوئی انسان ہمارے درمیان یوں رہا نہیں ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور ہم بھی انسانوں سے دور ہی رہتے آئے ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مگر اب

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

مجبوری ہے شانتو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میں نے ایشور کی قسم کھائی ہے کہ کسی کو بھی چاہے وہ انسان ہو یا جن بے قصور بلی چڑھنے نہیں دونگا ۔۔۔۔۔۔ اور یہ بچی ہمارے درمیان رہے گی ۔۔۔۔۔۔۔ ایشور کی قسم اس کی سرکشا کے لئے میں کسی بھی حد تک جانے کو تیار ہوں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ دونوں اپنے اصلی روپ میں آ چکے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ شانتو اپنے باپ کو فخر سے دیکھ رہا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔ جو نا صرف ایک بہادر جنگجو اور اپنے قبیلے کا سب سے رحم دل جن تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔ بلکہ وہ دیگر جنات سے قدرے مختلف سوچ رکھتا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور شانتو بھی اپنے باپ کی طرح تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور شاید یہی بات اس پاک پروردگار کو بھی ان کی بھا گئی تھی جس کی بدولت آگے انکی زندگی میں ایک بہت بڑا بدلاؤ آنے والا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔ جس سے ان کی زندگی کا مقصد ہی تبدیل ہو جانا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

××××××××××××××××××××××

باقی آئندہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

## اشتیاق احمد ایک درخشاں ستارہ

آج اشتیاق احمد صاحب کے انتقال کی خبر ہمیں پتہ چلی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ان کی موت کے متعلق آرٹیکل پڑھ کر ہم شوکڈ کی کیفیت میں آ گئے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہمارا اور ان کے ناول کا تعلق اس وقت سے ہے جب ہم نے لکھنا پڑھنا سیکھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہمیں یاد ہے ہماری دادی جنہیں ہم دادا کہتے تھے انہیں جاسوسی ناول پڑھنے کا بہت شوق تھا ۔۔۔۔ انہیں ہم نے کبھی خواتین ڈائیجسٹ یا دیگر خواتین کے رسالے پڑھتے نہیں دیکھا ۔۔۔۔۔۔۔ یا تو ہاتھ میں جاسوسی ناول ہوتا یا پھر بچوں کی کہانیاں ٹوٹ بٹوٹ یا نونہال ۔۔۔۔۔۔۔۔ سلور رنگ کا چھوٹا سا صندوق ہوتا تھا۔۔۔۔۔ جو نادر بچوں کے کتب سے بھرا ہوتا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔ جن میں زیادہ تر کتابیں اشتیاق احمد کی ہوتی تھیں ۔۔۔۔

ہم نے نونہال بات میں پڑھا اور جمشید سیریز پہلے پڑھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور جب پڑھنا شروع کیا تو بس پھر پڑھتے ہی چلے گئے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ آپ کا ہر ناول دوسرے سے مختلف ہوتا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ بچوں کی اصلاح اور اور ہلکے پھلکے انداز میں محاوروں کا استعمال ۔۔۔۔۔۔۔ حب الوطنی ہر ناول سے عیاں تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ غرض کبھی بوریت کا احساس نہیں ہوتا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ابن صفی بھی

جاسوسی سیریز میں ایک بہت بڑا نام ہے ۔۔۔اور ہم ان کی لکھی عمران سیریز بڑے شوق سے پڑھتے رہے ہیں مگر ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اشتیاق احمد کو جو پزیرائی بچوں اور بڑوں سے ملی وہ کسی اور رائٹر کے حصے میں نہیں آئی ۔۔۔۔۔۔۔۔ آپ کے ناول میں چاہے وہ انسپکٹر جمشید پر ہو شوکی برادران پر لکھا گیا ہو یا انسپکٹر کامران پر کہیں کوئی نازیبا کلام یا زبان استعمال نہیں کی گئ ۔۔۔۔۔۔۔۔ فکشن تھرل ۔۔۔۔ اور سسپنس اور خوبصورت چلبلے محاوروں کا استعمال قاری کو کبھی بور نہیں ہونے دیتا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔ میں سمجھتی ہوں ان کا انتقال اردو ادب کے لئے ایک سانحے سے کم نہیں ۔۔۔۔ جو آیا ہے اسے اسے جانا بھی ہے لیکن بعض انسان ایسے بھی ہوتے ہیں جن کے چلے جانے کے بعد بھی ان کی یاد دلوں سے مٹ تی نہیں ہے ۔۔۔۔ اور اشتیاق احمد صاحب ایک ایسا درخشاں ستارہ تھے جس کی چمک کبھی ماند نہیں پڑ سکتی ۔

# مشکل راستے قسط ۳۰

کوشلیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جاگ گئی تم۔۔۔۔

تم کون ہو ؟؟؟؟ ۔پتا جی کہاں ہیں ؟؟؟؟؟۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔پتا جیییییییییی !

انجان جگہ اور انجان خوبصورت لڑکی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ یہی کوئی پندرہ سولہ سال کی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اپنے سرہانے کھڑے دیکھ کر اس کا گھبرا جانا بجا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ تھی بھی صرف پانچ سال کی ہی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ایسے حالات میں تو بڑے لوگ بھی گھبرا جاتے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

تمہارے پتا جی ہی تمہیں یہاں چھوڑ کر گئے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کوشلیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ بہت نرم محبت بھرے لہجے میں اس سے بولی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

لیکن ہم تو آشرم گئے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وہاں ایک کالا بھوت تھا اس کے سامنے پتا جی نے مجھے بٹھایا تھا پھر مجھے نیند آ گئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ہاں اسی بھوت سے تمہیں بچا کر تمہارے پتا جی یہاں چھوڑ گئے ۔۔۔۔۔۔۔۔ اگر لے جاتے ساتھ تو وہ بھوت تمہں کھا جاتا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

پونم ڈراؤمت بچی کو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کوشلیا نے نظر اٹھا کر دیکھا تو ایک خوبصورت اس کے پتا جی جیسا ایک شخص کھڑا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔ اور اس لڑکی کو پیار سے منع کر رہا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

باپو تم آ گئے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ لڑکی دوڑ کر اس شخص سے جا کر لپٹ گئی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ہاں ۔۔۔۔۔۔۔۔ اور دیکھو میں تمہارے لئے کیا لایا ہوں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ہاتھ اپنا پونم کے سامنے کیا تو ۔۔۔۔ اس کے ہاتھ میں برفی دیکھ کر پونم کی آنکھیں چمک اٹھیں ۔۔۔۔۔۔۔

باپو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔برفی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔آج تو مزا آجائے گا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

دیوالی تو ابھی بہت دور ہے۔۔۔۔۔۔۔

ہاں لیکن کوشلیا کے یہاں آنے کی خوشی میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔یہ دیوالی سے کم ہے کیا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔

پونم نے سردار آدیو کی بات پر اقرار میں گردن ہلائی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور سردار آدیو جو ایک خوبصورت انسانی شکل میں تھا نے کوشلیا کو دیکھا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جو خوف زدہ نظروں سے انہیں دیکھ رہی تھی۔۔۔۔اسے خوف زدہ دیکھ کر آدیو کو افسوس ہو رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ کبھی ایسا نہ کرتا اگر کالی داس اور ابھیمنیو کوشلیا کو اپنے ناپاک عزائم کے لئے اغوا کا منصوبہ نہ بناتے۔۔۔۔۔یہ اس پاک پروردگار کا کرم تھا کوشلیا پر جو سردار آدیو کوشلیا اور ان خبیثوں کے درمیان آگیا تھا۔۔۔۔۔اللہ سبحان و تعلیٰ نے سردار آدیو کے دل میں اس بچی کے لئے رحم ڈال دیا تھا۔۔۔اس کے خاندان کو تنگ کرنا۔۔۔۔اس کے دونوں بھائیوں کو بیماری میں بتلا کرنا صرف کوشلیا کی حفاظت کے لئے کیا گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔اور ابھیمنیو سردار آدیو کے بیچ میں آتے ہی چپ چاپ نکل بھاگا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور کالی داس کو اپنے حق میں کرنا سردار آدیو کے لئے کچھ مشکل نہ تھا پھر۔۔۔۔۔۔کالی داس لالچی آدمی تھا اس کا منہ قیمتی پتھروں سے بھر دیا گیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور وہ وہی کرتا گیا جیسا سردار آدیو اس سے

کہتا گیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ بھینٹ سے بھی تو وہ مال و دولت ہی حاصل کرنا چاہتا تھا

۔۔۔۔۔۔۔۔ اور سردار آدیو نے اسے ویسے ہی مال و دولت سے مالا مال کر دیا تھا

۔۔۔۔۔

پریشان نہ ہو بٹیا۔۔۔۔۔۔ میں تمہارے پتا کا متر ہوں ۔۔۔۔۔۔۔

مگر میں نے تو آپ کو کبھی نہیں دیکھا۔۔۔۔۔۔۔۔

کوشلیا نے ڈرے ڈرے انداز میں ذہن پر زور ڈالنے کی کوشش کی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ مسکرایا تھا اور بہت محبت ے اسے دیکھا تھا۔۔۔۔۔۔۔

ہاں کبھی آنا نہیں ہوا گھر پر اس لئے ۔۔۔۔۔۔۔۔

اوہ تو کیا واقعی آپ دوست ہیں پتا جی کے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کوشلیا کا خوف اس کے نرم لہجے میں بات کرنے پر ذرا کم ہوا تو اس سے پوچھا

تھا۔۔۔۔۔

ہاں ۔۔۔۔۔۔ منی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ارے یہ تو پتا جی مجھے پیار سے کہتے ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

میں بھی تو آپکے پتا جی جیسا ہی ہوں نا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ چھ نہ بولی بس چپ چاپ اسے دیکھنے لگی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اب خوف اس کے چہرے سے عیاں نہیں ہو رہا تھا۔۔۔

پتا جی کہاں ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ بدیس گئے ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وشنو اور شیوا کو بڑے ڈاکٹر کو دکھانے کے لئے

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

مجھے کیوں نہیں لے کر گئے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ رو دینے والے انداز میں بولی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ بے اختیار سردار آدیو نے اس ننی پری کے سر پر شفقت سے ہاتھ رکھا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔

بس بڑے ڈاکٹر نے وشنو اور شیوا کو ہی لے کر آنے کو کہا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اوہ ! پھر ٹھیک ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میری پراتھنا ہے کے بھگوان میرے دونوں بھائیوں کو جلد ٹھیک کر دے ۔۔۔۔۔

وہ ایک دم سر ہلاتے ہوئے جیسے سب سمجھ آگیا ہو والے انداز میں بولی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور سردار آدیو کے دل کو کچھ ہوا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پتہ نہیں کتنا عرصہ اس پھول سی بچی کو یہاں رہنا تھا ان کے درمیان ۔۔۔۔۔۔۔

*************************

وقت کبھی رکتا نہیں ۔۔۔۔۔۔ دن مہینوں میں ۔۔۔۔۔۔ مہینے سالوں میں بدلتے چلے

گئے ۔۔۔۔۔۔ کوشلیا بیس سال کی ہو چکی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔ سارا قبیلہ اس پیاری نیک سیرت لڑکی پر جان چھڑکتا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔ وقت کے ساتھ اسے بہت کچھ سمجھ آگیا تھا ۔۔۔۔۔۔ پونم نے تھوڑا تھوڑا کرکے سب حقیقت بیان کردی تھی ۔۔۔۔۔۔ وہ اتنا عرصہ ان کے درمیان گزار چکی تھی کہ حقیقت جان لینے کے بعد بھی کسی قسم کا ڈر محسوس نہیں ہوا تھا ۔۔۔۔ بلکہ اسے اس بات کا افسوس ضرور تھا کہ اس کے پتا جی اس حقیقت سے لاعلم تھے ۔۔۔۔ مگر اس نے رام دیال سے ملنے کی کبھی خواہش ظاہر نہیں کی

۔۔۔۔۔۔۔ وہ سردار آدیو کو اپنا پتا ماننے لگی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور سردار آدیو بھی اس پر جان چھڑکتا تھا ۔۔۔۔۔۔ شانتو البتہ اس سے لئے دئے رہنے کی کوشش کرتا تھا ۔۔۔۔۔۔۔ پتا نہیں کیوں اسے دیکھ کر اسے کچھ ہونے لگتا تھا ۔۔۔۔۔۔ اس لئے وہ ہمیشہ اسے دیکھ کر نظریں پھیر لیتا ۔۔۔۔۔۔۔ وہ جہاں ہوتی اس جگہ سے کوسوں دور جا بیٹھتا ۔۔۔۔۔۔۔ پونم اس کے دل کا حال جانتی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ کوشلیا سے اتنا چڑتا کیوں ہے اسے خبر تھی ۔۔۔۔۔۔۔ مگر وہ بھی اپنے بھائی کا پردہ رکھنا چاہتی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

×××××××××××××××

شانتو کہاں ہے پونم ؟؟؟؟؟؟؟؟؟؟؟

کیوں شانتی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تو شانتو کا کیوں پوچھ رہی ہے ؟؟؟؟؟؟؟؟؟؟؟؟؟

باپو نے اسے بلایا ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ خاص بیٹھک میں ۔۔۔۔۔۔

اچھا ۔۔۔۔۔ دکھا تو بھیج تی ہوں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ہاں جلدی بولدے اسے ۔۔۔۔۔۔۔۔ کوشلیا بھی وہیں ہے ۔۔۔۔۔۔

ہیں ! کوشلیا اور وہ بھی اس بیٹھک میں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ایشور خیر کرے ۔۔۔۔۔۔

بات کیا ہے آخر ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

پتہ ہوتا تو تجھے بتا تی نا ۔۔۔ مجھے بھی کچھ معلوم نہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔ باپو نے کشور اور سونم کو منڈپ تیار کرنے کو کہا ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔ اور ہم گیندے اور موگرے کے پھول چننے جا رہیں ہیں ۔۔۔۔۔۔۔ تجھے بھی چلنا ہے تو چل ۔۔۔

ارے ! وہ تو کوئی ایک بھی اکیلے لا سکتی ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ انسان تھوڑی ہیں ہم ۔۔۔۔۔۔۔۔ مگر یہ بتاؤ ویواہ کس کا ہو رہا ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

باپو جانے ۔۔۔۔۔۔ مجھے پتا نہیں ۔۔۔۔۔۔۔ اچھا بتا تو چل رہی ہے یا نہیں ہم سب انسانی روپ میں جائینگیں۔۔۔

نہیں تم جاؤ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مجھے نہیں جانا ۔۔۔۔۔۔۔۔

اچھا جیسے تیری مرضی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

شانتی جانے کے لئے جیسے ہی مڑی شانتو اسی وقت کمرے میں داخل ہوا تھا ۔۔۔۔۔۔۔

اوہ ! بھگوان کا شکر تم آ گئے باپو نے بیٹھک میں بلایا ہے تمہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ کوئی جواب دئے بغیر فوراً ہی کمرے سے باہر نکل گیا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ شانتی بھی اس کے پیچھے ہی کمرے سے باہر نکل گئی ۔۔۔۔۔۔۔ پونم کچھ دیر تو کھڑی سوچتی

رہی پھر تجسس کے ہاتھوں مجبور ہو کر خود بھی باہر نکل کر اس خواص بیٹھک کے دروازے پر پہنچ کر رک گئی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

پونم اندر آ جا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ باپو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سردار آدیو نے بیٹھک سے اسے آواز دی تو وہ گھبرا گئی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور پھر آہنی دروازہ کھول کر اندر داخل ہو گئی ۔۔۔۔ جہاں پتھر سے تراشی گئی کرسیاں ترتیب سے ایک ہی قطار میں رکھی گئی تھیں ۔۔۔۔۔۔۔۔ اور ان کرسیوں کے سامنے ایک بڑے سے پتھر کو تراش کر وہ خاص کرسی رکھی تھی جو سردار آدیو کے لئے مختص تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔ جس پر وہ براجمان تھا ۔۔۔۔۔۔۔ کوشلیا بھی اس کے سامنے والی ایک کرسی پر بیٹھی ہوئی تھی ۔۔۔۔۔۔۔ اور شانتو باپ کے قریب کھڑا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اس کی ماں بھی وہاں موجود تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔ اور کوشلیا کے قریب دوسری کرسی پر بیٹھی تھی ۔۔۔۔۔ یہ کمرا اس کوٹھے کے دیگر کمروں سے بڑا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جہاں اہم فیصلے ہوتے تھے ۔۔۔۔۔۔۔ اس لئے کوشلیا کو اس کمرے میں دیکھ کر اس کا حیران ہونا بجا تھا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

باپو یہ کیسے ہو سکتا ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کیوں نہیں ہو سکتا شانتو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کوشلیا ہم میں سے نہیں ہے وہ ایک انسان ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ہاں جانتا ہوں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مگر ہمارے دھرم میں کنیاؤں کا ویواہ درختوں سے کتوں سے کر دیا جاتا ہے ۔۔۔۔۔

تو تو پھر بھی ایک جن ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

یہ سردار آدیو کیا کہہ رہا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پونم حیرانی سے دیکھنے لگی تھی اپنے پتا کو اور بھائی کو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پھر کوشلیا کی طرف دیکھا تو وہ سپاٹ چہرا لئے اپنے ہاتھوں پر نظریں جمائے بیٹھی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ہاں جانتا ہوں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پرنتو ان رواجوں کو ہم تو نہیں مانتے نا باپو ۔۔۔۔۔ ہمارے قبیلے نے کسی انسان کو اپنے وش میں بھی نہیں کیا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ہاں اور ایشور نہ کرے کبھی ایسا ہو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ لیکن تو جانتا نہیں ہے

۔۔۔۔۔۔۔۔ کوشلیا نے خود تجھ سے شادی کا کہا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔

شانتو کے ساتھ پونم نے بھی حیرت سے کوشلیا کو دیکھا تھا۔۔۔۔ جو ہنوز اسی طرح اپنی ہتھیلی پر نظریں جمائے بیٹھی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

کوشلیا نے کہا ہے شانتو سے ویواہ کا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ؟؟؟؟؟؟؟؟

وہ سردار آدیو سے پوچھ بیٹھی تھی حیرت سے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ہاں پونم۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

مگر کیوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ؟؟؟؟؟؟؟؟؟؟؟؟؟

تم سب جانتے نہیں ہو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ابھیمنیو نے کوشلیا کو جب تم لوگ اسے لے کر انسانی میلہ دکھانے لے گئے تھے تب دیکھ لیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور اس کی نیت پھر سے قراب ہو گئی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور سب جانتے ہی ہو اب وہ شیطان کی پوجا کرنے لگا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور ہندو دھرم بھی چھوڑ کر شیاطین سے جا ملا ہے

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اس کی طاقت اب بہت بڑھ گئی ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مجھے اس کی پرواہ نہیں میں ایشور کی کرپا سے اس سے آخری دم تک لڑ سکتا ہوں لیکن جنات کے قوانین کے تحت جنات کی دھرم پتنی پر کوئی ہاتھ نہیں ڈال سکتا شیاطین بھی نہیں

۔۔۔۔۔۔۔ میں نے جب کوشلیا کے سامنے یہ بات رکھی تو کوشلیا نے خود شانتو سے شادی کرنے کا کہا ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور وہ ہمارے قوانین کو اچھی طرح سے جانتی ہے

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ٹھیک ہے باپو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اگر کوشلیا نے تم سے کہا ہے تو میں شادی کرنے کے لئے تیار ہوں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

شانتو کی بات پر سردار آدیو نے محبت سے اپنے بیٹے کو لپٹا لیا تھا ۔۔۔۔۔۔۔ اور کوشلیا کو ساوری پونم اور شانتو کی ماں نے لپٹا لیا تھا ۔۔۔۔۔۔ پونم بھی خوشی سے انکے قریب آکر ماں اور کوشلیا سے لپٹ گئی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور اسی رات اگنی کے سات پھیروں کے بعد کوشلیا شانتو ایک ہو گئے ۔۔۔۔۔۔

××××××××××××××××

آج پھر وہ ایک بچے کو اسی جگہ سے ان درندوں سے چھین کر لے اڑا تھا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مگر کچھ اسی کی جسامت کے کالے پرندے اس کے پیچھے لگ گئے تھے ۔۔۔۔۔۔ اس کی رفتار کافی تیز تھی ۔۔۔۔۔۔۔ مگر اچانک ایک کالے پرندے نے اس پر جھپٹا تھا اور اپنے نوکیلے پنجے اس کے پر اور سینے میں خنجر کی طرح گھونپ دیئے تھے ۔۔۔۔۔ اس کے پنجوں میں بچہ تھا وہ جوابی کاروائی نہیں کر سکتا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ اس حملے سے بری طرح زخمی ہوگیا تھا۔۔۔۔۔۔ اور ایک لمحے کے لئے فضا میں اپنا توازن برقرار نہ رکھ پایا۔۔۔۔۔ جس کی بدولت دشمن پرندوں نے اس یلغار کر دی تھی ۔۔۔۔۔۔ اور فضا میں ہی بری طرح اسے نوچنے کھسوٹ نے لگے تھے ۔۔۔۔۔ لیکن بچے پر اس کی گرفت ڈھیلی نہیں ہوئی تھی ۔۔۔۔۔۔۔ وہ بری طرح اب زخمی ہوچکا تھا ۔۔۔۔۔ مگر ڈٹا ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ اس بچے کو کسی حال میں ان خونخوار پرندوں کے ہتے چڑھنے سے بچانا چاہتا تھا۔۔۔۔۔ مگر اب ہمت جواب دینے لگی تھی کہ اچانک آسمان پر کچھ سفید پرندے نمودار ہوئے تھے ۔۔۔۔۔۔۔ جو ان کی جسامت سے بھی کافی بڑے تھے ۔۔۔۔ اور تیزی سے کالے پرندوں پر جھپٹ پڑے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور دیکھتے ہی دیکھتے کئی کالے پرندوں کی اپنے نوکیلے پنجوں سے گردنیں مروڑ ڈالیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جو بھی کالا پرندا مرتا کالے دھوئیں میں تبدیل ہو کر ہوا میں تحلیل ہو جاتا ۔۔۔۔۔ اس کی آنکھیں اب بند ہونے لگی تھیں اور اس کے پھیلے پر سکڑ گئے تھے وہ تیزی سے گرنے لگا تھا۔۔۔۔۔ مگر بچے پر اب بھی گرفت ڈھیلی نہیں ہوئی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کہ اچانک ایک سفید بڑے سے پرندے نے اس اپنے پنجوں میں دبوچ لیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔ اور تیزی

سے ایک جانب لے اڑنے لگا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔
باقی آئندہ۔۔۔۔۔۔

# مشکل راستے قسط ۳۱

سفید پرندے کے ساتھ اس کے ساتھی پرندے بھی تیزی سے ایک سمت اڑے جا رہے تھے ۔۔۔۔۔۔۔ پھر وہ سب دریا نیلم کے قریب ایک وادی میں پہنچ گئے جہاں گنے چنے لکڑی سے بنے گھر آباد تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ انہی میں سے ایک گھر کی چھت پر آ کر بیٹھ گئے تھے ۔۔۔۔۔۔ مگر جس پرندے نے اسے پکڑا ہوا تھا وہ تیزی سے اڑتا ہوا بند دروازے کے قریب پہنچ گیا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہلکی سی مخصوص آواز نکالی تھی ۔۔۔۔ جس پر دراوزہ کسی نے کھولکر اسے اندر آنے کا راستہ دیا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور جیسے ہی وہ اندر داخل ہوا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ دروازہ اسکے پیچھے بند کر دیا گیا ۔۔

اسلام علیکم ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میاں صاحب

وعلیکم اسلام ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اتنی رات گئے کیسے آنا ہوا ابراہیم ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

معافی چاہتا ہوں میاں صاحب ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ یہ دیکھیں ۔۔۔۔۔۔۔۔

اندر داخل ہوتے ہی وہ انسانی شکل میں آگیا تھا ۔۔۔۔۔ اور سامنے کھڑے باریش

بزرگ سے ادب سے معذرت کرتا ہوا اپنے دونوں ہاتھ آگے کردئے ۔۔ جس میں ایک غیر معمولی بڑی جسامت کا عقاب بیہوش حالت میں پڑا تھا۔ وہ باریش بزرگ اس کے پنجوں میں دبے اس ننے نوزائیدہ وجود کو دیکھ کر چونک گئے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔

کون ہے یہ اور یہ بچہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

یہ کہتے ہوئے وہ تیزی سے آگے بڑھے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اوور اس بے حس و حرکت پرندے کے پنجوں سے اس ننے وجود کو آزاد کیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔ جو بے خبر سو رہا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔ جیسے وہ پنجوں میں جکڑا ہوا نہیں تھا بلکہ اپنی ماں کی آغوش میں سو رہا ہو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

میاں صاحب ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہم آٹھوں ہندوستان کے پہاڑی علاقے سے گزر رہے تھے تب اسے اور شیاطین کو آپس میں لڑتے دیکھا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ اسے بری طرح فضا میں مار رہے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور یہ اپنے بچاؤ کے لئے کچھ نہیں کر پا رہا تھا۔ جب اسکے پنجوں میں دبے بچے پر نظر پڑی تب مجھ سے رہا نہیں گیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور ہم اسے یہاں لے آئے ۔۔۔

چلو اچھا کیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ بچہ تو خیریت سے ہے ۔۔۔۔۔ مگر ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ یہ بہت

زخمی حالت میں ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔

بچے کو بچانے کے چکر میں بیچارا مار کھاتا رہا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ تو اسے جان سے مار دیتے میاں صاحب مگر اللہ کو اسے بچانا مقصود تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سو ہمیں اس کی مدد کے لئے بھیج دیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

بے شک ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اچھا ایک کام کرو ابراہیم اس جن کو بستر پر لٹا دو میرے

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ ابراہیم کو ہدایت دیتے ہوئے بولے اور اور بچے کو دوسرے کمرے میں لے جا کر لٹا دیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔بچہ ابھی تک سو رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ معصوم کو پیدا ہوئے ہفتہ بھی نہیں گزرا تھا اور ماں سے جدا کر دیا گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

پھر واپس اس کمرے میں آ گئے جہاں وہ جن ان کے بستر پر ابھی تک پرندے کی شکل میں بے ہوش پڑا ہوا تھا۔۔۔۔

ہوش نہیں آیا ابھی تک اسے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

نہیں میاں صاحب کافی زخمی ہے مجھے تو اس کے بچنے کی امید بھی کم نظر آ رہی ہے

---------

زندگی اور موت تو اللہ کے ہاتھ میں ہے ابراہیم ۔۔۔ جب تک سانسیں چل رہی ہیں تب تک امید ہے بچنے کی ۔۔

وہ ایک پرانے سے صندوق سے کچھ نکالتے ہوئے بولے تھے پھر اس کی جانب آ گئے ۔۔۔اور اس کے پر اور گردن جو بری طرح زخمی تھی اس پر ہاتھ میں پکڑی ایک درمیانے سائیز کی ڈبیا سے کچھ نکال کر اس کے زخموں پر ملنے لگے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور ساتھ میں درود ابراہیمی اور سورہ فاتحہ کا بھی ورد کرتے جا رہے تھے ۔۔۔۔۔۔۔

ابراہیم ادب سے ایک جانب کھڑا ہوا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ اس کے استاد تھے ۔۔۔۔ اس کی برادری نے انہیں سے قرآن اور فقہ کی تعلیم حاصل کی تھی ۔۔۔۔۔۔۔ وہ انسانوں کے ساتھ جنات کی بھی امامت کے فرائض انجام دیتے تھے ۔۔۔۔۔۔ اللہ نے انہیں ان کے اچھے کرموں کے سبب سب میں ہر دلعزیز بنا دیا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔

×××××××××××××××

بِسمِ اللہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم

الرَّحْمَٰنُ (۱) عَلَّمَ الْقُرْآنَ (۲) خَلَقَ الْإِنسَانَ (۳) عَلَّمَهُ الْبَيَانَ (۴) الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ

بِحُسْبَانٍ (۵) وَالنَّجْمُ وَالشَّجَرُ يَسْجُدَانِ (۶) وَالسَّمَاءَ رَفَعَهَا وَوَضَعَ الْمِيزَانَ (۷) أَلَّا تَطْغَوْا

فِي الْمِيزَانِ (۸) وَأَقِيمُوا الْوَزْنَ بِالْقِسْطِ وَلَا تُخْسِرُوا الْمِيزَانَ (۹) وَالْأَرْضَ وَضَعَهَا لِلْأَنَامِ

(۱۰) فِيهَا فَاكِهَةٌ وَالنَّخْلُ ذَاتُ الْأَكْمَامِ (۱۱) وَالْحَبُّ ذُو الْعَصْفِ وَالرَّيْحَانُ (۱۲) فَبِأَيِّ

آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (۱۳) خَلَقَ الْإِنسَانَ مِن صَلْصَالٍ كَالْفَخَّارِ (۱۴) وَخَلَقَ الْجَانَّ مِن

مَّارِجٍ مِّن نَّارٍ (۱۵) فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (۱۶)

اس کی آنکھ کسی کی خوبصورت تلاوت سے کھلی تھی ۔۔۔۔۔۔ تین دن بعد اجنبی ماحول میں آنکھ کھلنے پر وہ ایک دم بستر سے اٹھ بیٹھا تھا ۔۔۔۔۔۔۔ ابراہیم اسی وقت اندر داخل ہوا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ہوش آگیا تمہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

تم کون ہو۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور میں یہاں ؟؟؟؟؟؟؟؟؟؟؟؟؟؟

ایک اجنبی جن کو دیکھ کر وہ بولا تھا۔۔۔۔۔

میرا نام ابراہیم ہے اور میں ایک مسلمان جن ہوں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تمہیں ہم ہی یہاں لائے ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔ اچھا یہ بتاؤ تمہارے پیچھے شیاطین کیوں پڑھ گئے تھے ۔۔۔۔۔۔۔ اور وہ بچہ تم کہاں سے اٹھا کر لائے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ بچہ ! کہاں ہے وہ بچہ ۔۔۔۔۔۔

ایک دم ہی بچے کا خیال آتے ہی بستر سے اٹھ گیا تھا۔۔۔۔۔۔ اور شکی نظروں سے ابراہیم کو دیکھنے لگا۔۔۔۔۔

بچہ محفوظ ہاتھوں میں ہے ۔۔۔۔۔۔۔ اس کے گھر کا پتہ دو تو اسے چھوڑ آتے ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ویسے تمہارا نام کیا ہے اور تم کہاں سے تعلق رکھتے ہو۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ بچے کی خیریت کا سن کر مطمعن ہو گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

میرا نام آدیو ہے۔۔۔۔۔ میں ایک ہندو قبیلے کا سردار ہوں اور یہ بچہ میں کہیں سے اٹھا کر نہیں لایا۔۔۔ بلکہ ان درندوں سے اسے بچا کر لایا ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جو اس کی بلی گڈی (کالی ماں) کو چڑھانا چاہتے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔

حیرت ہے ہندو جن ہو کر تم نے اپنے دین کے خلاف عمل کیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ہم صرف ایشور اور رام کی پوجا کرتے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور کالی اور دیگر بھگوانوں کو نہیں مانتے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہمارے قبیلے میں تو کسی نے انسان تک کو کبھی ستایا نہیں۔۔۔۔۔۔۔ اور اس معاملے میں ہمارے قوانین بھی بڑے سخت ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

بہت خوب۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میاں صاحب کو خبر کرتا ہوں کہ تمہیں ہوش آگیا ہے۔۔۔۔

وہ یہ کہہ کر باہر نکل گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔ اور سردار آدیو کمرے کا جائزہ لینے

لگا تھا۔۔۔۔ سورہ رحمان کی تلاوت کی آواز ابھی تک جاری تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔اجنبی زبان میں پڑھا جانے والا کلام سیدھا دل پر اثر کر رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔ ایک عجیب سی کپکپاہٹ تاری ہو گئی تھی اس پر ۔۔۔۔۔۔۔۔ اچانک تلاوت کی آواز آنا بند ہو گئی تھی ۔۔۔ مگر ابھی تک وہ کانپ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پھر کسی انسانی قدموں کی چاپ پر دروازے کی سمت دیکھنے لگا۔۔۔۔۔۔۔۔ جہاں سے وہ باریش بزرگ اندر داخل ہو رہے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ اپنے اصل روپ میں آ چکا تھا۔۔۔۔ اس لئے وہ اسے دیکھ نہیں پائے ۔۔۔۔۔۔۔۔

ارے بھائی میں تمہیں تمہارے اصل روپ میں دیکھ نہیں سکتا۔۔۔۔۔۔ذرا سامنے تو آؤ ۔۔۔۔۔

وہ کمرے میں ادھر ادھر دیکھتے ہوئے بولے تھے ۔۔۔۔تب وہ انسانی روپ میں ان پر ظاہر ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

کون ہو آپ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

بھئی نام تو میرا عبدالقیوم ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔ لیکن سب مجھے میاں صاحب کے نام سے

جانتے ہیں اور آپ کا اسمگرامی جان سکتا ہوں میں ۔۔۔۔۔۔

اسم گرامی یہ کیا ہوتا ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ؟؟؟؟؟؟؟؟؟؟؟؟

اس نے حیرت سے پوچھا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اوہ معاف کرنا بھائی سلیس اردو میں بات کرنے کی عادت ہے ۔۔۔۔ بہر حال اسم گرامی سے مراد آپ کا نام ۔۔۔ یعنی نام کیا ہے ؟؟؟؟؟؟

سردار آدیو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سردار صاحب ابراہیم بھائی بتا رہے تھے آپ اس بچے کو بچانے کے چکر میں زخمی ہو گئے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔

ہاں !!!!!!

اچھا مگر آپ مجھے بتانا پسند کرینگے کے کیوں ؟؟؟؟؟؟؟؟؟؟؟؟؟

ایشور کی سوگند کھائی ہے میں نے ۔۔۔۔ کسی کو بھی بے قصور بھگوان کے نام پر بلی چڑھنے نہیں دونگا ۔۔۔۔۔۔۔

ماشااللہ بہت خوب ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ویسے اب آپکی تبعیت کیسی ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ایشور کی کرپا سے ٹھیک ہوں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اچھا آپ بتا سکتے ہیں کہ بچے کا گھر کدھر ہے تاکے اسے واپس چھوڑا جاسکے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جی میں اسے واپس اس کے گھر چھوڑ دونگا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ آپ کی بڑی مہربانی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سردار آدیوان کی سحر انگیز شخصیت سے کافی متعصر ہوگیا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔بڑا دوستانہ اندار تھا ان کا ۔۔۔۔۔۔۔۔

ارے نہیں بھائی وہ شیاطین آپ کی تاک میں ہونگے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہمارے ابراہیم بھائی آپکے ساتھ جائینگے چھوڑنے تاکے آپ کو کوئی پریشانی نہ ہو ۔۔۔۔۔۔۔

میں آپ سے ایک بعد پوچھ سکتا ہوں ؟؟؟؟؟؟؟؟

سردار آدیو نے جھجکتے ہوئے ان سے پوچھا تھا۔۔۔۔۔۔

جی ضرور سو بار پوچھیے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ابھی آپ کے کمرے میں آنے سے پہلے کوئی گیت گا رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ کیا تھا

؟؟؟؟؟؟؟

اسکی بات سن کر ابراہیم اور میاں صاحب بے ساختہ مسکرا دیے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ کوئی گیت نہیں تھا۔۔۔۔اللہ کی کتاب قرآن کی تلاوت کی آواز تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کیا آپ مجھے بتا سکتے ہیں کہ آپ کیا پڑھ رہے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ضرور بھائی ۔۔۔۔ کیوں نہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میں سورہ رحمان کی تلاوت کر رہا تھا

۔۔۔۔۔۔ جس میں اللہ تعالی کی نعمتوں کا ذکر کیا گیا ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور ہم ناشکرے بندوں جن میں جن وانس سبھی شامل ہیں کو اس کی عطا کردا نعمتیں گنوائی ہیں تاکے ہم نصیحت پکڑیں اور صرف اسی کے آگے سجدہ ریز ہو جائیں ۔۔۔۔۔

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اللہ نہایت مہربان ہے ۔۔۔۔ اسی نے اس سارے جہاں کو پیدا کیا ۔۔۔۔ ہمیں بولنا سکھایا ۔۔۔۔ سورج چاند کو بنایا ۔۔۔۔ جو اپنے مدار میں حرکت اسی کے حکم سے حرکت کر رہے ہیں ۔۔۔۔ درخت بیلیں اس کی حمد و ثنا میں مشغول ہیں ۔۔۔۔ جنہیں ہم سن نہیں سکتے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ آسمان بچھایا ۔۔۔ زمین پیدا کی اسے ہموار کیا اس میں اناج اگایا میوہ پھلوں سے بھر دیا ۔۔۔۔ دیگر جاندار پیدا کئے ۔۔۔۔۔ اس نے انسان کو ٹھیکرے کی طرح کھنکھناتی مٹی سے پیدا کیا اور جن کو آگ کے دھوئیں سے شعلوں سے ۔۔۔۔ وہی مشرق اور مغرب کا مالک ہے ۔۔۔ اسی نے سمندر پیدا کئے دریا بنائے جو آپس میں ملتے نہیں ان کے درمیان ایک آڑ ہے ان سے موتی مونگے نکلتے ہیں ۔۔۔ جہاز ان دریاؤں سمندروں کو چیرتے ہوئے گزرتے ہیں جو ڈوبتے نہیں ۔۔۔ بار بار درمیان میں اللہ تعالی ہم سے پوچھ رہا ہے کہ ہم اس کی کن کن نعمتوں کو جھٹلائینگے ۔۔۔ کب تک نافرمانی کرتے رہیں گے ۔۔۔۔ جن وانس اور پوری دنیا فنا ہو جائیگی مگر ہمارے پروردگار

صاحب جلال بابرکت کی ذات ہی باقی رہ جاۓگی ۔۔۔۔ نافرمان جن وانس سے اللہ سبحان وتعالیٰ فرماتے ہیں کے موت سے بچ سکتے ہو تو بچو اور آسمان اور زمین کے کناروں سے نکل جاؤ مگر جہاں جاؤگے موت وہاں بھی آجاۓ گی ۔۔۔۔۔ عنقریب اللہ آگ یعنی دوزق میں نافرمانوں کو ۔۔ توحید کے انکاریوں کو ڈال دے گا ۔۔۔۔۔ جہاں فقت بے بسی ہوگی اور بھیانک عزاب ہوگا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ گناہگار قیامت کے روز دور ہی سے پہچان لۓ جائینگے اور جہنم میں پیشانیوں کے بالوں اور پاؤں سے پکڑ لۓ جائینگے اور جہنم میں ڈالدیا جاۓ گا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور بار بار ایک ہی بات اللہ سبحان وتعالیٰ ہم سے فرمارہا ہے فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ۔۔۔۔۔۔ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ۔۔۔۔۔ تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤگے ؟ لیکن افسوس بہت سے لوگ جن میں مسلمان بھی شامل ہیں اس بات سے غافل ہیں ۔۔۔ قرآن کو تعویز اور دم وغیرہ کے لۓ ہی رکھ چھوڑا ہے ۔۔۔ اسے سمجھ کرپڑھنے کی توفیق صرف چند ہی کرتے ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ بول رہے تھے اور سردار آدیوزار وقطار رونے لگا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اللہ کے کلام نے اس کے دل پر اثر کیا تھا ۔۔۔۔۔ اس کا دل اس کا دماغ اللہ کریم کی وحدانیت کا اس کے لاشریک ہونے کی گواہی دینے لگے تھے ۔۔۔۔۔

مُیاں صاحب میں اسلام قبول کرنا چاہتا ہوں ۔۔۔آپ بتائے مجھے کیا کرنا ہو گا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اللہ اکبر !

ابراہیم نے خوشی سے نعرہ تکبیر کہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میاں جی نے مسکراتی نگاہوں سے
آدیو کو دیکھا تھا۔۔۔۔۔۔
بھائی اس کے لئے پہلے آپ کو غسل کرنا ہو گا۔۔۔۔۔۔۔۔۔
جی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

**********************************

غسل کے بعد وہ کمرے میں داخل ہوا تو بہت سے جنات کو دیکھا جو اس کمرے میں جمع
تھے ۔۔۔۔۔۔ مُیاں صاحب نے اسے اپنے پاس بٹھا لیا۔۔۔۔
بھائی پڑھیئے ۔۔۔۔اشہد

اشہد۔۔۔۔۔۔

إن لاإلہ

إن لاإلہ

إلا اللہ۔۔۔۔۔۔۔

إلا اللہ۔۔۔۔۔۔۔

واشہد۔۔۔

واشہد۔۔۔۔۔۔۔۔

إن محمدا رسول اللہ۔۔۔۔۔

إن محمدا رسول اللہ۔۔۔۔۔۔۔

اس کے کلمہ شہادت پڑھتے ہی ۔۔۔۔۔۔۔۔ چھوٹے سے کمرے کی فضا نعرہ تکبیر کی آواز سے گونج اٹھی تھی ۔۔۔

××××××××××××××××××

باقی آئندہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

# مشکل راستے قسط ۳۲

سردار آدیو کو چھ مہینے سے زیادہ کا عرصہ بیت چکا تھا اپنے قبیلے سے گئے ہوئے ۔۔۔۔۔۔ بعض دفع وہ مہینوں نہیں آتا تھا۔۔۔۔اس کے پیچھے اسکا بڑا بیٹا کشور سرداری کے فرائج انجام دیتا تھا۔۔۔۔۔ سارے بیٹے اس کے نہایت فرمانبردار تھے ۔۔۔۔۔۔۔ اس وقت بھی شانتو اور دیگر بھائی کشور کے ساتھ خاص بیٹھک میں بیٹھے ابھیمنیو کی بڑھتی ہوئی شرانگیزیوں پر بات کر رہے تھے ۔۔۔۔۔ جب سے شانتو اور کوشلیا کے ویواہ کی خبر دیگر جنات کے قبائل میں پھیلی اور ابھیمنیو کو بھی اس کی سن گن ہوئی تب سے ہی وہ بھپرے ہوئے بھینسے کی طرح چکراتا پھر رہا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ایک بھیدی نے تو خبردار بھی کر دیا تھا کہ وہ کوشلیا کو پانے کے لئے کسی بھی حد کو پار کر سکتا ہے ۔۔۔ شانتو یہ خبر سن کر بہت تیش میں آگیا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سارے بھائیوں اور قبیلے کے بڑوں نے اسے قسم دی تھی ایشور کی کے وہ سردار آدیو کے آنے تک کسی قسم کی انتقامی کاروائی نہ کرے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اب شانتو کو اپنے باپ کا انتضار تھا کہ کب وہ آئے اور کب شانتو ابھیمنیو کو سبق سکھانے چل پڑے ۔۔۔۔۔۔ اس وقت بھی سارے بھائی شانتو کو غصے پر قابو رکھنے کی تلقین کر رہے تھے کہ اچانک خاص بیٹھک کا دروازہ کھلا تھا اور آدیو اندر داخل ہوا تھا۔۔۔جسے دیکھ کر سب ہی خوشی سے اٹھ کھڑے ہوئے تھے ۔۔۔۔۔۔

نمستے باپو۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سب نے یک زبان ہو کر اسے نمستے کیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مگر آدیو نے سر کے اشارے سے جواب دیا تھا۔۔۔۔۔۔ پہلے کی طرح ہاتھ نہیں جوڑے تھے۔۔۔۔ جو ایک انہونی بات تھی ان کے لئے۔۔۔۔۔۔۔ اس کے ساتھ دو اجنبی جنات بھی تھے۔۔۔ جن کا حلیہ ان سے کافی مختلف تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ عربوں جیسا لباس پہن رکھا تھا۔۔۔۔۔۔ اور آدیو بھی

عربوں جیسا لباس زیب تن کئے ہوئے تھا۔۔۔۔

ساگر جاؤ۔۔۔۔۔۔۔ اور تمام قبیلے کو یہاں بلا لاؤ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اس نے آتے ہی اپنے ایک بیٹے کو حکم دیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

****************************************

پورا قبیلہ ہی اس خاص بیٹھک میں سمٹ آیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ چھوٹے بڑے سب ہی جمع ہو گئے تھے۔۔۔۔۔۔ سردار آدیو کے اس قبیلے کی آبادی دس لاکھ سے اوپر تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مگر جنات کی خصوصیت ہی یہ ہے کہ وہ چیونٹی جتنے سوراخ میں بھی سیکڑوں کی تعداد میں سما سکتے ہیں۔۔۔۔۔۔ اور یہ بیٹھک (دیوان خانہ) تو ایک بہت بڑے ہال جتنا تھا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سب بےچینی سے اپنے محبوب سردار کو سننا چاہتے تھے

**************************************

آج تک میں نے جو بھی کام کیا۔۔۔۔۔۔ اس قبیلے کی بھلائی کے لئے کیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جو بھی قوانین لاگو کئے سچ کو سامنے رکھ کر کئے۔۔۔۔۔۔۔۔ ہمارا قبیلہ دیگر ہندو جنات قبیلوں سے الگ اور ممتاز رہا۔۔۔۔۔ ہندو دھرم پر رہتے ہوئے بھی ہم میں سے کسی نے کبھی کالی، وشنو شیوا ہنومان اور دیگر کی کبھی پوجا پاٹ نہیں کی اور نہ ہم ان کو مانتے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سوائے ایک بھگوان رام کے۔۔پر نتو اس میں بھی ہمارا یہی ماننا رہا ہے کہ ایشور نے رام کو کچھ اختیارات دئے ہیں ورنہ سب کچھ تو ایشور کا ہی ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ نہ ہم میں سے کسی نے کبھی انسان کو تنگ کیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ نہ کبھی ان کے درمیان رہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پر نتو جب بھی کوئی معصوم جاندار مشکل میں نظر آیا ہم میں سے ہر کسی نے اس کی مدد کرنے کی کوشش کی۔۔۔۔۔۔۔۔ چاہے وہ انسان ہی کیوں نہ ہو۔۔۔۔۔۔۔۔ ہم سب ہی سچ کا ساتھ دینے اور اس پر مر مٹنے کو تیار رہتے ہیں۔۔۔۔۔۔۔ چاہے کچھ ہو جائے حق پر ڈٹ جانا ہمارے قبیلے کی پہچان ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔آپ سب بتاؤ میں صحیح کہہ رہا ہوں یا غلط۔۔۔۔۔۔۔۔

بالکل ٹھیک کہہ رہے ہو سردار۔۔۔۔۔۔۔۔

تم تو ہمارا مان ہو سردار۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اویشے۔۔۔اویشے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اسکے پوچھنے پر پورا قبیلہ ہی بول اٹھا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ تھوڑی دیر کو رکا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور ان کی بات سن کر ہلکی سی مسکراہٹ کے ساتھ بڑے مان سے اپنے قبیلے کو دیکھا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

مگر آج میں جو کہنے جارہا ہوں اس بات کو ماننا اور نہیں یہ تم سب کی مرضی پر ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔اگر اس بات کو ماننے سے انکار کرتے ہو تو خدا کی قسم میں سرداری چھوڑ کر تم سب سے الگ ہو جاؤں گا اور یہاں سے ہمیشہ کے لئے چلا جاؤنگا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سردار ہم تمہارے ساتھ ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سردار ہم تمہارے ساتھ ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کئی آوازیں گونج اٹھیں ۔۔۔وہ اپنے قبیلے کا ہر دلعزیز سردار تھا۔۔۔۔ پورا قبیلہ اس پر جان چھڑکتا تھا۔۔۔۔۔ اس کا کہا سب مانتے تھے ۔۔۔اگر وہ انہیں مر جانے کا حکم بھی دیتا تو وہ اس پر قربان بھی ہو جاتے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

میرے پیارے قبیلے والوں تو سنو میں ایک خاص کام کے سلسلے میں باہر گیا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔ مجھ پر کچھ گڈی کے بھگتوں نے حملہ کر دیا تھا تب کچھ جنات نے میری جان بچائی تھی اور مجھے پاکستان کی سرزمیں پر لے گئے تھے ۔۔۔جہاں مجھے ایک بھلا انسان ملا جس نے مجھے حق کی دعوت دیِ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور میں نے وہ حق قبول کر لیا۔۔۔۔۔۔۔ اس پر ایمان لے آیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور آج تمہیں وہ دعوت دینے واپس آیا ہوں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کیسا حق سردار ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کشور بول اٹھا۔۔۔۔۔۔۔ تب وہ مسکرایا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہی حق جو ہر دور میں اپنی چھب دکھلاتا رہا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سب جن اور انسانوں کو اپنی طرف بلاتا رہا۔۔۔۔۔۔۔آؤ بھلائی کی طرف آؤ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سچائی کی طرف آؤکی

آوازیں لگاتا رہا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ منادی کرنے والا تو منادی کرتا رہا۔۔۔ صدائیں لگاتا رہا ۔۔۔۔ جس نے حق کو جان لیا پہچان لیا وہ اس حق کو پا گیا۔۔۔۔۔۔ اور جس نے کان نہ دھرے اپنی ہٹ پر قائم رہا اس نے رسواکن عزاب کو چن لیا۔۔۔۔۔۔۔

وہ کچھ دیر کو رکا تھا اور ایک نظر سب پر ڈالی تھی ۔۔۔۔۔۔ سب خاموش اپنے محبوب سردار کو سن رہے تھے ۔۔۔ جس کا انداز آج بہت مختلف تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ کہیں سے بھی سردار آدیو نہیں لگ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔ لہجے میں متانت ، ایک عجیب سا جوش اور سرشاری تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جیسے اسے قاروں کا خزانہ ہاتھ آگیا ہو۔۔۔۔۔۔۔

میرے متروں بھائیوں ۔۔۔۔ آج میں تم سے اس بات کا اقرار کرتا ہوں کہ وہ حق اسلام ہے اور الحمداللہ میں اس کی سچائی پر ایمان لے آیا ہوں ۔۔۔۔۔ میں نے اسلام قبول کرلیا ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور ایک اللہ پر ایمان لے آیا ہوں اور تمہیں بھی اس ایک اللہ کی طرف بلانے آیا ہوں ۔۔۔۔۔۔ تاکے تم بھی ایمان کی لذت کو چکو ۔۔۔۔۔۔۔۔ اس کی رحمت کے مزے لو۔۔۔۔۔۔۔

پھر اس نے سورہ جن کی کچھ آیتیں پڑھیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جس پر پورے دیوان خانے میں تھر تھری پیدا ہو گئی تھی ۔۔۔

اور کوئی جن ایسا نہ بچا جس کو ان چند آیتوں نے رلا نہ دیا ہو۔۔۔۔۔ ہر آنکھ اشکبار

۔۔۔۔ اور ہر دل اس کی سچائی کے آگے سرنگو ہو گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کوشلیا بھی ان کے درمیان کھڑی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔ اللہ کے کلام نے اس کے دل پر بھی خوب اثر کیا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔ اور وہ بھی اسی لمحے ایمان لے آئی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اللہ نے اس قبیلے پر کرم اور رحمت کی بارش کردی تھی ان کے کچھ اچھے کرموں کے سبب انہیں ایمان کی دولت سے نواز دیا تھا۔۔۔۔۔

کوئی ایک بھی ایسا نہ تھا جس نے نصیحت نہ پکڑی ہو ۔۔۔جس نے حق سے منہ موڑا ہو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

************************************

ایک ہفتے کے اندر ہی سارا قبیلہ توحید کا اقرار اور کلمہ حق پڑھ کر مسلمان ہو گیا تھا۔۔۔۔ سردار آدیو نے اللہ کے اس انعام پر کئی بار سجدہ شکر ادا کیا تھا۔۔۔۔ پھر وہ اپنے سارے بیٹوں اور قبیلے کے بڑوں کو لیکر میاں صاحب کے پاس پہنچا اور انہیں یہ خوش خبری سنائی تھی ۔۔۔۔۔۔۔

یوسف (آدیو) مجھے بہت خوشی ہے میرے بھائی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اللہ تم لوگوں کو ہمیشہ حق پر قائم رکھے ۔۔۔۔۔ آمین ۔۔۔۔

میاں صاحب یہ میرے بیٹے ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

میاں صاحب نے مسکرا کر انہیں دیکھا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سب ہی انسانی روپ میں ان کے سامے ادب سے بیٹھے تھے۔۔۔۔۔۔

ماشاء اللہ۔۔۔۔۔۔۔۔

میری پندرا بیٹیاں ہیں میاں صاحب۔۔۔۔۔۔۔ جن میں گیارہ کی شادیاں ہو چکی ہیں ۔۔۔۔۔۔۔ اور چار باقی ہیں وہ سب بھی ماءشااللہ اسلام قبول کر چکی ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اور ان کے پتی بچوں نے بھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اللہ کا تم پر خاص کرم ہوا ہے یوسف۔۔۔۔۔۔۔ تمہاری اچھائیوں کا صلہ تمہیں ایمان کی صورت میں ملا ہے۔۔۔

جی بالکل۔۔۔۔۔۔۔۔۔ آپ صحیح کہہ رہے ہیں۔۔۔۔ میں آپ سے کچھ بات بھی کرنا چاہتا ہوں میاں صاحب۔۔

ہاں بولئے بھائی۔۔۔۔۔۔۔

میری سب سے چھوٹی بہو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کوشلیا نے بھی اسلام قبول کرلیا ہے۔۔۔۔
اور ہم نے اس کا نام مریم رکھا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔
بہت اچھے بھائی۔۔۔۔۔۔۔۔اللہ تعالٰی آپ کی تمام بہوؤں کو بھی ہمیشہ ایمان پر قائم رکھے۔۔۔۔۔آمین
سردار صاحب میں جو آپ سے بات کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ میری بہو کوشلیا یعنی مریم جنّی نہیں انسانوں میں سے ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔
سردار صاحب نے ایک دم نظر اٹھا کر دیکھا تھا یوسف (آدیو) کو۔۔۔۔۔۔۔شانتو بھی میاں صاحب کی طرف دیکھنے لگا تھا۔۔۔۔۔پتا نہیں میاں جی کیا کہنے والے تھے بات سن کر۔۔۔۔۔۔۔۔
کہاں سے اٹھا کر لائے ہو بھائی اسے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔
نہیں میاں صاحب۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہم نے اس پر زور زبردستی نہیں کی بلکہ اسے بلی سے بچانے کے لئے اپنے پاس لے آئے تھے۔۔۔۔۔۔

کھل کے بتائیے یوسف بھائی ۔۔۔۔۔۔۔۔ ماجرا کیا ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

بہت ہی سنجیدہ لہجہ ہو گیا تھا میاں صاحب کا ۔۔۔۔۔۔۔

ہرمواریوسف نے پھر انہیں کوشلیا یعنی مریم کی پوری کہانی سنائی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ہممممم ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میرے بھائی جو بھی ہوا وہ اسلام لانے سے پہلے ہوا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور ہندو دھرم میں تو جب کتے اور درختوں سے شادیاں کردی جاتی ہیں

تو ایک جن اور انسان کی شادی کوئی حیرت کی بات نہیں۔۔۔۔

پھر رکے اور ایک نظر دم سادھے شانتو کی طرف ڈالی تھی ۔۔۔۔۔۔۔

لیکن مذہب اسلام میں اس کی ممانعت ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔ جس طرح قوم لوط اور جانور

سے بد فعالی کو گناہ قرار دیا گیا ہے اسی طرح انسان کا کسی جن سے نکاح بھی جائز نہیں

۔۔۔۔۔۔۔ بلکہ نکاح تو ہوتا بھی نہیں اور جو جن زبردستی کسی انسان سے تعلق قائم

کرتا ہے تو اسے قیامت کے دن اس کی سزا ضرور ملے گی ۔۔۔۔۔۔ اور کیا پتہ یہی عمل

اسے جہنم میں لے جانے کا سبب بنے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ دیکھو بھائی اللہ نے ہر کسی کا جوڑا

پیدا کر دیا ۔۔۔ جانوروں سے لیکر انسان اور جن تک سب کے جوڑے بنا دیئے

۔۔۔۔۔۔۔ اب اگر کوئی اس

سے تجاوز کرتا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔ تو وہ اللہ تعالیٰ کے احکامات سے انکار کرتا ہے جو گناہ ہے۔۔۔۔۔۔ قوم لوط کیوں تباہ ہوئی تھی۔۔۔۔۔۔۔ اسی وجہ سے۔۔۔۔۔۔۔ انہوں نے بھی اپنے مزے کے لئے غلط راہ چن لی تھی اور انجام کار اللہ کی سخت پکڑ میں آ گئے اور ایسے نیست ونعبود ہوئے کے پھر ان کا نام ونشاں تک باقی نہ بچا۔۔۔

پھر رک کر شانتو کو دیکھا تھا انہوں نے۔۔۔۔۔۔۔۔ اور پھر اس سے گویا ہوئے

۔۔۔۔۔۔۔۔۔

دیکھئے بھائی۔۔۔۔ آپ کا معاملہ یہاں الگ ہے۔۔۔۔ آپ لوگوں نے اس بچی کو بچانے کے لئے یہ سب کیا۔۔۔۔ مگر اب آپ دائرائے اسلام میں داخل ہو چکے ہیں۔۔۔ اور ایک مسلم ہونے کے ناطے آپ وہی کرئے جو اللہ آپ سے چاہتا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ یا تو اللہ کو راضی کر لیجئے یا پھر اپنے نفس کی بات مان لیجئے۔۔۔۔۔۔

شانتو جس کا نام میاں صاحب نے عمر رکھا تھا کی آنکھوں سے آنسو رواں ہو گئے تھے

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

میاں صاحب۔۔۔۔۔۔۔ ایمان لانے سے پہلے میری زندگی میں کوشلیا (مریم) کی محبت کے سوا کچھ نہیں تھا۔۔۔

میں اس سے دور رہنے کا تصور بھی نہیں کر سکتا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مگر اگر اللہ کی نظر میں

رشتہ جائز نہیں تو میں اسے ابھی اور اسی وقت چھوڑتا ہوں لیکن ایک بات میں آپ سے پوچھنا چاہتا ہوں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ جنات کے درمیان رہی اس کے پتی کی حیثیت سے میں اس کی ساتھ دو سال گزار دئے کیا وہ انسانوں میں قبول کر لی جائے گی ۔۔۔۔۔ کیا کوئی آدم زاد اسے قبول کر پائے گا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پھر ایک اور بات بھی آپ کو بتا دوں کہ وہ پیٹ سے بھی ہے (حاملہ) ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

میاں صاحب اور سردار آدیو نے چونک کر اسے دیکھا تھا۔۔۔۔۔۔۔ جو آنکھوں میں آنسو لئے میاں صاحب کو دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ یوسف کا دل کٹنے لگا تھا بیٹے کی بات سن کر۔۔۔۔۔۔ وہ اس کا سب سے چہیتا بیٹا تھا۔۔۔۔۔ اور وہ جانتا تھا کہ یہ فیصلہ کرتے ہوئے وہ کس کرب سے گزر رہا ہوگا۔۔۔۔

ہمممممم ! اللہ کی شان ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ عمر میں اپنے بیٹے سے اس کی شادی کر دونگا ۔۔ یہ میرا تم سے وعدہ ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔ لیکن زچگی کے بات بچہ دیکھ کر فیصلہ ہوگا کہ آیا اسے انسانوں کے درمیاں رہنا چاہیئے یا جنات کے ۔۔۔۔۔۔۔

میاں صاحب کی بات پر یوسف نے سکون کا سانس لیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کوشلیا اس کی بیٹیوں کی طرح تھی بلکہ ان سے زیادہ وہ اسے چاہنے لگا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور میاں صاحب جیسا دیندار شخص اسے اپنی بہو بنانے کی بات کر رہا تھا تو یہ اس کے لئے بہت خوشی کی بات

تھی مگر ساتھ میں وہ عمر یعنی شانتو کے دکھ کو بھی محسوس کر رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔ شانتو اس کا پرتو تھا۔۔۔۔۔۔۔ وہی اوصاف وہی نیک فطرت جو اس کی تھی وہی شانتو کی بھی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔ شانتو یعنی عمر نے اس فیصلے پر چپ چاپ سر جھکا دیا تھا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ مریم (کوشلیا) کو خوش دیکھنا چاہتا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اس کو سکھی اور آباد دیکھنا چاہتا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

مریم کو جب بتایا گیا تب اس نے بھی اپنا سر جھکا کر اس فیصلے کو قبول کر لیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔ دل تو بیقرار ہوا۔۔ مگر اللہ کی رضا کے لئے اس نے بھی یہ زہر چپ چاپ پی لیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

×××××××××××××××

آٹھ مہینے مریم نے اسی کوٹھے میں گزار دئے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ عمر میاں صاحب کے پاس دین اور فقہ کی تعلیم کے لئے رک گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔ مریم سے پہلے اس کی شادی ابراہیم کی بہن سے کر دی گئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور یہ تجویز بھی میاں صاحب کی ہی تھی۔۔۔۔ جو سردار آدیو کو بھی پسند آئی تھی۔۔۔۔۔۔۔ اور یوں اس کا نکاح ایک مسلم جٹنی سے کر دیا گیا۔۔۔۔۔ اور پھر وہ وقت بھی آن پہنچا جب کوشلیا نے ایک خوبصورت سنہرے وجود کو جنم دیا

--------

×××××××××××××

میاں صاحب کو اطلاع کردو بیٹی ہوئی ہے ---------- اور ہم اسے اور مریم کو لے کر کل انشاءاللہ جمعہ کی نماز کے بعد پہنچ جائینگے ----------

جی بہت بہتر --------

************************************

میاں صاحب ! بچی اور مریم کو لے کر وہ پہنچ چکے ہیں ----------

ٹھیک ہے ابراہیم بھائی آپ انہیں سفدر بھائی کے خالی مکان میں ٹھہرا دیجئے -------- اور بچی اور سردار یوسف کو یہیں لے آیئے --------

جی ----------

ابراہیم باہر نکل گیا ------------

چند منٹوں بات ہی دروازے پر ستک کی آواز پر انہوں نے دروازہ کھول دیا۔۔۔سردار یوسف اور ابراہیم اندر داخل ئے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سردار یوسف نے ایک ننا وجود گود میں لیا ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

! اسلام علیکم

وعلیکم اسلام ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ان کے سلام کرنے پر دونوں نے سلام بیک وقت کیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ارے ماشاء اللہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ذرا اللہ کی رحمت کو تو دکھائے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ان کے کہنے پر سردار یوسف نے بچی ان کی گود میں تھما دی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ننی سی سنہری پری تھی چھوٹی سی۔۔۔۔۔۔۔ بظاہر ایک انسانی بچی ہی لگ رہی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ فوراً ہی نظر کی دعا پڑھی تھی انہوں نے۔۔۔۔

! ماشاء اللہ بڑی پیاری بچی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ لیکن

لیکن کیا میاں صاحب ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اسے آپ اپنے ساتھ ہی لے جایئے گا یوسف بھائی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ دنیا بڑی خطرناک جگہ ہے اور انسان سے زیادہ خطرناک مخلوق کوئی نہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔ اور شیاطین سے بھی بچائے گا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ شاید آپ نے وہ بات محسوس نہیں کی جو مجھے محسوس ہو رہی ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

میں سمجھا نہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

بھائی میرے دو دن کے بچے اس طرح نہیں ہوتے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اسکی آنکھوں کی چمک ۔۔۔۔۔۔۔ اس کے ہاتھوں پیروں کی حرکت اپنی عمر کے بچوں سے مختلف ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔ بے شک یہ لگتی تو انسان ہی ہے لیکن اس میں آپ لوگوں کی خصوصیات بھی شامل ہو گئی ہیں ۔۔۔۔۔۔۔ عموماً ایسے بچے زیادہ عرصہ زندہ نہیں رہ پاتے ۔۔ مگر اللہ بہتر جانتا ہے ۔۔۔۔۔۔ خیر ۔۔۔ اللہ کے بھید اللہ بہتر جانے آپ اور ہم میں اس کی طاقت کہاں ۔۔

اس کا آپ نے نام کیا رکھا ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

حوریہ ---------------------------------------

×××××××××××××

باقی آئندہ-------------------------------

# مشکل راستے قسط ۴۴

سردار یوسف اور عمر حوریہ کو لے کر واپس ہندوستان چلے گئے ۔۔۔۔۔۔۔۔ اور کچھ مہینوں بعد مریم کی شادی میاں صاحب کے بیٹے سے ہو گئی ۔۔۔۔۔ ابھی حوریہ چھے مہینے کی ہوئی تھی کہ دیگر ہندو قبیلوں نے مل کر سردار یوسف کے قبیلے پر حملہ کر دیا ۔۔۔۔۔۔ لیکن بروقت اطلاع ملنے پر سردار یوسف نے خون خرابے سے بچنے کے لئے ہندوستان سے ہجرت کا فیصلہ کر لیا اور مکہ مکرمہ میں جا بسا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔
حوریہ کی پرورش پونم یعنی سمعیہ کر رہی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ حوریہ عام جنات جیسی نہیں تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ بے شک بہت سی خصوصیات اس میں جنات جیسی تھیں مگر نہ تو وہ شکلاً جنات جیسی تھی اور نہ مزاج جنات سے ملتا تھا ۔۔۔۔۔ وہ ہوا میں اڑ سکتی تھی ۔۔۔ پانی پر تیز دوڑ سکتی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ لیکن اس کی صورت انسانوں کی طرح تھی ۔۔۔۔۔ اس کا جسم انسانوں جیسا تھا ۔۔۔۔۔۔ وہ سوچتی انسانوں کی طرح تھی ۔۔۔۔۔۔۔ جنات مختلف شکلیں اختیار کر سکتے ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔ مگر حوریہ کو یہ طاقت اللہ نے نہیں دی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ عمر (شانتو) اسے بے تحاشہ چاہتا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور سردار یوسف کی تو وہ آنکھ کا تارا تھی ۔۔۔۔۔۔۔ پورا قبیلہ ہی اس پر جان چھڑکتا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہم سب کا پاکستان آنا جانا تھا ۔۔۔۔۔۔۔
حوریہ کو کراچی کا

ساحل بڑا پسند تھا۔۔۔۔۔۔۔ وہ اکثر مجھسے فرمائش کرتی تھی یہاں کراچی چلنے کے لئے ۔۔۔۔۔۔۔۔ اور میں اس کی کوئی بات ٹال نہیں سکتی۔۔۔ اور یہیں اس نے اپ کو دیکھا تھا۔۔۔۔۔ آپ اکثر اپنی بالکنی میں شام کے وقت کھڑے نظر آتے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور یہی وقت ہوتا تھا ہماری چہل قدمی کا بھی ۔۔۔۔۔۔ بہر حال آپ دونوں کے درمیان دوستی کا ہونا اور آخر میں یہ دوستی کا محبت یں بدل جانا مجھ سے چھپا ہوا نہیں تھا۔۔۔۔۔ میں ہی تو حوریہ بی بی کی رازدار تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔ ہم سب قبیلے والے جانتے ہیں کے وہ جن کی بیٹی ہو کر بھی جنات جیسی نہیں ہے۔۔۔۔ سردار یوسف اور عمر بھی اس کا ہاتھ کسی جن کے ہاتھ میں نہیں دینا چاہتے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور میاں صاحب نے بھی اس سے منع کیا تھا اور یہی کہا تھا کہ اس کی شادی کسی انسان سے ہی کی جائے تو بہتر ہے۔۔۔۔۔۔۔۔ میاں صاحب تو اپنے نواسے سے حوریہ کا نکاح کرنا چاہ رہے تھے مگر حوریہ کو آپ پسند آ گئے اور سب کو ان کی خوشی مقدم تھی۔۔۔۔ اس لئے ہم سب اس رشتے سے پیچھے ہٹ گئے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مگر حوریہ بی بی کی ایک ہی ضد تھی کہ آپ کو تمام حقائق سے آگاہ کر دیا جائے اور اگر آپ تمام حقیقت جاننے کے باوجود بھی ان کا ساتھ قبول کرتے ہیں تو وہ کراچی میں آپ سے شادی کے بعد رک جائینگی ورنہ میاں صاحب نے جو ان کے لئے اپنے نواسے کا رشتہ دیا تھا تو مکہ مکرمہ جا کر ان سے نکاح پڑھوا دیا جائے گا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ تھوڑی دیر کو خاموش ہوئی تھیں اور ان کو دیکھنے لگیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اب فیصلہ آپ کے ہاتھ میں ہے صاحب ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جو بھی آپ کا فیصلہ ہوگا ہم سب کو قبول ہوگا ۔۔۔۔ چاہیں تو اس معصوم کا ہاتھ تھام لیں چاہیں تو انکار کر دیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ لیکن اتنا میں بتا دوں صاحب وہ آپ سے محبت کرتی ہیں ۔۔۔اور میں گواہ ہوں اس بات کی ۔۔۔۔۔ میں نے انہیں راتوں میں روتے ہوئے دیکھا ہے ۔۔۔۔۔۔ تہجد کے بعد رب کے آگے ہاتھ پھیلائے دیکھا ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ یہ کہہ کر خاموش ہو گئیں تھیں اور وہ چپ چاپ سر جھکائے نہ جانے کیا سوچ رہے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

میں حوریہ سے ملنا چاہتا ہوں ابھی اور اسی وقت ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

انہوں نے سر اٹھا ان خاتون سے کہا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

×××××××××××××××××××××

سمندر کے کنارے وہ ساکت کھڑی تھی ۔۔۔۔۔۔ سنہری دھوپ اس کے سنہرے روپ کو کچھ اور سنہرا کردیا تھا ۔۔کالی چمکدار آنکھیں ناجانے کس چیز پر مرکوز تھیں
۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اس کڑی دوپہر میں وہ واحد وجود تھا سمندر کے کنارے
۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پرشور لہریں اس کے حسین قدموں سے ٹکرا کر سمندر میں گم ہوجاتیں
۔۔۔۔۔۔ آنکھوں میں آنسو اور ایک عجیب سی یاسیت بھری تھی ۔۔۔۔۔ وہ کچھ پل دور سے اسے دیکھتے رہے پھر اس کی اور قدم بڑھادئے ۔۔ایک عجیب سا سلسلا سی سے تعلق تھا دونوں کے درمیان ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جو حقیقت جان کر بھی محبت اپنی جگہ قائم تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

! حوریہ

ان کی پکار پر ساکت کھڑی حوریہ کے دل کی دھڑکن تیز ہو گئی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ پلٹ کر دیکھنا چاہتی تھی مگر
قدم جم سے گئے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مگر اس کا رو واں رو واں ہمتن گوش ہوگیا تھا
۔۔۔۔۔۔ اس ایک اواز پر ایک پکار پر ۔۔۔ آنکھوں سے سیل رواں جاری تھا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

حوریہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

انہوں نے پھر اسے آواز دی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کتنی تڑپ تھی ان کی پکار میں

۔۔۔۔۔۔۔

پر وہ یونہی کھڑی رہی ۔۔۔۔۔۔۔ جیسے اگر پلٹی تو پتھر کی بن جائے گی

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ اب آہستہ چلتے ہوئے اس کے قریب آ کر کھڑے ہو گئے تھے

۔۔۔۔۔

کیا ناراض ہو مجھ سے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

نہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

پھر میرے پکارنے پر تم نے پلٹ کر بھی نہیں دیکھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

مجھے آپ کا آنا اپنا وہم لگا ۔۔۔۔۔۔۔۔ نا جانے کیوں ایسا لگتا ہے کے میں سراب کے پیچھے بھاگ رہی ہوں ۔۔۔ اور میرے ہاتھ میں کچھ بھی نہیں آئے گا ۔۔۔۔۔۔۔۔

ایسا کیوں سوچ رہی ہو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میں سیراب نہیں ہوں حوریہ تمہارے لئے
۔۔۔۔۔۔۔۔ اور نہ ہی میری محبت جھوٹی ہے ۔۔۔۔۔ بے شک تمہاری حقیقت جان کر
میرے قدم ڈگمگائے ضرور تھے مگر محبت کم نہیں ہوئی ۔۔۔۔۔ اس ایک مہینے میں کئی بار
دل تڑپا تھا تمہیں دیکھنے کے لئے ملنے کے لئے ۔۔۔۔۔ مگر میں کوئی فیصلہ نہیں کر پا رہا تھا
لیکن میں شکر گزار ہوں ان خاتون کا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جنہوں نے میری مشکل حل کر دی
۔۔۔

کون ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟؟؟؟؟؟؟

کیا بے بے آئیں تھیں آپ کے پاس ؟؟؟؟؟؟؟؟؟؟

وہ ان کی طرف ایک دم پلٹی تھی حیرت سے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تو وہ مسکرا اٹھے ۔۔۔۔۔۔۔۔
اچھا تو تم انہیں بے بے کہتی ہو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ چلو آج سے میں انہیں بے بے ہی
کہونگا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور ویسے اگر وہ نہ آتیں اور تمہاری والدہ اور والد کی life
story نہ سناتیں تو آج میں یہاں نہ ہوتا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میں تو تمہاری بے بے کا
شکر گزار ہوں کے انہوں نے کھل کر تمہارے بارے میں مجھے سب کچھ بتا دیا

---------------

وہ اس کی آنکھوں میں جھانکتے ہوئے بولے تو حوریہ نظریں چرا گئی اور سر جھکا لیا

-------

حوریہ میں تم سے کچھ پوچھنا چاہتا ہوں --------- کیا تم آج اسی وقت مجھ سے شادی کرو گی ------ ؟؟؟؟؟؟؟؟؟

جھکا سر ایک دم اٹھایا تھا اسنے --------- حیرت اور خوشی اس کے انگ انگ سے پھوٹنے لگی تھی ---------- اور حسین آنکھوں میں یاسیت کی جگہ آس کے دیپ جل اٹھے تھے ----------------

××××××××××××××

ان کی شادی بڑی سادگی سے انجام پائی تھی ---------- سردار یوسف عمر اور اپنے دیگر بیٹوں بیٹیوں کے ساتھ شریک ہوئے تھے ------ میاں صاحب نے نکاح پڑھایا تھا ------- شاہ جی اور ان کا نوکر عباس ان کی طرف سے شریک ہوئے تھے -------- شاہ جی رازدار تھے ان کے انہیں حوریہ کی حقیقت پتا تھی مگر عباس بیچارہ

حقیقت سے لاعلم تھا۔۔۔
مریم بھی اپنے بچوں اور شوہر کے ساتھ شریک ہوئی تھیں ۔۔۔۔۔۔ اور بار بار خوشی سے بیٹی کو لپٹا رہی تھیں اور نظر کی دعا پڑھ پڑھ کر دم کر رہی تھیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔
اور بے بے تو سائے کی طرح اس کے ساتھ تھیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ایک پل بھی اسے اکیلا نہیں چھوڑا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور وہ اسے تو یقین ہی نہیں آ رہا تھا کہ اس کی شادی جمال شاہ سے بخیریت انجام پا گئی ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔
میری بیٹی بہت معصوم ہے جمال ۔۔۔۔۔۔۔۔ اس کا خیال رکھنا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اگر کبھی کوئی بھول چوک ہو جائے تو معاف کر دینا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔
عمر جو انسانی روپ میں اپنی بیٹی کی شادی میں شریک ہوئے تھے نے ان کا ہاتھ محبت سے تھام کر کہا تھا۔۔
دور کھڑی مریم کی آنکھوں میں بھی آنسو آ گئے تھے ۔۔۔۔۔۔۔
آپ فکر مت کیجئے انشاء اللہ حوریہ کو کبھی تکلیف نہیں ہو گی ۔۔۔۔۔۔
اللہ تم دونوں کی جوڑی سلامت رکھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور اپنی امان میں رکھے ۔۔۔۔۔۔۔۔ آمین ۔۔

آمین ۔۔۔۔۔۔۔

پاس کھڑے یوسف اور دیگر ان بیٹوں نے بھی جمال اور عمر کے ساتھ آمین کہا تھا

۔۔۔۔۔۔۔۔

××××××××××××

وقت کا کام ہے تیز دوڑنا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جو اس کا ساتھ دیتے ہیں وہ کامیاب رہتے ہیں اور جو وقت کی اہمیت کو نہیں سمجھ پاتے وہ ہمیشہ گھاٹے میں ہی رہتے ہیں

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ دونوں ایک دوسرے کو پا کر بڑے خوش تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور یونہی دو سال کا عرصہ بیت گیا ۔۔۔۔۔ تیسرے سال کی شروع میں ہی حوریہ امید سے ہو گئی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور پھر ۳۰ نومبر کو ان کے یہاں گھر پر ہی ایک خوبصورت بچی پیدا ہوئی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جس کا نام فاطمہ رکھا گیا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ان دو سالوں میں عباس کو بھی اندازہ ہو گیا تھا ۔۔ کہ حوریہ کوئی معمولی میم صاحب نہیں ہے

۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ایک دن جمال گھر پر نہیں تھے کہ کچھ ڈاکو ان کے گھر گھس آئے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔ اور عباس اور حوریہ پر بندوقیں تان لیں تھیں ۔۔۔۔۔۔۔ تب جس طرح حوریہ نے اپنا اور عباس کا دفع کیا تھا ۔۔۔۔۔۔۔ وہ ڈاکوؤں کے ساتھ اسے بھی حیران کر گیا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اس اکیلی دھان پان سی عورت نے ان چاروں ڈاکوؤں کو اکیلے قابو کر لیا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور جب ایک ڈاکو نے عباس پر گولی چلا کر بھاگنے کی کوشش کی تو وہ عباس اور اس ڈاکو کے درمیان آ گئی تھی ۔۔۔۔ گولی اس کے بازو میں لگی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔ جس سے وہ شدید زخمی بھی ہو گئی تھی مگر اس زخمی حالت میں بھی اس نے اس ڈاکو کو پکڑ کر دیوار پر دے مارا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ اپنی میم صاحب کا احسان مند تھا ۔۔۔ اگر وہ بیچ میں نہ آتی تو گولی عباس کے سر میں لگ تی ۔۔۔ اور اس سے اس کی موت یقینی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔ جمال کو خبر ہونے سے پہلے پولیس پہنچ گئی تھی ۔۔۔۔۔ اور بے ہوش ڈاکوؤں کو گرفتار کر کے لے گئی ۔۔۔۔۔ اور حوریہ کو کلفٹن کے قریب ہی ایک ہسپتال لے جایا گیا ۔۔۔۔۔۔۔۔ جمال بھی سیدھا وہاں پہنچگئے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔ ایمرجنسی کیس تھا ۔۔۔۔۔ ڈائیریکٹ آپریشن تھیٹر پہنچا دیا گیا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مگر حوریہ نے انستھیسیا لینے سے انکار کر دیا ۔۔۔۔۔۔

دیکھئے آپ کے ہاتھ کی کنڈیشن ایسی نہیں ہے کہ ہم بغیر کسی ڈرگس کے آپریٹ کر سکیں ۔۔۔۔۔۔۔۔ یا تو انستھیسیا دینی پڑے گی یا پھر ہاتھ کو سن کرکے بغیر

نے ہاتھ کے ٹشوز کو کافی ڈیمیج bullet بے ہش کئے گولی نکالنی پڑگی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔
کیا ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔
آپ ویسے ہی آپریٹ کریں ۔۔۔مجھے کسی انستھیشیا کی ضرورت ہے اور نہ ہی سن کرنے والی کسی ڈرگس کی ۔۔۔

اور پھر حوریہ کا کسی بھی طرح کی سن کرنے والی ادویات اور انستھیسیا کے بغیر ہاتھ کا اپریشن ہوا تھا ۔۔۔ اور ڈاکٹرز حیران تھے اس کی قوت.برداشت پر ۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ ذرا بھی چیخی نہیں تھی اور نہ ہی کسی تکلیف کا اظہار کیا تھا ۔۔۔ بس سورہ فاتحہ کی تلاوت کرتی رہی یا پھر درود پڑھتی رہی ۔۔۔۔۔

××××××××××

دوسال کا عرصہ بیت چکا تھا فاطمہ ڈھائی سال کی ہوچکی تھی ۔۔۔۔۔۔ حوریہ اور جمال شاہ اپنے نئے محل نما بنگلے میں شفٹ ہوچکے تھے ۔۔۔۔۔۔۔ اس واقع کے بعد جمال شاہ کی خواہش پر بے بے ان کے ساتھ رہنے لگیں تھیں ۔۔۔۔۔۔۔ اب عباس بھی کسی حد تک بہت کچھ جان چکا تھا اس لئے بے بے سے خوفزدہ ہونے کی بجائے ان سے قرآن ترجمے کے ساتھ پڑھنے لگا تھا ۔۔۔۔۔۔ جمال شاہ عموماً اپنی بیوی کو

کبھی بزنس پارٹیز میں نہیں لے جاتے تھے ۔۔۔۔۔۔۔ مگر ایک دعوت نامہ ایسا آیا کہ وہ انکار نہ کر سکے ۔۔۔۔۔۔۔۔ اور اپنے ساتھ حوریہ کو چلنے کو کہا ۔۔۔۔۔۔ یہ پارٹی آصف حاجی کی طرف سے تھی جو بظاہر ایک نیک اور محنتی بزنس مین کے طور پر جانے جاتے تھے ۔۔۔۔۔ جو جمال کے مشہور ہوٹل میں ہو رہی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور وہیں اس بدبخت کی منحوس نظر حوریہ پر پڑی تھی ۔۔۔ جس کی وجہ سے حوریہ اور جمال شاہ کی زندگی میں طوفان نے سر اٹھایا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔ اور سب کچھ تہس نہس ہو گیا تھا ۔۔۔۔۔۔ محبت نفرت میں بدل گئی تھی ۔۔۔۔ اعتماد کی جگہ شک کا ناگ کنڈلی مار کر بیٹھ گیا تھا ۔۔۔ اور حوریہ بیچاری زندہ درگور کر دی گئی ۔۔۔۔۔۔

××××××××××××

باقی آئندہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

# مشکل راستے قسط ۳۴

وہ خوش تھی بہت خوش ۔۔۔۔۔ اللہ نے اس کی سب اولین خواہش کو پورا کر دیا تھا
جمال شاہ کی صورت میں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ جتنا اللہ کا شکر ادا کرتی کم تھا
۔۔۔۔۔۔۔ ایک پیارا تحفہ بھی ان دونوں کو بیٹی کی شکل میں عطا کر دیا تھا
۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ لیکن نہ جانے کیوں ایک خوف بھی کہیں دل میں چھپا بیٹھا تھا کے یہ
سب کہیں چھن نہ جائے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور جب جب یہ خیال اسے آتا تو وہ پریشان
ہو جاتی ۔۔۔۔ اور رو رو کر رب سے دعائیں مانگا کرتی ۔۔۔۔۔۔ بہر حال زندگی بہت
خوبصورت انداز میں آگے کی جانب بڑھ رہی تھی ۔۔
وہ بھی عام دنوں جیسا ہی ایک دن تھا ۔۔۔ جب فون کی بیل بجی تھی ۔۔۔۔۔ وہ جو کچن
میں عباس کے ساتھ رات کے کھانے کی تیاری کر رہی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پاس پڑا
کاڈلیس اٹھالیا تھا ۔۔۔۔۔

ہیلو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اسلام علیکم ۔۔۔۔۔۔

وعلیکم اسلام ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کیا ہو رہا ہے خاتون ۔۔۔۔۔۔۔۔

کچھ نہیں جناب بس آپ کی پسند کی ڈش بنا رہی ہوں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ہمممم ۔۔۔۔۔۔۔۔۔بریانی ؟؟

جی نہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔ چائینیز ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اوکے ڈیئر وائیف ۔۔۔۔۔ بہت خوب ابھی سے منہ میں پانی آگیا ہے ۔۔۔۔۔۔ لیکن آپ اگر اسے کل بنالیں تو اچھا ہے ۔۔۔۔

کیوں ؟؟؟؟؟؟ ۔۔۔ اتنی محنت کی ہے میں نے ۔۔۔۔سب کچھ ریڈی ہے اور اپ کل کھانے کا بول رہے ہیں ۔۔۔۔۔۔

ارے میں کھانے سے انکار تھوڑی کر رہا ہوں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔آپ اسے کل دوپہر اور رات کے کھانے کے وقت نکال لیجیے گا گا ۔۔۔۔۔آئی پرومس پورا دن یہی کھا کر گزارا کرونگا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مگر خاتون آج آپ اور میں کہیں انوائیٹڈ ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سو ریڈی رہیۓ گا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

×××××××××××

حوریہ نے اپنے محبوب شوہر کے ساتھ جیسے ہی اس بڑے سے ہوٹل کے خوبصورت ہال نما بال روم کی انٹرنس پر قدم ہی رکھا تھا کہ اس رنگ و نور میں ڈوبی محفل کی چکا چوند سے گھبرا گئی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ کہاں ان چیزوں کی عادی تھی ۔۔۔۔ سفید لباس پر سلور زری اور گولڈن گوٹے سے خوبصورت ڈزائن بنا ہوا تھا ۔۔۔۔۔۔ اور سنہری روپ اس لباس میں دمک رہا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔ ایک سے بڑھ کر ایک حسین الٹرا ماڈرن لڑکیاں وہاں موجود تھیں ۔۔۔۔۔۔۔۔ مگر اس کے محفل میں آنے پر ان سب کا حسن ماند پڑ گیا تھا ۔۔۔۔۔ وہ تو جنت کی حور لگ رہی تھی ۔۔۔۔۔ معصوم اور سادگی میں بھی ایک ادا تھی ۔۔۔۔ سب کی نظریں اس پر جم سی گئیں تھیں ۔۔۔۔۔ مگر وہ اپنے حسن سے بے نیاز ۔۔۔ اس محفل کی بے باک خواتین و حضرات کی حرکتوں سے پریشان ہو گئی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ساتھ جمال شاہ تھے جو خود بھی ان محفلوں سے دور رہتے تھے ۔۔۔۔ مگر آصف حاجی چند مہینوں میں ہی بہت قریب دوستوں میں شمار ہونے لگے تھے ۔۔۔۔۔ اور وہ ان کو انکار نہیں کر پائے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور پہلی دفعہ حوریہ کو بھی ساتھ لے آئے تھے اپنے ۔۔۔۔۔۔

اسلام علیکم آصف ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وعلیکم اسلام ۔۔۔۔۔۔۔ ویل میں تو مایوس ہو چکا تھا کے تم آؤ گے ۔۔۔۔۔۔۔

پشت کئے کھڑے کچھ دوستوں سے باتیں کرتے آصف حاجی انکی طرف پلٹے تھے
۔۔۔۔۔۔۔۔ اور بہت گرم جوشی سے انسے ہاتھ ملاتے ہوئے بولے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔
پیچھے کھڑی حوریہ پر نظر پڑی تو ٹھٹک سی گئی تھی نظر ۔۔۔۔۔۔
غالباً یہ آپ کی مسز ہیں ۔۔۔۔۔۔۔
جی ہاں ۔۔۔
اسلام علیکم بھابی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔
وعلیکم اسلام ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

بڑی خوشی ہوئی آپ کو یہاں دیکھ کر۔۔۔۔

سمینہ پلیز ادھر آیئے۔۔۔۔۔

ذرا فاصلے پر کھڑی ایک الٹرا ماڈرن عورت کو پکارا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔ جو کچھ خواتین اور حضرات کے ساتھ کھڑی کسی بات پر زور زور سے ہنس رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔ سلیو لیس میرون چھوٹا سا بلاؤز جو آگے اور پیچھے سے کافی ڈیپ تھا۔۔۔ اور کمر سے بھی نیچے کالی ساڑھی جس کا بوڈر میرون تھا۔۔۔۔۔۔۔ سفید رنگت۔۔۔۔۔۔۔۔۔ خوبصورت نقش و نگار اوپر سے بے باک ادائیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ حوریہ کو وہ کافی عجیب اور نیم عریاں سی لگی۔۔۔۔۔۔۔۔ حاجی آصف کے پکارنے پر وہ ایک ادا سے اٹھلاتی ہوئی انکے قریب آ کر کھڑی ہو گئی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ہیلو جمال ہاؤ آر یو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اینڈ ہو از دس پرٹی لیڈی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ بے باک انداز میں جمال کے کاندھے پر ہاتھ رکھ کر بولی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پھر حوریہ پر نظر پڑی تو بے ساختہ انگلی اٹھا کر تعریف کی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔ اب وہ سر سے پیر تک حوریہ کو دیکھ رہی تھی حیرت سے۔۔۔۔۔۔۔۔

سمینہ یہ جمال کی وائیف ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ حوریہ ۔۔۔ اور حوریہ بھابی یہ میری
وائیف ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔
اسلام ُ علیکم ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔
وعلیکم اسلام ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ بھئی ماننا پڑیگا جمال یور وائیف اس سو انوسنٹ
۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور واقعی جنت کی حور ہیں ۔۔۔ جس نے بھی نام رکھا ہے بالکل
ٹھیک رکھا ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔
حوریہ کے سلام کرنے پر اسے جواب دیتے ہوئے جمال سے بولی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔
حوریہ کے حسن بے مثال نے اسے حیرت میں ڈال دیا تھا ۔۔۔۔
شکریہ سمینہ بھابی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ لیکن مجھے ان کے حسن سے زیادہ ان کی سیرت نے
اسیر کیا ہے ۔۔۔۔۔۔
جمال کے کہنے پر سمینہ ایک دم شرمندہ ہو گئ تھی ۔۔۔۔ واقعی اس محفل میں سوائے
حوریہ کے تمام خواتین
نیم عریاں لباس پہنے ہوئے تھیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ایسی بزنس پارٹیز میں شرفہ

اپنی بیگمات کو ٹرم کارڈ کی طرح استعمال کرتے ہیں ۔۔۔۔ تاکے مزید اپنی دولت کو بڑھا سکیں ۔۔۔۔۔۔ بہر حال حوریہ کو یہ محفل اور اس کے شرکاء قطعی پسند نہیں آئے تھے ۔۔۔۔ جمال بھی اب پچھتا رہے تھے حوریہ کو یہاں لانے پر ۔۔۔ وہ خود بھی ان پارٹیز میں جانے سے کتراتے تھے ۔۔۔ لیکن آصف حاجی کے اسرار پر شرکت کی تھی انہوں نے ۔۔۔۔ ہر مرد اور عورت کی نظریں اپنی بیوی پر گڑی دیکھ کر انہیں غصہ بھی آرہا تھا ۔۔
اور وہ حوریہ سے شرمندہ بھی تھے ۔۔۔
آؤ حوریہ میں تمہیں اپنے دوستوں سے ملاؤں ۔۔۔۔۔۔۔

سمینہ نے بے تکلفی سے حوریہ کا ہاتھ پکڑا تو حوریہ گھبرا گئی ۔۔۔اور مدد طلب نظروں سے جمال کو دیکھنے لگی ۔۔۔۔
آصف اور سمینہ بھابی اب ہمیں اجازت دیجئے ۔۔۔ میرا ایک جگری دوست اپنی مدر کے ساتھ آیا ہوا ہے ۔۔۔۔ ان سے ملنے جانا ہے ۔۔۔۔۔
ارے ابھی آئے اور ابھی سے چلدئے ۔۔

نہیں یار۔۔۔ رک جاتا مگر شاہ کی والدہ کی بات ٹال نہیں سکتا۔۔۔وہ میری والدہ کی طرح ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔ صبح ہی ان کا فون آیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ان کی بات سن کر آصف حاجی کچھ نہ بولے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور حوریہ نے یہ سن کر سکھ کا سانس لیا تھا۔۔۔۔

آصف حاجی سے ہاتھ ملا کر اور سمینہ کو خدا حافظ کہہ کر وہ اور حوریہ بال روم سے نکل گئے تھے۔۔۔۔۔

لیکن ان کے باہر نکلنے تک آصف حاجی کی نظروں نے حوریہ کا پیچھا کیا تھا
۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور پاس کھڑی سمینہ اپنے شوہر کو نفرت سے گھور رہی تھی
۔۔۔۔۔۔۔

***************

یہ کیسی محفل میں لے گئے تھے آپ مجھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ دونوں جب گاڑی میں بیٹھ رہے تھے تب حوریہ سے رہا نہ گیا تو خفا خفا سے لہجے میں پوچھا تھا ان سے۔۔۔۔

غلطی ہو گئی یار۔۔۔ تمہیں ان سو کالڈ شرفاء کی محفل میں لے گیا۔۔۔۔ میں تو سمجھا تھا آصف کافی ڈیسنٹ بندہ ہے۔۔۔ اس کی پارٹی تھوڑی ہٹ کر ہو گی مگر چلو خیر وہاں سے اماں کا بہانہ بنا کر نکل تو آئے ہیں نا۔۔۔

آپ نے جھوٹ بولا ہے میں جھوٹ نہیں بولتی۔۔۔۔

مگر دیکھو تو اس جھوٹ سے فائدہ تمہیں زیادہ ہوا ہے۔۔۔ ورنہ ثمینہ بھابی تمہیں اپنے جیسے دوستوں میں لے جا کر بٹھا دیتیں۔۔۔۔۔۔

اور آپ چپ چاپ دیکھتے رہتے یہ سب کچھ۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ بولی تو انھوں نے اسے بڑے پیار سے دیکھا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

نہیں ۔۔۔ میں ایسا کبھی ہونے نہیں دیتا ۔۔۔ تمہارا ہاتھ پکڑ کر محفل سے ہی چلا جاتا
۔۔۔۔۔۔۔۔۔

حوریہ نے ان کی بات سن کر مسکرا کر انہیں دیکھا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

××××××××××××××

وہ اپنے گھر کے بڑے سے ہال نما کمرے میں ٹہل رہے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تب ہی
سمینہ داخل ہوئی تھی کمرے میں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور انہیں یوں بے چین ٹہلتا ہوا دیکھ کر
طنزیہ انداس میں مسکرائی تھی ۔۔۔۔۔۔

یہ اس طرح کمرے کے چکر کیوں کاٹ رہے ہو ۔۔۔۔۔۔ خیریت ہے ناں ۔۔۔۔۔
پارٹی سے جب سے واپس آئے ہو تمہاری بے چینی بڑھتی جا رہی ہے ۔۔۔۔ اوہ ! مجھے
یوں کہنا چاہئے جب سے جمال اپنی حسین بیوی کے ساتھ
گئے تب سے ہی تمہاری حالت خارشی کتے کی طرح ہو گئی ہے ۔۔۔۔۔۔

بدذات عورت ۔۔۔تو جب بھی منہ کھولتی ہے غلط ہی بولتی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔ گندی نجس زبان کو گدی سے ہی پکڑ کر کسی دن کاٹ ڈالو نگا۔۔۔ سمجھی تو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

یہ نجاست اور غلیظ زبان تمہاری ہی تو دین ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تمہارے ساتھ نے مجھے یہ گندی بدبودار زندگی کا تحفہ دیا ہے۔۔۔۔۔۔ یو ڈرٹی سکاؤنڈرل ۔۔۔۔ اگر لوگ تمہاری شرافت کے پردے میں چھپے غلط اور مکروہ چہرے کو دیکھ لیں تو تم پر تھوکنا بھی پسند نہ کریں۔۔۔۔

اس کی بات سن کر آصف حاجی مغلظات بکتا ہوا اس کی جانب تیزی سے بڑھا تھا۔۔۔۔۔ سمینہ بات تو کہہ گئی تھی مگر اب اس کو غصے سے اپنی جانب بڑھتا دیکھ کر گھبرا کر کمرے سے باہر نکلنے کی کوشش کی تھی۔۔۔۔ مگر اس سے پہلے ہی وہ اس تک پہنچ گیا تھا ۔۔۔۔ اور بالوں سے پکڑ کر اس کے جسم پر گھونسوں اور لاتوں سے بے دردی سے مارنے لگا۔۔۔ اور جب مار مار کر تھک گیا تب اس کے وجود کو اک طرف پھینکتے ہوئے باہر نکل گیا۔۔۔۔۔۔۔۔ اور وہ اپنے نیلو نیل جسم

کے ساتھ چپ چاپ آنسو بہاتی وہیں پڑی اپنی قسمت کو کوس رہی تھی ۔۔۔۔

××××××××××××××××

تجھے یقین ہے حاجی وہ وہی ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ابھیمنیو ۔۔۔۔۔۔ میں تیرا سیوک ہوں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تیرے منتر جنتر سے ہی اس مقام تک پہنچا ہوں ۔۔۔ وہ کوئی عام عورت نہیں ہے اور جیسا تم نے مجھے پہلے بتایا تھا اس کے بارے میں ۔۔ اس کو دیکھ کر میں پہچان گیا کہ وہ وہی ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔

تو نے تو دل خوش کر دیا ہے حاجی ۔۔۔ نام کا تو حاجی ہے پر شیطان کا پوجاری ہے ۔۔۔۔ دیکھ تجھے اس غربت سے کس طرح آقا نے نجات دلا دی اور آج تیرا نام بڑے رئیسوں میں ہوتا ہے ۔۔۔

آصف حاجی ابھیمنیو کی بات سن کر سر ہلانے لگا تھا۔۔۔اور ابھیمنیو کے چہرے پر
شیطانی مسکراہٹ رقصاں
تھی۔۔۔۔
××××××××××××××××××
باقی آئندہ۔۔۔۔

# مشکل راستے ۳۵

حوریہ۔

جی۔

بھئی پیکنگ کرلو ہم کل کی فلائیٹ سے امیریکہ جارہے ہیں۔۔۔۔

امریکہ ! مگر کیوں؟

بھئی وہاں ایک پروجیکٹ لانچ کرنے کاارادہ ہے اور اکیلے میں جانا چاہتا نہیں۔۔

مگر۔۔۔۔ بے بے۔۔

اگر تم کہو تو بے بے کو بھی ساتھ لے کرچلتے ہیں۔

بے بے نہیں جائینگیں جمال ہمارے قبیلے کا کوئی جن یا جنی مغربی ممالک

کا سفر نہیں کر سکتا۔۔۔

اوہ اس کا مطلب ہے۔۔۔۔ تم نہیں جاؤ گی میرے ساتھ۔

میں نے یہ کب کہا کہ میں آپ کے ساتھ نہیں جاؤنگی ہاں البتہ فاطمہ کو بے بے کے پاس چھوڑ کر جانا پڑے گا۔۔۔۔ آپ جانتے ہیں اس کی وجہ کیا ہے۔

ہممم۔۔۔۔ ٹھیک ہے میں سمجھتا ہوں۔۔۔۔ اچھا پھر آپ پیکنگ کریں ہماری دو دن بعد فلائیٹ ہے۔۔۔

جی اچھا۔۔۔

گھر میں عباس کے علاوہ دو نوکر اور تھے۔۔۔۔ مگر وہ ان کا ہر کام خود اپنے ہاتھوں سے کرنے لگے تھے۔۔۔۔ اور وہ بھی اس پر depend کرتی تھی۔۔

×××××××××××××××

فاطمہ بیبی آپ منع کیوں نہیں کرتیں پاکستان تک تو بات ٹھیک تھی مگر

باہر وہ بھی سات سمندر پار جانا آپ کے لئے بالکل ٹھیک نہیں۔

بے بے نے سنا تو پریشان ہو گئیں۔۔۔۔۔ اور اسے سمجھانے لگیں۔۔۔

کیسے منع کروں بے بے۔۔ اور پھر دو مہینوں کی تو بات ہے زیادہ مہینے گزارنے پڑھتے تو مجبوری بتا دیتی

وہ ان کی بات سن کر بولی تھی

اچھا تو کیا فاطمہ کو بھی ساتھ لیجائینگی آپ۔۔

نہیں بے بے۔ میں عمر کے اس حصے میں ہوں جہاں اپنی اصلیت چھپا سکتی ہوں۔۔۔۔ مگر فاطمہ ابھی صرف ڈھائی سال کی ہے۔ اور بچے معصوم ہوتے ہیں انہیں نہیں پتہ ہوتا کہ کیا کرنا چاہئے اور کیا نہیں۔۔

ٹھیک ہے بیٹا جیسے تمہاری مرضی۔ مگر اپنا خیال رکھنا۔۔۔۔ دنیا بڑی ظالم ہے۔۔۔۔ ظاہر میں کچھ اور اندر سے کچھ اور ہوتے ہیں اور آپ نے صرف مکہ، مدینہ اور کراچی کے علاوہ دیکھا ہی کیا ہے۔۔۔۔

وہ اسے پیار سے سمجھا رہیں تھیں ابھی سے ہول اٹھنے لگے تھے انہیں اور کمرے کے قریب سے گزرتے جمال نے بھی ان کی بات سنی تھی

××××××××××××××

شکاگو ائرپورٹ سے باہر نکلتے ہی آصف حاجی اور ان کی بیگم پر نظر پڑی تھی حوریہ کی پتہ نہیں کیوں اس کا موڈ آف ہوگیا تھا۔۔۔۔آصف حاجی تو اسے ایک ڈیسنٹ آدمی لگے تھے ۔۔مگر ان کی بیگم اس پارٹی کی طرح آج بھی عجیب بیہودہ لباس میں ملبوس تھیں lemmon color کی سلیولیس شرٹ اور ٹخنوں سے اوپر تک تنگ وائیٹ ٹراؤزر پہنے ہوئے تھی۔

ہائے سوئیٹ گرل ہاؤ آر یو۔۔۔۔

کہتے ہوئے بڑے گرمجوشی سے اسے گلے لگایا تھا۔۔۔

اسلام وعلیکم ! میں ٹھیک ہوں آپ کیسی ہیں۔۔۔۔

وہ سمینہ سے اتنا ہی کہہ پائی تھی ۔۔۔

وعلیکم اسلام خدا کا شکر ہے حوریہ مجھے تمہیں یہاں دیکھ کر بڑی خوشی ہو رہی ہے ۔۔

چلو یہ دو مہینے کافی اچھے گزرینگے ۔۔۔

سمینہ بڑی محبت سے اس سے بولی تھی حوریہ نے صرف مسکرانے پر اکتفا کیا تھا ۔۔۔۔

جتنی گرم جوشی سے سمینہ اس سے ملی تھی ۔۔۔ اتنا ہی ریزرو انداز تھا حوریہ کا ۔۔۔۔

حوریہ کو تو اس سے بات کرتے ہوئے کوفت ہو رہی تھی ۔۔۔۔

××××××××××××

جمال حیران تھے اس کے رویئے پر بہت ہی روکھا پیکھا رویئہ تھا اس کا سمینہ کے ساتھ ۔۔۔ سمینہ جتنی محبت اور خلوص سے اس سے ملتی تھی اتنا ہی حوریہ اس کے ساتھ سرد رویئہ اختیار کئے رکھتی ۔۔۔۔ اسکے اچھے اخلاق اور کردار کی بدولت جمال کے سارے ملازمین اور ان دوست احباب اسکی دلسے عزت کرتے تھے ۔۔

مگر یہاں معاملہ ہی الٹ ہوگیا تھا۔۔ وہ آصف حاجی کے ساتھ بڑے اچھے انداز سے پیش آتی تھی مگر جب سمینہ سے بات کر رہی ہوتی تب لہجہ سرد ہوتا تھا۔۔۔ بارہا وہ سمجھا چکے تھے اسے ۔۔۔۔ مگر پتا نہیں کیوں وہ اپنے رویئے کو غلط مانتے ہوئے بھی اسے بدلنے سے قاصر تھی ۔۔۔۔ سمینہ کوئی بری عورت نہیں تھی ۔۔۔۔ جمال کو لوگوں کی پرکھ تھی وہ جانتے تھے اور ایک مرتبہ تجربہ بھیہوچکا تھا انہیں ۔۔۔۔ جب ایک صاحب حثیت شخصیت نے سمینہ کے ساتھ غلط مراسم قائم کرنا چاہے تب سمینہ نے نہ صرف ان صاحب کو آڑے ہاتھوں لیا تھا۔۔ اور خوب بے عزتی کی تھی ان صاحب کی ۔۔۔ تب سے ہی یار احباب اس سے حد درجہ فری ہونے سے اجتناب برتنے لگے تھے ۔۔۔۔

..........................

تم سمینہ کو غلط سمجھ رہی ہو حوریہ وہ ایک اچھی عورت ہے ۔۔۔۔

مجھے نہیں معلوم وہ اچھی عورت ہے یا نہیں مگر جس طرح کے وہ لباس پہنتی ہیں وہ مجھے ہضم نہیں ہوتے ۔۔

آپ کے سرکل میں کسی بھی خاتون کو میں نے ایسی واہیات ڈریسنگ میں کبھی نہیں دیکھا ۔۔۔۔

ہم ۔۔۔۔ مگر کسی کو اس کے لباس سے نہیں عادات سے پہچانا جاتا ہے ۔۔۔۔ اور سمینہ بہت اچھی عورت ہے تم اس سے دوستی کر کے تو دیکھو ۔۔۔۔

یہ آپ کا نقطہ نظر ہے میرا نہیں ۔۔۔۔ لباس انسان کی سوچ کی عکاسی کرتا ہے ۔۔۔۔ اور سمینہ جس طرح کی واہیات ڈریسنگ کرتی ہیں وہ ایک نیک اور شریف عورت نہیں کر سکتی

میں تم سے بحث نہیں کرنا چاہتا حور یہ مگر مجھے اختلاف ہے تمہاری بات سے ۔۔۔ بہرحال وہ میرے دوست کی بیگم ہیں ۔۔۔۔ پلیز میری خاطر ان سے رویہ اچھا رکھنے کی کوشش کرو ۔۔۔۔

ٹھیک ہے جمال ۔۔۔۔ لیکن جب تک ہم یہاں ہیں تب تک کراچی جانے کے بعد آپ مجھے مجبور مت کرئے گا ۔۔

وہ ان کی بات سن کر بولی تو انہوں نے بھی وعدہ کر لیا تھا اس سے کہ وہ کراچی پہنچنے کے بعد اسے سمینہ سے ملنے کے لئے مجبور نہیں کرینگے

××××××××××××××××××××

یہ کیسے کپڑے پہنے ہیں تم نے ۔۔۔۔

سمینہ کپڑے چینج کر کے جیسے ہی باہر آئی تو اسے کرتا شلوار میں دیکھ کر آصف حاجی دھاڑا تھا ۔۔۔

ایک زمانے بعد میں نے ایسے کپڑے پہنے ہیں آصف ۔۔۔۔ آج میں یہی لباس پہننا چاہتی ہوں پلیز آج میں غلیظ حلیے میں جمال کے گھر نہیں جانا چاہتی

وہ ڈرے ڈرے لہجے میں بولی تھی اس سے ۔تو وہ خبیثانہ انداز میں مسکرایا تھا ۔۔۔۔

لیکن میں چاہتا ہوں تم پہلے سے زیادہ مختصر لباس میں حوریہ سے ملنے جاؤ ۔۔۔۔

مگر کیوں ۔۔۔۔ تمہیں شرم نہیں آتی اپنی بیوی کو غیر مردوں کے سامنے ایسے لباس میں لے جاتے ہوئے ۔۔۔۔ جمال کے سامنے تمہاراامپریشن بھی اس وجہ سے غلط پڑیگا۔۔۔۔ اس کی بیوی کو دیکھا ہے کتنی اوڑھی لپٹی رہتی ہے ۔۔۔اور تم ۔۔۔۔ میں تمہیں سمجھ نہیں پائی ۔۔۔آخر تم کس مٹی سے بنے ہو ۔۔۔ شرم نام کو نہیں ہے ۔۔۔ سب سمجھتے ہیں میں ولگر ہوں اسی لئے ایسے لباس پہنتی ہوں ۔۔۔

زیادہ بکواس کی ضرورت نہیں ہے سمجھی ۔۔۔۔ تم مجھے جانتی ہو ۔۔۔جو کہا ہے وہ کرو ورنہ ۔۔۔۔

منہ میں دبا سگریٹ ہاتھ میں پکڑے اس تک پہنچا تھا اور اس کا بازو پکڑ کر لونگ سلیوز کے اوپر ہی مسل دیا تھا

آآآآ

وہ چیخ کر رہ گئی تھی ۔۔۔۔ لونگ سلیوز میں سراخ بناتا ہوااس کے بازو کی کھال کو جلا ڈالا تھا۔۔۔۔ دو موٹے موٹے آنسو اس بے بس عورت کی آنکھوں سے ٹپکے تھے بے اواز اس نے اپنے رب کو پکارا تھا بعض دفعہ ایک آہ

ہی ظالم کی تباہی کا باعث بن جاتی ہے۔۔۔ اور اصف حاجی تو منکر اسلام بھی تھا ۔۔۔ شیطان کا پجاری ۔۔۔۔ اللہ کے غیض و غضب کو روز دعوت دینے والا ۔۔۔۔ ایک بھیانک انجام اس کا منتظر تھا جس سے لاعلم منافقت کا لبادہ اوڑھے وہ سادہ لو لوگوں کو دھوکہ دے رہا تھا۔۔۔

××××××××××××

جمال مجھے تم سے ایک بات کہنی ہے دوست ۔۔۔۔ پلیز مائینڈ مت کرنا۔۔

ارے بھائی کبھی مائنڈ کیا ہے تمہاری بات کا کہو کیا کہنا چاہتے ہو

وہ دونوں اس وقت فورڈ کمپنی کے اگزیکٹو سے میٹنگ کے بعد ایک ریسٹورنٹ میں بیٹھے کافی پی رہے تھے تب آصف حاجی نے بات چھیڑی تھی

یار میں نے بارہا نوٹ کیا ہے کہ حوریہ بھابی سمینہ کو پسند نہیں کرتیں ۔۔۔۔ ان کا روئیہ اس کے ساتھ بہت تلخ ہوتا ہے ۔۔۔۔ ایک عجیب سی نفرت میں نے ان کی آنکھوں میں اس کے لئے دیکھی ہے

یار میں حوریہ کے رویئے کی معافی چاہتا ہوں ۔۔۔۔ مگر وہ کسی سے نفرت نہیں کر سکتی ۔۔۔۔ اصل میں وہ ایک الگ ماحول میں پلی بڑھی ہے ۔۔۔ اور سمینہ بھابی کا پہناوا اس کے لئے نیا ہے ۔۔۔ آہستہ آہستہ سمجھ جائے گی ۔۔۔۔ اس لئے میں سوری کرتا ہوں اس کی طرف سے

ارے نہیں یار سوری کس بات کی ۔۔۔۔ سمینہ ایک اچھی عورت ہے ۔۔۔ مگر تھوڑی سی ازاد خیال عورت ہے ۔۔۔

میں نے بارہا اسے سمجھایا ہے لیکن وہ ہر بات مانتی ہے میری لیکن بس یہی بات پر ہمارا آرگیومنٹ چلتا رہتا ہے ۔

بچالے اسے ۔۔۔۔ اپنی بیوی کو بچالے وہ اسے مار دے گی ۔۔۔ مار دے گی ۔

ابھی وہ بات ہی کر رہے تھے کہ اچانک مجذوب ٹائپ کا آدمی ان کی ٹیبل پر آدھمکا تھا ۔۔۔ اور آصف کا ہاتھ پکڑ کر بولا تھا ۔۔۔۔ حلیے اور چہرے مہرے سے وہ دیسی ہی لگ رہا تھا اور بات بھی اس نے اردو میں ہی کی تھی ۔۔۔۔ کالا لبادہ اوڑھے ۔۔۔ خوب ساری مالائیں گلے میں ڈالے وہ آصف کا ہاتھ پکڑے بری طرح جھنجھوڑتے ہوئے اس سے ایک ہی بات کئے جارہا تھا جمال بھی بھوکلا گئے تھے

××××××××××××××

کون ہو تم ۔۔۔اور یہ کیا بکواس لگائی ہوئی ہے ۔۔۔۔

تو نہیں جانتا وہ عورت ثمینہ کو مار ڈالے گی ۔۔۔وہ ناگن سے بھی زیادہ زہریلی ہے

ثمینہ کا نام سن کر وہ دونوں چونکے تھے ۔

کیا مطلب کون مار ڈالے گی ثمینہ کو

وہ جو جن اور انسان کے ملاپ سے پیدا ہوئی ہے ۔۔۔ وہ دشمن ہے تیری بیوی کی ۔۔۔

اسے خون چاہیے ۔۔۔ وہ اسے حلاک کر دے گی ۔۔۔بچا لے اس کو

کیا مطلب ہے تمہارا ۔

اس دفعہ جمال غصے سے بولے تھے۔۔۔۔

وہ مجذوب ان کی طرف پلٹا تھا۔۔۔۔ اور انہیں غصے سے دیکھا تھا۔۔۔۔

تو جانتا ہے میں کس کی بات کر رہا ہوں۔۔۔۔ تو سب جانتا ہے وہ عورت نہ جن ہے

اور نہ ہی انسان پھر بھی اسے اپنی زندگی میں تو نے شامل کر لیا وہ ڈائن ہے ڈائن۔۔۔

اور اس بے چاری کی جان لے لے گی۔۔۔۔

جمال غصے سے اس کی طرف بڑھے تھے۔۔۔۔ اور اس کا گریبان پکڑا تھا۔۔۔

میں تمہاری جان لے لونگا اب اگر ایک اور لفظ منہ سے نکالا تو

لے لے جان۔۔۔ لے لے۔۔۔ میں تو سچ بولونگا۔۔۔۔ حق اللہ۔۔۔۔ حق

وہ چیخا اور نعرہ حق بلند کرتا ہوا ان کا ہاتھ پکڑ کر جھٹکا تھا۔۔۔انہیں کرنٹ سا لگا تھا

۔۔۔اس مخمنی کمزور سے مجزوب کا ہاتھ نہیں آہنی شکنجہ تھا۔۔۔۔ دہکتا ہوا انگارہ۔۔۔۔

اور وہ جھومتا ہوا اس ریسٹورنٹ سے باہر نکل گیا۔۔۔۔

اور وہ حیرت اور صدمے کی سی کیفیت میں وہیں کھڑے رہ گئے۔۔۔۔

××××××××××××

باقی آئندہ۔۔۔

# ہم اور ہماری ویب

لکھنا اور اچھا لکھنا آسان نہیں ۔۔۔ پھر جس موضوع پر تحریر ہو وہ پسندیدگی کی سند تک پہنچے ایک نئے لکھاری کو کم ہی ایسی خوشی ملتی ہے ۔۔۔۔۔ ہمارا لکھنے کا شوق بہت پرانا ہے سات سال کی عمر سے لکھنا شروع کر دیا تھا ۔۔ لیکن کبھی اپنی تحریروں کو شائع کرانا تو دور کی بات ہے ہم نے کبھی انہیں کسی کو پڑھنے بھی نہیں دیا اور کالج لائیف تک یہ سلسلہ یونہی چلتا رہا ۔۔۔ خود ہی لکھتے ، خود ہی پڑھتے اور خود کو داد دیتے کہ بھئی واہ فرح بیگم کیا خوب لکھا ہے ۔۔۔۔ بہر حال گریجویشن کے دوران ہی انگریزی میں لکھنے کا بھوت سر پر سوار ہوگیا ۔۔ اور انگریزی زبان میں شعر و شاعری کرنے لگے ۔۔۔۔ پہلی دفعہ ہمت کر کے انٹرنٹ پر ایک انگلش پوئٹری سائیٹ پر اپنی پہلی پوئیٹری بھیجی ۔۔۔۔ ایک مہینے کے اندر ہی ان کی جانب سے ای میل ہمیں موصول ہو گئی ۔۔۔۔ کافی تعریف و توصیف کی گئی تھی ۔۔۔۔ ہم تو جیسے ہواؤں میں اڑنے لگے ۔۔۔ پہلی بار ایک ایک کو اپنی انگریزی غزلیں اور اوڈس ( بہت لمبی نظمیں ہوتی ہیں ) سنانے بیٹھ جاتے ۔۔۔۔ مگر پتا نہیں کیوں اردو میں لکھے اپنے زخیرے کو کسی کے ساتھ بانٹنے کا انہیں پڑھانے سے ہچکچاتے رہے ۔۔۔۔

زندگی میں کافی اتار چڑھاؤ دیکھے ۔۔۔۔ مگر قلم کا ساتھ کبھی نہیں چھوٹا ۔۔۔ ساتھ میں کالج لائیف سے ہی ایک خاموش قاری کی حیثیت سے بھی بہت سے بڑے لکھاریوں کو پڑھتے رہے ۔۔۔۔ جن میں اشتیاق احمد اور ابن صفی ہمارے محبوب رائیٹرز کی صف میں ہمیشہ سے ہی موجود رہے ۔۔ فکشن سے لگاؤ عمر کے ساتھ بڑھتا گیا۔ اور اس پر وقتاً فوقتاً تبع آزمائی بھی کرتے رہے ۔۔۔ پھر ایک وقت ایسا بھی آیا کہ ہم نے لکھنا بند کر دیا ۔ اور ایک طویل عرصہ قلم کو چھوا تک نہیں ۔

امریکہ آنے سے پہلے ہم نے مشکل راستے لکھنا شروع کی ۔۔۔ اور پہلی بار زندگی میں اپنی کوئی تحریر ایک اردو سائیٹ پر بھیجی ۔۔۔ ہم نے یہ ناول رومن اردو میں لکھنا شروع کیا ۔۔۔ ساتھ ہی ایک ناولٹ بھی آن لائین لکھا جس کا عنوان "عمر زیاں" تھا ۔ یہ ہمارا دوسرا اور شاید پہلا مختصر افسانہ تھا ۔۔۔ جو اس سائیٹ پر بہت پسند کیا گیا ۔۔۔۔ مشکل راستے " کی نو دس ہی اقساط لکھی ہونگی کہ ہمارا دانا پانی وطن سے اٹھ گیا اور" ہمارا بلاوا دیار غیر سے آگیا ۔ امریکہ میں آٹھ سال ہونہی گھریلو مصروفیت کی نظر ہو گئے ۔ پھر ایک لمبے عرصے بعد ہمارے اندر کی وہ رائیٹر صاحبہ دوبارہ جاگ گئیں ۔۔۔ مختلف سائیٹس پر گئے مگر مزاح نہیں آیا ۔۔۔ پھر نیٹ سرفنگ کے دوران ہی اتفاقاً ہماری ویب کھل گئی ۔۔۔ سائیٹ کچھ ادبی سی لگی شروع میں کمنٹس تک ہی محدود رہے مگر پھر

شاید ۱۹ ستمبر ۲۰۱۴ کو ہم نے مشکل راستے کی پہلی قسط پوسٹ جو ۲۳ ستمبر کو شائع بھی ہو گئی ۔۔۔ پھر جنات سے متعلق سچے واقعات پر مبنی آپ بیتی لکھی جس کا عنوان "جن صاحبان کے قصے " تھا ۔۔۔ پھر اس کا دوسرا ورژن "جن صاحبان کے قصے پارٹ ٹو" بھی لکھا ۔۔۔ اور یہ سلسلہ لکھنے کا اس سائیٹ پر چل نکلا ۔۔۔۔ پھر اس سائیٹ کی ایسی عادت ہوئی کے تمام دوسری سائیٹس سے ناطہ ہی ٹوٹ گیا ۔۔۔ یہاں ہمیں بہت سے ایسے لوگ ملے جن سے ایک تعلق سا بنتا گیا ۔۔۔ جن میں سرفہرست محترمہ عظمہ صاحبہ ، حرا گوجرا رہیں ۔۔۔ محمد جبران صاحب اور شعیب.برادر سے بھی علیک سلیک ہوتی رہی ۔۔۔۔۔ پھر مصدق صاحب نے جس طرح ایمیلز کے ذریعے سے ہم سے کانٹیکٹ رکھا ۔۔۔۔ اس سے ایک بات تو ہم پر واضح ہو گئی کہ ہماری ویب اپنے چھوٹے .بڑے لکھاریوں کو ایک جیسا پروٹوکال دیتی ہے ۔۔۔ میں خود ایک معمولی لکھاری ہوں۔ لیکن جو عزت اور تکریم مجھے اس ویب سائیٹ نے دی ہے ۔۔ وہ شاید ہم جیسوں کو کسی اور سائیٹ پر نہیں مل سکتی۔ ہماری ویب نے ہمیں اپنی ہی نظروں میں انمول بنا دیا ۔۔۔۔ اس سائیٹ پر ہر موضوع پر آرٹیکلز مل جاتے ہیں ۔۔ گو کہ بہت سی اردو ادب کی ویب سائیٹس آن لائین ہیں ۔۔ مگر ہماری ویب اردو ویب سائیٹس کے درمیان واحد گوہر نایاب ہے جس نے اردو ادب کے فروغ کے لئے ایسے اقدامات کئے ہیں جس کی نظیر کسی اور اردو سائیٹ پر نہیں ملتی جس میں سے ایک نیا اور خوبصورت سلسلہ اپنے لکھاریوں کی حوصلہ افزائی کے لئے ان کی کاوشوں کو سراہنے ان کو مزید بہتر

لکھنے کی طرف گامزن کرنے کے لئے سرٹیفکیٹ کا سلسلہ شروع کیا ہے ۔۔۔۔ جو نہایت ہی عمدہ اور اچھوتا خیال ہے جس کو جناب ابرا صاحب اور ان کی ٹیم نے عملاً کر دکھایا ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔ یہ سرٹیفکیٹ تین کیٹیگریز میں دیا گیا ہے موسٹ پارٹیسپیٹ ، موسٹ ویوڈ اور موسٹ لائیکڈ ۔۔۔ ہمیں بھی ایک عدد سرٹیفکیٹ دیا گیا ہے ۔۔۔ جو ہمیں موسٹ ویوڈ پر ملا ہے ۔۔۔ چونکہ ہم ملک سے باہر رہتے ہیں اس لئے ہماری امی نے ہماری جگہ وصول کیا ۔۔۔ بہرحال ہم ہماری ویب کے شکر گزار ہیں جنھوں نے ہمیں اس سرٹیفکیٹ کے قابل سمجھا ۔۔۔ اور ان ویورز کے بھی شکر گزار ہیں جن کی بدولت ہمیں یہ تحفہ ہماری ویب کی جانب سے دیا گیا ۔۔۔ شکریہ ہماری ویب آپ کا بہت بہت شکریہ ۔۔۔

# مشکل راستے قسط ۳۶

وہ اپنے کمرے کی کھڑکی کے پاس کھڑی باہر سرد موسم کی پہلی پہلی فلوریز کا نظارہ کر رہی تھی ۔۔۔ ابھی برف باری شروع نہیں ہوئی تھی اکتوبر کا آخری ہفتہ تھا ۔۔۔ اور ڈھلتی دوپہر میں بھی باہر کوئی انسان اور جانور تک دکھائی نہیں دے رہا تھا ۔۔۔ عجیب ہو کا عالم تھا ۔۔۔ وہ چپ چاپ کھڑی سمینہ کے بارے میں سوچ رہی تھی ۔۔ پہلے اسے اس سے ایک طرح کی نفرت اور گھن سی محسوس ہوتی تھی ۔۔۔ مگر آج وہ اس کے لئے اپنے دل میں ہمدردی محسوس کر رہی تھی ۔۔۔ اور آصف حاجی سے نفرت ۔۔۔ واش روم کا دروازہ کھلنے پر وہ دروازے کی سمت دیکھنے لگی ۔۔۔۔ سمینہ ابھی بھی روئی روئی سی لگ رہی تھی ۔۔۔ بہت عرصے بعد وہ کسی کے سامنے کھل کر روئی تھی ۔۔۔ اور اپنا آپ کھول کر رکھ دیا تھا ۔۔۔ اور حوریہ نے اسے رونے دیا تھا اور جب وہ خود ہی چپ ہو گئی تب اسے واش روم بھیجا تھا کہ جا کر فریش ہو جائے ۔۔۔ اب اسے باہر نکلتے دیکھ کر وہ اس کی طرف بڑھی تھی ۔۔۔۔

سمینہ چلیں باہر چل کر بیٹھتے ہیں ۔۔۔۔

سمینہ کو اس نے کہا تو وہ چپ چاپ اس کے ساتھ اس کے کمرے سے باہر آ گئی ۔۔۔۔

بڑے سے ہال نما لونگ روم کے آرامدہ کالے لیدر کے سوفے پر بیٹھ کر اس نے محبت اور خلوص سے سمینہ کا ہاتھ تھام لیا تھا۔۔۔

سمینہ مجھے لگتا ہے آصف صاحب کو سبق سکھانے کی ضرورت ہے۔۔۔

نہیں حوریہ آپ نہیں جانتی اسے وہ بہت خطرناک آدمی ہے۔۔۔۔ اگر اسے ذرا بھی بھنک پڑی کے میں نے آپ کو کچھ بتا دیا ہے تو وہ مجھے نہیں چھوڑے گا۔۔۔۔

وہ خوفزدہ لہجے میں بولی تھی حوریہ سے۔۔۔۔

آپ مجھ پر بھروسہ رکھیں۔۔۔ایسا کچھ نہیں ہوگا۔۔۔ اگر یونہی چپ بیٹھی رہیں تب یہ سلسلہ جبر کا یونہی چلتا رہے گا۔

اس نے اسے سمجھانے کی کوشش کی تھی۔

حوریہ۔۔۔ میں تمہیں کیسے بتاؤں وہ شخص کتنا خترناک ہے۔۔۔ میں نہیں چاہتی کہ جمال اور آپ کو کوئی نقصان پہنچے۔۔۔

آپ خلع کیوں نہیں لے لیتیں ۔۔۔۔

خلع ۔۔۔ اگر ایسا کر سکتی تو بہت پہلے اس سے چھٹکارا حاصل کر لیتی ۔۔۔۔ وہ مجھے کبھی نہیں چوڑے گا ۔۔۔۔ یہ جو روپے کی ریل پیل دیکھ رہی ہو یہ سب میرے والد کا ہے ۔۔۔ جنھوں نے مرتے وقت میرے نام کر دیا تھا ۔۔۔ وصیت کے مطابق جائیداد میرے نام ہی رہے گی اگر میں چاہوں بھی تو کسی اور کے نام منتقل نہیں کر سکتی ۔۔۔ اور اسی لئے وہ مجھے اپنے ساتھ رکھنے پر مجبور ہے ۔۔۔ اور میرے والد کا غصہ وہ مجھ پر تشدد کرکے نکالتا ہے ۔۔۔ میں بھی کبھی آپ کی طرح تھی ۔۔۔ دولت کی ریل پیل کے باوجود ہمارے گھر کی خواتین اوڑھے لپیٹے رہتی تھیں برقہ تو کبھی نہیں پہنا مگر باہر نکلتے وقت بڑی سی چادر لیتی تھیں ۔۔۔ گھر میں سکون خیر و برکت تھی ۔۔۔ جب میرے رشتے آنے لگے تب ابو نے میرا رشتہ اپنے امپلوئی سے کر دیا ۔۔۔ وہ نہیں چاہتے تھے کہ میں ان کی آنکھوں سے دور ہو جاؤں ۔۔۔ اسی لئے آصف کی دیانت داری کو دیکھتے ہوئے اسے میرے لئے منتخب کیا تھا ۔۔۔ اگر وہ جانتے کہ ان کا انتخاب ان کے گھر کا سکون برباد کر دے گا ان کی بیٹی کو زندہ درگور کر دے گا تو وہ کبھی ایسا فیصلہ نہ کرتے ۔۔۔ میں اکلوتی اولاد تھی پوری جائیداد رشتہداروں کا حق دے کر میرے نام کر دی تھی ۔۔۔ شادی کے بعد آصف ہمارے ساتھ ہی رہنے لگا ۔۔۔ لیکن چند سال میں ہی ایک

پر سرار بیماری سے میری دادی اور والدہ کا انتقال ہوگیا۔۔۔اچھی بھلی رات کو سوئیں اور صبح مردہ حالت میں پائی گئیں ۔۔۔۔ پھر میری بیوہ پھوپھو اور ان کا اکلوتا سات سال کا بیٹا بھی ایسے ہی اپنے بیڈ پر مردہ پائے گئے تب والد کو آصف پر شک ہوا تھا۔۔۔ اور انہوں نے وصیت میں تھوڑی سی تبدیلی کردی تھی۔۔ جس کی رو سے یہ جائیداد میں کسی کو منتقل نہیں کر سکتی تھی۔۔۔انہیں اپنے سے زیادہ میری فکر تھی ۔۔۔ مرنے سے پہلے انہوں نے مجھے بٹھا کر سمجھایا تھا۔۔۔۔ اور نہ جانے کیوں معافی مانگی تھی۔۔ اور میری پیشانی کو بوسہ دیا تھا۔۔۔۔ شاید انہیں یقین ہوگیا تھا کہ اب ان کی باری ہے ۔۔۔۔۔ دوسرے دن وہ اسی طرح مردہ حالت میں پائے گئے ۔۔۔۔ ان کے مرتے ہی آصف بھی اپنے خول سے نکل آیا۔۔۔۔ سب سے پہلے اس نے گھر سے قرآن نکال دیا ۔۔۔۔ پھر مجھے نماز بھی پڑھنے سے روک دیا۔۔ میں چھپ کر نماز پڑھنے لگی ۔۔۔ پتہ نہیں کیسے اسے خبر ہو گئی ۔۔۔ بہت مارا۔۔۔۔ پھر میری حیاء میری پاکدامنی پر حملہ کیا ۔۔۔زبردستی مجھے ایسے گندے ملبوسات پہنے پر مجبور کرنے لگا۔۔۔۔اور اگر انکار کرتی تو تشدد پر اتر آتا۔۔۔ کب تک اس کی مار سہہ پاتی آخر اس کے کہنے پر عمل کرنے لگی ۔۔۔ مگر اپنی عزت کا کبھی سودہ نہیں کیا۔۔۔جب اذان ہوتی تو جتنی سورتیں یاد ہوتی ہیں پڑھ لیتی ہوں ۔۔۔ اور اپنے رب سے معافی مانگتی رہتی ہوں ۔۔۔۔ میں کتنی مجبور کردی گئی ہوں کے اپنے رب کو ایک سجدہ کرنے سے بھی محروم ہو گئی ہوں ۔۔۔ زندگی بہت مشکل بنادی ہے اس شخص نے میری

۔۔۔۔اگر دین کی سمجھ نہ ہوتی تو کب کی خودکشی کر چکی ہوتی ۔۔۔

وہ اپنی کہانی سنا رہی تھی اور حوریہ کے اندر غم و غصہ بڑھنے لگا تھا۔۔۔

******************************

سنسان سڑک پر دوڑ رہی تھی ۔۔۔۔ جمال ڈرائیونگ Plymouth Volare سفید سیٹ پر بیٹھے ہوئے تھے ۔۔۔ اور فرنٹ سیٹ پر آصف حاجی بیٹھا ہوا تھا۔۔ جمال کے کانوں میں ابھی بھی اس مجذوب کی کہی باتیں گردش کر رہی تھیں ۔۔۔۔ مگر انہیں حوریہ پر مکمل اعتماد تھا۔۔۔۔ مگر وہ آدمی کیسی باتیں کر رہا تھا ان کی بیوی کے متعلق اور وہ اسے کیسے جانتا تھا۔۔۔۔

کیا سوچ رہے ہو جمال ۔۔۔۔۔

آصف حاجی سے رہا نہیں گیا تو پوچھ بیٹھا۔۔۔۔

آں ہمم ! نہیں کچھ بھی نہیں ۔۔۔۔

عجیب آدمی تھا۔۔۔ سمینہ کے بارے میں کیسی باتیں کر رہا تھا۔۔۔۔ اور جمال وہ تم سے بھی تو حوریہ بھابی کے بارے میں عجیب سی بات کی تھی ۔۔۔ جس پر تمہیں غصہ بھی آگیا تھا۔۔۔۔

ان کی طرف غور سے دیکھتے ہوئے وہی بات چھیڑ دی تھی جس سے وہ بچنا چاہتے تھے

۔۔۔۔۔۔۔

بکواس کر رہا تھا حوریہ کے بارے میں وہ۔۔

وہ سپاٹ لہجے میں اس سے بولے تھے۔۔۔

لیکن میں تو پریشان ہوگیا ہوں جمال ۔۔۔۔۔۔۔ پتا نہیں کیوں اس کی باتیں مجھے کٹھک رہی ہیں ۔۔۔ سمینہ مجھے بہت عزیز ہے ۔۔۔۔ وہ ضرور کچھ جانتا ہے ورنہ وہ سمینہ سے متعلق اتنی بڑی بات کرتا ہی کیوں ۔۔۔

ہمممم

!

وہ ہنوز اپنی نظریں سامنے ونڈ سکرین پر جمائے ہوئے تھے ۔۔۔۔ کہ اچانک انکی نظر اسٹینلے پارک میں بنے ٹی ہاؤس پر پڑی تھی جہاں سے ایک عورت نکلی تھی ۔۔ اور انہوں نے گاڑی کو بریک لگائے تھے ۔۔۔

کیا ہوا جمال ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وائے یو اسٹاپ دی کار ؟

آصف نے پوچھا تھا ۔۔ مگر وہ ان سنی کرتے ہوئے روڈ کی دوسری طرف دیکھنے لگے ۔۔۔ ۔۔ رات کے گیارہ بج رہے تھے ۔۔۔۔ اور ہفتے کا دن تھا ۔۔۔ لڑکھڑاتے قدموں سے پتہ چل رہا تھا کہ وہ کتنے پیگ بئیر کے پی کر نکلی ہے ۔۔۔۔ چست لیدر کی پینٹ اور لیدر ہی کی جیکٹ جو سامنے سے فرنٹ اوپن تھی جس میں سے جھانکتی نہایت مختصر ڈیپ نیک سلور تنگ شرٹ پہنے ہوئے وہ ایک میکسیکن کی بانہوں میں بانہیں ڈالے بیہودگی کا کھلے عام مظاہرہ کر رہی تھی ۔۔۔ اس کی حرکات اور اس کے پہناوے پر انہوں نے گاڑی نہیں روکی تھی بلکہ اس کا چہرا ۔۔۔ ہاں وہ ہو بہو حوریہ سے مل رہی تھی ۔۔۔۔ وہ تیزی سے گاڑی سے اترے تھے ۔۔۔۔ اور سڑک کے اس پار بنے ٹی ہاؤس پر پہنچے تھے ۔۔۔

حوریہ !

آواز دی تھی انہوں نے اسے ۔۔۔۔ ان کی اواز پر اس لڑکی نے پلٹ کر انہیں دیکھا تھا اور جھٹکے سے اپنی باہیں میکسیکن کی باہوں سے جدا کی تھی ۔۔۔۔ اور ایک دم وہ سرپٹ بھاگی تھی ۔۔۔۔ بجلی کی سی رفتار تھی اس کی ۔۔۔ اور دیکھتے ہی دیکھتے وہ ان کی نظروں سے اوجھل ہو گئی ۔۔۔ وہ حیرت اور صدمے کی سی کیفیت میں آ گئے تھے ۔۔۔ انہیں یقین ہی نہیں آ رہا تھا کیا وہ وہی تھی ۔۔۔۔

نہیں ۔۔۔۔

دل نے چپکے سے انکار کیا تھا ۔۔۔۔ حوریہ تو کبھی کسی کے سامنے بغیر سر کو ڈھانپے نہیں آتی تھی ۔۔۔ اور یہ لڑکی تو نہ صرف بیہودہ لباس میں ملبوس تھی بلکہ کھلے عام اوچھی حرکتیں بھی ایک غیر مرد کے ساتھ کر رہی تھی ۔۔۔ لیکن اس نے حوریہ کا نام لینے پر انہیں ایسے کیوں دیکھا تھا ۔۔۔ اگر وہ حوریہ نہ ہوتی تو پلٹ کر کیوں دیکھتی اور گھبراتی کیوں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ شک آہستگی سے ان کے دل میں اپنی جگہ بنا رہا تھا ۔۔۔ ایک کے بعد ایک واقعات حوریہ کی شخصیت کو مشکوک بنا رہے تھے ۔۔

اچانک پیچھے سے کسی نے ان کے کاندھے پر ہاتھ رکھا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ چونک کر

پلٹے تھے تو اسی مجذوب کو دیکھا تھا۔۔۔۔جو انہیں تاسف سے دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اب کیا کہتے ہو تم۔۔۔۔۔وہ تو تجھے بھی چھل دے رہی ہے۔۔۔۔۔
وہ کچھ دیر تو یونہی چپ چاپ اسے دیکھتے رہے۔۔۔پھر اسکا ہاتھ جھٹک کر سڑک پار کرنے لگے۔۔۔۔
اب بھی وقت ہے ثمینہ کو بچالے۔۔۔ایک اچھا کام کرلے بھلا ہوگا تیرا۔۔۔۔
آؤ میرے ساتھ۔۔۔۔۔
رک کر پلٹ کر اسے دیکھا تھا۔۔۔۔اور اسے اپنے ساتھ چلنے کا کہا تھا۔۔۔۔۔ایک پر اسرار مسکراہٹ کے ساتھ وہ مجذوب نے ان کے پیچھے روڈ کراس کی تھی۔۔۔۔انھوں نے چپ چاپ گاڑی کا دروازہ کھولا تھا اور اسے اندر بیٹھنے کا اشارہ کیا تھا وہ بیک سیٹ پر بیٹھ گیا تو وہ بھی تھکے انداز میں ڈرائیونگ سیٹ پر بیٹھ گئے۔۔۔

ارے بھائی یہ تمھیں کہاں سے مل گئے۔۔

آصف حیرت سے بولا تھا ان سے اور پلٹ کر اس مجذوب کو دیکھا تھا۔۔۔ مگر نظریں ملتے ہی مجذوب سے ایک خبیثانہ مسکراہٹ لبوں پر پھیلی تھی اور یہی مسکراہٹ مجذوب کے ہونٹوں پر بھی رقصاں تھی۔۔۔۔

××××××××××××

باقی آئندہ۔۔۔۔۔۔

# برائے مہربانی یہ ستم تو نہ کریں

ابھی کچھ دن پہلے ایک آرٹیکل پڑھا جس کا عنوان تھا کالم نگاروں سے ڈکیتی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ لیکن ہم سوچ بھی نہیں سکتے تھے کہ ہمارے ساتھ بھی کچھ ایسا ہی ہوجائے گا۔۔۔ہم ٹھہرے بیچارے معمولی لکھاری ۔۔۔۔ اور اپنے بارے میں اتنے خوش فہم بھی نہیں ہیں ۔۔۔ اللہ اللہ کرکے دو تین آرٹیکلز اور ایک مختصر افسانہ اور ایک قسط وار افسانے کے علاوہ ہم نے کوئی بڑا کارنامہ انجام نہیں دیا ۔۔۔۔ خیر آج ہم آن لائین دیگر سائیٹس سرچ کر رہے تھے کہ ایک ویب سائیٹ اوپن کی اور اپنا رومن اردو میں لکھا افسانہ مشکل راستے وہاں پایا ۔۔۔ جو سترہ اقساط تک کسی اور کے نام سے داد وتحسین سمیٹ رہا تھا ۔۔۔۔ خاتون ماشااللہ سے کسی چیرٹی سے منسلک ہیں ۔۔۔۔ ان کے ایواٹار سے تو یہی ظاہر ہو رہا تھا بہرحال ہم نے کافی کوشش کی کے اس سائیٹ پر ان خاتون سے بات ہوجائے مگر سائیٹ کی کچھ شرطیں تھیں جو ہم پورا کرنے سے قاصر تھے ۔۔۔۔ ہم نے رومن اردو میں ۱۷ اقساط تک ہی لکھا تھا اور اس کے بعد رومن اردو کو ٹاٹا بائے بائے کرکے اردو میں لکھنا شروع کردیا تھا ۔۔۔۔ اب تک اس کی ۳۶ اقساط مکمل ہوچکی ہیں ۔۔۔۔ یہاں مزے کی بات یہ ہے کہ انہوں نے یہ اقساط بھی اتنی ہی لکھی ہیں جتنا ہم رومن اردو میں لکھ چکے تھے ۔۔۔۔ شاید انہیں اردو نہیں آتی یا پھر ہماری طرح اردو میں لکھنے سے گھبراتی ہوں

بہر حال جو بھی وجہ رہی ہو لیکن ہم ان خاتون کی ہمت کو داد دیتے ہیں کہ وہ بڑے دھڑلے سے بنا کسی خوف کے ہمارے ناول کو اپنے نام سے شائع کر رہی ہیں ۔۔۔۔ خیر قارائین ویب سائیٹ کا نام فین بوکس ہے اور محترمہ رضیہ سلطانہ کے نام سے وہاں مشکل راستے لکھ رہی ہیں ۔۔۔۔۔ خیر رضیہ صاحبہ سے ہماری گزارش ہے کہ اگر وہ برا نہ منائیں تو اس خاکسار سے بات ضرور کرلیں ۔۔۔ اگر انہیں ناول لکھنے کا شوق ہے تو ہم انہیں گائیڈ کردینگے یوں کسی اور کی تحریر کو اپنا ظاہر کر کے کچھ دن تو داد مل جائے گی مگر سوچئے اگر حقیقت کھل گئی تب کیا ہوگا ۔۔۔۔ جذاک اللہ خیر ۔۔۔

# آج عینک ملی نہیں تو اندھے ہیں ہم

جی ہاں عینک کے بغیر ہمارا گزارا نہیں ۔۔۔۔ اور ماشاء اللہ ہمارے چھوٹے صاحب زادے موقعے کی تلاش میں رہتے ہیں کہ کب والدہ محترمہ وضو کے لئے اکلوتی عینک اتاریں اور کب وہ اس پر ہاتھ صاف کریں ۔۔۔ اب دیکھیں نا کمبخت مل کر نہیں دے رہی اور ہمارا کچھ بھی پڑھنا لکھنا مشکل ہوگیا ہے ۔۔ دور کی ہوتی تو صبر شکر کرکے بیٹھ جاتے ۔۔۔۔ لیکن قریب کی نظر کا چشمہ ہے اور پڑھنے کا جنون کہاں سے قرار آئے گا پھر ۔۔۔۔ خیر ہماری تو صرف نظر کا مسئلہ ہے لیکن ہمارے سیاسی بھائی لوگوں کی سیاسی بصیرت کو دیکھ کر تو ایسا لگتا ہے کہ ایک سیاسی عینک کی انہیں بھی ہماری طرح ضرورت ہے ۔۔۔۔ اور پھر حکومتی عہدیداران کے تو کیا کہنے انہیں تو چشمے کے ساتھ بھی عوام نظر نہیں آتی ۔۔۔۔ اگر کچھ نظر بھی آتا ہے تو اقتدار کی کرسی صاحبہ جس کے لئے سیاستی بازار میں ہر وقت ہلچل مچی رہتی ہے ۔۔۔۔ اب دیکھیں نا تھر کے بھوکے بھوکے پیاسے اپنے ہم وطن کسی کو نظر نہیں آتے ۔۔۔ بستیاں اجڑ گئیں امداد کے کھوکلے نعروں کے درمیان ۔۔۔ لیکن ملک کے اس پار سری لنکن بھائی جانوں پر پڑی آفت دور سے بھی نظر آ گئی ۔۔۔۔ کہتے ہیں نا یا شیخ اپنی اپنی دیکھ لیکن ہماری حکومت کتنی بھولی ہے اگر اسے کچھ نظر بھی آتا ہے تو اقتدار ۔۔۔۔

آج کل ریٹنگ کا بڑا زور ہے ۔۔۔۔ اور میڈیا پر ماشاء اللہ مارننگ شوز اس میں پیش پیش ہیں ۔۔۔۔ خوبصورت بنی ٹھنی ہوسٹس کے تو کیا کہنے ایک سے بڑھ کر ایک ۔۔۔ مہنگے ترین لباسوں کی بہار اور میک اپ کی تہیں جمائے یہ ہوش ربا ادائیں دکھاتی خواتین اپنے معصوم گھریلو خواتین کو چادر اور چار دیواری سے تو باہر نکال ہی دیا ہے ۔۔۔ اور ساتھ ہی بے چارے شوہروں کی جیبیں بھی ہلکی کرنے کا سبب بن رہی ہیں ۔۔۔۔۔۔ کسی زمانے میں اکلوتا پی ٹی وی ہوتا تھا ۔۔۔ صبح کا آغاز تلاوت قرآن اور پھر اخلاقیات سے بھرے شوز ٹیلی کاسٹ ہوتے تھے ۔۔۔ شائستہ لب و لہجہ سے میزبان اور مہمان کے ادبی ذوق کا پتا چلتا تھا ۔۔۔۔۔ آج کل تو صبح ہی صبح ناچنے اور گانے سے ہمارے چینلز شروعات کرتے ہیں ۔۔۔۔۔ اور اخلاقیات کا تو پتا نہیں البتہ واہیات گفتگو اور بے مقصد لایعنی باتوں کے علاوہ کچھ اچھا سننے کو نہیں ملتا ۔۔۔۔۔۔۔ مگر کیا کیا جائے آج کل کا یہی ٹرینڈ ہے ۔۔۔۔ میڈیا کو بھی لگتا ہے ہماری طرح ایک عدد عینک کی ضرورت ہے وہ بھی اخلاقیات کی ۔۔۔۔ شاید لگانے سے کچھ بہتری آئے ۔۔۔۔۔
جاتے جاتے عوم الناس پر بھی بات ہوجائے ۔۔۔ آج کل ہم سب کی قووت برداشت ختم ہوتی جارہی ہے ۔۔۔ ہر کوئی مہنگائی کا رونا روتا نظر آتا ہے ۔۔۔۔ مانتے ہیں مہنگائی کا جن بے قابو ہوچکا ہے اور اسے قابو کرنا ہم کمزور عوام کے بس میں

نہیں لیکن جناب اس کے ذمہ دار کون ہیں۔۔۔ ہمارا بھولپن جو ہر دفعہ مطلب پرست سیاسی شاطروں کی چکنی چپڑی باتوں میں آجاتا ہے یا پھر ہم میں سوچنے سمجھنے کی صلاحیت ختم ہو چکی ہے جس کے سبب ہمیں لارے لپے دے کر الیکشن میں سیٹیں پکی کی جاتی ہیں اور پھر ہمیشہ کی طرح ہمیں چائے میں گری مکھی سمجھ کر باہر پھینک دیا جاتا ہے۔۔۔۔ عام آدمی کی تو دور کی نظر اور قریب کی نظر دونوں ہی لگتا ہے خراب ہو چکی ہے جس کے سبب سوچ سمجھنے کی قووت بھی متاثر ہوئی ہے۔۔۔۔ یا پھر ہم سب آنکھیں بند کر کے ان کرپٹ سیاست دانوں کے پیچھے چلنے کے اتنے عادی ہو چکے ہیں کہ اگر ایسی کوئی عینک ایجاد ہوتی بھی ہے تب بھی اسے پہن کر آنکھیں بند کر کے ہی چلیں گے ۔۔۔۔ ہماری مثال ریوڑ کیطرح ہے جدھر بھی ہانک دو چل پڑے ۔۔۔۔ اچھا تو چلیں جناب یہیں پر اختتام کرتے ہیں اپنی بات کا۔۔۔۔ ابھی عینک صاحبہ کو بھی ڈھونڈنا ہے نا جانے گھر کے کس کونے میں جا چھپی ہیں مل کر ہی نہیں دے رہیں ۔۔۔۔ فی امان اللہ

۔ جہاں رہیں سب خوش رہیں اور ہماری عینک کے ملنے ۔

# لکھاری، عام آدمی اور ہماری ویب

خوبصورت تحریریں ۔۔۔ خوبصورت انداز بیاں ۔۔۔۔۔۔ مٹھاس سے بھرپور ۔۔۔۔ کبھی کبھی کڑواہٹ بھی لئے ہوئے آپ اور ہمارے معاشرے کی دورخی تصویر کو اجاگر کرتے ہوئے ۔۔۔۔ کبھی ناصحانہ جملوں سے بھرپور تو کبھی بھید اپنے اندر سموئے ہوئے ۔۔۔۔ لکھاری کے قلم سے نکلتے یہ الفاظ جملوں میں ڈھل کر خوبصورت تحریروں کی صورت قارئین تک پہنچتے ہیں ۔۔۔۔ برقی دور میں بھی جب ہر طرف انٹرنیٹ نے دھوم مچائی ہوئی ہے تب دور حاظر کے قلم کاروں نے بھی اس ٹیکنالوجی سے استفادہ حاصل کرنا شروع کردیا ۔۔۔۔

بہت سی ادبی ویب سائیٹس آج پوری دنیا میں دیکھی جاتی ہیں ۔۔۔۔ بہت سے لکھاری حضرات عام سے خواص لکھاریوں میں شامل ہوگئے ۔۔۔۔ باقاعدہ ممبر گروپس تشکیل دئے گئے اور عام آدمی کو بھی لکھنے کی طرف راغب کرنے کی کوششیں کی گئیں ۔۔۔ پاکستان میں بہت سی ویب سائیٹس کا آج جم غفیر ہم دیکھتے ہیں ۔۔۔۔ لیکن چند ہی ایسی ہیں جنھوں نے اردو ادب کے فروغ کے لئے کام کیا ہے ۔۔۔ اور کر رہی ہیں ۔۔۔۔ جن کے درمیاں درخشاں ستارے کی مانند چمکتا دمکتا ہماری ویب کا نام سر فہرست ہے ۔۔۔ اس ویب سائیٹ نے اردو ادب کے لئے جو کام کیا اسکی نظیر پورے پاکستان میں کہیں نہیں ملتی ۔۔۔۔ چھوٹا سا پودا ابرار صاحب اور ان کی

ٹیم نے لگایا تھا جو اب ایک تناور درخت بن چکا ہے جس کی شاخیں پورے وطن عزیز میں پھیل چکی ہیں ۔۔۔۔ اس کے صارفین کی تعداد لاکھوں کے ہندسے سے کافی پہلے ہی نکل چکی ہے ۔۔۔۔ اس کے ممبران لکھاریوں کی تعداد میں دن بدن اضافہ ہوتا جا رہا ہے ۔۔۔۔ تقریباً بیس کے قریب کٹیگریز آپ کو یہاں ملجائیں گی ۔۔۔۔۔۔ جس موضوع پر بھی لکھنا ہو لکھیں کوئی مسئلہ نہیں مگر شائستگی اور اخلاقیات کے دائرے میں رہ کر ۔۔۔ یہی اس ویبسائیٹ کی ڈیمانڈ ہے ۔۔۔۔ اور پھر آپ کو تبصروں میں بھی گالم گلوچ اور بیہودہ فقرے اس ویب سائیٹ پر کبھی پڑھنے کو نہیں ملتے اگر بھولے سے کوئی ایسا کمنٹ آن لائین شائع ہو بھی جائے تو فوراً ہٹا دیا جاتا ہے ۔۔۔ جو دیگر سائیٹس پر دیکھنے کو نہیں ملتا ۔۔۔۔۔

ہماری ویب رائیٹرز کلب کے نام سے ایک کلب بھی تشکیل دیا گیا ہے ۔۔۔ ماشاء اللہ سے اسے ایک سال پورا ہو چکا ہے ۔۔۔۔ جس کی بدولت لکھاریوں کو ایک دوسرے کو جاننے کا موقع ملا ۔۔۔۔۔ بہت سے لکھاریوں کی ای بکس شائع کی گئیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور سب سے بڑی بات پاکستان میں شاید یہ واحد ویب سائیٹ ہے جس نے اپنے لکھاری کی حوصلہ افزائی کے لئے انہیں سرٹیفکیٹ ارسال کئے ۔۔۔ کتنا مان بڑھ جاتا ہے اگر آپ کی کاوش کو یوں سراہا جائے ۔۔۔۔ اور ہماری ویب نے جو مان اور عزت رائیٹرز کو دی ہے وہ کہیں اور دیکھنے اور سننے کو نہیں ملتی ۔۔۔۔

اب فیز بک اور گوگلز پر بھی ہماری ویب رائیٹرز گروپ بنادیا گیا ہے ۔۔۔
ہماری ویب رائیٹرز کا ممبر بننا مشکل نہیں اگر آپ کو لکھنے کا شوق ہے تب آپ اپنی کاشوں کو باآسانی ہماری ویب پر بھیج سکتے ہیں ۔۔۔۔۔۔۔ اور ہماری ویب رائیٹرز گروپ کا ممبر بننے کی بس ایک ہی شرط ہے کہ آپ کے آرٹکلز کی تعداد دس یا اس سے اوپر ہو تو آپ اس رائیٹرز گروپ کے ممبر بن سکتے ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔
آخر میں ایک ہی بات کہنا چاہونگی کہ ایک لکھاری کی حیثیت سے ہماری ذمہ داری پڑھنے والے سے زیادہ ہے ۔۔۔ ہمیں سوچنا چاہئے کہ ہم قارئین کے سامنے کیا پیش کر رہے ہیں ۔۔۔۔ اس کا مثبت اثر ہونا چاہئے نہ کہ پڑھ کر قاری عام آدمی مایوسی اور مزید فرسٹریشن کا شکار ہوجائے ۔۔۔۔۔ شکریہ ۔۔۔۔ فی امان اللہ

# "ایک اور خون کی ہولی کھیلی گئی میرے وطن میں"

لاہور کا مشہور گلشن اقبال پارک آج آہ و فغاں میں ڈوبا ہوا ہے۔۔۔۔ ہر طرف ایک خوف کا عالم ہے۔۔ کئی پیارے اپنوں کے سامنے دم توڑ گئے۔۔۔۔۔۔۔۔ ابھی تو ہنس رہے تھے بچے۔۔۔۔کتنے خوش تھے یہ ننے فرشتے انہیں کیا پتا تھا کہ یہ خوشی یہ قہقہے موت کے سناٹوں میں بدل جائینگے۔۔۔۔۔۔۔ کتنے بے درد ہوتے ہیں وہ لوگ جن سے کسی کی خوشی دیکھی نہیں جاتی۔۔۔۔۔ اور اپنے مزموم مقاصد کے حصول کے لئے انسانی جانوں سے کھیل جاتے ہیں۔۔۔

۶۷ ایکڑ پر پھیلا یہ خوبصورت اور دلکش پارک۔۔۔لاہور کا سب سے مشہور پارک ہے جس میں مصنوئی جھیل اور بچوں،بڑوں کے لئے سیر گاہیں بنائی گئی ہیں۔۔۔ کچھ عرصہ پہلے اس میں بچوں کے لئے اموزمنٹ رائیڈز کا اضافہ کیا گیا تھا۔۔۔۔۔

۲۷ مارچ ۲۰۱۶ کو ڈھلتی شام کے وقت پارک کے بند ہونے کے قریب بیرونی گیٹ کے باہر ایک شقی القلب حملہ آور نے خودکش حملے میں کئی گھروں کے چراغ گل کردئے۔۔۔ اس خودکش بم دھماکے میں زیادہ تر معصوم بچے اور خواتین نشانہ بنے

۔۔۔۔۔۔۔۔ تقریباً ۷۰ سے اوپر افراد جن میں زیادہ تر تعداد بچوں اور خواتین کی ہے اس حملے میں جاں بحق ہو چکے ہیں اور تینسو سے زیادہ زخمی ہوئے ہیں ۔۔۔۔ اور خدانخواسطہ یہ تعداد اس سے آگے بڑھ بھی سکتی ہے ۔۔۔۔۔

اس سانحے سے کچھ دن پہلے بلوچستان میں ایک ہندو را ایجنٹ یادو بھوشن پکڑا گیا تھا ۔۔۔۔ جو نا صرف بلوچستان میں علیحدگی پسندوں کو فنڈز فراہم کر رہا تھا بلکہ بہت سی تقریب کاریوں میں بھی براہ راست ملوث تھا ۔۔۔ اور دیگر پاکستانی علاقوں میں بھی تقریبی کاروائیوں کے لئے فنڈنگ کرتا رہا ۔۔۔ خود جنوبی لاہور میں ایک عرصے سے یہ خبر سننے میں آ رہی ہے کہ وہاں کے علاقے میں ایسے کیمپس ہیں جو پاکستان مخالفت تنظیمی کاروائیوں میں ملوث ہیں ۔۔۔ جہاں خودکش بمبار تیار کئے جا رہے ہیں

۔۔۔ افسوس اس بات کا ہے کہ حکومت اس سے انکار کرتی رہی ہے جس کی بدولت آج یہ سانحہ رونما ہوا ۔۔۔۔ اسے روکا بھی جا سکتا تھا اگر بروقت کاروائی کی جاتی ہمیں یہ سمجھ نہیں آ رہا کہ حکومت اس سے پہلو تہی کیوں کرتی رہی ۔۔۔۔ اب فوج اور دیگر حساس ایجنسیز کو اس مسئلے کو بھی حل کرنا ہوگا اور جنوبی پنجاب میں ان عناصر کے خلاف سختی سے پیش آنا ہوگا ۔۔۔۔

آج پاکستان میں ہمارے دشمن نے پھر سے خون کی ہولی کھیلی ہے ۔۔۔۔ ہندوستان

کے وزیر دفاع منوہر پاریکر کئے دفعہ اپنی تقریروں میں کھلم کھلا پاکستان کو دھمکی آمیز کلمات سے نواز چکے ہیں۔۔۔۔اور اب یہ سب تانا بانا بھی ہمارے پڑوسی ہی کی طرف عشارہ کر رہا ہے۔۔۔۔اب اگر ہمارے حکمران اپنے ذاتی مفاد کی خاطر اب بھی چپ سادھے بیٹھے رہینگے تو آج نہیں تو کل انہیں عوام کو حساب دینا پڑیگا۔۔۔۔

## مشکل راستے قسط ۳۷

آدھی سے زیادہ رات بیت چکی تھی ۔۔۔۔۔ جمال شاہ ابھی تک گھر سے باہر تھے ۔۔۔۔۔ وہ بھی آصف حاجی کے ساتھ ۔۔۔ اور یہی بات اسے پریشان کر رہی تھی ۔۔۔۔۔ سمینہ سے آصف حاجی کی اصل حقیقت جان کر وہ جمال کے لئے بہت فکرمند ہو گئی تھی ۔۔۔۔۔

آخر یہ آصف حاجی چاہتا کیا ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جمال سے دوستی کے پیچھے اس کا مقصد کیا ہے ۔۔۔۔۔ بیچاری سمینہ میں اسے کتنا غلط سمجھتی تھی ۔۔۔۔ جمال صحیح کہتے ہیں ۔۔۔۔۔ کسی کے لباس سے اس کی شخصیت کا اندازہ نہیں لگایا جاسکتا ۔۔۔۔۔ آج ہی جمال کو آصف کی حقیقت کا بتادونگی ۔۔۔۔۔ تاکہ وہ محتاط رہیں ۔۔۔۔۔

وہ لونگ روم میں ٹہلتے ہوئے یہی سب کچھ سوچ جارہی تھی ۔۔۔۔ اس بات سے بے خبر کے اس کے اپنے خلاف بساط بچھا دیگئی تھی اور اس کے اپنوں کو اس کے خلاف مہرے کے طور پر استعمال کیا جا رہا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جس کی اسے بھنک بھی نہیں پڑھنے دی گئی تھی ۔۔۔۔ دشمن شاطر اور چالاک تھا ۔۔۔۔۔ اور وہ معصوم ۔۔۔۔ پورچ میں مخصوص گاڑی کے ٹائیروں کی چرچراہٹ پر اس نے سکون کا سانس لیا تھا

۔۔۔۔۔۔۔ جمال آ چکے تھے ۔۔۔۔۔۔۔ خیریت سے تھے اور یہی بات اس کے لئے باعث اطمینان کا سبب تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔ مین ڈور کی ڈپلیکیٹ چابی جمال کے پاس بھی تھی ۔۔۔۔۔۔ مگر پورچ سے مین ڈور تک قدموں کی دھمک ایک الگ ہی جمال کا پتا دے رہی تھیں ۔۔۔۔۔ دھڑ سے دروازہ کھلا تھا وہ مسکراتے ہوئے آگے بڑھی تھی مگر دروازے میں کھڑے جمال کے چہرے پر نظر پڑتے ہی ٹھٹک کر وہیں رک گئی تھی ۔۔۔۔ یہ وہ جمال نہیں تھے ۔۔۔۔ جمال کے تو انگ انگ سے اس کے لئے محبت پھوٹتی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ تو محبت کا سمندر تھے جس کے سوتے کبھی خشک نہیں پڑ سکتے تھے یہ اس کا ماننا تھا ۔۔۔۔ مگر اس جمال شاہ کے چہرے پر نفرت اور اس کے لئے کراہت کا عجیب احساس نقش تھا ۔۔۔

جمال سب ٹھیک ہے نا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کیا ہوا ۔۔۔۔۔۔۔۔

میں سوچ بھی نہیں سکتا تھا ۔۔۔۔ لیکن خیر اب تمہاری حقیقت مجھ پر کھل چکی ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کاش تم میری زندگی میں کبھی نہ آتیں کاش ۔۔۔۔۔ لیکن نہیں غلطی بھی میں نے کی ہے اسے سدھاروں گا بھی میں ہی ۔۔۔۔ ہاں ۔۔۔۔

وہ اس سے زیادہ شاید خود ہی سے مخاطب تھے ۔۔۔۔ وہ حیرت سے انہیں دیکھ رہی تھی ۔۔۔۔ ان کے الفاظ ہتوڑے کی طرح دل اور ذہن پر برس رہے تھے ۔۔۔۔۔۔۔ وہ

تیزی سے ان کے قریب آئی تھی ۔۔۔۔۔

کک کیا کہہ رہے ہیں آپ ۔۔۔۔۔۔۔۔ مجھے کچھ سمجھ نہیں آ رہا ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔

اس نے ان کا ہاتھ تھامنا چاہا تھا۔۔۔۔۔ مگر انہوں نے نفرت سے جھٹک دیا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔

تم نے میری زندگی تو برباد کر ہی دی ہے ۔۔۔آصف اور اس کی بیوی کے پیچھے کیوں پڑ گئیں ۔۔۔۔۔

آصف اچھا آدمی نہیں ہے ۔۔۔۔۔ ضرور اسی نے آپ کو بہکایا ہے میرے خلاف

۔۔۔۔۔

بکواس بند کرو اپنی ۔۔۔۔۔ اب میں تمہارے جھانسے میں نہیں آ سکتا ڈائن ۔۔۔۔۔

ثمینہ کا جو حال کیا ہے آج تم نے وہ دیکھ کر تو کبھی بھی نہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ خدا کا شکر ہے وہ بچ گئی ورنہ میں خود کو کبھی معاف نہیں کر پاتا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

مم میں نے ۔۔۔ مسس سمینہ کو ۔۔۔۔ کک کیا کیا ہے میں نے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ حیرت سے بولی تھی ۔۔۔۔ تو ایک قہر بھری نگاہ اس پر ڈالی تھی انہوں نے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور نفرت سے گویا ہوئے تھے ۔۔۔۔

یہ ڈرامے کسی اور کے سامنے کرنا ۔۔۔۔۔ مجھ پر تمہارا جادو اب نہیں چل سکتا ۔۔۔۔۔ تمہیں اپنی خوبصورتی بڑھانے کے لئے خون چاہیئے ہوتا ہے اور اس دفعہ سمینہ تمہارا انتخاب تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ لیکن اللہ کا شکر ہے ہم بروقت پہنچ گئے ۔۔۔۔ اور وہ بچ گئی ۔۔۔۔۔

آپ سوچ بھی کیسے سکتے ہیں کہ میں ایسا کر سکتی ہوں ۔۔۔۔

تم کھلے عام غیر مردوں کی بانہوں میں بانہیں ڈال کر اوچھی حرکتیں کر سکتی ہو ۔۔۔ تو تم کچھ بھی کر سکتی ہو ۔۔۔۔

ان کی باتیں سن کر سر تھام لیا تھا ۔۔۔۔۔۔۔ اسے کچھ سمجھ نہیں آ رہا تھا ۔۔۔۔۔ جمال نے اب اس کے کردار پر انگلی اٹھائی تھی ۔۔۔۔۔ دل میں عجیب سا درد اٹھا تھا ۔۔۔۔۔ وہ مضبوط اعصاب کی مالک تھی مگر ان کی کٹیلی باتوں نے اسے اندر سے توڑ مروڑ کر رکھ دیا تھا ۔۔۔۔۔۔

مم میرا اعتبار کرو جمال ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ خدا کے لئے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مم میں فاطمہ کی قسم کھا کر کہتی ہوں پی یہ میں نے نہیں کیا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

فاطمہ کو بیچ میں مت لاؤ ۔۔۔۔۔۔۔۔ اور خبردار اس کی جھوٹی قسم کھائی تو ۔۔۔۔ نکل جاؤ میرے گھر سے ۔۔

میں ۔۔۔۔ میں تمہیں طلاق دیتا ہوں ۔۔۔۔۔۔۔

جمال !۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

حسین آنکھیں آنسوؤں سے لبریز ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سکتے کی سی کیفیت ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کچھ دیر یونہی پھٹی پھٹی آنکھوں سے وہ انہیں دیکھتی رہی ۔۔۔۔۔۔ وہ بھی نفرت اور دنیا جہاں کی حقارت لئے اسے کچھ پل یونہی دیکھتے رہے تھے ۔۔۔۔۔

میں تمہیں بقائمی ہوش و حواس کے طلا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ٹھہرو جمال ! اس سے آگے ایک لفظ نہیں بولنا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ آپ مجھے طلاق دینا

چاہتے ہیں تو ٹھیک ہے ۔۔۔۔ لیکن شرائط اب میری ہونگی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور اگر آپ کو منظور ہے تو ٹھیک ورنہ میں فاطمہ کو بھی اپنے ساتھ لے جاؤنگی اور آپ اچھی طرح جانتے ہیں آپ مجھے روک نہیں پائینگے ۔۔۔۔۔

کیا مطلب ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ چونکے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ان کے چونکنے پر وہ مسکرائی تھی ۔۔۔۔۔۔ اور طنزیہ انداز میں انہیں دیکھا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔

ایک طلاق تو آپ مجھے دے چکے ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ لیکن باقی کی دو طلاقیں آپ پر حقیقت واضح ہونے کے بعد ۔۔۔ ورنہ اس سے پہلے اگر آپ نے مجھے طلاق دی تو اپنی بیٹی کی شکل بھی کبھی نہیں دیکھ پائینگے ۔۔۔۔

بے بے فاطمہ کے ساتھ ہمیشہ رہینگیں ۔۔۔۔ اس کی پرورش انہی کے ہاتھوں ہوگی ۔۔۔۔ ورنہ آپ نے تو مجھے برا بنا ہی دیا ہے مجھے انتہائی قدم اٹھانے سے آپ تو کیا کوئی بھی نہیں روک سکتا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ کچھ دیر خاموش ہوئی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ خالی خالی نظروں سے انہیں دیکھا تھا

---------- پھر ایک دم بڑی بڑی کالی چمکدار آنکھیں سفید روشنی سے بھر گئیں تھیں اور دیکھتے ہی دیکھتے وہ ان کی نظروں کے سامنے ہی غائب ہو گئی تھی ----------

××××××××××××××

وہ تقریباً اس واقع کے دو ہفتے بعد ہی واپس لوٹ آئے تھے ---------- حیرت کی بات یہ تھی کہ بے بے نے ان سے حوریہ سے متعلق کوئی سوال نہیں کیا تھا-------- اور وہ بھی خاموش رہے کچھ نہ بولے ------ انہیں اس بات کا ڈر بھی تھا کہ کہیں حوریہ فاطمہ کو ان سے چھین کر نہ لے جائے -------- اگر وہ ایسا کرتی تو کیا بگاڑ سکتے تھے اس کا وہ --- کچھ بھی تو نہیں ----------- لیکن حوریہ نہ کبھی پھر ان کے سامنے آئی اور نہ کبھی بے بے نے اس کا ذکر تک کیا----- لیکن جب فاطمہ کے ساتھ بھی وہی کھیل کھیلا گیا اور جب وہ اس سے بھی بدگماں ہوئے تب قدرت نے حقیقت ان پر واضح کر دی تھی --------- اور آصف حاجی کی اصلیت ان پر آشکار ہو گئی ----- تب حوریہ مل بھی جاتی تب بھی اس کا سامنا کرنے کی ہمت ان میں نہیں تھی

---------

جب دل سے دل کی راہ جدا ہو

قربت میں بھی اجنبیت کی پیائش ہو
جب خلوص پر شک کی نظرپڑھ جائے تو
تب وفا کی کہاں دلوں میں افزائش ہو
رقیبوں کے ساتھ مراسم اگر.بڑھ جائیں تو
رشتوں میں خلوص کی کہاں گنجائش ہو
تھکے قدموں سے ہار کر سب کوئی چلا تو
پھر رونا کیسا پچھتانا کیسا تم پر بھی تو کچھ آزمائش ہو
انا کو مار کر دیکھو تم ایک بار ہار کر تو دیکھو
محبوب کے دل میں بھی تو کچھ ستائش ہو

مگر وہ محبوب تو بہت دور نہ جانے کہاں چلا گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔ اب یہی پچھتاوے ان کی زنگی کے ساتھ جڑھ گئے تھے اور یہ خوف بھی کہیں پرورش پا رہا تھا کہ اگر روٹھا سجن مل بھی گیا تو کیا وہ انہیں معاف کردے گا۔۔۔۔ واقعی کمان سے نکلا تیر اور زبان سے نکلی بات لوٹائے نہیں جا سکتے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور جمال شاہ

نے اپنے آشیانے کو آگ خود لگائی تھی جس کی لپیٹ میں ان کی اپنی دو نسلیں بھی آ گئیں تھیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

××××××××××××××

بابا ۔۔۔۔ بابا

کیا بات ہے شمشیر ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کیا ہوا ۔۔۔۔۔

وہ آنکھیں ملتے ہوئے باہر نکلے تھے ۔۔۔۔۔

ایک چھوٹا سا بچہ اس فارم ہاؤس کے ساتھ بنے چھوٹے سے بنگلے کے دروازے پر کھڑا دروازہ کھٹکھٹا رہا تھا ۔۔۔۔ تقریباً سات آٹھ سال کی عمر ہو گی کاندھے پر ایک لمبی عورت کو گٹھری کی طرح اٹھائے ہوئے تھا ۔۔۔ ابھی رات کا آخری پہر تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔ کسی کی نظر اس چھوٹے سے بچے پر پڑ جاتی تو الٹے قدموں دوڑ لگا دیتا ۔۔۔ بھلا ایک چھوٹا سا بچہ بڑی سے عورت کو کاندھے پر اٹھا کر مزے سے یوں گھوم سکتا ہے بھلا ۔۔۔۔ بہر حال وہ باہر نکل چکے تھے ۔۔۔۔۔

ارے یہ کون ۔۔۔۔۔۔۔

پتا ہوتا تو لاتا آپ کے پاس ۔۔۔۔۔۔۔ اسلئے تو لایا ہوں نا ۔۔۔۔۔۔

اچھا بھئی ملی کہاں آپ کو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اجی آدھی رات کو ڈبکیاں لگا لے رئیں تھے خالہ اماں ندی مئی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وہیں سے نکال کو ولایا مئیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اچھا اندر لے کر چلو انہیں کسی نے باہر دیکھ لیا تو مسلہ پڑھ جائے گا نا میاں ۔۔۔ تم تو پھر سے غائب ہو جاؤگے ۔۔۔ مجھ غریب کی گردن پھنسے گی ۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ پورا دروازہ کھولتے ہوئے بولے تھے اس سے تو وہ اپنے سفید دانتوں کی نمائش کرتا ہوا اس عورت کو کاندھے پر ڈالے اندر داخل ہوا تھا انکے ساتھ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

××××××××××××

باقی آئندہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

# ہم عوام اور پانامہ جی کا شوشہ

آج کل پانامہ سے متعلق خبریں ہر سو گردش میں ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میاں صاحب کی راتوں کی نیندیں حرام دن کا چین بھی گیا۔۔۔۔۔۔۔۔ اور فوجی بوٹوں کی تھاپ خوابوں میں بھی سنائی دینے لگیں ہیں۔۔۔۔جی ہاں آف شور کمپنیوں کی لیکیج خبر اور بے چارے ہمارے پرائیم منسٹر اور ان کے بچے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سب ہی اس پانامہ افتاد کی لپیٹ میں آ چکے ہیں۔۔۔۔۔ بیرونی ممالک جہاں کے صدور اور پرائیم منسٹرز کے نام زبان زد عام ہوئے وہاں دھڑا دھڑا استعفوں کی خبریں بھی آنی شرو ہو گئیں۔۔۔۔ مگر اب کیا کیا جائے پاکستان تو پاکستان ہے یہاں آنکھوں دیکھی مکھی بھی آسانی سے ہضم ہو جاتی ہے اور یہ معاملہ مکھی کا نہیں ہمارے بے تاج بادشاہ پرائیم منسٹر نواز شریف کا معاملہ ہے ۔۔۔۔۔۔۔ تو جناب کتنے عرصے تک نظام ہضم پر تابڑ توڑ حملے ہونگے یہ تو اللہ ہی بہتر جانتا ہے۔۔۔ ہم تو ٹھہرے مسکین عوام جن کی حیثیت گائے بکری کے ریوڑ سے زیادہ نہیں۔۔۔۔۔ اور صابن کے جھاگ سے زیادہ ہم جوش رکھتے نہیں۔۔۔۔۔

بہر حال شوکت خانم ہاسپٹل کی بے قاعدگیوں کی خبریں سننے کو ملیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔
پڑھ کر افسوس ہوا کہ ایک واحد فلاحی کینسر ہسپتال کو بھی اپنے ذاتی عناد

اور جلن کا نشانہ بنا دیا گیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور اپنی لوٹ کھسوٹ پر پردہ پوشی کے لئے الزام تراشیوں کا ایک نہ ختم ہونے والا سلسلہ شروع کر دیا گیا۔۔۔۔۔۔ اگر جناب ایسی کرپشن شوکت خانم ہسپتال میں ہو رہی ہیں تو برائے مہربانی ملک کے تمام سرکاری ہسپتالوں میں بھی اسی طرح کی کرپشن رائج کر دیجئے تاکہ عام آدمی کا بھی کچھ تو بھلا ہو ۔۔۔۔۔۔ معودبانہ گزارش ہے کہ اپنے سیاسی اکھاڑے میں ایسے اچھے اور بھلے فلاحی اداروں کو مت گھسیٹئے آپ سب کی بڑی مہربانی ہوگی۔۔۔۔

جناب بات ہو رہی تھی پانامہ پیپرز کی اور بیچ میں ہم دال لے کر بیٹھ گئے ۔۔۔ بہرحال جہاں تک ہمارے ملک کا تعلق ہے تو جناب اس کی سیاسی ڈور ہمارے بڑوں کے پاس بھی نہیں ہے۔۔۔ اور یہ بات فوج بھی اچھی طرح سے جانتی ہے اور پرویز مشرف والی غلطی دہرانا نہیں چاہتی ۔۔۔۔۔۔ مگر آخر کب تک یوں تمام معاملے سے قطع تعلق رہے گی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ دشمن کی نظریں ہم پر گڑی ہوئی ہیں ۔۔۔ اور آرمی کی ہچکچاہٹ بھی سمجھ آ رہی ہے ۔۔۔۔ مگر لگتا یہی ہے کہ آخر میں ناچار اسی کو اقتدار ٹیک اوور کرنا پڑیگا۔۔۔۔۔ افسوس نااہل نکلے میرے سارے رقیب والا حساب ہے ہمارے ملک کا۔۔۔۔۔۔

ایم کیو ایم ، پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ نواز اور دیگر سیاسی جماعتوں میں

تو وہ دم خم ہی نہیں اور مذہبی جماعتوں کا حال دیکھ کر آٹھ آٹھ آنسو رونے کا دل کرتا ہے ۔۔۔۔۔ تو کافر میں مسلمان سے آگے ان کی گاڑی ہی نہیں چل پاتی ۔۔۔۔ موٹی موٹی گالیاں اگر کسی کو سیکھنے کا شوق ہو تو چند دن ان مذہبی جماعتوں کے ساتھ اٹھے بیٹھے ۔۔۔ خود ہی فر فر ایک سے بڑھ کر ایک گالی میں خود کفیل ہو جائے گا ۔۔۔ جب ان جماعتوں کا یہ حال ہے تو سوچئے عام سیاسی جماعتیں کیا گل کھلا رہی ہونگی ۔۔۔۔۔

ایم کیو ایم کی کہانی بھی خوب ہے ۔۔۔۔ یہ واحد جماعت ہے جسے ہم نے بہت قریب سے دیکھا ہے اور جانا ہے ۔۔۔ کسی زمانے میں جھنڈے بھی لہرائے اور الطاف بھائی جان کے حق میں نارے بھی لگائے لیکن کیا کیجئے کچھ حب الوطنی کے جراثیم ہمارے اندر ہمیشہ سے ہی موجود رہے ۔۔۔ اس لئے حقیقت کھلنے پر کنارہ بھی کر لیا اور توبہ بھی ۔۔۔۔۔

بہر حال جب ملک دشمن ایسی جماعتیں پڑھے لکھے عوام الناس میں مقبول ہوں تو اس کا تو اللہ ہی حافظ ہے ۔۔۔۔۔ پھر نواز شریف جیسے لوگ ہی اقتدار میں آتے ہیں ۔۔۔۔۔ اور ہم جیسے لوگ انہیں بھگتتے ہیں ۔۔۔۔۔

کبھی کی راتیں لمبی تو کبھی کے دن اب دیکھنا یہ ہے کے یہ کڑوی گولی (پانامہ پیپرز) کب تک حلق میں اٹکی رہے گی ۔۔۔ عام آدمی تو کچھ کرنے سے رہا ۔۔۔ اس

کام کا بیڑا خاص لوگ ہی اٹھا سکتے ہیں ۔۔۔۔۔

جو سو رہا ہے وہ سو رہا ہے ۔۔۔ اب بین بجائے یا بانسری کیا فرق پڑیگا جناب ۔۔۔ فی امان اللہ

# مشکل راستے قسط ۳۸

سنیئہ چپ چاپ سوفے پر بیٹھی تھی ۔۔۔۔۔ سامنے رکھا ٹی وی آن تھا ۔۔۔۔۔۔ اس کا پسندیدہ شو آن ائیر آرہا تھا مگر اس کا ذہن اور دل کہیں اور ہی لگا ہوا تھا ۔۔۔ وہ عائیشہ کو سوچ رہی تھی ۔۔۔۔ اماں بی کی یوں ناگہانی موت نے عائیشہ کو بالکل بدل کر رکھ دیا تھا مگر وہ سنئیہ اور ککو کے لئے وہی عائیشہ تھی ۔۔۔ان کے لئے ہونٹوں پر ہر دم شفیق مسکراہٹ رقصاں رہتی تھی ۔۔۔ مگر نہ جانے ان دو ہفتوں میں کیا ہوا تھا کہ اس کی پیاری بہن یکسر ہی بدل گئی تھی ۔۔۔۔ بہت چپ چپ سی رہنے لگی تھی ۔۔۔۔ بات بات پر غصہ آجاتا تھا ۔۔۔۔ بہت مضطرب سی لگنے لگی تھی ۔۔۔ پتا نہیں کیا بات تھی جو اندر سے اسے کھائے جارہی تھی ۔۔۔ دیمک کی طرح چاٹ رہی تھی ۔۔۔۔۔۔

کافی بنادوں سنئیہ بی بی ۔۔۔۔۔۔۔

ہم جی ۔۔۔۔ مگر اکیلے نہیں پیونگی آپ کو بھی میرا ساتھ دینا پڑیگا ۔۔۔۔۔۔

ککو کے پوچھنے پر وہ اپنی سوچوں کے بھنور سے نکل آئی ۔۔۔ اور مسکرا کر

انہیں جواب دیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کچھ دیر میں ہی کافی بنا کر ککو لے آئیں۔۔۔۔۔

! سنئیے بی بی

جی ککو کہئے۔۔۔۔۔۔

ایک بات ہے جو مجھے کافی عرصے سے کھٹک رہی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ یہ عائیشہ بی بی نے کام کو کچھ زیادہ ہی سر پر سوار کر لیا ہے لگتا ہے۔۔۔ بہت چپ چپ رہنے لگی ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کوئی بات کرو تو ہوں ہاں سے زیادہ بات نہیں کرتیں۔۔۔۔۔

یہ بات تو مجھے بھی ککو پریشان کر رہی ہے۔۔۔۔۔۔۔ آپ جانتی ہیں وہ ایسی نہیں ہے ۔۔۔۔۔۔۔ وہ ہم دونوں سے زیادہ مضبوط اعصاب کی مالک ہے۔۔۔۔۔۔۔۔ اور اماں بی کے بعد جس طرح آپ اور مجھے اور اس کاروبار کو سنبھالا ہے۔۔۔۔ اتنا حوصلہ کم از کم میں تو نہیں دکھا سکتی مگر اب نا جانے کیا بات ہوئی ہے۔۔۔۔ وہ ایسا بی ہیو کیوں کر رہی ہے۔۔۔۔۔ ہر بات بھی تو اندر رکھ کر بیٹھجانے کی عادت ہے اسے۔۔۔۔۔

پریشانی کا سبب پوچھو تو محترمہ ایک ہی بات کہہ کر چپ کرا دیتیں ہیں۔۔۔۔۔ کچھ بھی تو نہیں۔۔۔ الحمداللہ۔ یہ بھی کوئی بات ہوئی

بھلا ۔۔۔۔

گکو کی بات سن کر وہ فوراً ہی نان اسٹاپ شروع ہو گئی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور عائیشہ کی نقل اتارنے لگی ۔۔۔ گکو بے اختیار مسکرا دیں ۔۔۔ اس گھر کی رونقیں سنئیہ ہی کے دم سے تو تھیں جو ہر قسم کے حالات میں بھی چہچہانہ نہیں بھولتی تھی ۔۔۔۔

ہارن کی مخصوص آواز پر وہ دونوں چونکی تھیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ گیٹ کھلنے اور گاڑی کے اندر آنے پر وہ دونوں مین ڈور کی طرف دیکھنے لگیں ۔۔۔۔۔ کچھ ہی پل بات مین ڈور کا دروازہ کھلا تھا اور عائیشہ دنیا جہاں کی سنجیدگی چہرے پر سجائے نمودار ہوئی تھی

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اسلام و علیکم ! تمہاری تبعیت کیسی ہے اب سنئیہ ۔۔۔۔

وہ دونوں کو سلام کرتے ہوئے فکرمندی سے سنئیہ سے بولی تھی ۔۔۔۔۔

وعلیکم اسلام ! بھئی مجھے کیا ہوا ہے بالکل فٹ فاٹ ہوں ۔۔۔۔ بس ایسے ہی ڈما مارنے کا دل چاہا تو بہانہ بنا دیا ۔۔۔۔

سنئیہ تم بھی حد کرتی ہو۔۔۔ تمہاری ہاؤز جوب چل رہی ہے اور تم اس طرح کی حرکتیں کر رہی ہو۔۔۔۔

سنئیہ کی بات سن کر وہ تنبیہی انداز میں اسے دیکھتے ہوئے بولی تھی۔۔۔۔۔

یار میں انسان ہوں ایک طرح کی روٹین سے اکتا گئی تھی۔۔۔ تمہاری طرح مشینی زندگی نہیں گزارنی مجھے۔۔۔ بس کام کام بس اور کچھ نہیں۔۔۔۔۔ یہ بھی کوئی زندگی ہے بھلا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سنئیہ اس کی بات سن کر لڑاکا عورتوں کی طرح کمر پر ہاتھ رکھے اس سے جراح کی تھی تو عائیشہ بے ساختہ مسکرا دی۔۔۔۔ اور اسے مسکراتا دیکھ کر ککو نے دل ہی دل میں اللہ سے اسے سدا مسکراتا دیکھنے کی دعا مانگی تھی۔۔۔۔۔۔

کھانا لگا دوں۔۔۔۔۔۔۔۔

جی ککو۔۔۔۔۔۔ آپ لوگوں نے کھایا کچھ ؟

ارے تمہارے بغیر حلق سے نوالہ اترے گا کیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تمہارا ہی انتظار کر رہے تھے۔۔۔۔۔ آؤ گی تو ہی کھائینگے نا۔۔۔۔

سنئیہ پھر شروع ہو گئی تو وہ مسکرا دی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

میں ذرا فریش ہو کر آتی ہوں جب تک آپ کھانا گرم کر لیں۔۔۔

××××××××××

میں جانتی ہوں۔۔۔۔ میری خاموشی میری جان سے زیادہ عزیز گڑیا کو اور ککو کو پریشان کر رہی ہے۔۔۔۔ لیکن میں بے بس ہو چکی ہوں۔۔۔ جو حقیقت مجھ پر کھل چکی ہے اس کے بعد بھلا میں کیسے۔۔۔۔ میں لاکھ کوشش کروں مگر اپنے اندر کی کڑواہٹ کو ختم کر نہیں پا رہی۔۔۔۔۔

سنئیہ ککو تو سو گئی تھیں مگر میں جاگ رہی تھی۔۔۔ دو ہفتوں سے نیند نہ ہونے کے برابر رہ گئی تھی۔۔۔۔ اور مجھے اب سنئیہ کی فکر بھی ساتھ کھائے جا رہی تھی۔۔۔ جو لوگ میری ماں سے جڑے ہر رشتے کے دشمن بن چکے تھے اور انہیں نقصان بھی پہنچا چکے تھے۔۔۔ وہ لوگ میری بہن سنئیہ اور ککو کو بھی نقصان

پہنچا سکتے تھے ۔۔۔۔ جو میں قطعی نہیں چاہتی تھی ۔۔۔۔۔ سنئیہ اور ککو کی سیفٹی سب سے پہلی ترجیح تھی ۔۔۔ اور میں جانتی تھی کہ مجھے اب کیا کرنا ہے ۔۔۔۔ فیصلہ میں کرچکی تھی جو شاید میرے حق میں تو نہیں مگر ککو اور سنئیہ کے لئے بہترین فیصلہ تھا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔

××××××××××××××

یہ تم کیا کہہ رہی ہو ۔۔۔۔۔ ابھی سے میری شادی ۔۔۔ ککو سنا آپ نے عائیشہ محترمہ کیا فرمارہی ہیں ۔۔۔

وہ غصے سے بولی تھی ۔۔۔۔ اور میں پر سکون انداز میں مسکرا کر اسے دیکھنے لگی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

بیٹا چھوٹا منہ بڑی بات ۔۔۔ شادی تو تمہاری پہلے ہونا چاہئے ۔۔۔۔ آپ بڑی ہیں

۔۔۔۔

وہ بھی تین سال ککو ۔۔۔۔ یہ تین سال بڑی ہے مجھ سے ۔۔۔۔۔

گکو کے کہنے پر سنئیہ ہاتھ ہوا میں نچاتے ہوئے بولی تھی ۔۔۔۔

اس سے کیا فرق پڑتا ہے گکو ۔۔۔۔ اکبر ماموں کے واقع کے بعد ہی میں نے سوچ لیا تھا
کہ پہلے ان محترمہ کی شادی خانہ آبادی کے بعد ہی اپنے بارے میں سوچو نگی ۔۔۔۔۔

کوئی دیکھ رکھا ہے کیا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سنئیہ بغور مجھے دیکھتے ہوئے بولی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ہاں ۔۔۔ اور تمہاری شادی کے بعد ہی ہم شادی کر سکتے ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ارے واہ جھوٹ بھی بولنا سیکھ گئی ہو عائیشہ ۔۔۔۔

یہ سچ ہے سنئیہ ۔۔۔

میں نے دل کڑا کرکے جھوٹ بولا تھا ۔۔۔۔۔ وہ مجھے غور سے دیکھے جا رہی تھی ۔۔۔

کب سے چل رہا ہے یہ سلسلہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آخر اس نے یقین کر ہی لیا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔

اس لئے تو تمہاری شادی کرنا چاہتی ہوں سنئیہ ۔۔۔۔۔ کچھ پروبلمز ہیں ۔۔۔ اس کا کہنا ہے کہ پہلے میں تمام ذمہ داریوں سے آزاد ہو جاؤں پھر شادی کا سوچینگے ۔۔۔۔

تو کیا میں فقط ایک بوجھ ہوں عائیشہ تمہارے لئے ۔۔۔۔۔

وہ ڈھیر سارا پانی آنکھوں میں لئے مجھ سے پوچھنے لگی تھی ۔۔۔۔۔ ساری شوخی ہوا ہو گئی تھی ۔۔۔۔ اس کی بڑی بڑی آنکھوں میں ایک کرب سا سمٹ آیا تھا جو مجھے بھی اندر سے کاٹنے لگا تھا ۔۔۔ مگر یہ کڑوی گولی تو نگلنی تھی ہی ہر حال میں اور میں جانتی تھی سیدھے طریقے سے وہ میری بات نہیں مانے گی ۔۔۔ اس لئے یہ ڈھونگ رچایا تھا ۔۔۔۔۔ میں اس کی بات سن کر خاموشی سے دوسری طرف دیکھنے لگی تھی ۔۔۔۔ ایسا پوز کیا جیسے واقعی وہ میرے لئے ایک بوجھ سے زیادہ کچھ نہیں ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔

تم جہاں کہو میں شادی کے لئے تیار ہوں عائیشہ ۔۔۔۔۔۔۔ تم موت کو بھی گلے لگانے کو کہو گی تو میں لگانے کو تیار ہوں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مگر یہ مت بھولنا کبھی کہ میں تمہیں بے تحاشہ چاہتی ہوں اور ہمیشہ چاہتی رہونگی ۔۔۔ اماں بی کو میں کھو چکی ہوں لیکن تمہیں کسی حال میں کھونا نہیں چاہتی ۔۔۔۔۔۔۔

یہ کہہ کر تیزی سے اپنے قدم کمرے کی طرف بڑھا دئے تھے ۔۔۔۔ اور میں اپنی پیاری گڑیا کی بات سن کر کھڑے کھڑے ہی ڈھے گئی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ نہیں جانتی تھی کہ آنے والا کل ہمارے درمیان ایک خلیج حائل کردے گا ۔۔۔۔۔۔۔ ایک نہ ختم ہونے والی جدائی کا کرب رہ جائے گا درمیان اور بس ۔۔۔۔۔۔

××××××××××

باقی آئندہ ۔۔۔۔۔۔۔

## مشکل راستے قسط ۳۹

رات کے آخری پہر اس کی آنکھ قرآن کی تلاوت کی آواز پر کھلی تھی ۔۔۔۔ چند لمحے تو صرف وہ یونہی لیٹی اندھیرے میں سر اوپر کئے چھت کو غائب دماغی سے دیکھے گئ ۔۔۔۔ پھر ایک دم اٹھ بیٹھی اور اپنی یادداشت پر زور دینے لگی ۔۔۔۔ اسے بس اتنا یاد تھا کہ وہ دشمن سے بچنے کے لئے بھاگ رہی تھی اور ٹھوکر لگنے سے ندی میں جا گری تھی ۔۔۔۔ مگر وہ اس کمرے میں کیسے پہنچی ۔۔۔۔۔ کس نے اسے بچایا تھا ۔۔۔۔۔۔ یا دشمن نے پھر کوئی نیا جال بنا تھا اسے زیر کرنے کے لئے ۔۔۔۔۔۔۔۔ مگر یہ قرآن کی تلاوت کی آواز ۔۔۔۔۔ ابھی وہ انہی سوچوں میں غلطاں تھی کہ ایک بچے کی آواز پر چونک اٹھی ۔۔۔۔۔

ہوش آ گیا خالہ اماں آپ کُو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کک کون ہو تم ۔۔۔۔۔۔۔۔ مم میں یہاں کیسے پہنچی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مم میں تو ۔۔۔

کیا خالہ اماں ۔۔۔۔ اٹھتے کی ساتھ ہی اتے سوالاں ۔۔۔ اجی ابھی تھوڑا آرام کرؤ آپ ۔۔۔۔ باتاں تو بات میں بھی ہوتے رہینگے ۔۔۔۔ میں اپنی بولوں گا

۔۔۔ بابا پنچھ سنائیںگے ۔۔۔۔۔ اور آپ اپنی کتھا سنانا ہم لوگاں کُو ۔۔۔۔۔

مم مگر تم ہو کون ؟؟؟؟؟؟

اجی بولا نا مئی ۔۔۔۔۔۔ آپ ابھی دماغ پر زور نکو ڈالو ۔۔۔ بات میں بتاتوں مئی آپ کُو سب ۔۔۔۔۔۔۔

شمشیر ! کیوں تنگ کر رہے ہیں آپ محترمہ کو ۔۔۔۔ ذرا ادھر تو آیئے ۔۔۔۔۔

شمشیر باہر سے پکارے جانے پر مزید ٹرٹرانے سے پرہیز کرتے ہوئے کمرے سے باہر نکل گیا ۔۔۔۔ اور وہ حیرت سے اس ننھے جن کو دیکھتی رہ گئی ۔۔۔۔۔۔۔ جو اس کے اندازے کے مطابق ابھی بیس کا بھی نہیں ہوا تھا ۔۔۔۔۔

××××××××××××

میں حسب معمول اس دن بھی آفس جانے کے لئے تیار ہو رہی تھی ۔۔۔۔ جب ہی سیل

فون نے بجنا شروع کردیا۔۔۔ ڈریسنگ ٹیبل پر پڑا سیل فون اٹھا لیا۔۔۔

ہیلو۔۔۔۔ اسلام و علیکم۔۔۔۔ جی کون ؟

وعلیکم اسلام۔۔۔۔ عائیشہ۔۔۔۔ میں شہاب بات کر رہا ہوں۔۔۔

کیسے ہیں شہاب ماموں آپ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ آپ مامی اور سمیرا اسی ہفتے آنے والے ہیں

نا۔۔۔۔

اللہ کا شکر ہے بیٹی۔۔۔ میں نے وہی بتانے کے لئے فون کیا تھا تمہیں۔۔۔۔ بیٹا سیٹ کنفرم ہو چکی ہے اور دو دن بات روانگی ہے یہاں سے۔۔۔۔ انشاء اللہ ہفتے والے دن رات کے دو ڈھائی بجے ہم پہنچینگے۔۔۔۔۔۔۔

یہ تو بہت اچھی خبر سنائی ہے آپ نے شہاب ماموں۔۔۔۔۔ اللہ سبحان و تعلیٰ آپ کا سفر آسان کرے آمین۔۔۔۔۔۔

آمین۔۔۔ ٹھیک ہے بیٹی آپ سے تفصیل آنے کے بعد ہی ہو گی۔۔۔ اللہ حافظ

اللہ حافظ ۔۔۔۔۔

فون ڈسکنکٹ ہوگیا تھا۔۔۔۔ اور میں بہت کچھ سوچ رہی تھی ۔۔۔۔۔ شہاب ماموں اماں بی کی طرح مخلص، زندہ دل اور نیک تبعیت کے مالک تھے ۔۔۔۔ مامی بھی بہت پیار کرنے والی خاتون تھیں اور سمیر ان کا بیٹا تھا۔۔۔ انہی کا پر تو۔۔۔۔۔ وہی عادات اور خصوصیات ۔۔۔۔۔ سمیر بہترین انتخاب تھا سنئیہ کے لئے ۔۔۔۔ میں تو دنیا کی تمام آسائیشیں اپنی بہن کے خدموں میں ڈال دینا چاہتی تھی ۔۔۔۔۔۔ میری خوشیاں سنئیہ سے شروع ہو کر اسی پر ختم ہوتی تھیں ۔۔۔۔ مگر تیزی سے بدلتے حالات اور واقعات مجھے اس ڈگر پر لے آئے تھے کہ مجھے اس سے دوری اختیار کرنی پڑ رہی تھی ۔۔۔۔۔ اور اس کی زندگی سے چلے جانے سے پہلے اسے محفوظ ہاتھوں میں سونپنا چاہتی تھی ۔۔۔۔ جہاں وہ خوش رہ سکے محفوظ رہ سکے ۔۔۔۔۔۔۔۔ اور شہاب ماموں مامی اور سمیر سے بہتر میری نظر میں اور کوئی تھا بھی نہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

××××××××××

سورج کی تیز روشنی چاروں طرف پھیلنے لگی تھی ۔۔۔۔ ٹھنڈی ہوا میں تپش شامل ہونے سے ٹھنڈ کا احساس ختم ہونے لگا تھا۔۔۔۔۔ اس چھوٹے سے بنگلے میں شمشیر

بلی کے بچے کا روپ دھارے اچھلتا کودتا پھر رہا تھا۔۔۔۔ اور وہ باریش سے بزرگ لاؤنج میں رکھے تخت پر بیٹھے ہوئے تھے۔۔۔ ایک چھوٹی سی فولڈنگ ٹیبل انکے سامنے رکھی ہوئی تھی۔۔۔۔ ان کے چاروں طرف کاغذات بکھرے ہوئے تھے اور وہ کچھ لکھنے میں محو تھے۔۔۔۔۔۔ وہ کمرے کے دروازے میں کھڑی ان دونوں کا جائیزہ لے رہی تھی۔۔۔۔۔ تبھی شمشیر کی نظر اس پر پڑی تھی۔۔۔۔۔

ارے خالہ اماں۔۔۔۔ آیئے نا کئی کُو آپ جھجھک رئیں۔۔۔۔۔۔۔

اُو ہوں۔۔۔۔ شمشیر میاں اس طرح نہیں بولتے۔۔۔۔۔۔۔۔

بیٹی کیسی تبعیت ہے آپ کی اب۔۔۔۔۔۔

شمشیر کو ٹوکا تھا انھوں نے پھر اس سے مخاطب ہوئے تھے۔۔۔۔۔

جی ٹھیک ہوں اب۔۔۔۔ مگر آپ کون۔۔۔۔۔

اجی مجھ سے پوچھیے تعارف بابا کا۔۔۔۔۔ کہنے کُو ڈاکٹر مگر انسان اور جانوراں دونو کو دیکھ لیتئیں۔۔۔۔ رائیٹر بھی خوب لیکن اپنے نام کی بجائے

فقت اے جے سے کام چلالے تے ۔۔۔۔

اچھا بھئی بہت تعارف کرادیا آپ نے میرا جناب ذرا شکنجبین تو پلائیں ۔۔۔۔۔

لو جی میرا تعارف بھی کرادئے نا بابا آپ ۔۔۔۔

شمشیر جو بچے کے روپ میں آچکا تھا ۔۔۔برے برے منہ بناتا ہوا بولا تو وہ مسکرا دئے

۔۔۔۔۔

اچھا اب باتیں مت بنایئے اور جایئے اور شکنجبین بنائے ۔۔۔خود بھی پیجئے اور ہمیں بھی

پلایئے ۔۔۔۔۔۔

اچھا جاروں نا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ جھنجھلاتا ہوا بولا تھا اور غائب ہوگیا ۔۔۔۔۔

وہ حیرت سے ان دونوں کی نوک جھونک سن رہی تھی ۔۔۔۔

اچھا بیٹا اب آپ اپنے بارے میں مجھے بتائے ۔۔۔۔آپ کون ہیں اور ندی میں کیسے گریں ۔۔۔۔ اتنا تو مجھے پتا چل گیا ہے کہ آپ ایک عام انسان نہیں ہیں ۔۔۔۔۔ ہو سکتا ہے میں اندازے میں غلط ہوں مگر جہاں تک میں نے نوٹ کیا ہے ۔۔۔ کہ آپ انسان کے علاوہ بھی بہت کچھ ہیں ۔۔۔۔۔

آپ نے صحیح اندازہ لگایا ہے ۔۔۔۔ میں آپ کی طرح ایک نارمل انسان نہیں ہوں ۔۔۔۔ میں اک نامکمل انسان ہوں ۔۔۔۔۔

آپ بتانا پسند کرینگی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کہ آپ یہاں کیسے پہنچیں ۔۔۔۔۔

پہلے آپ بتائے ۔۔۔۔ یہ کونسا دن ہے ۔۔۔ میرا مطلب تاریخ کیا ہے آج ۔۔۔۔۔

وہ حیرت سے اسے دیکھنے لگے تھے ۔۔۔۔۔۔۔

میں نے کافی عرصہ بے ہوشی کی حالت میں گزارا ہے ۔۔۔۔۔۔۔

اوہ ۔۔۔۔ اچھا ۔۔۔۔ آج منگل کا دن ہے اور تاریخ 2nd may ۔۔۔۔۔2017

۔۔۔۔ 2nd may 2017 تک کیا کہا آپ نے تاریخ

جی ۔۔۔۔۔۔

اوہ میرے خدا ۔۔۔۔۔۔

وہ انکی بات سن کر چکرا گئی تھی ۔۔۔۔۔ اور سر تھام لیا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کیا ہوا ؟؟؟؟؟

وہ اس کی حالت دیکھ کر گھبرا گئے تھے ۔۔۔۔۔۔

مم۔۔۔ میں اتنے سالوں تک ۔۔۔۔۔۔۔۔ ان ظالموں کے چنگل میں ۔۔۔۔۔۔۔ اوہ !

میرے اللہ ۔۔۔۔۔ مجھ پر رحم کر ۔۔۔ میری بیٹی پر رحم کر ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

خالہ اماں پریشان نکو ہو آپ ۔۔۔ اللہ سب بہتر کرے گا ۔۔۔۔۔

شمشیر جو غائب حالت میں انکی باتیں سن رہا تھا۔۔۔ فوراً ہی انسانی روپ میں ظاہر ہوا تھا اور اسے تسلی دینے لگا۔۔۔۔۔۔ اور وہ بزرگ بڑے غور سے اسے دیکھ رہے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔ کچھ دیر تک تو وہ سر جھکائے اپنے آنسوؤں پر بند باندھنے کی کوشش کرتی رہی ۔۔۔۔ اور پھر سر اٹھا کر ان دونوں کی طرف دیکھا تھا۔۔۔۔

اگر مناسب سمجھیں بیٹا تو اپنے بارے میں تفصیل سے بتائے ۔۔۔۔ آپ کون ہیں اور آپ کے ساتھ کیا گزری۔۔۔۔

یہ ایک طویل داستان ہے۔۔۔۔۔ میرا تعلق انسانوں سے بھی ہے اور جنات سے بھی ۔۔۔۔۔ میرے دادا نے بڑے پیار سے میرا نام حوریہ رکھا تھا۔۔۔۔۔

××××××××××××××

باقی آئندہ۔۔۔۔۔۔

# چاک ہے گریباں قصور کس کا۔۔۔۔

میرے نئے ناول سے دو اقتباسات ۔۔۔۔۔

دستک کی آواز پر وہ چونک اٹھا

افففف ۔۔۔۔۔۔ اس وقت کون آگیا بھئی ۔۔۔

وہ دل میں سوچتا ہوا چارپائی سے اٹھ بیٹھا ۔۔۔۔۔۔۔ دوپہر کے ڈھائی بج رہے تھے ۔۔۔۔ شدید گرمی اور بجلی بھی دو گھنٹے سے غائب تھی ۔۔۔۔۔ اسے ایک اتوار کا دن ہی تو ملتا تھا گھر میں گزارنے کے لئے ۔۔۔۔ اور وہ سارا دن سو کر گزارتا تھا ۔۔۔۔۔ یہی اس کی عیاشی ہوتی تھی ۔۔۔۔۔ لیکن آج کا دن ہی اس کے لئے منحوس ثابت ہوا تھا ۔۔۔۔ صبح دودھ لینے نکلا تو جیب کٹ گئی ۔۔۔۔۔ اکلوتے پانچسو روپے جیب کترے کی نظر ہوگئے ۔۔۔۔ اور راستے میں اکلوتا جوتا بھی ٹوٹ گیا ۔۔۔۔ وہ دل میں چور کے ساتھ اپنی اکلوتے جوتے کو بھی کوستا ہوا گھر میں داخل ہوا تھا ۔۔۔۔۔ اور دودھ کے بغیر ہی کالی کلوٹی چائے زہر مار کی تھی ۔۔۔۔۔۔ اور باسی روٹی کھا کر ۔۔۔ پھر لیٹا تو دستک کی آواز پر ہی آنکھ کھلی تھی ۔۔۔۔ جمائی لیتا ۔۔۔۔۔برے.برے منہ بناتا وہ اٹھ کر دروازے پر آکر رک گیا ۔۔۔

کون ہے بھائی ۔۔۔۔

اے دلاور کھول دروازہ۔۔۔۔۔

مانوس بھدی آواز سن کر دروازہ کھولا تو شیدا جلدی سے اندر گھس گیا۔۔

اوئے شیدے تو اس وقت ۔۔۔۔۔ یار موقع دیکھ کر آیا کرنا۔۔

کیوں کیا تیری جورو سو رہی ہے اندر جو اس طرح بول رہا ہے۔۔۔۔

وہ پیلے دانتوں کی نمائش کرتا ہوا بولا۔۔۔

××××××××××××××××××××××

چل بھیا ادھر ہی روک دے اپنی پھٹ پھٹی ۔۔۔

نئے چن چی رکشہ کو تم اماں پھٹ پھٹی کہہ رہی ہو۔۔۔

ارے اجاڑ صورت نکلے کمینکے۔۔۔ پھٹ پھٹی نہ بولوں تو اور کیا بولوں اسے۔۔۔ سارا راستہ کمبخت پھٹے ڈھول کی طرح بجتا رہا۔۔۔۔ سر میں درد کرکے رکھ دیا۔۔۔ اب خاباں (خواب) میں بھی مسلسل تیری پھٹ پھٹی بجتی رہے گی۔۔۔۔

اس کی سیاہی مائل گردن پر ایک ہاتھ جڑتے ہوئے بولیں تھیں۔۔۔۔۔۔

اماں یا تو اردو بولو یا پھر حیدرآبادی۔۔۔ یہ بیچ ادھر کیوں زبان لٹکی رہتی ہے تمہاری ۔۔۔

## " کھرا سچ "

مانا کہ زندگی بہت دشوار ہے ۔۔۔۔۔ آج کل مہنگائی عروج پر اور عام آدمی کی جیب اکثر خالی رہتی ہے ۔۔۔۔ مانا کہ چور بازاری لوٹ مار اور دہشت گردی عام ہے اور شاید ہم پاکستانی زیادہ تر خوف کے عالم میں زندگی بسر کر رہے ہیں ۔۔۔۔ لیکن کیا واقعی ایسا ہے ۔۔۔ کیا واقعی یہ ساری برائیاں ہمارے حکمرانوں اور دیگر اداروں کا کیا دھرا ہے ۔۔۔۔ کیا واقعی ہم میں کوئی کھوٹ نہیں ۔۔۔۔ دل پر ہاتھ رکھ کر ذرا خود کو کٹھہرے میں کھڑا کر کر دیکھئے اور سوچئے کیا ہم پر بھی فردِ جرم عائد ہوتی ہے یا نہیں ۔۔۔۔۔۔۔ کیا ہم اپنے حصے کا کام پوری دیانت داری سے کر رہے ہیں یا نہیں ۔۔۔ جن جن قوموں کا قرآن میں ذکر ہے جن پر عذابِ الہیٰ نازل ہوا اور وہ اقوام نیست نابود کر دی گئیں ۔۔۔۔ کیا وہ تمام برائیاں ہم میں پنپ نہیں رہیں ۔۔۔۔ ناپ تول میں کمی اور ناقص اشیاء دھوکے سے فروخت کرنا کوئی بڑی بات نہیں ۔۔۔۔ قومی اداروں میں رشوت اپنا حق سمجھ کر وصول کی جاتی ہے ۔۔۔۔ سود کو جائز قرار دینے کے لئے کتنے ہیلے استعمال کرتے ہیں ہم ۔۔۔۔ کئی اسکیمیں بینکوں نے نکالیں اور اس پر نام نہاد مولویوں نے فتوے بھی دے دئے ۔۔۔ اپنے مال سے کچھ خرچنا ہم چاہتے نہیں ۔۔۔۔ بے جا اِسراف کے لئے ہمارے پاس اگر پیسے کم پڑ جائیں تو

ادھار لینے سے بھی ہچکچاتے نہیں بس لوگوں پر امپریشن اچھا پڑے ۔۔۔ ذرا سی تکلیف ہمیں برداشت نہیں مگر کسی اور کے دکھ درد کی تکلیف کی ہمیں کوئی پرواہ نہیں ۔۔۔۔ ہاں زبانی جمع خرچ خوب کروالیں ہم سے ۔۔۔ یہ سب خامیوں کے باوجود ہم مظلوم ہیں ۔۔۔۔ اور ہمارے ساتھ ناانصافی ہورہی ہے ۔۔۔۔ عورتوں نے بھی چادر اور چاردیواری سے باہر قدم کیا رکھا مانو پر لگ گئے ہیں انہیں ۔۔۔ حیا شرم بس دیدوں تک رہ گئی ہے ۔۔۔ اور بس ۔۔ پہناوے پڑوسی ملک سے یا ہمارے صاحب بہادر (گورے) کے ۔۔۔۔ حجاب اور شرم وحیا کی نئی تھیوری پیش کرتیں یہ خواتین دوپٹے کی جھنجھٹ سے بھی آزاد اور خودمختار ۔۔۔۔ حقوقِ نسواں کا جھنڈا ہاتھ میں پکڑے خراماں خراماں بس چلی جارہی ہیں دنیاوی لوازمات سے لیس مگر اپنے انجام سے بے خبر ۔۔۔۔۔ اور یہی عورتیں جب مائیں بنتی ہیں تو بچوں کی تربیت کس ڈھنگ سے کرینگی ۔۔۔۔ ذرا سوچ لیجئے ۔۔

ہر کوئی بے چین و بیقرار ۔۔۔۔ دلی سکون کی تلاش میں سرگرداں ۔۔۔۔ وحشت چہروں سے عیاں ۔۔۔۔ ماتھے پر پڑی شکنیں کررہی ہیں دلوں کا حال بیاں ۔۔۔ روزِ معاش کی تنگی کہیں بے جا اِسراف ۔۔۔ اشرافیاء سے لے کر ایک عام آدمی تک سب ہی اپنی جگہ بے ایمانی کا موقع ہاتھ سے جانے نہیں دیتے ۔۔۔۔ جس کو جیسا بن پڑا وہ کررہا ہے پھر رب سے شکوہ کیسا، گلہ کیسا ۔۔۔۔ اس دشتِ جنوں میں ایک قلم کار پر بہت بڑی ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ اپنی تحریروں کے ذریعے

معاشرتی برائیوں کے خلاف لکھے ۔۔۔۔ اور اپنے قلم کی کبھی قیمت نہ لگنے دے ۔۔۔ آج کل افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ ہمارے کچھ قلم کار بھائی ان باتوں کا خیال نہیں رکھتے ۔۔ اور طاغوتی قوتوں کے ہاتھوں کٹ پتلی بن جاتے ہیں ۔۔۔۔ قلم بھی ایک جہاد ہے ۔۔۔ اگر اس کا مثبت استعمال ہوگا تو آخرت میں ہمیں شرمندہ نہیں ہونا پڑیگا ۔۔۔۔ ورنہ لگے رہئے بہتی گنگا میں ہاتھ دھوتے رہئے اور اسی طرح گناہوں کا بوجھ لئے آخر میں اس پاک رب سے ملنے چل دیجئے ۔۔۔۔ فی امان اللہ

بہت دل تڑپتا ہے بہت تکلیف ہوتی ہے
سچ کڑوا تو ہے پر بات جب صحیح ہوتی ہے
جھوٹ کے پلندے میں دبے یہ کرارے سچ
جب حقیقت کھلتی ہے تو شرمندہ کرتی ہے
آج کون ہے جو حق کی بات کرتا ہے
سچ کا ساتھ دینا کون گوارا کرتا ہے
قلم بھی زہر اگلتے ہیں
آنکھوں پر پٹی باندھے سب پھرتے ہیں
گونگے بہرے اندھی تقلید کے ہم پیروکار
رسول اللہ کی شفاعت کے متمنی
ان سے کوسوں دور جا پڑے ہیں

اللہ ہی بچائے اللہ ہی سمجھائے
اسلام کو ڈبونے خود مسلم چل پڑے ہیں۔۔۔

# سچ ہمیشہ کڑوا ہی ہوتا ہے

سچ ہمیشہ کڑوا ہی ہوتا ہے۔۔۔۔ جو سچ بول رہا ہے اور جو سن رہا ہے دونوں کے ہی لئے ۔۔۔۔ آج کے دور میں سچ بولنا آسان نہیں ۔۔۔ کون سننا چاہے گا بغیر کسی لپٹا لپٹی کے یہ کرارے سچ ۔۔۔۔۔ ہماری سماعتیں تو جھوٹ در جھوٹ کی اس قدر عادی ہو چکی ہیں کہ سچ پر بھی جھوٹ کا گمان ہوتا ہے ۔۔۔۔ ہر شعبے میں دیکھ لیجئے ۔۔۔۔ سیاست میں تو چلو جھوٹے کا ہی بول بالا رہا ہے ہمیشہ سے مگر ہماری روزمرہ زندگی بھی اسی کا سہارا لئے ہوئے ہے ۔۔۔۔ مگر میں یہاں نہ سیاسی افراد پر بات کرونگی اور نہ عام آدمی پر ۔۔۔۔ میں یہاں صرف اپنے صحافی برادران پر بات کرنا چاہونگی ۔۔۔ آج صحافت ایک بڑی مافیا کا روپ دھار چکی ہے ۔۔۔۔ بہت سے میڈیا سے وابستہ صحافی حضرات کرپٹ افراد سے اپنا حصہ وصول کرتے ہیں ۔۔۔ اگر بات بن گئی تو ٹھیک ورنہ اس افسر یا تاجر کی خبر لیک ہو گئی جناب ۔۔۔ منہ چھپاتے پھر و اب ۔۔۔۔ کیوں پنگے لئے سیدھے طریقے بھی تو تھے نا ۔۔۔ آپ بھی اپنا کام کرتے رہتے اور ہمیں بھی کچھ فائدہ ہو جاتا ۔۔۔۔ صحافت کا مزاق اڑاتے یہ صحافی صحافت پر بہت بڑا بدنما داغ ہیں جناب ۔۔۔۔ شاید بہت سے لوگوں کو میری بات بری لگے لیکن بہت سے صحافی حضرات میری اس بات سے متفق بھی ہونگے ۔۔۔ جو اپنے پیشے سے مخلص ہیں جن کا ضمیر ابھی مردہ نہیں ہوا ۔۔۔ جن کا مقصد صرف حق بات کہنا لکھنا

اور عام قاری تک اسے پہنچانا ہے ۔۔۔۔ فی امان اللہ

# مشکل راستے قسط 40

زندگی اتنی مشکل ہو جائے گی سوچا بھی نہیں تھا۔۔۔ سنئیہ کی ہنسی کہیں کھو گئی تھی۔۔۔ میری پیاری گڑیا نے چہکنا ہی چھوڑ دیا تھا۔۔۔ مجھ سے ناراض تھی مگر ایسے پوز کرتی جیسے ہمارے درمیان کچھ ہوا ہی نہیں۔۔۔ اور ککو کے سجدے طویل ہونے لگے تھے۔۔۔۔ وہ خاموش تھیں نہ اس سے کچھ بولتیں نہ مجھ سے۔۔۔۔ اور میں عائیشہ دانیا علی اپنی ذات میں ہی قید ہو گئی تھی۔۔۔۔۔ شہاب ماموں کے آنے میں ابھی صرف چند دن باقی بچے تھے میرے دیگر ماموں بھی آگے پیچھے پہنچنے والے تھے۔۔۔۔ بچھڑنے کا جدا ہونے کا وقت بہت قریب آ گیا تھا۔۔۔۔ سنئیہ انجان تھی۔۔۔ اس معصوم کو تو کچھ پتا بھی نہیں تھا۔۔۔۔ اور میں چاہتی بھی نہیں تھی اسے خبر ہو۔۔۔۔۔

وہ دن بھی عام دنوں جیسا تھا۔۔۔۔ عبدل بھائی بخار کے سبب اپنے کواٹر میں آرام کر رہے تھے۔۔۔۔ میں اپنے آفس خود ڈرائیو کر کے گئی تھی۔۔۔۔ سنئیہ آف ڈیوٹی کی وجہ سے گھر پر ہی تھی۔۔۔ شام کے ساڑھے پانچ بجے ہی میں مل سے گھر واپسی کے لئے نکل چکی تھی۔۔۔۔ لیکن گھر جانے کی بجائے گاڑی کلفٹن کی طرف موڑ لی۔۔۔۔۔ گرمیوں کے دن تھے لیکن لگاتار بارش ہونے کے سبب ہوا میں خنکی کی وجہ سے ٹھنڈ زیادہ بڑھ گئی تھی۔۔۔۔ جس کے سبب ساحل سنسان پڑا تھا۔

بھپری موجیں زوردار طریقے سے ساحل سے ٹکراتیں ۔۔۔۔ اور واپس لوٹ جاتیں ۔۔۔ میں نے عین ساحل سمندر پر گاڑی روک دی تھی ۔۔۔ کچھ دیر چپ چاپ ڈرائیونگ سیٹ پر بیٹھی رہی ۔۔۔۔ پھر باہر نکل آئی ۔۔۔۔ اور ساحل سمندر کی جانب اپنے قدم بڑھا دئے ۔۔۔۔ ایک عجیب سی کیفیت طاری تھی اس پل مجھ پر ۔۔۔۔ میں خود بھی اپنی کیفیت کو سمجھ نہیں پارہی تھی ۔۔۔۔ ایک اضطرابی سی کیفیت تھی ۔۔۔ جانے کیوں اداسی مجھ پر حاوی ہونے لگی تھی اس سمے ۔۔۔۔ سمندر بھپرا ہوا سا لگ رہا تھا ۔۔۔ میرے قد سے بھی اونچی لہریں تھیں جو مجھ سے ٹکرا رہیں تھیں ۔۔۔ میرے قدموں کو آگے بڑھنے سے روکنے کی ناکام کوشش کر رہی تھیں ۔۔ میرا پورا وجود ان بڑی بڑی لہروں نے بھگو دیا تھا ۔۔۔ مگر قدم تھے کے سمندر کے اندر اور بڑھتے ہی جارہے تھے ۔۔۔ میں اب سمندر میں کمر تک اتر چکی تھی ۔۔۔ اندر جتنا شور تھا اس کے مقابلے میں لہروں کا شور تو کچھ بھی نہیں تھا ۔۔۔۔ میں سب کچھ کھونے والی تھی اپنوں سے دوری کا احساس ہی بڑا جان لیوا تھا ۔۔۔۔ اور اس وقت بھی اسی سوچ اور فکر نے مجھ پر ایک جنونی سی کیفیت طاری کر دی تھی ۔۔۔۔۔ میں نے اپنا وجود ڈھیلا چھوڑ دیا خود کو لہروں کے حوالے کر دیا ۔۔۔۔۔ اب جہاں لے جائیں ۔۔۔۔۔

اچانک ہی کسی نے میرا ہاتھ تھاما تھا ۔۔۔۔

میں جو خود میں ہی کھوئی ہوئی تھی چونک کر سر اٹھا کر اس ہستی کو دیکھا تھا۔۔۔۔ سفید لبادے میں وہ ایک عورت تھی۔۔۔ قد تقریباً میرے ہی برابر یا مجھ سے کچھ نکلتا ہوا ۔۔۔۔ میرا ہاتھ تھامے کسی ماہر تیراک کی طرح تیرتے ہوئے سمندر کو چیرتی ہوئی آگے بڑھ رہی تھی۔۔۔۔ ہاتھ نرم تھے مگر گرفت بے انتہا سخت۔۔۔

تقریباً آدھا گھنٹہ بیت گیا۔۔۔ حدِ نگاہ سمندر کا نیلگوں پانی پھیلا ہوا تھا۔۔۔۔ ساحل دور کہیں رہ گیا۔۔۔ میں نے کسی قسم کی کوئی مزاحمت نہیں کی تھی۔۔۔۔ وہ سمندر کی سطح پر تیر رہی تھی آگے کی اور بڑھ رہی تھی۔۔۔۔۔ اچانک ہی اس عورت نے سمندر میں غوطہ لگایا تھا اور میرا ہاتھ تھامے سمندر کی گہرائی میں اترتی تیرتی چلے گئی۔۔۔۔۔

حیرت کی بات یہ تھی کہ پانی کے اندر بھی میں سانس لے سکتی تھی۔۔۔۔۔ پتا نہیں یہ عورت کون تھی۔۔۔۔۔ اس نے ایک بار بھی میری طرف مڑ کر نہیں دیکھا تھا۔۔۔۔

اب وہ سمندر کی گہرائی میں میرا ہاتھ تھامے اسی طرح بجلی کی سی رفتار سے تیرتے ہوئے سمندری چٹانوں کے درمیان سے گزر رہی تھی۔۔۔ اچانک ہی ایک بڑی سی سمندری چٹان کے پاس رکی تھی۔۔۔۔ چٹان کے سامنے کے حصے میں بہت بڑا سُوراخ سا بنا ہوا تھا وہ اس سوُراخ مییں داخل ہو گئی۔۔۔ اندر سے یہ پہاڑ نما چٹان کھوکلی تھی اور حیرت انگیز طور پر کسی بھی سمندری مخلوق سے پاک۔۔۔۔۔ اس نے اب میرا ہاتھ چھوڑ دیا تھا۔۔۔۔ اور میری طرف مڑ کر دیکھا تھا۔۔۔ لامبا قد سر سے پاؤں تک سفید عربی

عورتوں جیسے لبادے میں ملبوس ۔۔۔ بے انتہا حسین ۔۔۔۔بڑی بڑی سیاہ آنکھوں میں
ایک خاص چمک سی تھی ۔۔۔۔ سچی بات تو یہ تھی کہ وہ مجھے اپنا ہی عکس لگی ۔۔۔ جیسے
میں آئینے کے سامنے کھڑی ہوں ۔۔۔۔۔

کک کون ہیں آپ ؟

عائیشہ !

میرے پوچھنے پر اس نے صرف اتنا ہی کہا تھا ۔۔۔۔ اس کا لہجہ اپنایت سے بھرپور تھا ۔۔۔
ایک تڑپ تھی ۔۔۔۔ درد اور مٹھاس کی چاشنی سے بھرپور ۔۔۔۔

کون ہیں آپ ؟

مجھے لگا میں اس عورت کو جانتی ہوں ۔۔۔۔ جیسے بہت خاص تعلق ہو میرا اس سے ۔۔۔
دل کی دھڑکن تیز ہونے لگی تھی ۔۔۔۔۔ اور میں ایک ٹک اسے دیکھے گئی ۔۔۔۔۔

بہت خاص رشتہ ہے ہمارا تم سے بیٹا۔۔۔۔ بہت ہی خاص ۔۔۔۔ ہمارے وجود کا ہی ایک حصہ ہو تم ۔۔۔۔ دل سے دھڑکن کا۔۔۔ روح سے جسم کا جو تعلق ہوتا ہے نا وہ ہو تم

۔۔۔۔

آآ۔۔آآپ

ہاں میں فاطمہ ہوں تمہاری ماں ۔۔۔ وقت اور حالات نے جدا کیا۔۔۔ اور وقت ہی ہمیں آمنے سامنے لے آیا۔۔۔۔ ایک دوجے کے سامنے کھڑا کر دیا۔۔۔۔۔ قسمت کی ستم ظریفی دیکھو۔۔۔ میں بیٹی کبھی تمہارے سامنے اس طرح نہیں آنا چاہتی تھی کبھی نہیں ۔۔۔ مگر خیر جو اللہ کی مرضی ۔۔۔۔۔۔۔

اور میں اپنی جگہ ساکت سی کھڑی رہ گئی تھی ۔۔۔۔

××××××××××××××

بڑے سے دالان میں شمشیر چوکی پر بیٹھا ہوا بڑے انہماک سے حوریہ کی داستانِ غم سن رہا تھا۔۔ اور بزرگ بھی خاموشی سے اس کی دکھ بھری داستان سن رہے تھے ۔۔۔۔۔ لہجے میں دنیا جہاں کا کرب سمٹ آیا تھا۔۔۔ بار بار خوبصورت آنکھیں

پانی سے بھر جاتیں ۔۔۔۔ لاکھ کوشش کے باوجود آنکھوں سے سیلِ رواں جاری ہوگیا تھا ۔۔۔۔۔ وہ تھوڑی دیر کے لئے خاموش ہوئی تھی ۔۔۔۔۔ تب بزرگ نے شمشیر کو اشارہ کیا تھا ۔۔۔ اور شمشیر میاں بیٹھے بیٹھے ہی اپنی جگہ سے غائب ہوگئے تھے اور پھر چند سیکنڈوں میں ہی ظاہر ہوئے تھے ہاتھ میں پانی کا گلاس تھا ۔۔۔۔

پانی پی لیں خالہ اماں ۔۔۔ حلق خشک ہوگیا ہوگا نا آپ کا ۔۔۔۔ کب سے نان آسٹاپ بولے جارئیں ۔۔۔۔۔ رُلادئے نا آپ ہم کُو ۔۔۔۔۔

شمشیر !

اچھا بابا نہیں بولتا مئے ہونٹاں سی لے کُو بیٹھ جاتوں اب ۔۔۔۔۔۔

وہ جھنجھلائے انداز میں بولا تھا مگر اس کی بات کو نظر انداز کرتے ہوئے وہ حوریہ کی طرف مُڑے تھے ۔۔۔۔

بیٹی اس کی بات کا بُرا مت ماننا ۔۔۔۔ ہمارے شمشیر میاں کا مزاج ھی کچھ نرالا سا ہے ۔۔۔۔

بہت پیارا بچہ ہے بھائی ۔۔۔۔ بولی تو بڑی پیاری ہے ۔۔۔۔۔ اس کی کوئی بات مجھے بُری نہیں لگ رہی ۔۔۔۔۔

حوریہ نے آنسو پوچھتے ہوئے بڑی محبت سے شمشیر کو دیکھا تھا ۔۔۔ تو شمشیر میاں نے ذرا سی گردن اکڑا کر بابا کو دیکھا تھا ۔۔۔۔۔ اور بابا کے ساتھ حوریہ بھی ان کی اس حرکت پر مسکرا دیں ۔۔۔

آپ اپنے شوہر کے گھر سے جب نکلیں تو تب کیا ہوا ۔۔۔ آپ ہندوستان کس طرح پہنچیں ۔۔۔۔۔۔

بابا کے سوال کرنے پر حوریہ نے اداس نظروں سے انہیں دیکھا تھا ۔۔۔ اور ایک گہری سانس لی تھی ۔۔۔۔

×××××××××××××××××

باقی آئندہ ۔۔۔۔

## مولوی حضرات اور اخلاق

جی ہاں بھینس کے آگے بین بجائیں یا بانسری کچھ فرق نہیں پڑھتا ۔۔۔ اور ہمارے مولوی حضرات نے غالبا" زندگی گزارنے کے رہنما اصول فقط عام عوامالناس کے لئے وقف کردئے ہیں ۔۔۔۔۔ اور خود کو اس سے بری الزماں سمجھ لیا ہے ۔۔۔۔ رسول اللہ کا ذکر چھڑ جائے تو آنکھوں سے اشک جاری ہو جاتے ہیں لیکن جہاں اتباۓ رسول پر عمل کرنے کا وقت آئے تب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وضح کردہ رہنما اصولوں سے نگاہیں پھیر لیں ۔۔۔

اور اپنی ڈیڑھ انچ کی مسجد بنا کر بیٹھ گئے ۔۔۔ ذرا کسی نے مزاج کے خلاف اپنا مؤقف پیش کردیا تو اس بیچارے پر کفر کا فتوا لگا کر زندہ درگور کردیا ۔۔۔۔ اسے معتوب قرار دے دیا ۔۔۔ ہر فرقے کی اپنی ایک منطق ہے اور لچک دکھانے کو کوئی راضی نہیں ۔۔۔ افسوس سے کہنا پڑھتا ہے ۔۔۔ ہم مسلمان ہو کر بھی مسلمان نہیں بن پائے ۔۔۔ اسلام کو نہیں سمجھ پائے ۔۔۔

آج ایک چینل پر ٹالک شو دیکھ رہی تھی اور سوچ رہی تھی کہ نہ دیکھتی تو بہتر تھا ۔۔۔ دیگر شرکہ کے اوپر تو بات نہیں کرونگی لیکن اس میں شرکت کرنے والے ایک شریک کی پھول جھڑتی زبان نے ہمارے چودہ طبق روشن کردئے ۔۔۔ خود کو عالم دین ثابت کرے پر تلے موصوف کے دین کا تو پتہ نہیں البتہ گالم گلوچ میں ضرور

پی ایچ ڈی کی ہوئی تھی انہوں نے ۔۔۔۔ جب حد سے گزرنے لگے تو مجبوراً دوسرا چینل لگا دینا پڑا ۔۔۔ بچے اور ساس سامنے بیٹھے تھے اور ویسے ہم اکیلے میں بھی اس ٹالک شو کو دیکھنے کی دوبارہ جرت اپنے اندر نہیں پا رہے تھے ۔۔۔۔

خیر کہنے کا مقصد یہ ہے کہ آخر مولوی حضرات جو خود کو ولی اللہ کہلوانا پسند کرتے ہیں عام آدمی کو نصیحت کرتے ہیں اخلاق اور کردار پر ہمیشہ بحث اور مباحثہ اپنا فرضِ عین سمجھتے ہیں خود کو کیوں اس سے بری الازماں سمجھ لیا ہے :

عن ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ قال : سئل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسل عن اکثر ما یدخلالناس الجنہ ؟ فقال ( تقویٰ اللہ وحسن الخلق ) وسئل عن اکثر مایدخل الناس النار؟ (فقال (الفم والفرج) رواہ الترمذی ا (حسن

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا گیا کون سا عمل سب سے زیادہ لوگوں کے جنت میں جانے کا سبب بنے گا ؟ آپ صلی علیہ وسلم نے فرمایا " تقویٰ اور اچھا اخلاق " ۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا گیا کہ " کونسا عمل سب سے زیادہ لوگوں کے آگ میں جانے کا سبب بنے گا " تو آپ صلی علیہ وسلم نے فرمایا " منہ اور شرمگاہ " اسے

ترمذی نے روایت کیا ہے۔

میرا صرف اتنا کہنا ہے کہ دین اسلام کو رٹنے رٹانے سے کوئی عالم دین نہیں بن جاتا ۔۔۔اسے سمجھنے اور خود بھی اس پر پہلے عمل کرنے اور اپنی زندگی کو اس پر گزارنے کے بعد ہی کسی کو دعوتِ دین کی طرف بلانے اسے غلط راہ پر جانے سے روکنے کی کوشش کی جانی چاہئے ۔۔۔فرقہ چاہے کوئی بھی ہو اختلاف چاہے جتنا بھی ہو مگر جس کا اخلاق بہتر ہوگا لوگ اسی طرف جائینگے ۔۔اس طرح گالم گلوچ کرنے سے کچھ حاصل نہیں ہوتا ۔۔۔اور عام آدمی پر بھی اچھا امپریشن آپ حضرات کا نہیں پڑتا ۔۔۔۔جب مولوی ایسی زبان بول رہا ہے تو ہم تو گناہگار بندے ہیں ہم کیوں پیچھے رہیں ۔۔اور پھر جو انارکی پھیلے گی وہ جگ ہنسائی کا باعث تو بنے ہی گی ساتھ میں ملک کی ابتر حالت مزید ابتری کا شکار ہو جائے گی ۔۔ میرا مقصد یہاں کسی کی دل آزاری نہیں اس لئے اگر کوئی بھی بات بری لگے تو معافی چاہتی ہوں ۔۔۔ فی امان اللہ ۔۔۔

# آرلینڈو کیس سے طورخم بارڈر تک

جس طرح کا پروپیگنڈا آرلینڈو میں اسلام کے خلاف کیا گیا ہے اور اسے دہشتگردی قرار دینے کی پوری کوشش کی گئی ہے۔۔۔ مسلمانوں کے خلاف لوگوں کے دلوں میں نفرت پیدا کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔۔۔۔ اور سارا قصور اسلام اور قرآن کے سر تھوپنے کی کوشش کی گئی ہے۔۔۔ ڈیئربورن مشیگن میں ایک شیعہ مسجد ہے ایک صاحب نے اس کا مکمل ایڈرس انٹرنٹ فیس بک اور ٹوئیٹر پر ڈالا ہے اور لوگوں کو جذباتی کرنے کے لئے بدلے سے متعلق کیپشن لگایا ہے پوسٹ میں۔۔۔۔ یہ سب اس بات کو تقویت فراہم کر رہا ہے کہ آئندہ الیکشن میں جو بھی الیکٹ ہوگا وہ تعصب کی بنیاد پر ہوگا اور مسلم امیگرینٹس کے خلاف سخت ردِ عمل اور انہیں امریکہ سے نکال باہر کرنے کی مہم شروع کر دی جائے گی۔۔۔ جس پر ڈونلڈ ٹرمپ اور ان کے حواری اور انہی کی جیسی تعصبانہ سوچ رکھنے والے سینیٹرز پہلے ہی سے سرگرم عمل ہیں۔۔۔

اب آتے ہیں عمر متین کی شخصیت کی طرف۔۔۔۔ عمر متین کون تھا۔۔۔ کیا وہ مسلم تھا؟ کیا اس کا یہ اقدامِ قتل اسلام کے لئے تھا کیا وہ اآئی ایس ایل (آئی ایس آئی ایس) کا خود کش دہشت گرد تھا؟ بہت سے سوالوں کے جوابات اس کے قریبی ساتھیوں، رشتہ داروں اور مطلقہ بیوی سے معلوم ہو چکے ہیں اور میڈیا

کا پروپیگینڈا بھی آپ اور ہم سن اور دیکھ چکے ہیں ۔۔۔۔ نہ تو افغانی نژاد عمر متین پنج وقتہ نمازی تھا اور نہ ہی دینِ اسلام کے دیگر ارکان پر عمل کرتا تھا ۔۔۔۔ شراب پینا اور ہلڑ بازی اس کا محبوب مشغلہ تھا اور موصوف خود بھی اس ہم جنس پرست کلب کا بقاعدہ ممبر تھا ۔۔۔ جی ہاں خیر سے موصوف بذاتِ خود بھی ہم جنس پرست تھے ۔۔۔۔ ایک دو دفعہ موصوف کو شراب کے نشے میں دھت ہو کر کلب کے دیگر ہم جنس پرستوں سے لڑائی بھی کر چکے تھے اور انہیں دھمکا بھی چکے تھے ۔۔۔۔ جس پر کلب کی انتضامیہ نے انہیں نکال باہر کیا تھا ۔۔۔ جس کا بدلہ لینے کی اس نام نہاد ہمجنس پرست نے ٹھان لی تھی کہ وہ اس بے عزتی کا بدلہ ضرور لیگا اور آخر اس نے کیا بھی ۔۔۔ مگر سوال تو یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا واقعی اس نے ایسا کیا بھی تھا یا پھر اسلام اور مسلمانوں کے خلاف پھر کوئی مضموم سازش کی گئی ہے اور اسٹیج تیار کیا گیا ہے جس کا پرفارمر عمر متین تھا اور اس شو کی انتضامیہ امریکی یہودی میڈیا اور ایجنیز رہیں ۔۔۔

اس کیس میں بہت سے جھول ہمیں نظر آتے ہیں ۔۔۔۔ نایٹ کلبز اور دیگر پبلک مقامات پر جن میں گروسری اسٹورز ، ہیلتھ ڈپارٹمنٹس، دفاتر اور گورنمنٹ آفیسز میں کیمرے لگے ہوتے ہیں ۔۔۔ اگر کچھ کرمنلز کوئی مضموم حرکت کر بیٹھتے ہیں تو کیمرا کی فوٹیج کے ذریعہ کرمنل کو پکڑنے انصاف کے کٹھمرے میں

اسے لانے کے لئے مدد لی جاتی ہے۔۔۔ اور اس کیس میں اسے یکسر یا یوں کہئے جان بوجھ کر نظر انداز کیا گیا۔۔۔۔ جن متاثرین اور عینی شاہدین کے انٹرویوز لئے گئے۔۔ بات میں کچھ کی انٹرنٹ پر اصل حقیقت بھی سامنے آ گئی کے وہ لوگ کون تھے۔۔۔۔ ان میں سے اکثر کا تعلق شوبز کی دنیا میں ایکسٹرا یعنی فلم یا شو کے مناظر میں ایکسٹرا کے طور پر آپ دیکھ سکتے ہیں اور یہ ہم نہیں کہہ رہے اور نہ اپنی طرف سے کچھ گھڑ کے بیان کر رہے ہیں۔۔۔ یہ خبریں خود درد مند دل اور باہوش چند امریکی افراد نے لیک کی ہیں ۔۔ میں یہ نہیں کہہ رہی کے کچھ نہیں ہوا اور یہ سب ڈھونگ تھا مگر جب نائین الیون میں ہزاروں افراد کو اپنے مضموم مقاصد کے لئے قربان کر دیا گیا تو پچاس افراد کی کیا حیثیت۔۔۔ اگر سوچیں کڑیاں ایک کے بعد ایک ملتی چلی جائینگیں اور حقیقت کھل کر سامنے آ جائے گی۔۔۔۔

بہر حال اب ذرا اپنے وطنِ عزیز کے حالات کا بھی جائزہ لے لیا جائے۔۔ افغانستان اور پاکستانی بارڈر پر افغان فورسز کی بلا اشتعال فائرنگ اور جھڑپ۔۔۔۔۔ طورخم بارڈر پر افغان فورسز و پیچھے دھکیل دیا گیا اور ان کی کئی چوکیوں پر قبضہ۔۔۔۔ پاکستانی فوج کے جوان مزید کامیابیاں سمیٹتے ہوئے مزید دشمن کو پیچھے کی طرف دھکیلتی ہوئی دشمن علاقے میں مزید پیش قدمی کی اسٹریٹیجی اپنائے ہوئے۔۔۔ آج آن لائین انٹرنیٹ پر یہی خبر سننے اور

دیکھنے کو ملی ۔۔۔۔ لیکن دل خوش ہونے کی بجائے تفکرات میں گھِر گیا۔۔۔ لگتا ہے ہماری پوری قوم اور میڈیا سامنے جو کامیابی نظر آ رہی ہے فقط اس پر فوکس کئے ہوئے ہیں ۔۔۔ مگر ہمیں ایسا نہیں لگ رہا جناب ۔۔۔۔ کہیں نا کہیں کچھ نا کچھ گڑبڑ ضرور ہے ۔۔۔ کیا پاکستان کی طرف جال بچھا دیا گیا ہے ۔۔۔۔ جس طرح عراق نے کویت پر حملے کا فیصلہ کیا تو اس وقت امریکہ اور دیگر طاقتیں خاموش رہیں مگر کویت میں فورسز اتارنے کی دیر تھی سب عراق پر چڑھ دوڑے ۔۔۔۔۔ اور پھر فقط دو نشتوں ( جنگوں میں عراقی صدر اور عراقیوں کا کام تمام (September 9/11 میں ) ( کویت اور کر ڈالا گیا ۔ کیا وہی گیم تو نہیں کھیلا جا رہا پاکستان کے ساتھ سوچنے کی بات ہے ۔۔۔۔ بلکے یوں کہنا چاہئے فکر کی بات ہے ۔۔ غلط نشانے لگا کر اپنا بارود یوں ذایع کر دینا کچھ تو امریکیوں سے سیکھا ہوگا نا ۔۔۔۔ آپ سب کو لگتا ہوگا کے ہم لایعنی اور فضول کے وسوسوں میں پڑھ گئے ہیں ۔۔۔ لیکن کیا کیجئے ہم دور تک دیکھنے کے عادی ہیں ۔۔۔ اور ہم نہیں چاہتے کے ہمارا وطن جو پہلے ہی مشکلات میں گھِرا ہوا ہے مزید مشکلات کا شکار ہو جائے ۔۔ بہر حال اللہ رحم کرے ۔۔۔ ہم پر اور ہمارے وطن پر ۔۔۔۔ اور امتِ مسلمہ پر ۔۔۔ فتنے پوری شدت سے پھل پھول رہے ہیں ۔۔ سازشیں اسلام کے خلاف اپنی جوبن پر ہے ۔۔۔ افسوس خود مسلماں حکومتیں اسلام کے خلاف سر گرم ہیں ۔۔ ر عام آدمی کی سوچنے سمجھنے کی حس ہی ختم کر دی گئی ہے ۔۔۔۔ جال بنے اور بچھائے جا رہے ہیں اور ہم آنکھیں بند کئے کان بند

کئے فقط ایک ہی راگ الاپ رہے ہیں ڈیڑھ انچ کی مسجد سب بنائے بیٹھے ہیں ۔۔۔
لسانیت قومیت کا پرچار کرتے ہوئے ہم اپنی مسلم آئیڈنٹیٹی کھوتے جا رہے ہیں ۔۔۔
لبرلزم اور انتہا پسندی کے درمیان اسلامی میانہ روی چکی کے دو پاٹوں کے درمیان پستی محسوس ہو رہی ہے ۔۔۔۔ اللہ رحم کرے ہم سب پر ۔۔۔۔ فی امان اللہ

# مشکل راستے قسط 41

میں نے اسی پل کراچی کے لئے اڑان بھری تھی ۔۔۔اب ایک پل بھی امریکہ میں رہنا میرے لئے نا ممکن تھا ۔۔۔ میں ایک جن اور انسان کی بیٹی تھی قصور میرا صرف اتنا ہی تھا ۔۔۔۔ لیکن جمال تو یہ سب جانتے تھے اور کسی حد تک میری ذات کو لاحق خطرات سے بھی آگاہ تھے مگر پھر کیسے اس شخص نے مجھ پر اعتماد اور بھروسہ کرتے کرتے غیروں پر اعتبار کرنا شروع کردیا تھا ۔۔۔۔۔ میری روز مرہ زندگی کا ہر پل ہر ساعت ہر لمحہ ان کے سامنے تھا ۔۔۔ پھر بھی اس بدبخت کی باتوں میں آکر نہ صرف مجھے دھتکار دیا تھا بلکہ میرا ان پر مان اور اعتماد بھی زمین بوس کردیا تھا ۔۔۔۔۔ یہ کیسی محبت تھی ان کی جس نے مجھے زندہ درگور کردیا تھا ۔۔۔۔۔ کیا محبت کرنے والے اتنے ہی شقی القلب ہوتے ہیں ۔۔۔۔ کیا ان کے دل میں کہیں نہ کہیں میری ذات سے متعلق شک چھپا بیٹھا تھا ۔۔۔۔۔ جو وسوسے مجھے ڈرا رہے تھے وہ حقیقت کا روپ دھار چکے تھے کتنی جلدی سب کچھ تباہ ہوگیا تھا ۔۔۔۔۔۔ اپنے گھر کے مین ڈور پر کھڑی میں یہی سوچے جا رہی تھی ۔۔۔۔ نہ میں ایک مکمل جن تھی اور نہ ہی مکمل انسان میری شخصیت ادھوری تھی ۔۔۔ لیکن جمال سے شادی کے بعد میں خود کو ان ہی جیسا سمجھنے لگی تھی ۔۔۔ ان کے اعتماد نے مجھے اپنی ہی نظروں میں انمول بنا دیا تھا ۔۔۔۔ مگر آج ان کے کہے الفاظ نے مجھے بکھیر

کر رکھ دیا تھا۔۔۔۔

آپ مجھ سے کتنی محبت کرتے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔

جان سے بھی زیادہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

میں ہنسی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کیوں یقین نہیں آ رہا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

نہیں آپ پر یقین خود سے بھی زیادہ ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ لیکن ڈرتی ہوں

۔۔۔۔۔۔۔۔۔ حد سے زیادہ محبت کہیں نفرت میں نہ بدل جائے۔۔۔۔۔۔۔

ایسا کیوں سوچتی ہو۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کیا مجھ پر اعتبار نہیں ؟

میں تو آپ پر اعتبار کرتی ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔ مگر کیا آپ کو مجھ پر ہے

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کیا؟

اعتبار۔۔۔۔۔۔ بھروسہ

بالکل ہے۔۔۔۔۔

سوچ لی جئے۔۔۔۔۔۔ بہت بڑی بات کہہ رہے ہیں آپ۔۔۔۔۔

کیوں یقین نہیں آ رہا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ڈرتی ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وقت سے حالات سے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

میں انکی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے بولی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

پرانی باتیں ذہن و دل کو ڈسنے لگیں تھیں اس پل۔۔۔ ایک نا معلوم سا درد اترنے لگا تھا رگِ جاں سے لپٹنے لگا تھا۔۔۔۔۔ میرے اپنے مالی نے چمن میں آگ لگا دی تھی ۔۔۔۔۔مین ڈور پر کھڑی میں یہی سوچ جا رہی تھی کبھی یہ گھر میرا تھا اب اس کی درو دیوار سے اجنبیت محسوس ہو رہی تھی۔۔۔۔ بہر حال ہمت

کرکے کپکپاتے ہاتھوں سے مین ڈور کھولا تھا اور اندر داخل ہو گئ جیسے ہی بڑے سے لاؤنج میں قدم رکھا ہی تھا کہ عباس مالی کا ناشتہ ایک ٹرے میں رکھے سامنے سے آتا دکھائی دیا۔۔۔۔

اسلامُ علیکم میم صاحب۔۔۔

وعلیکم اسلام۔۔ بے بے کہاں ہیں۔۔۔۔

عباس میرے لہجے کی کپکپاہٹ محسوس کرکے تھوڑی دیر کو ٹھٹھک سا گیا تھا۔۔۔۔۔ اور مجھے دیکھنے لگا۔۔۔ جتنا لہجے میں کپکپاہٹ تھی اتنا ہی چہرا بے تاثر تھا سپاٹ تھا۔۔۔۔۔

وہ فاطمہ بی بی کے کمرے میں ہیں۔۔۔۔

اس کی بات سن کر میں تیزی سے سیڑھیوں کی طرف بڑھ گئ۔۔۔۔ چند سیکنڈ میں ہی فرسٹ فلور پر اپنی بیٹی کے کمرے کے سامنے کھڑی تھی دروازہ ادھ کھلا تھا۔۔۔۔۔ فاطمہ کی کلکاریوں کی آوازیں میرے ارادے کو ڈانوڈول کرنے لگی تھیں۔۔۔۔ اپنی بیٹی سے دوری کا احساس ہی بڑا تکلیف دہ تھا۔۔۔۔ کچھ لمحے میں

یوں ہی کھڑی اپنے اشکوں کو پینے کی کوشش کرتی رہی ۔۔۔ پھر دروازہ کھول کر اندر داخل ہو گئی ۔۔۔۔ میری پیاری بے بے فاطمہ کے ساتھ بیٹھی اس کوئی کہانی سنا رہی تھیں ۔۔۔۔ ان سے بایں کرتی میری پھول سی بچی بیچ بیچ میں قہقہے لگا رہی تھی ۔۔۔ مجھے اندر داخل ہوتا دیکھ کر بے بے خوشی سے اٹھ بیٹھیں اور فاطمہ تیزی سے دوڑتی ہوئی مجھ سے لپٹ گئی ۔۔۔۔

حور مما آپ آ گئے ۔۔۔ ابو جی کاں (کہاں) ہیں ؟

معصومانہ انداز میں مجھ سے پوچھنے لگی تو ایک دم میں نے اسے گود میں اِٹھا لیا ۔۔۔۔۔

بے بے جو خوشی سے مجھے دیکھ رہی تھیں میرے چہرے کے تاثرات دیکھ کر وہیں کھڑی کی کھڑی رہ گئیں ۔۔۔۔

کیا ہوا ہے حوریہ بی بی ۔۔۔ سب ٹھیک ہے نا ۔۔۔ صاحب کدھر ہیں ۔۔۔۔

انکے پوچھنے پر حسرت سے میں نے انہیں دیکھا تھا ۔۔۔ میرے اس طرح سے دیکھنے پر وہ بیتابی سے میری طرف بڑھی تھیں ۔۔۔۔ اور میرے کاندھے پر ہاتھ رکھا تھا ۔۔۔ فاطمہ کو گود میں ہی اُٹھائے میں ان سے لپٹ گئی ۔۔۔

سب کچھ ختم ہوگیا بے بے ۔۔۔ سب کچھ ختم ہوگیا ۔۔۔۔

کیا کہہ رہی ہیں بی بی ؟ کک کیا ختم ہوگیا ۔۔۔۔ صاحب کدھر ہیں ۔۔۔ مجھے بتائیں بی بی ایسا کیا ہوگیا ۔۔۔

کیا بتاؤں بے بے ۔۔۔ آپ کے صاحب نے مجھے جیتے جی مار دیا ۔۔۔۔ ایک غیر کو مجھ پر فوقیت دے دی ۔۔۔۔ مجھے اپنی ہی نظروں میں گرا دیا ۔۔۔ نفرت جیت گئی بے بے محبت نے آج دم توڑ دیا ۔۔ ہاں دم توڑ دیا ۔۔۔۔ مر گئی محبت آج ۔۔۔ ۔ شک کے کالے ناگ نے اسے ڈس لیا ۔۔۔ آآ آآپ کی حوریہ کو ڈس لیا ۔۔۔ یہ میں نہیں کھڑی آپ کے سامنے میری زندہ لاش کھڑی ہے ۔۔۔۔۔۔

میں رو رہی تھی اور بے بے صدمے اور غم کی تصویر بنی مجھے دیکھے جا رہی تھیں ۔۔۔۔ میرا درد ان کی آنکھوں سے بہنے لگا تھا اس سمے ۔۔۔۔ پھر کچھ پل خاموشی کی نظر ہوگئے ۔۔۔۔ پھر ایک دم میں اُٹھی تھی اپنی جگہ سے ۔۔۔ اپنی لختِ جگر کا آخری بار شاید بوسہ لیا تھا ۔۔۔ وہ میری گود میں لیٹے لیٹے سو گئی تھی ۔۔۔ اسے اس کے بستر پر لٹا کر میں ان کے نزدیک آ گئی اور عقیدت اور محبت سے ان کے دونوں ہاتھ تھام لئے اور ہاتھوں کا بوسہ لیا تھا ۔۔۔۔

میں جا رہی ہوں بے بے ہمیشہ کے لئے ۔۔۔ مگر فاطمہ کو آپ کے پاس چھوڑ کر جا رہی ہوں میری بیٹی کی پرورش آپ کرینگی ۔۔۔۔ جمال سے کچھ مت پوچھیے گا کچھ بھی نہیں ۔۔۔ جمال اور فاطمہ کی حفاظت کا ذمہ آپ اور اپنے قبیلے کو سونپ رہی ہوں ۔۔۔ دشمن چالاک ہے بے بے ۔۔ بہت شاطر ہے کب وار کر جائے پتا نہیں چلتا ۔۔۔۔ دیکھیں کس طرح بے خبری میں مجھے مات دے دی ۔۔۔ میرے اپنے کو میرے خلاف کر دیا ۔۔ میرے دشمنوں کی سف میں لا کھڑا کیا ۔۔۔۔ وعدہ کریں بے بے میری بچی اور جمال کا ساتھ آپ اور پورا قبیلہ کبھی نہیں چھوڑے گا ۔۔۔۔

میں وعدہ کرتی ہوں اپنی آخری سانس تک ہم ان کی حفاظت کرینگے ۔۔ ہم کبھی ان کا ساتھ نہیں چھوڑینگے ۔۔۔ مگر آپ کہاں جانے کی بات کر رہی ہیں ۔۔۔۔ آپ مکہ مکرمہ لوٹ چلیں اپنے والد اپنے دادا کے پاس ۔۔۔۔

نہیں بے بے ۔۔۔۔۔ وہاں جاؤں گی تو بابا اور سردار بابا ضرور جمال سے پوچھینگے اور ان کی غلط فہمی دور کرنے کی کوشش کرینگے ۔۔۔ جو میں آہ قطعی نہیں چاہتی ۔۔۔ میری انا میری خودداری گوارہ نہیں کرتی ۔۔۔ میری جنگ مجھے خود لڑنا ہے بے بے ۔۔۔ یا تو میں اپنا کھویا مقام دوبارہ حاصل کر لونگی یا پھر فنا ہو جاؤنگی ۔۔۔۔

یہ کہہ کر میں رکی نہیں تھی بجلی کی سی رفتار سے وہاں سے نکل گئی تھی ۔۔۔ صرف اس کمرے سے ہی نہیں اس محل نما بنگلے سے بھی شاید ہمیشہ کے لئے اور باہر نکلتے ہی اُڑان بھری تھی نامعلوم منزل کی طرف ۔۔۔ زادِ راہ فقط ٹوٹے دل کے ساتھ کچھ تھا بھی نہیں ۔۔۔ مگر اس بات سے بے خبر کہ دشمن تو یہی چاہتا تھا ۔۔۔۔ مجھے تنہا کرنا اور پھر پیچھے سے وار کرنا ۔۔۔ اور اس نے ایسا ہی کیا ۔۔۔ جب میں بے چین کسی بھٹکی ہوئی روح کی طرح محوِ پرواز تھی ۔۔۔۔ سندھ کے صحرائی علاقے تھرپر سے گزر رہی تھی تب میں نے ایک بچی کو جو تقریباً فاطمی کی عمر کے لگ بھگ تھی کو دیکھا جو شاید پیاس کی شدت سے بے حال تھی اور تقریباً نیم مردہ حالات میں تن تنہا صحرائی گرم ریت پر بے حس و بے جان سی پڑی تھی ۔۔۔ اس کے سر پر پانچ چھے گدھ منڈلا رہے تھے ۔۔۔۔ میں یہ دیکھ کر تڑپ کر نیچے کی طرف اتر آئی تھی اس بچی کے قریب ۔۔۔ وہ بے سُدھ اوندھے منہ پڑی تھی ۔۔۔ میں نے اس کی نبض چیک کرنے کے لئے اس کا سوکھا پتلا سا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لیا ہی تھا کہ اس بچی نے اپنا جسم ہلائے بغیر ہی اپنی گردن گھما کر مجھے ایک عجیب پر اسرار مسکراہٹ کے ساتھ دیکھا تھا ۔۔۔۔ اسکی آنکھوں میں سفید پتلیاں نہیں تھیں کالی عجیب اُبھرے ہوئے ڈیلے تھے اور چہرا انتہائی چھوٹا ۔۔۔۔ میں چونکی تھی اور مجھے شدید خطرے کا احساس ہوا تھا اس لمحے ۔۔۔ مگر افسوس میرے سنبھلنے سے پہلے ہی کسی نے میرے سر پر پیچھے سے کسی بھاری چیز سے وار کیا تھا اور میں وہیں پر ڈھیر ہو گئی تھی

۔۔۔

××××××××××××

باقی آئندہ۔۔۔۔۔

## میرے نئے ناول لکھاری سے ایک چھوٹا سا اقتباس

چلتے چلتے قدم تھکنے لگے ہیں ۔۔۔۔ بہت سے ساتھی بچھڑ گئے اس سفر میں جن کا ساتھ ہمیں اٹوٹ لگتا تھا ۔۔۔ تنہائی مسلسل ایک عذاب کی صورت ۔۔۔ اس بات کا احساس دلاتی ہے کہ انجام کار آخر اکیلے ہی تنتنہا رخصت ہونا ہے ۔۔۔ زادِ راہ فقط گنے چنے اعمال بس ۔۔۔۔۔ آج جو ہے کل نہ ہوگا ۔۔۔ آج ہم ہیں کل شاید ہماری داستان سنانے والے بھی نہ ہوں ۔۔۔۔ ایک لکھاری ایک قلم کار کی زندگی جہدِ مسلسل ہے ہر پل ہر لمحہ یا تو شہرت اس کے قدم چومتی ہے یا پھر گمنامی مقدر میں تاریک رات کی طرح در آتی ہے ۔۔۔۔ پر خواب دیکھنے کا حق تو سب کو ہے ۔۔۔۔ ہم لکھاری بھی خواب دیکھتے ہیں اپنے خوابوں کی تعبیر پانے کی کوششوں میں جٹے رہتے ہیں ۔۔۔۔ کچھ مجھ جیسے سرپھرے بھی ہوتے ہیں اور کچھ درمیانہ راستہ اپنے لئے چن لیتے ہیں ۔۔۔۔ بہت کم ایسے ہوتے ہیں جنہیں ان کی زندگی میں ہی وہ راحتیں وہ آسانیاں مل جاتی ہیں مگر زیادہ تر تو اسی حسرت ویاس کی تصویر بنے اس دنیا سے کوچ کر جاتے ہیں ۔۔۔۔ یا پھر شہرت کی دیوی مہربان ہوتی بھی ہے تو اس سے پہلے ہی سانسیں تمام ہو جاتی ہیں ۔۔۔

# امجد صابری اور ٹارگٹ کلنگ

موت کا وقت تو مقرر ہے جب آنا ہوتا ہے جب آ جاتی ہے ۔۔۔ سنبھلنے کا بھی موقع نہیں ملتا ۔۔۔۔ طبعی موت یا حادثاتی موت پر چلیں صبر آ جاتا ہے وقت کے ساتھ مگر کسی عزیز کسی اپنے کے بے دردی سے قتل ہو جانے پر برسوں لگ جاتے ہیں سنبھلنے میں ۔۔۔۔ ٹارگٹ کلنگ کے واقعات تھمنے کا نام ہی نہیں لے رہے ۔۔۔ پہلے ٹارگٹ کلنگ میں نشانہ وہ لوگ بنتے تھے جن کا تعلق صحافت، سیاست یا پھر پولیس یا سیکرٹ سروس سے ہوتا تھا یا پھر وہ بیچارے جن کے پاس پرچی تو پہنچ جاتی تھی اور ٹائیم فریم بھی دے دیا جاتا ہے کہ جناب اتنا وقت ہے آپ کے پاس رقم دینے کے لئے ورنہ نتائج کے آپ خود ذمہ دار ہونگے ۔۔۔ جنھوں نے دھیان نہیں دیا انہیں ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنا دیا گیا ۔۔۔۔ لیکن شاید یہ پہلا واقع ہے کہ ایک شوبز سے تعلق رکھنے والے ایک مشہور قوال کو اس طرح بے دردی سے مارا گیا قتل کر دیا گیا ہو اِنّا للهِ وَاِنّا اِلَیہِ رَاجِعون ۔۔۔۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اس قتل کے پیچھے کیا مقصد چھپا تھا ۔۔۔۔ آیا امجد صابری کو بھی پرچی مل چکی تھی یا پھر ان کا قتل ایک نئے گیم پلان کی شروعات ہے ۔۔۔۔ طورخم بارڈر پر ہماری فوج نے جس طرح دشمن کے دانت کھٹے کئے اور انہیں یہ بات جتا دی گئی کہ پاکستانی فوج ان سے کئی گُنا بہتر ہے اور اپنی سرحدوں کی حفاظت سے غافل بھی

نہیں تو اب دشمن نے یہ نئی چال چلی ہو کہ سرحد پر نہیں تو اندر سے وار کیا جائے ۔۔۔۔ اور انہیں ایسے کئی عناصر افسوس اندر سے ہی مل جاتے ہیں جو ملکو کھو کھلا کرنے انتشار اور دہشت پھیلانا اپنا فرضِ عین سمجھتے ہیں ۔۔ اور لسانیت اور قومیت کی آڑ میں بہت سی پاکستان دشمن جماعتیں ہمارے دشمنوں کی آلا کار بنی ہوئی ہیں ۔۔۔۔۔ ہم حکومتِ وقت سے تو کچھ کہہ نہیں سکتے کیونکہ وہ خود خیر سے اپنے آپے میں نہیں ہے مگر ان محبِ وطن سیکریٹ سروسز، اور فوج سے ایک دردمندانہ گزارش ہے کہ اس سازش کو ناکام بنائیں اور ایسی ٹاسک فورسز ملک کے اندر بھی ہونی چاہئیں جو ایسے دہشت گردوں سے سختی سے نپٹنا جانتی ہوں ۔۔ لیکن اس کے لئے بولڈ اسٹیپ کی ضرورت ہے ۔۔۔ اور ایسے حکمران کی ضرورت ہے جو نا صرف محبِ وطن ہو بلکہ کسی قسم کی کمپرومائیز کرنے کی بجائے ڈنڈا ہاتھ میں لے کرون ٹوآل یعنی اوپر سے لیکر نیچے تک چھترول کرنا بھی جانتا ہو ۔۔۔ ویسے جب تک ایسی ملک دشمن تنظیموں کو نیست و نابود نہیں کیا جاتا تب تک اس طرح کے صدمات سے ہم گزرتے رہینگے ۔۔۔۔ اللہ ہم سب کو عافیت اور اپنی پناہ میں رکھے آمین ۔۔۔۔۔۔ فی امان اللہ

# ایک مختصر کہانی

کام ہوگیا ؟

جی بھائی ہوگیا۔۔۔

سر جی رو رہا تھا۔۔۔۔ منتیں کر رہا تھا۔۔۔پر دو اتار دیں ۔۔۔ ایک ہاتھ میں اور ایک بھیجے میں ۔۔۔

اچھا چل اب تو دو گیارہ ہو جا۔۔۔

۔۔۔۔۔

بھائی وہ وہ ۔۔

ابے کیا وہ وہ

۔۔۔کام ہوا یا نہیں ۔۔۔

رینجرز ہم سے پہلے پہنچ گئے ورنہ کام ہو جاتا۔۔۔

اوہ۔۔۔۔

ہیلو۔۔۔۔

ہیلو۔۔۔

سر

سر ایک بری خبر ہے۔۔۔

کیا۔۔

وہ جی پکڑے گئے۔۔۔

تمہیں ثبوت مٹانے کو کہا تھا۔۔۔۔

ہممم! خیر فکر نہ کرو۔۔

وہ جی پارٹی پہلے ہی مشکل میں ہے۔۔۔۔ اور مسئلہ بڑھ جائے گا۔۔۔
کہا نا ٹینشن نہیں لینے کا۔۔۔

۔۔۔۔۔

صبح بھائی کے ہاتھ میں اخبار تھا اور چہرے پر مسکراہٹ رقصاں۔۔
کالعدم مذہبی جماعت نے مشہور قوال کے قتل کی ذمہ داری قبول کر لی۔۔۔۔
××××××××××
ختم شد۔۔۔۔۔

# ہے کوئی میری بات کو سمجھنے والا

جناب آج کا مسلمان اتنے خانوں میں بٹ چکا ہے جس کی کوئی حد نہیں ۔۔۔۔ ہر فرقے کی کئی شاخیں ہیں ۔۔۔۔ اپنا اپنا دین سب مارکیٹ میں پیش کر رہے ہیں ۔۔۔ جن میں اسلام کی حقانیت ڈھونڈنے سے بھی نہیں ملتی ۔۔۔۔ مولوی حضرات کے کچھ انٹرویوز اور مجلسیں دیکھیں آن لائین کلف زدہ کپڑے اکڑی ہوئی گردن اور یہ غرور جی ہم تو پاک ہیں سیدھا جنت میں جائینگے ۔۔۔ تمہارا عقیدہ غلط تم جہنم کے ایندھن بنوگے ۔۔۔۔ تو کافر میں پکا مسلم ، تو جہنمی میں جنتی ۔۔۔۔ چہ گالیوں کا پنڈارا باکس لئے مخالف پر تابڑ توڑ حملے کرنے کو تیار ۔۔۔۔ مگر اصل بات بھول گئے کہ رسول اللہ نے تو کبھی کسی منافق کو بھی منافقت کے طعنے تشنے نہیں دئے ۔۔۔۔ انسانیت کا درس آپ کی ہر حدیث سے ملتا ہے ۔۔۔۔ پیار اور محبت سے اسلام کی طرف بلاتے رہے منادی کرتے رہے ۔۔۔۔ افسوس آج کی نئ نسل گاندھی کی انسان دوستی کی تو متعارف ہے مگر سب سے بڑے رہبر انسانیت کی انسان دوستی سے غافل ۔۔۔اور یہ سب ان سُو علماء کی وجہ سے ہو رہا ہے ۔۔۔۔ جو تڑپتی بلکتی انسانیت پر آنکھیں بند کئے بیٹھ جاتے ہیں ۔۔۔۔ جنہیں ظلم کی چکی میں پستے انسان اور دیگر جاندار نظر نہیں آتے ۔۔۔ جنہیں بھوک اور افلاس سے تڑپتے نفوس نظر نہیں آتے جو صرف امداد کے نام پر لفاظی سے زیادہ کچھ کرنا چاہتے ہی نہیں ایسے لوگوں

ایسے علماء کا ہم کیا کرینگے ۔۔۔۔ تاریخ گواہ ہے فرانس اور یوروپ کی ۔۔۔ جب ان کے مذہبی پیشوا نے دین کو کوزے میں بند کرنے کی کوشش کی تو ان کی قوم نے دین کو ہی اکھاڑ پھیکا ۔۔۔۔ کیا ہم کہیں اسی سمت تو نہیں بڑھ رہے سوچنے کی بات ہے اگر کوئی میری بات سمجھے تو ۔۔۔ فی امان اللہ

# مشکل راستے قسط42

مجھے جب ہوش آیا تب میں ایک بدبودار کال کوٹھری میں زنجیروں میں جکڑی ہوئی تھی ۔۔۔۔ جہاں روشندان نام کی کوئی چیز نہیں تھی ۔۔۔ گھپ تاریک کیوبک شکل کی اس کال کوٹھری کو میں صرف نگاہیں گھما کر دیکھ سکتی تھی میری گردن کو بھی لوہے کے پٹے جیسی کسی چیز سے جکڑا گیا تھا جو دیوار سے جڑا ہوا تھا ۔۔۔ تاریکی میرے لئے کوئی اہمیت نہیں رکھتی تھی ۔۔۔ میں ایک جن کی بیٹی تھی اور گھپ اندھیرے میں بھی دیکھنے کی صلاحیت رکھتی تھی ۔۔۔ مگر مجھے ادھموا اس بدبو نے کر دیا تھا ۔۔۔۔ عجیب سی سڑے مردار کے جسم کی بدبو جیسی تھی بلکہ شاید اس سے بھی زیادہ گندی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میں حیرت سے اُس کال کوٹھری کو دیکھ رہی تھی ۔۔۔۔ کچھ دیر تو سمجھ ہی نہیں آیا کہ یہ سب میرے ساتھ کیا ہوا ۔۔۔ پھر ذہن کچھ سوچنے سمجھنے کے قابل ہوا تو مجھے وہ انجان پر سرار لڑکی یاد آ گئی ۔۔۔۔ اچانک ہی میرے تیز کانوں نے قدموں کی چاپ سنی تھی جو کوٹھری کے سیلن زدہ آہنی لوہے کے دروازے کے پاس آ کر رک گئی تھی ۔۔۔ وہ جو کوئی بھی تھے قدموں کی چاپ سے اندازہ ہو رہا تھا کہ دو افراد تھے ۔۔۔ بہر حال دروازہ تھوڑی سی کھٹ پھٹ کے بعد چر چراہٹ کے ساتھ کھلا تھا ۔۔۔ اور وہ دونوں بدبخت اندر داخل ہوئے تھے ۔۔۔۔ ایک انسان اور ایک جن ۔۔۔۔ ان پر نظر پڑتے ہی میں شدید غصے کی لپیٹ میں آ گئی تھی ۔۔۔۔

اچھا تو یہ تیری کارستانی ہے۔۔۔ تم ہی نے یہ گیم پلان کیا تھا۔۔۔ ایک بار میرے ہاتھ کھل جائیں تو ربِ کعبہ کی قسم تمہاری گردن اپنے ہاتھوں سے مروڑ دونگی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آصف حاجی میری دھمکی پر مسکرایا تھا۔۔۔۔ اور ایک مکروہ قہقہ لگا کر مجھے دیکھا تھا

۔۔۔۔۔

تم میرا کچھ نہیں بگاڑ سکتیں۔۔ ویسے تمہاری ذہانت کے چرچے ابھیمنیو اور دیگر سے کافی سنے تھے۔۔۔۔ مگر اس طرح بلبُل پھس جائے گی جال میں یہ کبھی نہیں سوچا تھا۔۔۔۔ بہت آسان شکار ثابت ہوئی ہو تم۔۔۔ بہت ہی آسان۔۔۔

وہ طنزیہ انداز میں مجھے گھورتے ہوئے بولا۔۔۔۔ اس کی آنکھوں میں اپنے لئے ہوس دیکھ کر مجھے اس وقت احساس ہوا کہ میرا سر چادر سے خالی ہے۔۔۔۔۔ میں اس طرح کبھی کسی نامحرم کے سامنے نہیں گئی تھی اور اب بے بس زنجیروں میں جکڑی اس شیطان کو خود کو گھورتا دیکھ کر زمین میں زندہ گڑھ جانے کو دل کر رہا تھا۔۔۔۔ وہ کچھ دیر تو مجھے گھورتا رہا۔۔۔ پھر قدم بڑھاتا دو قدم کے

فاصلے پر رک کر مجھے سرتا پیر گھٹیا انداز میں گھورنے لگا۔۔۔۔
تم تو شاہکار ہو۔۔۔ مجھے افسوس ہے کہ تجھ جیسی حسین عورت کو یوں زنجیروں میں باندھ دیا گیا ہے۔ اگر تم میری بات مانو تو میں ابھمنیو سے تمہاری سفارش کر سکتا ہوں لیکن افسوس وہ بھی تیرا دیوانہ ہے اور شاید اس بات پر مجھے ہی بلی کہیں نہ چڑھا دے۔۔۔۔ ویسے بھی میں ابھی مرنا نہیں چاہتا۔
بے فکر رہ مردود تیری موت انشاءاللہ میرے ہی ہاتھوں ہوگی کسی اور کے نہیں۔۔
میں غصے سے بولی تھی۔۔۔۔ تو وہ طنزیہ انداز میں ہنسا تھا میری بات سن کر۔۔۔
آہا تو تجھے ہوش آ ہی گیا چل اچھا ہے۔۔۔۔ اور تو حاجی صحیح بولا اس کنیا کا حسن تو ایک نئی مہابھارت شروع کروا سکتا ہے۔۔۔ اور تجھے میرے ہاتھوں نرگ بھی پہنچا سکتا ہے
۔۔۔۔
ابھیمنیو کی مکروہ آواز پر میں نے چونک کر نظر اُٹھا کر اسے دیکھا تھا۔۔۔

وہ صرف ایک زرد لنگوٹ پہنے ایک یانترک کے روپ میں کھڑا مجھے دیکھ رہا تھا۔۔۔ سرخ لال لال آنکھیں دہکتے انگاروں جیسی۔۔۔۔ سرخ سیاہی مائل ہونٹ یوں محسوس ہوتا تھا جیسے ابھی کسی کا خون پی کر نکلا ہو۔۔۔۔ وہ آصف حاجی کو عجیب تنبیہی نظروں سے گھور رہا تھا۔۔۔

××××××××××××××××××××××××

ابھیمنیو کو دیکھ کر آصف حاجی کی گھگی بند گئی تھی۔۔۔۔

ارے آؤ آؤ ابھیمنیو۔۔۔ میں تو صرف مذاق کر رہا تھا۔۔۔

ہاہاہا۔۔۔۔ جانتا ہوں تو کتنا مذاق کر رہا تھا اور کتنا سچ بول رہا تھا۔۔۔ اب تو یہاں سے جا مجھے اس بالکا سے کچھ باتیں کرنی ہیں۔۔۔۔۔

ضرور ضرور۔۔۔۔۔

یہ کہتا وہ اپنے ساتھی جن کے ساتھ تیزی سے باہر نکل گیا تھا۔۔۔ ابھیمنیو نے اسے آنکھ اُٹھا کر بھی نہیں دیکھا تھا۔۔۔ اس کی آنکھیں مجھ پر گڑی ہوئی

تھیں۔۔۔۔۔

تجھے زنجیروں میں جکڑا دیکھ کر افسوس ہو رہا ہے۔۔۔ تیرے باپ اور دادا دیکھیں تجھے اس حال میں تو صدمے سے مر ہی جائیں۔۔۔۔ ہنہ۔۔۔۔ کیا سمجھا ان بے وقوفوں نے کہ اس طرح تجھے بچا لینگے۔۔۔۔ دیکھ کیسے تجھے اپنوں سے الگ کر دیا اور آج تو یہاں کال کوٹھری میں پڑی ہے۔۔۔۔۔ ہاہاہاہاہا۔۔۔

میں چپ اس کی بکواس سن رہی تھی۔۔۔ بات تو اس نے ٹھیک کہی تھی۔۔۔ اس کی چال نے مجھے چکرا کر بے بس کر کے رکھ دیا تھا۔۔۔ ابھیمنیو جس کا نام میں نے صرف سنا تھا۔۔۔ جس کے بارے میں میرے والد اور دادا سردار یوسف نے بتایا تھا۔۔۔۔ کبھی دیکھا نہیں تھا اسے آج اس منحوس کو دیکھ بھی لیا تھا۔۔۔ مگر کس حال میں۔۔۔۔ وہ ہمارے قبیلے کا دشمن تھا۔۔۔ وہ مسلمانوں کا دشمن تھا۔۔۔ وہ میرا دشمن تھا۔۔۔۔

تو مجھ سے چاہتا کیا ہے۔۔۔۔۔۔

بہت اچھا سوال ہے۔۔۔۔ مگر تو اچھی طرح سے جانتی ہے کہ میں تجھ سے کیا چاہتا ہوں ۔۔۔۔

میں سمجھی نہیں ۔۔۔۔

سمجھ جاؤ گی ۔۔۔ اگر جو کہوں مانو گی تو ابھی اور اسی وقت تجھے ان زنجیروں سے آزاد کردونگا ۔۔۔۔۔۔ ورنہ تمام عمر سڑتی رہو گی اسی طرح ۔۔۔۔

اگر تو میرے ایمان کا سودا کرنا چاہتا ہے تو تجھے اتنا بتا دوں میں مرنا پسند کرونگی ۔۔۔ مجھے تیری کوئی شرط منظور نہیں ۔۔۔۔۔

بہت دیکھے ہیں تجھ جیسے ایمان والے ۔۔۔ کیا تو اسی طرح اس حال میں رہنا چاہتی ہے ۔۔۔۔۔۔ اس اندھیری کوٹھری میں ؟

یہ تو اللہ کو پتا ہے کہ آگے کیا ہونے والا ہے ۔۔۔ بساط اُلٹتے دیر نہیں لگتی ۔۔۔۔

میں طنزیہ انداز میں مسکرائی تھی ۔۔۔ اور وہ اچانک دانت کچکچاتا ہوا میری جانب تیزی سے بڑھا تھا ۔۔۔ مگر دو قدم پر ہی جیسے کسی آہنی ان دیکھی دیوار

سے ٹکرا کر الُٹ کر پیچھے کی جانب گرا تھا۔۔۔۔ پھر سنبھل کر خوف زدہ نظروں سے مجھے دیکھنے لگا تھا۔۔۔۔ میرے ہونٹ ہل رہے تھے۔۔۔۔۔۔ میں نے سورہ بقرا کی تلاوت شروع کردی تھی۔۔۔۔

! حاجی ! آصف حاجی

وہ زور سے دھاڑا تھا۔۔۔۔۔۔

کچھ دیر میں ہی آصف حاجی ہانپتا کانپتا اندر داخل ہوا تھا۔۔۔۔

کک کیا ہوا ابھیمنیو ؟؟؟؟؟؟؟؟

ابے کیا ہوا کے بچے۔۔۔ اسے پکڑ۔۔۔ یہ کچھ پڑھ رہی ہے اور تو ہی اسے چھو سکتا ہے ہم نہیں۔۔۔ اس کی زبان میں کیل ٹھونک۔۔۔ کچھ کر۔۔۔۔۔

وہ چیخ کر بولا تھا۔۔ اور آصف حاجی میری جانب تیزی سے بڑھا تھا۔۔۔۔ میں سر سے پیر تک زنجیروں میں جکڑی ہوئی تھی۔۔۔۔ میرا ہتھیار میری زبان تھی۔۔۔ صرف اللہ کا پاک کلام تھا۔۔۔۔ جس کے ورد سے میں اللہ کے دشمنوں سے ان

کے شر سے محفوظ رہ سکتی تھی ۔۔۔ جنات اس پاک کلام کے آگے ٹھہر نہیں سکتے تھے ۔۔۔ مگر انسان نہ نوری نہ ناری اور اللہ نے فری وِل دے رکھی تھی ۔۔۔۔۔آصف حاجی نے پہلے تو میرا منہ بند کرنا چاہا اور اپنا ہاتھ میرے منہ پر رکھنا چاہا تو میں نے اسے کاٹ لیا۔۔۔ وہ چیخ کر ہاتھ جھٹکتا پیچھے ہٹا تھا۔۔۔ اس کے ہاتھ سے خون بہنے لگا تھا ۔۔۔۔ پھر بدبخت کیلیں اور ہتھوڑی لے آئے اور زبردستی میرا منہ کھلوا کر کیلیں ٹھونک دی گئیں ۔۔۔ میرے منہ سے خون جاری ہوگیا تھا زبان تو اسطرح بند کردی گئ ۔۔۔ مگر میں پھر بھی کہاں ماننے والی تھی دل ہی دل میں سورہ بقرا کا ورد کرنے لگی ۔۔۔ اور میرے اس ورد سے تمام شیاطین بلبلانے اور ان دیکھی آگ میں جلنے لگے ۔۔۔۔ اس کا ایک ہی حل ہے حاجی اسے گانجا یا کوئی نشہ آور چیز چٹا دے ۔۔۔ ورنہ ہم سب بھسم ہوجائینگے یہیں ۔۔۔ جلدی کر ۔۔۔

اور اس بدبخت نے وہی کیا تھا کچھ عجیب سا محلول مجھے زبردستی پلادیا گیا۔۔۔۔ اور میرا ذہن آہستہ آہستہ تاریکی میں ڈوبتا چلا گیا۔۔۔

××××××××××××××

باقی آئندہ ۔۔۔۔۔

# مشکل راستے قسط43

وہ تھوڑی دیر کو خوماش ہوئی تھیں ۔۔۔۔ اور بابا اور شمشیر کو آنسو بھری آنکھوں سے دیکھا تھا۔۔۔۔ بابا سر جھکائے ان کی بپتا سن رہے تھے اور شمشیر بار بار آنکھوں میں آئے آنسوؤں کو اپنی آستین سے پونچھے جا رہا تھا۔۔۔ ان کے خاموش ہونے پر دونوں نے سر اُٹھا کر انہیں دیکھا تھا۔۔۔۔

آپ کے ساتھ جو کچھ بیتا بہت تکلیف دہ تھا۔۔۔ لیکن آپ وہاں سے نکلنے میں کامیاب کیسے ہوئیں۔۔۔ جیسا کہ آپ نے بتایا کہ انہوں نے آپ کو لوہے کی زنجیروں سے باندھ کر رکھا تھا حتہ کہ آپ کی گردن تک لوہے کے پٹے سے جکڑ دی گئ تھی۔۔۔ پھر یہ ممکن کیسے ہوا۔۔؟؟؟؟؟

بابا کے سوال پر وہ مسکرائیں تھیں۔۔۔ ایک زخمی سی مسکراہٹ تھی۔۔۔۔

یہ سب اللہ کا کرم ہے جناب ۔۔۔۔ ستر ماؤں سے زیادہ محبت کرتا ہے وہ اپنے بندوں سے ۔۔۔ اسی کی مدد سے ہی یہ سب ممکن ہو سکا۔۔۔۔ میں تو ہوش و خرد سے آزاد تھی ۔۔۔ اور یہیں دشمن مار کھا گیا۔۔۔۔ اور مجھ کو بے ہوش سمجھ کر

تھوڑا غافل بھی ۔۔۔۔ ہنہ ! جب ہوش آیا تو خود کو اس دن زنجیروں سے آزاد اس کوٹھری کے گندے فرش پر پڑے پایا ۔۔۔ شاید کسی بدبخت کے دل میں اللہ نے رحم ڈال دیا تھا ۔۔۔ بہر حال جب ہوش میں آئی تو کچھ دیر کے لئے تو سمجھ ہی نہیں آیا ۔۔ خیر پھر سارے واقعات ایک کے بعد ایک یاد آتے گئے ۔۔۔۔ اور جیسے ہی مجھے احساس ہوا کہ میں دشمن کے نرغے میں ہوں ۔۔۔ تو سب سے پہلے میں نے یہاں سے نکلنے میں ہی عافیت جانی ۔۔۔ اس کوٹھری میں روشندان نام کی کوئی چیز موجود نہیں تھی ۔۔۔ بہر حال میں دیگر جنات کی طرح غائب ہونے کی صلاحیت رکھتی تھی ۔۔ اور ان سے زیادہ پھرتیلی تھی ۔۔۔ اور ایک بات جو وہ بدبخت اللہ کے دشمن کو معلوم نہیں تھی کہ میں جنات سے زیادہ طاقت ور تھی بے شک میں ان کی طرح روپ بدلنے سے قاصر تھی مگر ۔۔۔ بہت سے معاملات میں اللہ نے مجھے دیگر جنات پر فوقیت دے رکھی تھی ۔۔۔۔ اور ساتھ میں اپنی ماں کی وجہ سے انسانی حسیات بھی دیگر انسانوں سے زیادہ تھی ۔۔۔۔ اگر ابھیمنیو کو یہ سب پتا چل جاتا تو وہ مجھے بے ہوشی کی حالت میں ہی مار ڈالتا ۔۔۔ کیونکہ ایک مسلمان ہونے کے ناطے میں اس کے لئے زیادہ خطرناک ثابت ہو سکتی تھی ۔۔۔ بہر حال مجھے اب یہاں سے نکلنا تھا ۔۔۔ مگر کس طرح جب کہ دروازہ لوکڈ تھا ۔۔۔ اور روشندان نام کی کوئی چیز تھی بھی نہیں ۔۔۔۔ میں نے پریشانی سے چوروں طرف نظر دوڑائی تو کوٹھری کی چھت پر نظر ٹک گئی ۔۔اور میرے چہرے پر ہلکی سی مسکراہٹ آ کر معدوم ہوئی تھی ۔۔۔۔ تقریباً آدھے گھنٹے بعد قدموں کی

چاپ سنائی دی ۔۔۔ اور اس بار چونکنے اور مات کھانے کی باری ان کی تھی ۔۔۔۔
دروازہ ہلکی چرچراہٹ کی آواز کے ساتھ کھلا تھا ۔۔۔۔ اور زرد رنگ کی لنگوٹ میں ایک جن اندر داخل ہوا تھا ۔۔
لیکن سامنے نظر پڑتے ہی چونکا تھا ۔۔۔۔ اور گھبرا کر الٹے قدموں باہر نکلنے ہی لگا تھا کہ میں جو چھت سے چپکلی کی طرح چپکی ہوئی تھی نے فوراً اس پر چھلانگ لگائی تھی اور اسے اندر کی طرف گھسیٹ لیا تھا ۔۔۔۔ وہ اس افتاد پر بوکھلا گیا تھا اور ابھی وہ کچھ سمجھنے کے قابل ہوتا میں نے اس کی گردن دبوچ لی اور پوری طرح اسے اپنے قابو میں کر لیا ۔۔۔ پھر زرا بھی دیر کئے بغیر اس کی گردن مروڑ ڈالی ۔۔۔ جیسے ہی وہ مرا کالے دھوئیں میں تبدیل ہو کر اپنے انجام کو پہنچ گیا ۔۔۔۔ میں نے نفرت سے اپنے ہاتھ جھاڑے تھے ۔۔۔ اور محتاط انداز میں باہر نکل کر باہر کا جائزہ لینے لگی ۔۔۔۔ یہ ایک بہت بڑا ہال نما کمرا تھا ۔۔۔ جس کے بیچوں بیچ گڈی (کالی) کی بہت بڑی ہیبت ناک مورتی رکھی تھی ۔۔۔ مگر نا کوئی آدم نا جن نظر آ رہا تھا ۔۔۔ ہال خالی تھا ۔۔۔ کوٹھری میں کوئی سوراخ بھی نہ تھا مگر ہال میں تین بڑی بڑی کھڑکیاں تھیں ۔۔۔۔ جن کے پٹ کھلے ہوئے تھے ۔۔۔ میں تیزی سے ایک کھڑکی کی جانب بڑھ گئی اور ابھی اس قد آدم کھڑکی سے باہر نکلنے لگی تھی کہ رک گئی اور پیچھے پلٹ کر گڈی کی مورت کو دیکھا تھا ۔۔۔۔ اور چھوٹے چھوٹے قدم اُٹھاتے اس کی

بڑی سی ہیبت ناک مورت کے سامنے آ کر رک گئی ۔۔۔۔ اس کے آٹھوں ہاتھوں میں ہتھیار تھے ۔۔۔ کسی ہاتھ میں تلوار تو کسی ہاتھ میں گرز اور ترشول ۔۔۔ مورت پتھر کی تھی مگر ہتھیار اصلی تھے ۔۔۔۔ لوہے سے بنی تلوار اس کے ہاتھ سے نکالی تھی اور نفرت سے اسے دیکھ کر اس پر تھوکا تھا ۔۔۔ اور پھر ایک فلک شگاف نعرہ حق بلند کیا تھا

۔۔۔

! اللہ اکبر

ہال میرے نعرے سے گونج اُٹھا ۔۔۔ ساتھ ہی میں نے اس تلوار سے بے جان مورت پر وار کیا تھا ۔۔۔ ایک ہی وار سے گردن دھڑ سے الگ ہوئی تھی ۔۔۔ پھر مجھ پر جنوں طاری ہوگیا تھا اور میں پے درپے وار کرتی گئی اور اس پتھر کی بنی کالی کو بھر بھری مٹی میں بدل کر رکھ دیا ۔۔۔ اچانک ایک بھیانک چیخ کی آواز پر چونک کر دیکھا تو تقریباً پندرا سے سولہ زرد رنگ کی لنگوٹ پہنے شیاطین کو اپنے پیچھے کھڑے پایا ۔۔۔ وہ خونخوار نظروں سے مجھے گھور رہے تھے ۔۔ میں نے ان کی طرف سرد نگاہوں سے دیکھا تھا ۔۔۔ اور دونوں قدم مضبوطی سے زمیں پر جما کر ایک طنزیہ مسکراہٹ ان کی طرف اچھالی تھی ۔۔۔ وہ تلملا کر مجھ پر ایک ساتھ ٹوٹ پڑے ۔۔۔۔ میں نے انہیں اپنے قریب آنے دیا ۔۔۔ اپنی جگہ سے ایک انچ بھی نہیں ہلی بڑے سکون سے انہیں اپنی اور آتا دیکھتی رہی ۔۔۔۔ میرے منہ سے

خون جاری تھا۔۔۔ ہوش میں آتے ہی زبان میں گڑی کیلیں میں نکال چکی تھی۔۔۔۔ میرے ہاتھوں پیروں اور گردن پر زنجیروں سے زخم سے بن چکے تھے۔۔۔ جن سے خون بھی رس رہا تھا۔۔۔۔ مگر میں اس حال میں بھی ان شیاطین پر بھاری تھی۔۔۔۔ بہر حال وہ جیسے ہی میرے قریب آئے میں ایکدم حرکت میں آئی تھی اور لٹو کی طرح گھوم گئی تھی۔۔۔۔ صرف ایک وار کیا تھا تلوار کا اور پندرا کے پندرا دشمنوں کی گردنیں اُڑا کر رکھ دیں۔۔۔۔ ایک بساندھ سی بُو پھیلی تھی میرے چاروں طرف اور وہ سب کالے دھواں بن کر فضاء میں تحلیل ہو گئے۔۔۔۔ پھر میں تیزی سے باہر کی سمت نکلی تھی اور تیزی سے اڑان بھری تھی۔۔۔۔ اڑتے ہوئے پیچھے کی طرف دیکھا تو ہزاروں کی تعداد میں ان بد بختوں کو بھی فضا میں بلند ہوتے دیکھا۔۔ کوئی چیز انہوں نے مجھ پر پھینکی تھی جو سیدھا میرے بازو اور گردن پر آ کر لگی تھی اور میں جو بجلی کی رفتار سے اڑ رہی تھی زمیں پر گرتی چلی گئی اور اپنی تیز رفتاری کے باعث نشیبی زمین پر کافی دور تک رول ہوتے گئی کوئی آہنی شجر تھا جس سے ٹکرا کر میں مزید لڑھکنے سے بچ گئی تھی۔۔۔۔ میرے جسم سے تیزی سے خون بہنے لگا تھا۔۔ مگر ہمت کرکے اٹھ کر دوڑ لگا دی۔۔۔۔ میں نہیں جانتی تھی کہ میں کہاں ہوں۔۔۔ بس اللہ کا نام لیا تھا اور رفتار بڑھا دی تھی نا جانے کتنا وقت میں دوڑتی رہی۔۔۔ خوف بھی تھا کہ وہ بدبخت مجھ تک نہ پہنچ جائیں۔۔۔۔ اور اب اتنی ہمت بچی بھی نہیں تھی کہ ان کا مقابلہ کر پاتی۔۔۔۔ میں نے اپنی ساری توانائی صرف دوڑنے میں لگا دی تھی

۔۔۔ اور اسی چکر میں ٹھوکر لگنے پر ندی میں جا گری تھی اور اس کے بعد کیا ہوا یہ آپ لوگ مجھ سے زیادہ جانتے ہیں ۔۔۔

وہ یہ کہہ کر خاموش ہو گئی تھیں ۔۔۔۔ اور ان دونوں کو خاموش نظروں سے دیکھنے لگیں ۔۔۔۔

واہ خالہ اماں ! آپ تو پھولن دیوی اور جھانسی کی رانی کا مکسچر نکلیئیں ۔۔۔ اچھا مسٹنڈوں کو مار مار کر ادھ مواں کر کوُ نکلے اور ان کی دیوی کا بھی بھر کس نکال دئے ۔۔۔۔ کافی دناں (دنوں) تک تلملاتے رہینگے نا دشمناں بھی ۔۔۔۔

شمشیر میاں پر جوش انداز میں بولے تھے ۔۔۔ مگر حور یہ جانتی تھیں کے آگے کیا کچھ خطرات منہ کھولے ان کے سامنے کھڑے تھے ۔۔۔ اور ابھیمنیو کتوں کی طرح ان کی بوُ سونگھتا پھر رہا ہوگا ۔۔۔۔ اور جب تک ڈھونڈ نا نکالے گا چین سے بیٹھے گا نہیں ۔۔۔ وہ اس کی بات پر مسکرا بھی نہیں سکی تھیں ۔۔۔۔۔

×××××××××××××

میں حیرت سے سامنے کھڑی اس شخصیت کو دیکھے جا رہی تھی جو مجھے اپنا ہی عکس

لگی تھی ۔۔۔۔ دلِ ان کی بات پر یقین کر رہا تھا مگر میرا ذہن اس کی نفی کر رہا تھا ۔۔۔۔

نن نہیں آ آ آپ ۔۔۔ یہ یہ نہیں ہو سکتا ۔۔۔۔
میں پیچھے ہٹ تے ہوئے ۔۔۔ ہکلاتے ہوئے بولی تھی ۔۔۔۔ جس ہستی سے ملنے کی تمنا دل میں جاگی تھی ۔۔۔ انہیں اپنے سامنے یوں دیکھ کر میرا ردِ عمل شاید فطری تھا ۔۔۔۔
وہ آنکھوں میں دنیا جہاں کا درد لئے مجھے دیکھ رہی تھیں ۔۔۔۔
عائیشہ ! میری جان ۔۔۔۔
وہ میری طرف بڑھی تھیں ۔۔۔۔ مگر میں تیزی سے تیرتے ہوئے اس سوراخ سے باہر نکل گئ ۔۔۔ رفتار بجلی سے بھی تیز ۔۔۔ نہیں جانتی تھی کہ وہ مجھے کہاں سمندر میں لے آئی تھیں ۔۔۔ بس اس وقت میں ان سے راہِ فرار چاہتی تھی اور اندھا دھند بلا سوچ سمجھے تیرتی چلے گئ ۔۔۔۔ آنکھیں سلگ رہی تھی ۔۔۔ دل سلگ رہا تھا ۔۔۔۔ اور دل ایک عجیب کیفیت کا شکار تھا اس پل ۔۔۔۔ میں عائیشہ دانیال علی اس وقت سب کچھ بھول بیٹھی تھی ۔۔۔ سب کچھ شاید سب کچھ ۔۔۔۔

××××××××××××

باقی آئندہ۔۔۔۔۔۔۔

# میرا وطن کیسا ہو

آزادی کتنی بڑی نعمت ہے یہ محکوم قوموں سے کوئی پوچھے تو وہ اس کی بابت بہت اچھے طریقے سے بتا ئینگی ۔۔۔ کشمیر ہو یا فلسطین رہونگیا کے مظلوم مسلم ہوں یا شامی مسلمان ۔۔۔۔ آزادی کے خواب کو شرمندہ تعبیر کرنے کے لئے یہ قومیں مسلسل قربانیاں دیتی چلی جارہی ہیں ۔۔۔ آزاد ریاست کے اگر آپ باسی ہیں تب ہی آپ کی عزت بنی رہے گی اس دنیا میں ورنہ محکوم قوموں کا جو حال آج ہم دیکھ رہے ہیں اس سے ہمیں آزادی کی قدر و قیمت کا اندازہ ہو جانا چاہئے ۔۔۔ ۱۴ اگست ۱۹۴۷ کو اللہ سبحان و تعالیٰ نے ہمیں پاکستان کی صورت میں وہ نعمت عطا کی جس کا جتنا شکر ادا کیا جائے کم ہے ۔۔۔۔ ہم لوگوں نے تو آزاد فضاء میں آنکھ کھولی ۔۔۔ قربانیاں تو ہمارے آباؤاجداد نے دیں ۔۔۔ لیکن افسوس اس بات کا ہے کہ آزادی کے بعد سے اب تک ہم پاکستان کو ایسی ریاست بنانے میں ناکام رہے جس کا خواب اقبال نے دیکھا تھا اور جس کے لئے اپنی زندگی کے قیمتی سال قائدِ پاکستان جناب محمد علی جناح نے قربان کردئے اور آخر کار انہیں پاکستان اور مہاجریں کی فکر نے اندر ہی اندر گھلا کر آزادی کے دو سال بعد ہی ہم سے جدا کردیا ۔۔۔۔ لیکن پاکستان وہ ریاست نہ بن سکا اور ایسا لگتا ہے تمام کاوشیں اکارت چلے گئیں اور آج ہمیں دنیا ایک ناکام ریاست کا باشندہ کہتی ہے لیکن کہتے ہیں نا کہ اگر اللہ پر

بھروسہ ہو اور قوتِ ارادی مضبوط ہو تو ناممکن کو ممکن بنانا کوئی مشکل کام نہیں۔۔۔ تو آیئے دیکھتے ہیں ایسے کون سے عوامل ہیں جن کا سدِباب کرکے ہم اپنے وطن کو کامیاب ریاست بنا سکتے ہیں۔۔۔

۱۔ سب سے پہلے عدل و انصاف کو یقینی بنانا ہوگا۔۔۔ ہماری عدلیہ اور پولیس کی کرپشن کے چرچے ہر سو زبانِ زد عام ہیں۔۔۔ خواص طور پر پولیس کے کردار پر جو داغ دھبے لگے ہیں انہیں دھونے کے لئے اسے سیاسی آلاکار بننے سے روکنا ہوگا اور اسے
جاگیرداروں اور سیاسی لٹیروں کی تعبیداری کے بجائے ان میں عام عوام سے محبت اور ان کی حفاظت و خدمت کا جذبہ بیدار کرنے کی ضرورت ہے اور اس کے لئے سب سے پہلے ان کی قلیل تنخواہوں میں اضافے کی ضرورت ہے۔۔ تاکے وہ رشوت سے بچ سکیں اور بدعنوان عناصر کے ہاتھوں اپنے پیشے سے غداری سے بچ سکیں۔۔۔ پھر جو دوسرا مسئلہ ہمیں نظر آتا ہے وہ یہ ہے کہ کسی اور علاقے یا صوبے سے پولیس لاکر کسی اور علاقے یا صوبے میں تعینات کی جاتی ہے۔۔۔ جس کے سبب بھی عوام اور پولیس میں وہ ذہنی ہم آہنگی پیدا نہیں ہو پاتی۔۔۔ چاہئے تو یہ ہے کہ سندھ، پنجاب بلوچستان اور خیبر پختون خواہ کا اپنا سیلف ڈیفینس سسٹم ہو۔۔۔ اور اس میں وفاق کا کوئی عمل دخل نہ ہو۔۔۔

۲۔ دوسرا سب سے بڑا مسئلہ زراعت سے تعلق رکھتا ہے۔۔۔ انڈیا یہ بات بہت

پہلے آزادی کے بعد جان گیا تھا کہ ترقی کے لئے زراعت کے شعبے کو جاگیری نظام سے الگ کرنا ہوگا ورنہ ترقی کا خواب پورا نہیں ہو سکتا۔۔۔ مگر افسوس ہم پاکستان کے اس اہم شعبے سے جو قدرت نے بے لاگ بے حساب ہمیں نوازا ہے سے جاگیری نظام کو ہٹا نہ سکے۔۔۔ بلکے عام ہاری جو اپنی محنت اور خون سے کھیت کھلیان کی آبیاری کرتا ہے وہ غریب سے غریب تر ہوتا گیا اور یہ جاگیر دار اور وڈیرے امیر سے امیر تر۔۔۔۔ اس کا ایک ہی حل ہے کہ انڈیا کی طرح جاگیری نظام کو بالکل ختم کردیا جائے اور آسان شرائط پر زر خیز زمینیں ہاریوں کے حوالے کی جائیں اور ان پر ٹیکس نافظ کیا جائے جو بد قسمتی سے جاگیرداروں نے معاف کرائے ہوئے ہیں۔۔۔ سوچئے صرف ان زمینوں کھیت کھلیان سے ملنے والا ٹیکس ہماری گرتی ہوئی معیشت کو کتنا سہارا دے سکتا ہے۔۔۔

۳۔ تعلیم ایک کامیاب ریاست کی سب سے اہم کنجی اس کی ترقی کی ضامن۔۔۔ تعلیم جو آپ کو کسی بھی کام کو بہتر طریقے سے کرنے میں مدد دیتی ہے۔۔۔ اچھی تعلیم و تربیت قوم کو ترقی کی راہ پر ڈالدیتی ہے۔۔۔۔ ہمیں اسے عام کرنا ہوگا اور اس کے لئے دسویں تک تعلیم سب کے لئے مفت فراہم کرنی ہوگی۔۔۔ اور ہر بچے کے لئے لازمی ہو کہ وہ کم از کم میٹرک تک تعلیم حاصل کرے۔۔۔ ضروری نہیں ہر کوئی انجینئیر یا ڈاکٹر ہی بنے۔۔۔ بچے کا جس فیلڈ میں بھی رجحان ہو ریاست اسے اس میں مدد فراہم کرے۔۔۔ اور غریب طلباء کو وظیفے جاری کئے

جائیں ۔۔۔ یاد رکھیں تعلیم یافتہ قومیں ہی آگے ترقی کی منزلیں طے کرتی ہیں اور جو تعلیم کی ضرورت کو نہیں سمجھ پاتیں وہ تنزلی کا شکار ہو جاتی ہیں ۔۔۔ اور پھر دیگر قومیں انہیں روندتی ہوئی چلی جاتی ہیں ۔۔۔

۴۔ روزگار کے مواقع آج اتنے دکھائی نہیں دیتے جتنی تعداد میں تعلیمی اداروں سے طلباء فارغ التحصیل ہو رہے ہیں ۔۔ اور پھر اداروں میں سفارش یا سیاسی اثر رسوخ کی بنا پر بھرتیوں نے بھی بے روزگاری میں اضافہ کر دیا ہے اور آئے دن حالات سے تنگ آئے نوجوانوں کی خودکشی کی خبریں بھی اخبارات کی زینت بنتی رہتی ہیں ۔۔۔ جو انتہائی تشویش ناک بات ہے ۔۔۔ اس کا سدِباب تو بس یہ ہے کہ حکومت روزگار کے نئے مواقع فراہم کرے ۔۔۔ نجی بزنس کو پروموٹ کیا جائے اور آسان شرائط پر لون بھی دیے جائیں ۔

۵۔ صحت ہے تو جہاں اپنا یہ بات بالکل درست ہے ۔۔۔۔ جو بدقسمتی سے پاکستان میں ایک عام آدمی کو یہ سہولت میسر نہیں ۔۔۔ سرکاری ہسپتالوں کا حال کسی سے ڈھکا چھپا نہیں ۔۔۔ ادویات سے لے کر جراحی کے آلات تک کچھ بھی مریض کو دستیاب نہیں اگر پرائیویٹ ہسپتال جاؤ تو فیس اتنی زیادہ ہوتی ہے کہ ایک عام غریب اپنی جان بھی گروی رکھ دے تو بھی ادا نہیں کر سکتا ۔۔۔ اس کا آسان اور سیدھا حل جو مجھے سمجھ میں آتا ہے وہ شوکت خانم ہسپتال کی طرح کے ہسپتال

قائم ہونے چاہئیں اور امریکہ یورپ کی طرح ہیلتھ انشورنس پالیسیز حکومت کو متعارف کرانا چاہئے۔۔۔ امیر افراد ہیلتھ انشورنس خرید کر فائدہ اٹھائیں اور غریب کو یہ سہولت حکومت فراہم کرے۔۔۔

۶۔ ٹیکس سسٹم میں جو آئے دن گھپلوں اور ٹیکس چوری عام ہے اس کا سدِ باب بھی ہونا بہت ضروری ہے۔۔۔ اسکے لئے قانون کو سخت کرنے اور انکم ٹیکس عام اور خواص دونوں کے لئے یکساں قوانین لاگو ہونے چاہئیں۔۔۔ تاکے لوگوں کا اس ادارے پر اعتماد پھر سے بحال ہو جائے۔۔۔

۸۔ یوٹیلیٹی بلز سسٹم کو بہتر کرنے کی ضرورت ہے۔۔۔ میری ناقص تجویز تو یہ ہے کہ پانی، بجلی، اور گیس پر ٹیکس پانچ پرسینٹ سے زیادہ نہیں ہونا چاہئے۔۔۔ تاکے عام آدمی پر یہ جو اضافی بوجھ لاد دیا گیا ہے اس سے اسے کچھ تو راحت ملے۔۔۔

۹۔ روپے کی قدر کو مستحکم کرنے اسے ایک خواص حد سے نیچے گرنے نہیں دینا چاہئے۔۔۔۔ مشرف کے دور کی مجھے یہی بات پسند تھی کہ اس دور میں روپے کی قدر میں اضافہ ہوا تھا اور ایک جگہ آ کر اس کی قیمت فکس کر دی گئ تھی۔۔۔ مگر ان کے بعد کے دور میں روپے کی جو ناقدری ہمارے نا اہل حکمرانوں نے کی

اس پر ماتم کرنے کے سوا ہم کر بھی کیا سکتے ۔۔۔ بس دل مسوس کر رہ گئے ۔۔۔۔ ہمیں اپنی معیشت کو پھر سے سمبھالا دینا ہے تو ہمیں ایکسپورٹ کوالٹی بڑھانی پڑے گی ۔۔۔ اور اس کے لئے روپے کی قدر میں اضافہ بہت ضروری ہے ۔۔۔ اور دیگر ممالک سے کچھ امپورٹ کرنے کی شرائط میں ہمیں اپنے مالِ تجارت کے لئے ان کی منڈیوں تک رسائی کی شرط بھی رکھنی ہوگی اور نئی منڈیاں تلاش کرنی ہونگی ۔۔۔

۱۰۔ ہمیں ایک ایسے حکمران اور قائد کی ضرورت ہے جو مشکل وقت میں شترمرغ کی طرح گردن زمیں میں دبانے کی بجائے کسی دباؤ میں آئے بغیر نڈر فیصلے کرنا جانتا ہو ۔۔۔ ہم میں بدعنوانی نیچے سے لے کر اوپر تک پھیلی ہوئی ہے ۔۔۔ اور سخت احتساب کی ضرورت سب کو ہے ۔۔۔ ڈنڈا ہاتھ میں لے کر چھترول اوپر سے لے کر نیچے تک کرنے کی ضرورت ہے ۔۔۔ اور یہ وہی حکمران کر سکتا ہے جس کا دل خوفِ خدا سے بھرا ہو ۔۔۔ جو مخلص ہو وطنِ عزیز سے ۔۔۔اور ایسا شخص خود سے پیدا نہیں ہوگا اسے آپ اور میں ہی لا سکتے ہیں ۔۔۔ جس کے لئے ہمیں پہلے اندر کی گندگی کو صاف کرنا پڑیگا ۔۔۔ پھر شخصیت پسندی ، لسانیت اور فرقہ واریت کی عینک اتارنی پڑھے گی ۔۔۔ تب ہی یہ سب ممکن ہوسکے گا ۔۔۔

قرآن وسنہ سے ہٹ کر ہم کوئی ایسا نظام ملکِ خداداد میں نہیں لا سکتے ۔۔۔ ان

تمام تجاویز پر اللہ کے نظام کے مطابق عمل کیا جائے تو قوی امید ہے کہ پاکستان میں بھی چین و راحت کا دور دورا ہو جائے ۔۔۔۔ ویسے لفاظی سے زیادہ ہمیں عمل کی ضرورت ہے ۔۔۔ اور یہ جب ہی ممکن ہو گا جب ہم سب اس کے لئے راضی ہوں ۔۔۔ اور اس کے لئے ہمیں تمام اختلافات کو بھلا کر ایک ہونا پڑیگا ۔۔۔ ایک ملت میں خود کو ڈھالنا ہو گا ۔۔۔۔ یک جاں ہونا ہو گا اور یہ سب ہمیں قرآن و سنہ پر عمل کرنے اور توکل اللہ پر کرنے سے حاصل ہو سکتا ہے ۔۔۔ فی امان اللہ

میرے وطن کی گلیوں میں
اب بھی روشنی کی ایک کرن
مجھے نا امید ہونے نہیں دیتی
پھر سویرا ہو گا روشنی پھوٹے گی
اندھیرے ظلمت کے چھٹ جائینگے
وطن میں پھر بہار ڈیرا ڈالے گی
ڈالی ڈالی پھر اس کی جگمگائے گی
کلی کلی مسکائے گی
جھوم اٹھے گی پھر فضاء
اللہ کی رحمت بھی چھا جائے گی

کرن چپکے سے کہتی ہے مجھے

ظلمت چھٹنے کو ہے

بہار آنے کو ہے بہار آنے کو ہے

# بارش

ٹپ ٹپ بوندیں برسنے لگیں ۔۔۔۔ ڈیئر بورن مشیگن کی بنگھم اسٹریٹ پر بنے گھر کے
لاؤنج کے پردے ہٹا کر وہ اس بارش کو دیکھ رہی تھی ۔۔۔۔۔ بچے کھیل میں مگن اور
ساس اپنے وظیفے میں مصروف ۔۔۔

اماں ۔۔۔۔ میں تھوڑی دیر کے لئے باہر جارہی ہوں ۔۔۔۔

بھئی نظارہ تو تم گھر کے اندر سے بھی کرسکتی ہو باہر جاکر دیکھنے کی کیا تک ۔۔۔۔

اماں بس تھوڑی دیر کے لئے ۔۔۔۔

اچھا چلو جاؤ ۔۔۔۔ مگر زیادہ دور تک مت جانا بی بی ۔۔۔۔

جی اماں ۔۔۔ آپ بے فکر رہیں ۔۔۔۔

وہ اجازت ملنے پر خوشی سے بولی تھی ۔۔۔۔۔ اور پھر جلدی سے اپنا جلباب پہنے

لگی اور پھر اچھی طرح سے حجاب کئے وہ گھر سے باہر نکل آئی ۔۔۔۔ ساس کو بھی پتہ تھا اسے بارش کتنی پسند ہے اور وہ اپنی بہو سے محبت بھی بہت کرتی تیں ۔۔۔۔ چپ چاپ اپنے گھر کی دہلیز پر کھڑی وہ برستی بوندوں کو دیکھتی رہی پھر سیڑھیاں اتر گئی ۔۔۔۔ بارش اس کے جسم کو ہی نہیں من کو بھی بھگونے لگی ۔۔۔ موٹے جلباب کی بدولت گیلاہٹ محسوس نہیں ہو رہی تھی ۔۔۔۔۔ گلی سنسان تھی ۔۔۔۔ مشی گن کی ایک بات جو اسے اچھی لگتی تھی وہ اس کے چاروں موسم ہیں ۔۔۔ اور ہر موسم ہی اپنی جگہ خوبصورت لگتا ہے ۔۔۔۔ سرما ہو یا گرمی کے دن ۔۔۔۔ خزاں ہو یا بہار کا موسم ۔۔۔۔ اگر آپ کنٹری سائیڈ پر نکل جاؤ تو دلکشی و رعنائی منظر کی آپ کو ورطہ حیرت میں ڈال دیتی ہے ۔۔۔۔۔ اسے بارشیں پسند تھیں اور خصوصاً گرمیوں کی بارش ذرا سی گرمی پڑی اور اور بادلوں کو موقع مل گیا گرجنے برسنے کا ۔۔۔۔ وہ یونہی سائیڈ واک پر چلتے ہوئے بارش سے لطف اندوز ہوتی رہی ۔۔۔۔

! فرح باجی ! فرح باجی

اچانک ہی کسی نے اسے پکارا تھا ۔۔۔۔ جانی پہچانی آواز پر چونک کر مڑ کر دیکھا تھا ۔۔۔ مگر گلی سنسان نہ آدم نہ آدم زاد ۔۔۔۔ پھر یہ آواز کیسی ۔۔۔۔ تھوڑی سی حیرت ہوئی تھی اسے ۔۔۔۔ پھر کسی نے ہولے سے اس کا نام پکارا تھا

اور اس بار اسے سمجھ آ گئی تھی کہ اسے کون پکار رہا ہے ۔۔۔۔۔ آواز دل سے آ رہی تھی کسی خاموش گوشے سے ایک بھولی بسری یاد نے کروٹ لی تھی ۔۔۔۔۔ اور وہ ماضی کی اس خوبصورت یاد میں کھو سی گئی ۔۔۔۔

فرح باجی ۔۔۔۔ بارش ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

فریال ۔۔۔۔ روبی کا پنجرا بھی لے کر چلو اوپر ۔۔۔۔۔۔

وہ یہ کہہ کر جلدی سے دوپٹہ سر پر اچھی طرح اوڑھ کر باہر نکل آئی ۔۔۔۔ امی حسبِ سابق بے بی باجی سے بات کرنے میں محو تھیں فون پر ۔۔۔۔ وہ جانتی تھی اگر بے بی باجی ہوں فون کی دوسری سائیڈ پر تو مما ایک دو گھنٹے سے پہلے فارغ نہیں ہو پاتیں ۔۔۔۔۔ دونو بہنیں روبی کے پنجرے سمیت تیسری منزل پہنچیں جس پر آدھی چھت اور تین کمرے اور ایک چھوٹا سا لاونج بنا ہوا تھا اور یہ منزل پر ان کی کزن اسما باجی اور ان کی فیملی رہتی تھیں ۔۔۔ دیکھا تو اسما باجی باہر رکھی چارپائی پر بیٹھی چائے نوش فرما رہی تھیں ۔۔۔۔

ارے روبی کو بھی لے کر آ گئیں تم لوگ ۔۔۔۔

جی اسما باجی ! چلیں آپ بھی والک کر لیں ۔۔۔۔

نہیں بھئی تم لوگ ہی کرو والک مجھے نہیں بھیگنا ۔۔۔۔

وہ مزے سے چائے پیتے ہوئے بولیں تو دونوں بھی مسکرا کر ہاتھ میں ہاتھ ڈالے تیز بارش میں بھیگنے لگیں ۔۔۔۔ تیسری منزل پر چھت ہونے کی وجہ سے کوئی انہیں بھیگتے ہوئے نہیں دیکھ سکتا تھا ۔۔۔ اس لئے بے فکر وہ بھیگتی رہیں اِدھر اُدھر کے قصے ایک دوسرے کو سناتی سنتی سرہلاتیں کبھی بے ساختہ ہنسی کی گونج کبھی بات کرتے کرتے جوشیلہ انداز ۔۔۔۔ جب تک بارش ختم نہ ہوجاتی وہ یہی کرتی تھیں ۔۔۔۔ کراچی میں بارشیں ہوتی بھی کتنی ہیں ۔۔۔۔۔ مگر یہ دونوں بہنیں ایسے موقعوں پر کبھی اندر بیٹھ کر گھر میں نہیں گزارتی تھیں ۔۔۔۔۔

چلو بھئی چار بوندیں کیا پڑیں بجلی رانی کی چھپن چھپائی شروع ۔۔۔۔

اسما باجی کی جھنجھلاہٹ بھری آواز پر فرح نے مڑ کر دیکھا تھا انہیں ۔۔۔۔

اسما باجی ۔۔۔۔۔ بجلی کی تاریں اتنی مخدوش ہوتی ہیں ذرا تیز ہوا پر زمین پر

گرپڑتی ہیں اور ننگی تاروں کی بدولت کتنے لوگ بارشوں میں کرنٹ لگنے سے مرجاتے ہیں ۔۔۔۔

ہاں بات تو تمہاری صحیح ہے ۔۔۔۔۔۔

وہ اس کی بات سن کر سرہلاتے ہوئے بولی تھیں ۔۔۔۔۔

آج تو جھڑی لگ گئی تھی ۔۔۔۔ بارش رکنے کا نام ہی نہیں لے رہی تھی ۔۔۔۔ امی کی غصے بھری آواز پر وہ دونوں جلدی سے پہلی منزل پر دوڑ گئیں ۔۔۔۔

فرح باجی پکوڑے بنالیں تو مزہ آجائے گا ۔۔۔۔۔

فراز بولے تو فرح مسکرادی ۔۔۔۔ اور پھر کچن میں چلے گئی ۔۔۔۔ پکوڑے تل کر جب وہ باہر آئی تو امی اور فراز کو کاغذ کا پنکھا جھلتے دیکھا بارش تو ابھی بھی ہو رہی تھی باہر موسم اچھا ہوگیا تھا مگر گھر میں گرمی تھی حبس سا تھا ۔۔۔۔

لو جی اب چار پانچ گھنٹے کی چھٹی ۔۔۔

کس بات کی ۔۔۔۔

فریال حیرت سے بولی تھی ۔۔۔۔۔

بجلی کی اور کس کی ۔۔۔۔۔۔

فرح منہ بنا کر بولی تو فریال بھی ایک سرد آہ بھر کر بیٹھ گئی ۔۔۔۔ پھر تینوں بہن بھائی اور امی ایک دوسرے سے باتیں کرنے اور پکوڑوں سے لطف اندوز ہونے لگے ۔۔۔۔۔ ہنسی، مذاق اور کبھی قہقہے بھی باتوں کے درمیاں ۔۔۔۔ اس بات سے انجان کے وقت انہیں پھر اس طرح کے مواقع کم کم ہی دے گا شاید ایک دوسرے کی صورت کو دیکھے بھی کافی سال یونہی گزر جائیں گے ۔۔۔۔ اور یہی ہوا تھا ۔۔۔ آج یہ تینوں بہن بھائی بھی ایک دوسرے سے بچھڑ کر اپنی زندگیاں جی رہے ہیں ۔۔۔۔۔ مگر محبت تو اپنی جگہ بدستور ہے اور رہے گی ۔۔۔۔ مگر شاید ایک دوسرے کے لئے وقت نہیں ۔۔۔۔ وہ یہ باتیں سوچتی رہی اور بھیگتی رہی ۔۔۔۔ ایسی کئی یادیں اس نے سنبھال کر رکھی ہیں اب تک ۔۔۔ جو اسے اداس ہونے نہیں دیتیں ۔۔۔۔ یہ

کھٹی میٹھی یادیں اس کا سرمایہ ہیں ۔۔۔۔۔وہ بھیگتی رہی اور مشی گن کی خوبصورت بارش اسے بھگوتی رہی ۔۔۔۔ وہ مسکرا رہی تھی گن گنا رہی تھی ۔۔۔

بارش کا موسم
میرے شہر کو بھی
بھگو رہا ہوگا
میری یاد اسے بھی آ رہی ہوگی
کوئی میری طرح ہی
ان کھٹی میٹھی یادوں میں کھویا ہوگا
مجھے یاد کر رہا ہوگا
مجھے یاد کر رہا ہوگا۔۔۔

# صراط المستقیم پارٹ ون

چھاپ تلک سب چھینی رے
مجھ سے نینا ملائی کے
نینا ملائی کے نینا ملائی کے

پیروں میں گھنگرو پہنے وہ اس گانے کی لے پر تھرک رہا تھا۔۔۔۔۔ گرو اور اس کے ساتھی اس کے گرد گھیرا ڈالے اسے ناچتا دیکھ رہے تھے۔۔۔۔ گرو جی اور اس کے دو خاص جھولا ٹایپ پلنگ پر بیٹھے تھے۔۔۔ باقی سارے نیچے بچھی سستی سی قالین پر بیٹھے اسے گانے پر خوبصورتی سے تھرکتا دیکھ رہے تھے۔۔۔۔۔ یہ خواجہ سراؤں کے گرو کا گھر تھا۔۔۔ آس پاس جتنے گھر تھے وہ بھی سب انہی تیسری صنف سے تعلق رکھنے والوں کے تھے۔۔۔۔ یہ پوری گلی ہی خواجہ سراؤں کی تھی۔۔

واہ شیلا کیا ناچی ہے تو۔۔۔۔۔ کمال کر دیا۔۔۔۔

گانا ختم ہوتے ہی جیسے ہی اس کا ناچ ختم ہوا تو گرو جی بول اٹھی۔۔۔۔

شکریہ گرو جی ۔۔۔ سب آپ ہی کا سکھایا ہوا ہے ۔۔۔۔ کریڈٹ تو آپ کو جاتا ہے ۔۔۔۔۔

وہ آہستہ سے بولا تھا ۔۔۔۔

ہاں مگر سکھایا تو میں نے ان نکمیوں کو بھی بہت کچھ ہے ۔۔۔۔

یہ کہتے ہوئے نیچے بیٹھی ریما نامی ہجڑے کو ایک دھموکا دیا تھا ۔۔۔۔۔

ہائے گرو جی ۔۔۔ مر گئی میں ۔۔۔۔ اب ذرا سا ناچوں تو سانس پھولجاتی ہے میری تو اس میں میرا کیا قصور ۔۔۔۔۔

اس لئے تو کہتی ہوں کے بھینسے کی طرح چرنا چھوڑ دے ۔۔۔۔ جسا دیکھا ہے ۔۔۔۔ کھا کھا کر بھینس بن گئی ہے پوری کی پوری ۔۔۔

گرو جی کی بات پر سب ہی کھی کھی کرنے لگیں تھیں ۔۔۔۔ مگر شیلا سپاٹ چہرا لئے سر جھکائے کھڑی تھی ۔۔۔۔۔

اچھا جاؤ شیلا۔۔۔ تم تھک گئی ہو گی۔۔۔ مگر کل اچھے سے تیار ہونا۔۔۔ میں تمہارے لئے بہت خوبصورت بوتک کا سوٹ لائی ہوں وہ پہنا ہے۔۔۔ چودھری صاحب کی حویلی جانا ہے یاد ہے نا۔۔۔۔۔

جی !

وہ اتنا ہی بولا تھا اور اجازت ملتے ہی تیزی سے باہر نکل گیا۔۔۔۔۔۔ گرو جی کے گھر سے نکل کر دو گھر چھوڑ کر اس کا مکان تھا جہاں وہ شبنم نامی ایک ہجڑے کے ساتھ رہتا تھا ۔۔۔۔ جو اس کے لئے ماں بھی تھا اور باپ بھی۔۔۔۔۔ دروازہ کھلا تھا۔۔۔ وہ کھلے دروازے سے اندر داخل ہوا تھا تو سامنے پڑی چارپائی پر شبنم کو تین چار تکیوں سے ٹیک لگائے حقہ پیتے دیکھا۔۔۔۔۔۔

تم پھر شروع ہو گئے ابا۔۔۔ ڈاکٹر نے منع کیا ہے نا تمہیں۔۔۔۔

وہ نکڑ والا ڈاکٹر۔۔۔۔ جالی ہے سالا۔۔۔۔۔ تم اس کی باتوں میں آ گئیں۔۔۔۔۔

وہ کھوُ کھوُ کرتے ہوئے بولی تھی۔۔۔

کھانسی تمہاری رک نہیں رہی اور جو تمہارے حقے کے خلاف بولے تم اسے اپنا دشمن سمجھ لیتے ہو۔۔۔۔۔۔

تمہیں کبھی کچھ بولا ہے۔۔۔ تم سے زیادہ تو کوئی پیچھے نہیں پڑا میرے حقے کے۔۔۔۔ پھر بھی کمبخت منہ کو ایسی لگی ہے کہ چھوٹتی ہی نہیں۔۔۔ ایسی ہی بات ہے نا۔۔۔۔

وہ شبنم کو چھیڑتے ہوئے بولا تھا۔۔۔۔ اور شبنم نے اس کی بات کے جواب میں برا سا منہ بنایا تھا۔۔۔۔۔ اور پھر دوبارہ سے حقہ گُڑگڑانے لگا۔۔۔۔۔۔ وہ اسے وہیں صحن میں چھوڑ کر اندر اپنے کمرے میں آگیا اور ڈریسنگ ٹیبل جس پر پرفیومز کی دو تین بوٹلز اور خواتین کے میک اپ کا سامان قرینے سے رکھا ہوا تھا۔۔۔ اس کے سامنے آکر کھڑا ہوگیا تھا اور خود کو آئینے میں دیکھنے لگا۔۔۔۔۔ سرخ لپسٹک سے لتھڑے ہونٹ۔۔۔۔ اور کاجل سے مزین بڑی بڑی نیلی آنکھیں۔۔۔ اور خوبصورت نین نقش۔۔۔۔ وہ چپ چاپ خود کو دیکھتا رہا زنانہ کپڑوں میں وہ بالکل عورت لگ رہا تھا۔۔۔۔ پھر آہستہ سے سر پر پہنی وگ اتاری تھی اس نے۔۔۔۔۔ اور پھر چپ چاپ کمرے سے ملحق باتھروم میں گھس گیا۔۔۔

تھوڑی دیر بعد جب وہ غسلخانے سے باہر نکلا تو میک اپ سے عاری چہرہ اب ایک نوجوان مرد کا چہرہ لگ رہا تھا اس نے الماری سے مردانی کرتا شلوار نکالا تھا اور پھر تھوڑی ہی دیر میں مردانہ لباس پہن کر وہ ایک مکمل مرد لگ رہا تھا۔۔۔ تھوڑی دیر میں وہ اپنے پلنگ پر اپنے کورس سے متعلق درسی کتاب کھولے اس کا مطالعہ کرنے لگا تھا ۔۔۔۔ کچھ دنوں بعد اس کے سمسٹرز اسٹارٹ ہونے والے تھے ۔۔۔۔ وہ ذہین تھا اور شبنم کی خواہش تھی کہ وہ پڑھ لکھ کر ایک اچھا انسان بنے ۔۔۔۔ اور گرو جی کو بھی کوئی اعتراض نہیں تھا وہ خود بھی ایم اے پاس تھی ۔۔۔۔۔

××××××××××××××××××××××××

سر اسرار جب کلاس روم میں داخل ہوئے تو سارے لڑکے لڑکیوں کو آپس میں چٹ چاٹ شور و غل کرتے پایا ۔۔۔۔ سوائے اس کے ۔۔۔۔ وہ سر جھکائے بیٹھا بزنس اینڈ مینیجمنٹ کی کتاب کھولے اسے پڑھنے میں محو تھا ہمیشہ کی طرح ۔۔۔۔

وہ کلاس کا سب سے ذہین اسٹوڈنٹ تھا ۔۔۔۔ اور تمام اساتذہ کا پسندیدہ اسٹوڈنٹ بھی ۔۔۔۔۔ کورس سے ریلیٹڈ گفتگو ہو یا جرنل نولیج سے ریلیٹڈ ادبی گفتگو وہ ہر موضوع پر باآسانی بات کرلیتا تھا ۔۔۔ بس صرف کلاس کی حد تک ورنہ اسے انہوں نے کسی دوسری قسم کی ایکٹیوٹیز میں دلچسپی لیتے نہیں دیکھا

تھا۔۔۔۔

میں نے جو ایک ہفتہ پہلے اسائینمنٹ دیا تھا آج اسے سبمٹ کرانے کی آخری ڈیٹ ہے ۔۔۔۔ پلیز اپنے اپنے اسائینمنٹس نکال لیں ۔۔۔۔۔

یہ کہہ کر پھر وہ باری باری سب کے پاس آکر اسائینمنٹس کلیکٹ کرنے لگے ۔۔۔۔

جب اس کے قریب پہنچے تو اس نے بھی ایک خوبصورت سی فائیل انکی طرف بڑھا دی ۔۔۔۔ سب کو پتا تھا کہ اس کا اسائینمنٹ اس بار بھی باری لے جائے گا ۔۔۔۔

××××××××××××××××××

ایکسکیوز می سر !

وہ جو کلاس سے نکل کر اسٹاف روم کی طرف قدم بڑھا چکے تھے ۔۔۔ اس آواز پر رک کر پلٹ کر دیکھا تھا ۔۔۔۔

یس !

سر میں کل یونیورسٹی نہیں آسکونگا۔۔۔۔ میرے بابا کی طبعیت ٹھیک نہیں ہے۔۔۔۔

وہ ان کی طرف چھٹی کی درخواست والا لفافہ بڑھاتے ہوئے بولا تھا۔۔۔۔۔

یہ آپ آفس میں جمع کرادیں۔۔۔۔ اللہ آپ کے والد کو صحت دے آمین۔۔۔

یہ کہہ کر وہ آگے بڑھ گئے تھے۔۔۔

××××××××××××××××

جاری ہے۔۔۔۔۔

# صراط المستقیم پارٹ ٹو

ارے واہ ۔۔۔۔ آج تو بڑے بڑے لوگ آئے ہیں بھئی ۔۔۔۔۔۔
ابراہیم انہیں اپنی حویلی کے اندر داخل ہوتے دیکھ کر چکے تھے ۔۔۔۔
اس خوشی کے موقع پر تو آنا ہی تھا ۔۔۔۔۔ ویسے بہت مبارک ہو تمہیں ۔۔۔۔
ارے خیر مبارک بھئی آؤ تمہیں ابا جی سے ملاؤں ۔۔۔ وہ تو بڑے خوش ہو جائینگے
۔۔۔۔۔
ہاں یہ بتاؤ چاچا کی طبعیت کیسی ہے ۔۔۔۔۔۔
آج کل تو بالکل چنگی ہو گئی ہے پوتے کی خوشی میں ۔۔۔۔۔
وہ سن کر مسکرا دئے تھے ۔۔۔۔۔ بولے کچھ نہیں ۔۔۔ ابراہیم ان کے چچازاد بھائی تھے
۔۔۔۔ چاچا دلاور کی طرح جاہلانہ روایات کو سینے سے لگائے ہوئے

تھے۔۔۔۔۔ تین بیٹیوں کے بعد اللہ نے انہیں اولادِ نرینہ سے نوازا تھا۔۔۔۔۔ اور ان کی کزن پر بس سوت آتے آتے رہ گئی تھی۔۔۔۔۔ ورنہ چچی نے تو ابراہیم کے لئے خاندان سے باہر لڑکی تلاش کرنا بھی شروع کردی تھی۔۔۔۔۔

××××××××××××××××××××

کھانا لگنے سے پہلے سارے مرد خواص بیٹھک میں جمع ہو چکے تھے۔۔۔۔۔ اور اب خواص مجرا شروع ہونے والا تھا۔۔۔۔۔ مگر پروفیسر ابرار کہاں ان چیزوں کو پسند کرتے تھے۔۔۔۔ لیکن ابراہیم کی بضد اسرار پر وہ بھی ناچار بڑی بیٹھک میں آخری نشست پر آ کر بیٹھ گئے تھے۔۔۔۔۔ تھوڑی دیر بعد وہ ٹولا اندر داخل ہوا تھا ان کے آنے پر عجیب عجیب فقرے کسنے اور سیٹیاں لوگوں نے مارنی شروع کردی تھیں۔۔۔۔۔ وہ سر جھکائے بےزار سے بیٹھے تھے۔۔۔۔۔ اب بے ہودہ گانے کی آواز بڑے بڑے اسپیکرز پر گونجنے لگی اور ساتھ میں بے ہودہ فقرے بازی میں بھی شدت آ گئی تھی۔۔۔۔۔ اچانک ان میں سے جو سب سے کم عمر اور حسین خواجہ سرا تھا وہ ناچتے ہوئے آخری نشستوں کی طرف آگیا تھا۔۔۔۔ انہوں نے اسی وقت نگاہ اٹھائی تھی اور اسے بڑی ناپسندیدہ نظروں سے گھورا تھا۔۔۔۔۔ پھر ایک دم چونکے تھے۔۔۔۔ وہ بھی انہیں دیکھ کر ٹھٹک کر وہیں رک گیا تھا۔۔۔۔

! شہباز

انہوں نے اس کا نام حیرت سے لیا تھا۔۔۔ اپنا نام سن کر شہباز نے ایک نظر انہیں دیکھا تھا۔۔۔ شرمندگی، کرب ناجانے کیا کیا تھا اس کی نیلی آنکھوں میں اس وقت۔۔۔۔ وہ تیزی سے بھاگتے ہوئے باہر نکل گیا تھا بیٹھک سے۔۔۔۔۔ اور وہ وہیں بیٹھے رہ گئے تھے ۔۔۔۔

××××××××××××××××××××××

میں کیا ہوں ؟ کون ہوں ؟ کہنے کو تو انسان ہوں مگر ایک ادھورا انسان جس کے پیدا ہوتے ہی اس کے ماں باپ نے اسے خواجہ سراؤں کے حوالے کر دیا۔۔۔۔ میں نے کبھی اپنے والدین کی شکل ہی نہیں دیکھی۔۔۔۔ اور انہوں نے بھی پلٹ کر میری خبر تک نہ لی۔۔۔۔۔ جیسے میں گھر کا کوڑا تھا اور انہوں نے اپنے گھر کی گند اٹھا کر باہر پھینک دی تھی۔۔۔۔ اور اپنے گھر کو پاک کر لیا تھا۔۔۔۔ میں شہباز خان عرف شیلا ایک ہونہار اور زہین مورت ایک ہیجڑا۔۔۔۔ جس کی دنیا شبنم نامی خواجہ سرا سے شروع ہو کر اسی پر ختم ہوتی تھی۔۔۔۔۔ جو اس کی ماں اس کا باپ دونوں کا کردار بڑی خوبی سے اب تک نباہ تا چلا آ رہا ہے۔۔۔۔۔ میں ذہین تھا شروع سے بابا نے میری ذہانت کو دیکھتے ہوئے مجھے اسکول میں داخل

کروادیا مگر میری شناخت چھپا کر۔۔۔۔ شیلا سے میں شہباز خان بن گیا۔۔۔۔ اسکول سے کالج تک گرو جی اور بابا نے میری تعلیمی اخراجات اٹھائے۔۔۔ پھر میں بھی کام کرنے لگا ٹیوشن کے ساتھ ساتھ ایک خواجہ سرا کا کردار بھی نباہ نے لگا۔۔۔۔ ٹیوشن سے ایم بی اے اور دیگر سرٹیفائیڈ کورسز کے اخراجات کہاں پورے ہو سکتے تھے۔۔۔۔۔ میں بھی بحالتِ مجبوری دیگر خواجہ سراؤں کی طرح محفلوں میں جانے لگا۔۔۔۔ اور ان نام نہاد شرفاء میں میری شہرت ہو گئی۔۔۔ ہر کوئی میری ڈمانڈ کرنے لگا۔۔۔ شروع میں مجھے اچھا نہیں لگتا تھا مگر پھر میں ان سب کا عادی ہوتا گیا۔۔۔۔ اسکول کالج اور پھر یونیورسٹی تک میں نے کسی کو اپنے قریب تک نیں آنے دیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میں ظاہری طور پر ایک خوبصورت شخصیت کا مالک تھا۔۔۔ لڑکیاں میری سحر انگیز شخصیت پر مرتی تھیں اور لڑکے میری ذہانت کی وجہ اور میرے شاندار اکیڈمک کریئر کی بدولت مجھ سے دوستی کے خواہش مند ہو جاتے تھے۔۔۔۔ مگر میرا سرد روئیہ انہیں میری جانب آنے ہی نہیں دیتا تھا۔۔۔ ہنہ۔۔۔ وہ مجھے مغرور سمجھتے تھے۔۔۔ مگر اگر وہ میری اصلیت جان جاتے تب شاید مجھے منہ لگانا بھی پسند نہ کرتے۔۔۔۔ کاش اب بھی میری اصل حقیقت سب سے یونہی چھپی رہتی کاش سر مجھے اس طرح نہ دیکھ تے۔۔۔ کتنی حیرت تھی ان کی آنکھوں میں۔۔۔ اب سب کو پتا چل جائے گا۔۔۔ میرا کریئر شروع ہونے سے پہلے ہی تباہ ہوگیا۔۔۔ کاش ایسا نہ ہوتا۔۔۔ اور یہ سلسلہ یونہی چلتا رہتا۔۔۔ کاش ! کاش ! ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ یہ سب سوچ جا رہا تھا۔۔۔ اور بے آواز روئے چلا جا رہا تھا۔۔۔۔۔

××××××××××××××××××

جاری ہے۔۔۔۔۔۔۔۔

## سو لفظوں کی کہانی۔۔

شامو بھائی اپنے مودی جی بھی بڑے نٹ کھٹ ہیں۔

ارے وہ کیوں بھیا۔

سرے مسلوں کو دو جوتے بھی لگادو اور مرہم بھی۔۔ اب دیکھو نا کشمیر میں آتنک وادیوں کی آڑ ماں سسرے پورے کشمیر کو دے دھانادن۔ اور ٹسوے بلوچیوں کے لئے بہا رہے ہیں ہمارے پردھان منتری۔

مگر اس سے جنتا کو کیا فائدہ بھیا۔ جو ہو بھی لیٹرین بنا ہوا ہے اور ریل کے دو نو آجو باجو بھی سب وہیں فارغ۔

اگر پردھان منتری کو کچھ کرنا ہی ہے تو یہ کام ہی کروا دیں۔ عام جنتا دعائیں دے گی۔

تم بھی کیا بات کرتے ہو۔ لو وڑا پاؤ کھاؤ۔ اور بھگوان کا نام لو بس۔

## سو لفظی کہانی

لو جی ہو گئے شروع پھر سے۔
بھئی تمہیں کیا۔ تم اپنا کام کرو۔۔
ارے یہ انقلاب کی باتیں کتابوں میں اچھی لگتی ہیں بھائی میرے۔
اور پاکستان میں تو انقلاب آنے سے رہا۔
جی ہاں یہ پی ٹی آئی والے کیا کرلینگے۔ اگر خان صاحب کچھ کرنا بھی چاہیں تو اکیلے کیا تیر مار لینگے۔ پہلے کی اور بات تھی ۔۔ اب تو سارے بھگوڑوں کو گلے سے لگا لیا ہے خان صاحب نے بھی۔
چلو چلو اسلام آباد چلو کا نعرائے مستانہ اور پھر سارا جوش ہلڑ بازی پر ختم۔ صابن کا جھاگ بھی اتنی جلدی نہیں بیٹھتا جتنی جلدی ہمارا جوش اور ولولہ بیٹھ جاتا ہے۔۔۔

## بلاعنوان

بھائیوں اور بہنوں ہم وہ ہیں جن کی بھاشایہ ناہنجار نہیں سمجھ سکتے ۔۔۔۔ بس کان کھلے رکھنے والے ہی ہمیں سمجھ سکتے ہی۔۔۔ ہم وہ ہیں جن سے اس دیس کے باسی تنگ ہیں ۔۔۔۔اگر پرچم جلادیں تو غدار ٹھہراتے ہیں اگر اس کے خلاف نعراہ بلند کردیں تو ہمیں انڈیا کا پٹھو کہا جاتا ہے ۔۔۔ منی لانڈرنگ کیس سے بھی ہم بری ہو گئے انڈیا کے حق میں انکی انسان دوستی سے ہمارے آقا بھی خوش اور مودی بھیا بھی خوش ۔۔آپ سب اس ملک کی اینٹ سے اینٹ بجادیں ۔۔۔

جی برادر بولے بھائی ۔۔

جی بھائی فکر مت کرو بس اپنی صحت کا خیال رکھو بھائی ۔

# سو لفظی طنزیہ مکالمہ

اف اللہ ۔۔۔۔ پہلے تو ہم سمجھتے تھے کے یہ آفت زرداری کے ہٹتے ہی ٹل جائے گی ۔۔۔۔ اب دن گن رہے ہیں اس حکومت کے ٹلنے کا مگر کمبخت کرسی کو بھی ایلفی لگا کر بیٹھی ہے شاید ۔۔۔

اماں یہ ہٹے گی تو اس سے بری سر پر مونگ ڈلنے آجائے گی ۔۔۔ بیچاری رعایا ہی پستی آئی ہے وہی پسے گی ابکے بھی ۔

یہ ابکے تبکے کی مجھ سے نہ کرو دعا کرو کے راحیل شریف ہی کو ہم پر رحم آجائے اور وہ ہی ملک کی باگ ڈور سنبھال لیں ۔

راحیل شریف بھی سیانے ہیں اماں انہیں ہمارا پتا ہے ۔۔ ہم عزت دینے اور زلیل کرنے میں ایک منٹ نہیں لگاتے ۔